بعون صانع مکین مکان فضل خلاق زمین و زمان

ترجمہ لاجواب مجموعۂ ادعیۂ و ادویۂ نافع خلائق جامع بہترین عملیات ذریعۂ
برآمد حاجات حلال مشکلات حاوی فوائد قوی اسم بامسمی

# ترجمہ مجربات دیربی

جسکا نام نامی مترجم علامی علامۂ فہامی عالی مراتب والا شان
مولانا بشارت علیخان نے فتوح الآمال و مفتاح الاعمال رکھا ہے

در مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور بزیور طبع آراستہ شد

وزار

ولیعہد کی بارگاہ میں ترجمہ بصرف کثیر مطبع ہوا ہے لہذا حق ترجمہ بحق مطبع اودھ اخبار محفوظ ہے

کہ پڑھتی پڑھے

76

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلتَّحِیَّاتُ الزَّاکِیَاتُ لِلّٰہِ مُجِیْبُ الدَّعَوَاتِ وَمُؤَثِّرُ الْاَشْیَاءِ لِلْمُدَاوَاتِ
وَالصَّلٰوۃُ الطَّیِّبَاتُ عَلٰی سَیِّدِ الْکَائِنَاتِ وَسِیْلَۃِ النَّجَاتِ مُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِہِ الطَّاهِرَاتِ
وَخِیَرَۃِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَالْبَرَکَاتُ الْمُرْضِیَاتُ عَلٰی اَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ لَهُمْ دَرَجَاتٌ
عِنْدَ رَبِّهِمْ اُولٰئِکَ هُمُ الْفَائِزُوْنَ بِنَعْمَاءِ الْجَنَّاتِ واضح ہو کہ کتاب فتح
الملک المجید المؤلف لنفع العبید المعروف **مجربات دیربی** تصنیف خواجہ
احمد دیربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جو مجموعۂ ادعیۂ وادویہ ہی اور بہترین عملیات سے
برای برآمد حاجات وحل مشکلات ورفع معضلات وروای مہمات کے کافی و
وافی ہے چنانچہ اہل ہند اسکے افادات ومضارات سے اب تک محروم تھے بالفعل
جناب فیض مآب منشی **نولکشور** صاحب دامت حشمتہ نے نسخۂ عربی مطبوعۂ شہر مصر بہم
پہونچا کر اپنے مطبع مین چھپوایا وبعد ازان نظر مزید منافع خاص وعام کے مطمح نظر انکو
یون ہوا کہ اسکا ترجمہ بھی چھپوایا جاوے لہذا راقم ترجمان **بشارت علیخان**
بن مردان علیخان بن مروان علیخان اسکنہما فی غرفات الجنان حسب فرمایش جناب مجاہد ال
کاربند امتثال ہوا اور نام اسکا **فتوح الاعمال ومفتاح الآ**
امید ہے کہ حسن سیرت ارباب بصیرت سہو کے وقت ملاحظہ
اور خطاے کلام پر طعنہ زن ہون بلکہ قلم انداز فرمائین وہا انا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَفْضَلِ الْخَلْقِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ وبعد ازان بندۂ فقیر معترف بعجز وتقصیر احمد اللہ یربی الشافعی کہتا ہو کہ ظالمون مین سے ایک ظالم نے دربارۂ اخذ طین کے جو میرے قبضے مین تھی مجھ سے اور میرے اقربا سے معارضہ کیا اور بمزاحمت پیش آیا وطین بمعنی گل یعنے میری جائے مقبوضہ سے مٹی لینے کی مخالفت کی یا طین سے مراد زمین مقبوضہ مین اِس نے تعرض کیا یا اُسکے انتزاع مین اِس نے نزاع کی مین نے بجناب اقدس الٰہی اُن دعاؤن کے ساتھ با ندوہ تضرع وزاری کرنی شروع کی جن کا مذکور آگے آتا ہے اور نیز اُن استغاثات سے مین ولبعد گر بارگاہ مین استغاثہ کرنے لگا کہ اُنکا بھی ذکر عنقریب کیا جاتا ہو اور دربارۂ کہ پڑھتے پڑھتے گر

تعطف و تلطف دشمن کے مین نے استعمال سورہ یٰسٓ وغیرہ کا کیا یعنی سورہ یٰس اور دیگران سورتونکا مین عمل کرنے لگا جنکی کیفیات وخاصیات سے قریب ہے کہ تو آگاہ ہوگا یہانتک کہ وہ مجھ سے بتلطف و عطوفت پیش آیا اور درمیان ہمارے اور اوس کے بوجہ احسن صلح و موافقت ہوئی اور جس امر مین اس نے ہمسے تعرض کیا تھا وہ سب بفضل خدا ہمارے لیے واگذاشت کردیا حق تعالی ہمارے اور اوسکے لیے اصلاح احوال کرے اور حال یہ ہی کہ مین نے بہت سے ایسے فائدے لکھے ہین جنپر ہر ایک کو اطلاع ہونی دشوار ہے اور وہ سب ایسے تعالیق و حرزات ہین جو بخطوط علما اور کتب معتبرہ مین پائے گئے چنانچہ مین نے چاہا کہ اُن سب کو جمع کرون تاکہ اُس سے لوگون کو منفعت تامہ حاصل ہو آخر اوسکو مین نے جمع کیا اور ترتیب اوسکی ابواب اور خاتمہ پر رکھی جیسا کہ قریب تو اوسکو دیکھے گا انشاء اللہ تعالی اور اس طور کی ترتیب جو کوئی ارادہ استفادہ کرے گا تو باسانی اُس سے منتفع ہوگا حق تعالے اسکو ہمارے لیے بہتر کرے اور اُسی کے واسطے ابتدا ہے اور انتہا اور اُسکا نام مین نے فَتْحُ الْمُلْكِ الْمَجِيْدِ الْمُؤَلِّفِ لِنَفْعِ الْعَبِيْدِ وَقَمْعِ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ رکھا ہی حق تعالے اُسکو خالصًا لوجہ اللہ کرے یعنی اپنی خوشنودی کے لیے مخصوص کرے اور اوسکو اپنی جناب نعیم مین سبب فائز ہونیکا فرمادے اور بتحقیق کہ وہ اپنی مشیت پر قادر ہے اور واسطے اجابت دعوات کے سزاوار و حاضر ہے اور یہ کتاب مشتمل ہے اوپر سی و شش باب و یک خاتمہ کے تمام ہے۔

## باب اول بذکر بعض خواص و منافع بسم اللہ

مناوی نے اپنی شرح کبیر مین جو جامع صغیر پر لکھی ہے کہا ہے مروی ہے کہ جب

---

لہ گلے مین ڈالنے اور لٹکانے کی چیزون ۱۲

جب بسم اللہ شریف نازل ہوئی تو اوسکی ہیبت نزول سے جبال لغزش و لرزش
مین آئے اور ربانیہ یعنی جماعت اہل اللہ نے کہا ہی کہ جب کوئی بسم اللہ پڑھا کرتا
ہی وہ جہنم مین نجاویگا اور بسم اللہ کے بست و نہ حرف ہین بعدد اُن ملائکہ کے
جو آتش دوزخ پر نگہبان ہین مقرر اور جو شخص بسم اللہ کی کثرت کری گا یعنے ذکر
اسکا بکثرت رکھی گا وہ نزدیک عالم علوی و سفلی یعنی اہل زمین کے جو صاحب ہیبت
و وقار ہوگا اور یہ بسم اللہ وہ چیز ہے جس سے حق تعالے نے ملک و پادشاہی حضرت
سلیمان علیہ السلام کی قوی کی و قائم کردی چنانچہ جو کوئی بسم اللہ کو چھہ سو مرتبہ
لکھکر اپنی پاس رکھے تو دلون مین خلائق کے اسکی ہیبت و وقار زیادہ ہوگا اور
بعض صالحین سی مروی ہے کہ جو کوئی بسم اللہ کو شش و صد و بست و پنج بار لکھکر اپنے
پاس رکھی تو حق تعالی اوسکو جامۂ ہیبت و عظمت پنہاوی گا یعنے در عزیز و عظیم القدر
ہوگا اور کوئی اس بات پر قادر ہوگا کہ اوسکو بدی اور برائی پہونچاوے اور یہ امر مجرب
اور صحیح ہے والحمد للہ اور اُسکے بعض خواص سے یہ ہے جیسا بعض رواۃ نے کہا ہے کہ
اگر کوئی شخص بسم اللہ کو پہلی تاریخ محرم ایک ورق مین سہ صد و سیزدہ بار لکھکر ص
اپنے پاس رکھے تو اوسکو مدت عمر مین کسیطرح کا امر مکروہ درپیش نہوگا اور اسکے
بعض خواص سے بعض صالحین نے روایت کی ہی کہ جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم کو
بارہ ہزار ١٢٠٠٠ بار پڑھی اور ہر ایک ہزار کے بعد دو رکعت نماز بجالاوے اور صلوۃ م
اور درود نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر بھیجے اور حق تعالے سے اپنی حاجت کا
سوال کرے اور پھر اعادۂ قرارت بسم اللہ کا کرے اور جب ہزار بار ہو چکے تو
پھر اوسی طرح دو رکعت نماز و درود پڑھ کر طلب حاجت کرے یہان تک
کہ عدد مذکور یعنے بارہ ہزار پوری ہو جاوین تو جو کوئی اس عمل کو کرے گا حاجت
و بعد ح ہوگی باذن اللہ برآوے گی اور اوس کے بعض خواص سے یہ ہی
کہ پڑھتی پڑھے

م

کہ جو شخص بسم اللہ کو بعدد حروف بسم اللہ موافق عدد جمل کبیر ہفت صد وہشتاد وسہ مرتبہ ایک ہفتہ پیہم بہ نیت جس امر کے تلاوت کرے گا تو وہ امر خواہ براے جلب منفعت ہو خواہ دفع ضرر ہو یا ترویج وروائی بضاعت ومتاع کے لیے ہو باذن اللہ تمام پورا ہوگا اور بعض خواص سے یہ ہے کہ جو کوئی بسم اللہ کو موافق اعداد حروف عدد مذکورہ کے تلاوت کرے اور شش رکعت بسہ سلام یعنے دو دو رکعت کرکے ادا کرے اور ہر ایک رکعت مین سورہ الحمد والم نشرح یازدہ مرتبہ پڑھے وبعد ازان یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعَانَاتُ بِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاَسْئَلُكَ بِعَظْمَتِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاَسْئَلُكَ بِجَلَالِ وَثَنَاءِ لِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاَسْئَلُكَ بِهَيْبَةِ لِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِجَبَرُوْتِ وَمَلَكُوْتِ وَكِبْرِيَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِعِزَّةِ وَقُوَّةِ وَقُدْرَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَرْفَعُ قَدْرِىْ وَيَسِّرْ اَمْرِىْ وَاجْبُرْ كَسْرِىْ وَاَغْنِ فَقْرِىْ وَاَطِلْ عُمْرِىْ بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ وَاِحْسَانِكَ يَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ الٓمّٓرٰ اِسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ مِ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ الْاَكْرَمُ

۱؎ اَسْئَلُكَ

۲؎ اَرْفَعْ

۳؎ الم

---

۱؎ یعنے ہفت بار صد وہشتاد وسہ مرتبہ ۱۲ ۲؎ اے پروردگار میرے مین تجھ سے سوال کرتا ہون بفضل بسم اللہ الرحمن الرحیم اور مین تجھ سے سوال کرتا ہون بعظمت بسم اللہ الرحمن الرحیم اور مین تجھ سے سوال کرتا ہون بجلالت ثنا بسم اللہ الرحمن الرحیم اور مین تجھ سے سوال کرتا ہون بہیبت ووقار بسم اللہ الرحمن الرحیم وبحرمت بسم اللہ الرحمن الرحیم وبجبروت وملکوت وکبریار بسم اللہ الرحمن الرحیم وبعزت وقدرت وقوت بسم اللہ الرحمن الرحیم کے میری قدر ومنزلت کو بلند کر اور میرے امر کو آسان کر اور شکستگی کی درستی کر اور میری محتاجی کو ساتھ بے نیازی کے بدل کے میری عمر کو اپنے فضل وکرم سے دراز کر اور اپنے احسان سے وہ احسان جو کہیعص وحمعسق الم الر کا ہی برکت برکت اسرار اسم اعظم اللہ کے ۱۲ ۳؎ ہر سہ مرادف المعنی یعنے قدرت وشوکت ۱۲ ۴؎ وہ اللہ کہ نہیں الوہیت کسو سواے اسکے کہ وہ دائم الحیات وقائم بذاتہ اور برترین اور بزرگترین وکرم ترین

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَسْئَلُکَ بِجَلَالِ الْھَیْبَۃِ وَبِعِزِّ الْعِزَّۃِ وَاَسْئَلُکَ بِکِبْرِیَاءِ الْعَظَمَۃِ وَبِجَبَرُوْتِ الْقُدْرَۃِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَاھُمْ یَحْزَنُوْنَ وَاَسْئَلُکَ بِدَوَامِ الْبَقَاءِ وَضِیَاءِ النُّوْرِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الصَّالِحِیْنَ وَاَسْئَلُکَ بِحُسْنِ الْبَھَاءِ[۱] وَبِاِشْرَاقِ وَجْھِکَ الْکَرِیْمِ اَنْ تُدْخِلَنِیْ بِرَحْمَتِکَ فِیْ جَنَّاتِ النَّعِیْمِ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ چنانچہ جو شخص اس عمل کو قاعدہ مذکورہ بالا بجا لاوے تو باذن اللہ تعالےٰ جس مقصد کو تو طلب کرے گا حاصل ہوگا اور دیربی رحمۃ اللہ نے کہا کہ مین نے بعض کتابون مین دیکھا ہے کہ جو شخص اس دعا کو ایک سو اٹھارہ بار پڑھکر دعا کرے تو حاجت اس کی جس قسم کی ہوگی بر آوے گی اور وہ بسم اللہ ہے اور وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ[۲] اَسْئَلُکَ بِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِھَیْبَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِمَنْزِلَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَدِّرْ لِیْ وَیَسِّرْ اَمْرِیْ وَاشْرَحْ صَدْرِیْ فِیْ مَا مِنْ ھُوَ کٰھٰیٰعٰصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ حٰمٓ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِسْمِ الْھَیْبَۃِ وَالْقُدْرَۃِ وَبِسْمِ الْجَبَرُوْتِ وَالْعَظَمَۃِ اجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِکَ الْمُتَّقِیْنَ وَھَلْ طَاعَتِکَ الْمُحِبِّیْنَ وَافْعَلْ بِیْ کَذَا یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَ

---

۱ اور مین تجھ سے سوال کرتاہون بوسیلہ تیری جلال مہابت اور گرامی عزت کے اور مین تجھ سے سوال کرتاہون بذریعہ تیری بزرگی عظمت و غالب قدرت کے کہ مجھے لوگون مین محسوب کر جو خوف سے اوسکے اور غم سے اُسکے آزاد ہون گے اور مین سائل ہون تجھ سے بواسطے تیری ہمیشگی بقا کے اور روشنی نور کے کہ تو مجھے صالحین و نیکوکارون مین سے کر اور مین سائل ہون بخوف ترین جلال و روشنی ترین وجہ وروی کریم و بزرگ تیری کے تو اپنی رحمت سے مجھے جنت آرام گاہ مین

۲ ولبعدہ پروردگار سارے عالم کے اور درود وسلام حق تعالیٰ کا اوپر ہمارے سید اور آقا محمد پر اور انکی آل پر اور اصحاب پر

کہ پڑھتے پڑھتے اے پروردگار میرے مین تجھ سے سوال کرتاہون بوسیلہ تیری فضل و بزرگی بسم اللہ الرحمن الرحیم و بحق بسم اللہ

۱ البہاء

وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ اور دیربی رحمہ اللہ نے کہا کہ جو چیزین فضل بسم اللہ پر دلالت کرتی ہین ازانجملہ ایک یہ ہے کہ علامہ خطیب نے جو فضائل بسم اللہ مقدمہ یعنی اوسکے عنوان پر لکھا ہے مروی ہے کہ اول جو شی آدم علیہ السلام پر نازل ہوئی وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے چنانچہ اوہ اُسکو اکثر تلاوت کیا کرتے تھے اور اُسیکی برکت سے حق تعالی نے اونکی توبہ قبول کی اور اُونکے گناہون کی آمرزش فرمائی بعدہ ازان بسم اللہ پیش خدا مرتفع ہوگئی پھر نوح علیہ السلام پر نازل ہوئی چنانچہ جسوقت وہ اندر سفینے کے تھے تو اوسی کی تلاوت کرتے تھے تا آنکہ وہ کشتی کوہ جودی کے برابر پہونچی بعد ازان بسم اللہ برخاست ہوگئی بعد ازان ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہوئی چنانچہ وہ جسوقت کفہ منجنیق یعنی پلہ فلاخن مین بٹھلائے گئے تا اوسے آتش سوزان مین ڈالی جاوین اُسوقت وہ اُسکی تلاوت کرتے تھے تا آنکہ حق تعالے اُس آتش شعلہ انگیز کو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر سرد و خوشگوار کردی بعد ازان بسم اللہ لے لی گئی پھر موسی علیہ السلام پر نازل ہوئی کہ اونھون نے اوس سے فرعون اور اوسکے لشکر پر غلبہ کیا اور اوس سے دریا کو شگافتہ کیا و بعد ازان اُٹھ گئی اور پھر سلیمان علیہ السلام پر نازل ہوئی کہ اُوسکی تاثیر سے حق تعالی تمام جن و انس و وحش و طیور کو انکا مطیع و فرمانبردار کر دیا اور جس شے پر وہ بسم اللہ کو پڑھ دیتے تھے وہ اُسی وقت اُنکی تابع ہوجاتی تھی اور بعد اونکے بسم اللہ اُٹھالی گئی پھر عیسے علیہ السلام پر نازل ہوئی کہ وہ اسی کی برکت سے کور مادر زاد اور علت برص یعنی داغ سفید و سیاہ کو اچھا کر دیتے تھے اور اوسی کے فیض سے باذن خدا

الرحیم کے سبب عظمت بسم اللہ الرحمن الرحیم کی و حرمت و مرتبت بسم اللہ الرحمن الرحیم میری قدرت بلند کر اور میرے کامونکو آسان کر دی اور میرے سینے کو کشادہ کر اے وہ پروردگار جسکی شان کہیعص و حمعسق المص الرحم ہی کہ وہ اللہ کہ نہین ہے کوئی لائق الوہیت سوا اُسکے کہ وہ دائم و قائم و باقی بذات خود ہی اے پروردگار بواسطے اپنے الوہیت و قدرت کے اور راز نہفتہ جبروت و عظمت کے میری تئین بزرگان و پرہیزگاران مین اور فرمانبرداران و دوستداران مین محسوب کر [illegible] اور میری حق مین ایسا ایسا کر یعنی حاجت کو اپنی کو عرض کرے کہ فلان ادا کر اے رب کے پروردگار تمام عالم کے اور درود و سلام حق تعالی کا نازل ہو اوپر سید و آقا ہمارے محمد کے اور انکی

مردے کو زندہ کردیتے تھے اور بعد اونکے بسم اللہ پھر اوٹھ گئی پھر ہمارے نبی محمد مصطفے اصلے اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر نازل کی گئی اوسکی برکت سے فتح عظیم اسلام کو حاصل ہوئی اور حق تعالے نے قسم کھائی ہی کہ بندۂ مومن جس شے پر بسم اللہ کریگا اوس مین برکت ہوگی اور امت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم مین سے جو کوئی جس مطلب کے واسطے پڑھے گا وہ کیسا ہی دشوار ہوگا مگر حاجت اوس کی روا ہوگی اور مقصود برآوے گا اور بعض خواص سورۂ بسم اللہ سے یہ ہی کہ جو شخص اسکو بوقت شب خواب کے گیارہ بار پڑھے تو حق تعالے اوس شب کو شر شیطان اور گزند سرقہ اور مرگ ناگہان سے محفوظ رکھے گا اور ہر بلا و آفات کو اوس سے دور رکھے گا اور روبرو کسی ظالم کے بسم اللہ پچاس مرتبہ پڑھی جاوے تو حق تعالیٰ اوسکو عاجز اور نرم کرے اور جس درد اور آزار پر سو مرتبہ تین روز بسم اللہ پڑھی جاوے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہو جاوے اور بعض خواص سے محبت اور مودت ہی جو کوئی بسم اللہ کو بعدد مذکورہ بالا کہ وہ سات سو چھیاسی بار عدد بسم اللہ کے ہین کوزہ آب پر پڑھے اور جسکو چاہے پلوا دیوے تو اوسکو محبت زیادہ ہوگی اور یہی پانی جس پر بسم اللہ بعدد بسم اللہ پڑھی جاوے اگر اوسکو کوئی پلید فہم کند ذہن مدت سات روز وقت طلوع آفتاب کے پیا کرے تو اوسکی بلادت وکند ذہنی دور ہوجاوے کہ باذن خدا جو کچھ وہ سنے یاد ہو جایا کرے اور بعض خواص بسم اللہ سے یہ ہے واسطے قضاے حاجات و براے داخل ہونے نزدیک حکام کے جب تو ارادہ اس کا کرے تو چاہیے کہ بروز پنجشنبہ روزہ رکھے اور زبیب یعنی انگور خشک یا کشمش یا تمر یعنے خرما سے افطار کرے اور نماز مغرب پڑھکر بسم اللہ ایک سو اکیس بار پڑھے وبعد ازان نماز عشا ادا کرے وبعد ازان بستر خواب پر لیٹ کر بالا تعداد بسم اللہ کو پڑھنا شروع کرے یہانتک کہ پڑھتے پڑھتے سو جاوے جسوقت روز جمعہ کی صبح طالع ہو تو نماز صبح پڑھکر پھر بسم اللہ

براے حصول برکات ۱۲

خواص وقت خواب یعنی جو کوئی ہر شب عمل بسم اللہ کیا کرے تو اوسکی [illegible]

براے دفع درد و آزار ۱۲

براے محبت ۱۲

براے کشادگی ذہن ۱۲

کو بعدد مذکور یعنی بعدد بسم اللہ تلاوت کرے وبعد ازان بسم اللہ کو لکھکر اپنے پاس رکھے قسم ہے اوس خدا کی کہ جسکے سواے کوئی دوسرا خدا نہین جو کوئی مرد یا عورت اس عمل کو کرے وہ لوگون کی نظرون مین مانند شب چہاردہ کے مرئی ہوگا اور عزیز دلہا اور دلون پر ہیبت اوسکی غالب ہوگی اور خوش نظر آوے گا اور لوگ اوسکے مطیع ہونگے اور جو کوئی اوس کو دیکھے گا محبت کریگا اور بطیب خاطر اوسکی طرف مائل ہوگا اور حق تعالے اوسکی محبت خلائق کے دلونمین ڈالے گا اور صنعت کتابت بسم اللہ کی یہ ہے کہ بحروف مقطعہ لکھی جاوے یعنے حروف اوس کے جدا جدا ہون اس طرح ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ر ح ی م اور کتابت اس کی غیر طمس ہو یعنے مٹنے خط کا اندیشہ نہو اور تحریر اوسکی متصل ہو درمیان حروف کے فاصلہ نہو طریقہ دیگر اگر بسم اللہ شصت و یکبار یعنی اسقدر عدد لکھی جاوے اور جس عورت کی اولاد زندہ نرہتی ہو وہ اون جملہ بسم اللہ جو ایک کاغذ مین لکھی ہو اپنے پاس بطور تعویذ کے رکھے تو اوسکی اولاد زندہ رہے گی اور یہ امر آزمودہ اور صحیح ہے اور حق تعالے ہر شے پر قادر ہے اور اگر کوئی شخص بسم اللہ کو ایک کاغذ پر ایک سو بار لکھکر اپنے کھیت مین دفن کردے تو موجب سرسبزی زراعت وافزونی غلہ وحفظ جمیع آفات وباعث حصول برکت کا ہوگا اور اگر یعنے رانگے کی تختی پر بسم اللہ لکھی جاوے اور اوسکو دام ماہی گیر یعنے مچھلی کے جال مین رکھدین تو مچھلیان خود بخود ہر طرف سے مجتمع اوس مین ہو جاوینگی اور جو شخص الرحمن الرحیم ورق کاغذ مین پانسو بار یعنے اسقدر عدد لکھے اور اوس پر ایک سو پچاس مرتبہ بسم اللہ تلاوت کرے اور اوسکو اپنے پاس رکھے یا کسی بادشاہ یا کسی زبردست جفاکار کے سامنے جاوے تو اوسکی شر سے ایمن ہوگا اور اوس سے کچھ ضرر نہ پہونچے گا اور جو کوئی صرف الرحیم

براے قضاے حاجات وحضوری پیش حکام ۱۲

براے زیست اولاد ۱۲

براے سرسبزی زراعت وحفظ آیات وحصول برکات ۱۲

براے شکار ماہی ۱۲

براے ایمنی از ستمگار ۱۲

برای عدم ضرر ۱۲

برای دفع درد سر ۱۲

برائے برآمد حاجات ۱۲

ایک ورق مین یکصد نود بار لکھکر اپنے پاس رکھے اور معرکۂ جنگ مین جاوے تو اُسپر کوئی سلاح اثر و ضرر نکریگا اور اگر کوئی شخص بسم اللہ کو ایک ورق کاغذ پر اکیس بار لکھکر درد سر والے کی گردن یا سر مین لٹکا دیوے تو اوسکو نفع کریگا حکایت ہی عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اوُنھون نے کہا جس شخص کو حق تعالےٰ کی طرف کوئی حاجت درپیش ہو تو چاہیے کہ وہ روز چہارشنبہ و جمعہ و پنجشنبہ تین روز بیہم روزہ رکھے اور تیسرے روز کہ جمعہ ہوگا غسل کرکے جامع مسجد کو جاوے اور جو کچھ ہو سکے تصدق و خیرات کرے پھر جسوقت نماز جمعہ ادا کر چکے تو بعد اسکے یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ[۱] اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ الَّذِيْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْيَتِهٖ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ اِس دعا کو پڑھکر اپنی حاجت کا نام لیوے کہ فلان مطلب میرا بر آوے اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بھی کہا ہے کہ تعلیم

درست

---

[۱] ای پروردگار مین تجھسے سوال کرتا ہون بوسیلہ تیرے نام الرحمن الرحیم کے یعنی مہربان عام خلایق پر اور رحم کرنیوالا خاص مومنون پر وہ اللہ ہے ایسا اللہ کہ نہین ہی کوئی اللہ سواے اسکے کہ دائم الحیات اور باقی آیندہ ہے اور اوسکو غنودگی ہی نہ اوسکو خواب یعنی یہ اسباب غفلت اسکے لیے نہین ہے اوسیکا ہی جو کچھ آسمانون مین اور جو کچھ زمینو مین ہے اور کون ایسا ہی جو اوس کے حضور مین کسیکی شفاعت و سفارش کرے مگر باذن اسکے یعنے جسکو وہ اذن شفاعت دیوے اور مراد اس سے محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین یعنی انھین کو اذن ہے یہی شفاعت کرینگے وہ کردگار خوب جانتا ہے جو کچھ کہ لوگون کے سامنے اور آگے ہی اور جو کچھ کہ اُنکے پیچھے ہے اور وہ ایسا کردگار ہی کہ اُسکے سامنے ہیبت سے خلایق کے چہرے پر ہراس و شکستگی ہی اور آوازین اونکی پست و کار گرفتہ ہین اور اوسکے خوف سے دلونکو ہول و اضطراب ہی مین تجھسے سوال کرتا ہون اسبات کا کہ تو درود و سلام نازل کر اوپر ہمارے محمد و آل محمد اور اُنکے اصحاب اور ہماری حاجتون کو روا کر

اِس دعا کی اپنے احمق لوگون کو نکرو کہ بعضے اُونمین سے بعضون کے حق مین دعاے بد کرینگے کہ وہ فی الفور قبول ہوگی آور جو کوئی ارادہ کرے استیصال و دفع جبار جفاکار کا تو چاہیے کہ ایک رانگے کے پتر پر جدول یعنی نقش بسم اللہ کا خط کرے اور جس شخص کا ارادہ ہے اوسکا درمیان وفق یعنے خانہ موافق مین لکھکر انگزہ و سیر سُرخ کا بخور دیوے اور اوس کو قریب اُس آگ کی دفن کر دیوے جو ہمیشہ جلتی رہتی ہے مثل مطبخ و گلخن وغیرہ اور خبردار کہ آگ اوس نقش رصاص کو مس نکرے کیونکہ اگر آگ اوس سے ملجاویگی تو معمول یعنے جسکے لیے عمل کیا گیا ہے وہ ہلاک ہو جاویگا اور تجھ سے پیشِ خدا اوسکا مطالبہ و مواخذہ ہوگا اور صفت یعنی طریقہ دفن کا یہ ہے تو دیکھتا ہے

براے دفع ظالم جفاکار ۱۲

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بسم | الله | الرحمن | الرحيم | فلان |
| الله | الرحمن | الرحيم | فلان | بسم |
| الرحمن | الرحيم | فلان | بسم | الله |
| الرحيم | فلان | بسم | الله | الرحمن |
| فلان | بسم | الله | الرحمن | الرحيم |

اور یہ دعا اس نقش پر پڑھی جاوے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَھُوَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ مِنْ خَشْیَتِہِ الْقُلُوْبُ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہ

---

[1] وفق موافق و سازوار و مرادف ۱۲ [2] بسم اللہ الرحمن الرحیم اے پروردگار میرے مین تجھ سے سوال کرتا ہون بوسیلہ تیرے اسم اعظم و اعظم کے اور وہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے وہ اللہ جسکے سامنے ہیبت سے خلائق کے چہرے تیرہ ہیں اور شکستگی ہے آوازین اونکی پست و گلوگرفتہ ہین اور اوس کے خوف سے دلون کو حول و اضطرار ہے سوال یہ ہے کہ تو درود و سلام اوپر سید ہمارے محمد اور آل محمد اور اون کے اصحاب پر نازل کر اور دربارہ فلان شخص کے میری حاجت کو روا کر وہ یہ ہے کہ اے میرے پروردگار تو خوب جانتا ہے اس بات کو کہ جس بات مین وہ درپے ہے اگر اپنے ارادہ سے باز رہے تو اوس کو راہ راست کی ہدایت کر اور اوسکے تئین اُسکی توفیق دے اور اگر تیرے علم مین وہ اپنے ارادے سے باز نہ آوے تو اوسپر اپنی بلا اور قہر نازل کر اور اوسکو ہلاک کر دے اے قاہر و قہار اور اے قادر اور مقتدر یا اللہ سات بار ۱۲

وَصَحْبِهٖ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ فِیْ فُلَانَ یعنی نام اوس شخص کا لیوی اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ
تَعْلَمُ اِنَّهٗ یَرْجِعُ عَمَّا هُوَ فِیْهِ فَاهْدِهٖ وَوَفِّقْهُ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّهٗ لَا یَرْجِعُ
فَاَنْزِلْ عَلَیْهِ بَلَائِکَ وَسَخَطِکَ وَغَضَبِکَ وَاَهْلِکْهُ یَا قَاهِرُ یَا قَهَّارُ
یَا مُقْتَدِرُ یَا اَللّٰهُ سات بار اور اس دعا کو سات سو مرتبہ پڑھے کہ ہر آئینہ
ظالم یا تو اپنے ظلم سے باز آوے گا کہ بہت جلد ہلاک ہوگا مگر اس بات مین خوف
خدا رکھنا چاہیے جیسا کہ بونی نے شمس المعارف الکبریٰ مین لکھا ہی اور اوس نے
اپنی کتاب مین جسکا نام رقیم مانفث ہی یہ بھی کہا ہی کہ جو شخص ارادہ اس بات کا رکھتا
ہو کہ وہ اپنے دشمن کے حق مین ایسا امر دیکھے تو اوس کو خوش آوی تو چاہیے کہ بروز
جمعہ کسی وقت بسم اللہ ایک ارزیر یعنے رانگے کی تختی پر نقش کرے اور نام مطلوب
کا درمیان جدول کے درج اور اوس نقش کو آتش نرم پر انگزہ و ریزہ لوبان تر
سے بخور یعنی دھونی دیوی اور چاہیے کہ وہ تختی نقش کی آگ سے دور رہے اور اگر آگ
سے نزدیک ہوجاویگی تو معمول کہ یعنی خصم مطلوب ہلاک ہوجاویگا اور حق تعالیٰ مجھسے اس
امر کا مطالبہ کریگا اور تجھ سے اسکا بدلا لیگا کیونکہ جو کوئی کسیکی دعا سے قتل ہوگا تو گویا کہ
وہ اوسکی تلوار سے قتل ہوا لہذا لازم ہی کہ خوف کر اوس روز سے کہ اس روز سائر سرائر
دراز درپردہ ظاہر ہوجاوینگے اور دلون کے بھید کھلجاوینگے لہذا اے فاعل
فعل کے تو ڈر حق تعالیٰ سے اور خوب سمجھ لے اس بات کو عفو کرنا خصوص دشمن سے عظیم تر
وسیلوں مین سے ہے اور صورت اس جدول کی جو تو لکھے گا یہ ہی

طریقۂ دیگر براے ہلاکت ۱۲

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بسم | الله | الرحمن | الرحیم | فلان |
| الله | الرحمن | الرحیم | فلان | بسم |
| الرحمن | الرحیم | فلان | بسم | الله |
| الرحیم | فلان | بسم | الله | الرحمن |
| فلان | بسم | الله | الرحمن | الرحیم |

طریقہ دیگر برائے ہلاکت ظالم فاسق ۱۲

اور علامہ زرّوق نے اپنی شرح اسماء اللہ الحسنی مین یہ بیان کیا ہے کہ جب تو ارادہ کرے ہلاکت ہونا کسی ظالم یا مرد فاسق کا تو جدول بسم اللہ تختی ارزیر پر لکھ اور نام مذکور یعنی اسم اوس ظالم یا فاسق کا حول یعنی حوالی تختی خاتم مین داخل کرو اور اوسکو بخور انگزہ و زرنیخ احمر یعنے ہرتال سُرخ کی دے اور وہ تختی خاتم آگ کے گرد رہے اور خبردار وہ خاتم آگ سی ملنے نہ پاوے کہ وہ شخص ہلاک ہوجاوے گا اور تو پیش حق تعالیٰ مبتلای محاسبہ ہوگا اور اوسکی دعا یہ ہی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ وَاَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الَّذِیْ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ اَلَّذِیْ مَلَأَتْ عَظَمَتُہُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ وَاَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ مِنْہُ الْقُلُوْبُ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ فِیْ ھَلَاکِ فُلَانٍ یَا قَاھِرُ یَا قَھَّارُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ سات بار اور اس دعا کو سات سو مرتبہ پڑھنا چاہیے انشاء اللہ ظالم ہلاک ہوگا کیونکہ یہ دعا مستجاب ہوا اور صفت یعنی طریقہ خاتم یہ ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بسم | الله | الرحمن | الرحیم | فلان |
| الله | الرحمن | الرحیم | فلان | بسم |
| الرحمن | الرحیم | فلان | بسم | الله |
| الرحیم | فلان | بسم | الله | الرحمن |
| فلان | بسم | الله | الرحمن | الرحیم |

---

سلہ اے پروردگار میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بوسیلہ تیرے اسم بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ایسا اللہ کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ عالم و دانا ہے غیب و حضور کا ہو وہ الرحمن الرحیم ہے ۱۲ سلہ اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بواسطہ تیرے اسم کے کہ نہیں ہے کوئی اللہ سوائے جسکے کہ وہ دائم الحیات یا زندہ و باقی ہو اور ایسا ہی کہ نہ اسکو غنودگی ہے اور نہ اسکے خواب ہو اور وہ ایسا ہو کہ اوسکی عظمت و جلالت کے زمین و آسمان معمور ہیں اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بذریعہ تیرے اسم بسم اللہ الرحمن الرحیم کے جو ایسا ہو کہ ہیبت اسکے سامنے چہرے نیچے مردنی و شکستگی اور آواز و نکی پستی و گرفتگی ہو اور سوال میرا یہ ہے کہ تو درود و سلام نازل کرا اوپر سید ہمارے کے اور اون کی آل اور اصحاب پر اور میری حاجت در بارہ ہلاکت فلان قسم کے روا کر یا قاہر یا قہار یا قادر یا مقتدر یا اللہ یا اللہ ہفت بار ۱۲ -

# باب دوم بذکر بعض خواص و منافع سورۂ فاتحہ

جاننا چاہیے کہ فاتحہ الکتاب یعنی سورۂ الحمد کے لیے خواص عجیب ہین چنانچہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی بوقت خواب اِس سورہ کو مع سورۂ اخلاص یعنے قل ہو اللہ اور معوذتین یعنی قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس پڑھا کرے تو وہ سواے موت کے باقی ہر چیز سے یعنی ہر آفت سی امن مین رہے گا و نیز فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جب سورہ فاتحہ پڑھی جاوی تو اوس شخص کے لیے ہی اَور بھی فرمایا کہ اُم القرآن شفا ہی ہر ایک درد و آزار کے لیے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما علیل جو ہوئے تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مغموم ہوئے اوسوقت حق تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وحی فرمائی کہ اوس سورہ کو پڑھ کہ جس مین فا نہین ہی کیونکہ فا علامت آفات کی ہی اور حال یہ ہی کہ جس سورہ مین فا نہین ہے وہ سورۂ فاتحہ یعنی الحمد ہی سو اوسکو ایک کوزہ پُر از آب پر چالیس بار پڑھ اور اُس پانی سے حسینؓ کے دونون ہاتھ اور پانون اور سر اور روی اور سارا بدن ظاہر و باطن یعنے آگے اور پیچھے دھوکہ حق تعالیٰ اوسکو ہر آزار سے شفاے کلی عطا کریگا اور بعض خواص سورۂ الحمد سی یہ ہے کہ جب اوسکے حروف مقطعہ یعنی مفرد لکھے جاوین اور آب طاہرہ سی دھو کر مریض پی لیوی تو باذن اللہ تندرست ہوجاوے اور بعض علما نے کہا ہی کہ جو شخص سورۂ فاتحہ کو کسی ظرف پاکیزہ مین دھو کر پیوی یا پلاوی تو اوسکا نسیان زائل ہو جاوے گا اور جب کہ سورہ فاتحہ درمیان سُنت و فرض صبح یعنے بعد سنت قبل فریضہ کے چہل و یکبار درد چشم پر پڑھی جاوی تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت اچھا ہو جاوی اور اگر بعد اوسی قرارت مذکورہ کے آب دہن لگا دیوے تو عارضہ چشم وغیرہ کو بہت نافع ہے انشاء اللہ اور یہ امر بارہا آزمودہ

ف برائے ہر آزار ۱۲

ف ذکر عمل دورۂ فاتحہ برائے شفاء حضرت امام حسین علیہ السلام ۱۲

ف حروف الحمد دھو کر پینا برائے شفاء عوارض مفید ہی ۱۲

ف برای درد چشم ۱۲

متحقق ہو چکا ہی آور بعض صالحین نے بیان کیا ہی کہ جو کوئی بجای درد ہاتھ رکھکر سورۂ فاتحہ تلاوت کری اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ سُوْءَ مَا اَجِدُ وَفُحْشَہٗ بِدَعْوَۃِ نَبِیِّکَ الْمُبَارِکِ الْاَمِیْنِ الْمَکِیْنِ عِنْدَکَ اسکو سات مرتبہ پڑھو صحت پاوی گا یہ بھی مجرب ہی اور بعض خواص سورۂ الحمد سی مانع و دافع گزند نیش زنی عقرب ہے اور یہ اسطرح ہے کہ ایک ظرف لے کر اوس مین تھوڑا سا پانی ڈالے اور اوس مین ایک کنکری نمک کی چھوڑ دیوے اور اوسپر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھے اور اوس پانی کو ملدوغ یعنے نیش زدہ کو پلا دیوے اور وہ اچھا ہو جاویگا اور بعض خواص سورۂ فاتحہ سے یہ ہے کہ جو کوئی اوسکو دندان پُر درد و درد رسیدہ پڑھے گا تو فوراً اچھا ہو جاوے گا اور طریقہ اوسکا یہ ہے کہ ایک تختی طاہر پر قدری ریگ پاکیزہ چھڑک کر لوہی کی کیل یا لکڑی سی یہ حرف لکھے ا ب ج د ہ و ز ح ط ی یہ حروف بر وفق ثلاثی کے ہین یعنے اونکے اسما مین تین تین حروف ہین اور حرف اول پر کیل یا لکڑی کو زور سے گڑا لے اور چھپا لے رکھ اور سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ اور وہ شخص دردمند اپنا ہاتھ اپنے درد کی جگہ پر رکھتا ہو چنانچہ سورۂ حمد ایک بار پڑھکر تو اوس سے سوال کر کہ تجکو آرام ہوا تو وہ جواب دے گا مگر ہاتھ اوسکا اوس جگہ سے ہٹنے نپاوے اگر اوس کو صحت ہو گئی ہو تو خیر والا تو اوس کیل کو دوسرے حرف پر لیجا اور اوسی طرح اوسپر گڑا اور سورۂ حمد دو بار پڑھکر اوس سوال شفا کا کر اگر اوس کو شفا ہوئی تو بہتر نہین تو اوس کیل کو تیسرے حرف پر لیجا اور تین بار سورۂ فاتحہ پڑھکر اوسی طرح سوال کر یہان تک کہ ہمہ

براے کم ہو درد آزار ۱۲

براے دفع گزند عقرب ۱۲

براے دفع درد دندان ۱۲ متواتر تین روز عمل کرے

---

لہ ای ہمارے پروردگار تو مجھسے اس بُرائی کو جو مین پاتا ہون اور اسی بدی کو لیجا یعنے جو درد دکھ مین مجھ ہے تو اسکو دفع کر برکت دعوت دعا اپنے نبی مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جو امین و ذی رتبہ ہین تیری نزدیک ۱۲

ہر حرف پر بدستور سوال کرا اور مسمار کو حرف مابعد پر لیجا اور ہر حرف پر ایک مرتبہ قرارت سورۂ فاتحہ پڑھا جا چنانچہ آخری حرف تک پہونچنے کی نوبت نہ آوی گی کہ اسکو صحت ہوگی باذن اللہ لیکن چاہیے کہ صاحب درد حسن ظن و عزم درست رکھتا ہو اور بعض خواص سورۂ فاتحہ کا واسطے محبت اور تالیف قلوب کے ہے چنانچہ لبعض برادران دینی نے مجکو اسکا فائدہ بتایا ہے اور طریقہ اُسکا یہ ہے کہ حروف اسم مطلوب کے باحروف ناریہ کے امتزاج و باہم آمیز کرے اور حروف ناریہ ہین اھ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ۔ اور صورت آمیزش کی یہ ہے کہ اول حروف ناریہ کا لیا جاوی بعد اسکے ایک حرف مطلوب میں لیوے بشرطیکہ پہلا حرف ناریہ کا لیا جاوی بعد اسکے حرف اسم لیا جاوی اور اسیطرح ایک حرف اُوسکا پھر ایک حرف اِس کا درین صورت ضرور ہے کہ ابتدا ر حروف ناریہ سی ہو اور اوہی کے حرف پر ختم ہو تا آخر مین حروف ناریہ واقع ہوا اور یہ حروف یکے با دیگرے بست و یک پرچۂ کاغذ پر لکھے جاوین اور ہر پرچہ پر ایک کنکری لوبان[ع۱] ترکی اور کچھ تفاح الجان تفاح جن یعنے سیب سی لکھ کر اون پرچون کو آگ پر چھوڑ دے اور اوس پر سورۂ فاتحہ پڑھنا شروع کرے اور انقطاع دخان یعنی جبتک دھوان باقی رہی برابر پڑھتا رہی پھر اوسوقت یہ کلمات زبان پر لاوی توکلوا یا خدام[لہ] الحروف النارية بقضاء حاجتي من فلان والقاء محبتي ومودتي او محبة فلان في قلبه بحق ما تلوته عليكم اور یہ عمل بارہا آزمودہ

برائے محبت و تالیف قلوب ۱۲ ۱۲

ع۱ لوبان ذکر

---

لہ یعنے ای خادمان و موکلان حروف ناریہ کے تم میری وکیلی اور مددگاری کرو میری حاجت روائی مین سے فلان شخص مطلوب سی اور ڈالنے مین میری محبت او مودت کی بیچ دل کے اُس شخص کے بحق اوس چیز اور اُس سورہ کے جو مین نے تمپر تلاوت کیا ہی۔ ۱۲ یعنے یا محبت فلان کے واضح ہو کہ اگر محبت فیما بین اپنے اور اُس شخص مطلوب کے منظور ہے تو یہ کہو گا کہ من فلان والقاء محبتی ومودتی فی قلبہ الخ اور اگر عمل واسطے محبت درمیانی دیگر دو شخصونکے کیا ہو تو یہ کہا جاوے کہ من فلان والقاء محبتہ ومودتہ فی قلبہ الخ چنانچہ پہلی صورت کے یہ معنی ہین کہ میری مددگاری کرو میری حاجت روائی مین زید سے مثلاً اور میری محبت اور مودت ڈالنے مین بیچ دل اُسکے اور دوسری صورت مین یہ معنی ہین کہ میری مدد کرو میری حاجت روائی مین زید سے

ہو چکا ہے صحیح اور متحقق ہے بشرط حسن اعتقاد کے حصول مدعا ہوتا ہے اور نیز بعض خواص کے واسطے وہ طریقہ یہ ہے کہ جو مروی ہے ایک مرد صالح سے کہ وہ شیخ احمد بن الرودانہ ہین اونھون نے کہا جو شخص ارادہ کرے کہ درمیان شوہر و زنان یا میان دو برادر کے اصلاح کرے اور کرادے اور اس سے غرض اُس شخص کی اتباع قول نبیؐ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہو جیسا کہ فرمایا ہے جو شخص درمیان دو شخص کے اصلاح کرنے تو وہ شخص مستوجب اجر شہید کا ہوگا یعنے اوسکو ثواب شہادت کا ہوگا لاجرم چاہیے کہ سورۂ فاتحہ کو ایک کاغذ پر زعفران اور گلاب سے لکھے اور اُس مین کچھ مُشک بھی شریک ہو اور وقت کتابت کے عود و لوبان سے بخور رہو ۲ اور کاتب ﺣـ باوضو ہو اور چاہیے کہ طریق کتابت اِس طرز اور اِس شرط سے بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ يحمّدِ فُلَانُ بۡنُ فُلَانَةَ لفلان بن فلانة او فلانة بنت فلانة طاعة لله تعالے و بفاتحة الكتاب الشريفة الرحمن الرحيم يرحم فلان ۔ ا لخ طاعة الله وبفاتحة الكتاب الشريفة مالك يوم الدين امتلك فلان الخ طاعة الله تعالے وبفاتحة الكتاب الشريفة عبودية ورافة ورحمة وشفقة اياك نعبد نعبد فلان بفلان طاعة الله تعالى وبفاتحة الكتاب الشريفة واياك نستعين استعان فلان بالله تعالے وبفاتحة الكتاب الشريفة على فلان بن فلانة ليكون مطاوعا له وتحت ارادته

کلام نہ کرے

رو بقبلہ

ﺣـ ۳ بار درود شریف اول
و ۳ بار بعد از کتابت بخوانند
وقت کتابت کسی سے
کلام نہ کرے ۔ اور جب
فاتحہ مطلوب کے طرف کی ہوا
چلے تو سوئی کاغذ میں چبھو کے
اور ہوا میں لٹکا دے

---

مثلاً اور ڈالنے مین محبت خالد کے مثل اُسکی دلمین ۵ بسم اللہ الرحمن الرحیم سب حمد سزوار ہین اُسی خدا کیلئے جو پروردگار تمام عالم کا ہے حمد و محبت کرے فلان غلام یا کنیز مطلوب پسر فلان عورت کا واسطے فلان مرد طالب پسر فلان عورت کے یا فلانی عورت مطلوبہ دختر فلانی عورت کیواسطے فلان مرد طالب پسر فلان عورت کے یا واسطے فلانی عورت طالبہ دختر فلانی عورت کے یعنے اگر طالب و مطلوب دونون مرد ہون یا طالب مرد و مطلوب مرد عورت ہو یا طالب عورت یا مطلوب مرد ہون یا دونون عورتین ہون تو نسبت والدہ کی ہر ایکطرف اُسکی ماں کے کیجاوے چنانچہ فلان مطلوب فلان طالب کی محبت کرے از برای طاعت خدا و سورۂ فاتحہ شریفہ کے بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا رحم کرے فلان مطلوب واسطے فلان طالب کے از برای طاعت خدا و طاعت سورۂ فاتحہ شریف کی مالک روز جزا کا مملوک اور تابع ہو جاوے فلان مطلوب ازبرای فلان طالب کے از روے عبودیت و راحت و شفقت کے ازبرای طاعت خدا و فاتحۃ الکتاب شریف کی تیری ہی ہم عبادت کرتے مین تابعداری کرے فلان مطلوب واسطے فلان طالب کے از برای طاعت خدا و

فی الاقوال والافعال طاعة لله تعالی وبفاتحة الکتاب اهدنا الصراط
المستقیم اهتدی واستقام فلان بن فلانة لفلان بن فلانة استقامة
محبة وسماع قول طاعة الله تعالی وبفاتحة الکتاب صراط الذین انعمت الشریفۃ
علیهم النعم فلان الخ بجمیع ما یطلب منه فلان فیروم طاعة لله تعالی و
بفاتحة الکتاب الشریفة محبة وشفقة ومودة ورافة ورحمة غیر المغضوب
علیهم ولا الضالین ضل فلان الخ فی محبة فلان طاعة لله تعالی وبفاتحة
الکتاب الخ المتین ونزعنا ما فی صدورهم من غل تحا متقابلین لو انفقت ءا الی
ما فی الارض جمیعا الآیة پھر جسوقت تکملہ اُس عمل کا پورا ہوجاوے تو عامل ایک
سوزن مخروم یعنے تیز نوکدار لیکر وسط ورق مین جسمین یہ عمل لکھا ہوا ہی چھید کر ایسے
مقام مین لٹکاوے جہان ہوا آتی ہو اوس سمت سی جو متصل ہو مطلوب سی اِس صورت مین
مقصود حاصل ہوگا اور یہ عمل مجرب اور صحیح ہی اور مین نے بعضونکو دیکھا کہ اونہون نے
اِس عمل کو کتاب مفتاح سے اِسطرح نقل کیاہے کہ اگر کوئی شخص ارادہ کسی امر کا رکھتا ہو
اور وہ کسیطرح کی اور کیسی ہی حاجت ہو اور وہ سو مرتبہ قرأت الحمد کرکے اِس دعا کو سات
بار پڑھے توحق تعالی اُسکی حاجت کو روا کرے اور مشکل کو اُسکی آسان کرے گا

فاتحہ الکتاب شریف اور تجھی سی ہم اعانت چاہتی ہین طلب اعانت کرے ۱۲ فلان طالب ساتھ حق تعالی و فاتحہ الکتاب
کراہ، فلان مطلوب کے تاکہ وہ اوسکا مطیع ہوجاوی اور زیر ارادت رہی قول اور فعل مین از برای اطاعت خدا و فاتحہ الکتاب شریف کی
ہدایت کر توہمکو راہ راست و استوار ہدایت یاب ہوی فلان مطلوب ور راہ راست پر رہی اور ولی راست محبت و شنوائی قول طا
کی از برای طاعت خدا و فاتحہ الکتاب شریف کی راہ اُن لوگون کی جنپر تو نے انعام و کرم کیا و انعام و کرم کری فلان مطلوب
مطلوب ان جملہ امور مین جو فلان طالب اس سی طلب کری اور وہ اُسکا رام و تابع ہو از برای طاعت خدا و طاعت ام الکتاب
از روی محبت و شفقت و مودت و راحت نہ اُون راہ پر خبر عقب نازل ہوا نہ گمراہونکی از خود رفتہ ہوجاوی فلان مطلوب واسطے فلان
طالب کے از برای خدا و فاتحہ کتاب شریف کی آمین اور عنا دانی صدورہم من غل اخوانا علی سرر متقابلین اور ہم کھینچ اور نکال لینگے
جو کچھ اونکے سینو مین ہوگا غش و کینہ سے کہ وہ سب باہم برادر و بایکدیگر روبرو ہونگے لو انفقت ما فی الارض جمیعا
ما الفت بین قلوبہم ولکن الله الف بینہم انہ عزیز الحکیم اگر تو خرچ کرے تمام جو کچھ روی زمین پر ہے تو اون لوگون کی
تو الیستی تالیف قلوب نکرسکے گا مگر یہ کہ حق تعالی نے انکو درمیان مین باہم الفت ڈالدی ہے آئینہ وہ بڑا غالب حکمت والا

# باب سوم بذکر بعض خواص و منافع آیۃ الکرسی

واضح ہو کہ یہ آیۃ یعنی آیۃ الکرسی جب نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر نازل ہوئی تو اوسکی ساتھ یعنے اوسکو لیکر ہفتاد ہزار ملائکہ کرام نازل ہوئی اور یہ اہتمام از برائے جلالت و عظمت اِس آیۃ کے تھا دوسرا آئینہ حدیث مین وارد ہوا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے اعظم ترین آیات قرآن مین آیۃ الکرسی ہے اور فرمایا کہ جو کوئی عقب یعنی بعد ہر نماز کے آیۃ الکرسی پڑھے گا تو داخل ہونے جنت سے کوئی چیز اوسکو مانع نہین ہے مگر موت یعنی صرف موت آنے کی دیر ہے اور مروی ہے کہ جو شخص بوقت خواب آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرے گا تو اوس شب شیطان اوسکے قریب نہ آویگا اور صحیح مین وارد صحیح ابی ہریرہ مین ابی ہریرہ سے مروی ہے اونھون نے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے میرے تئین زکوۃ رمضان یعنی فطرہ کا محافظ مقرر کیا اتفاقاً ایک آنے والا آیا اور کچھ اُس گندم فطرہ سے لے لیا مین نے اوسکو گرفتار کر لیا اور اوس سے مین نے کہا کہ تجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سامنے لیجاؤنگا اِس نے کہا کہ مین محتاج اور عیال دار ہون اور مجھے حاجت شدید ہے یہ سُن کے مجھے رحم آیا تو مین نے اوس کو چھوڑ دیا جب صبح ہوئی تو آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا تیرے اسیر نے شب کو کیا فعل کیا مین نے عرض کی یا رسول اللہ اوس نے حاجت شدید اور بار عیال کی شکایت کی مجھے اوسپر رحم آیا تو مین نے اُسکو چھوڑ دیا تو فرمایا وہ جھوٹا ہے اور قریب ہی کہ وہ پھر آویگا چنانچہ حسب الارشاد حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کہ وہ عنقریب پھر آویگا مجھکو یقین ہوا کہ ضرور وہ پھر آوے گا سو مین اوسکی تاک مین بیٹھا آخر وہ پھر آیا اور اوس نے گندم اوٹھایا مین نے اوسکو پکڑ اور کہا مین تجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حضور مین لیجاؤنگا اوس نے

دیگر خواص آیۃ الکرسی ۱۲

۱۰/- ای خوف
۱۲ یوم ۱۲ ایام
باز بعد دو روز ۱ ایام

کہا مجھے چھوڑ دے کہ مین محتاج اور عیال دار ہون اور پھر عود نکرونگا تب مجھے رحم آیا مین نے اوسے چھوڑ دیا جب صبح ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رات تیرے قیدی نے کیا فعل کیا مین نے عرض کیا یا رسول اللہ اوس نے مجھسے اپنی حاجت اور اپنی عیال داری کی شکایت کی مین نے رحم کھا کر اوسکو چھوڑ دیا فرمایا آگاہ ہو کہ اوس نے جھوٹ کہا اور عنقریب وہ پھر آویگا تب مین پھر اوسکی نگرانی مین بیٹھا ناگاہ تیسری دفعہ پھر آیا اور گندم لیا تھا کہ مین نے اوسکو پھر پکڑا اور کہا کہ مین تجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین لیے چلتا ہون کہ یہ تیسری دفعہ ہے تو جھوٹھ کہتا ہی کہ ابکی مرتبہ نہ آؤنگا اور پھر آتا ہی اوس نے کہا کہ تو مجھے چھوڑ دے کہ مین تجکو چند کلمات تعلیم کرون کہ اس سے حق تعالی تجکو بہت سا نفع دیگا مین نے کہا وہ کون سے کلمات ہین اوسنے کہا جسوقت تو اپنے بستر خواب پر جاوے تو آیۃ الکرسی تلاوت کر اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ یہان تک کہ اس آیت کو تمام تک ختم کر تو ہر آئنہ حق تعالی کی جانب سے تجھپر حافظ اور نگہبان مقرر رہے گا اور شیطان تیرے پاس نہ آویگا صبح تک چنانچہ مین نے اوسکو چھوڑ دیا پھر جب صبح ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تیرے قیدی نے رات کو کیا کام کیا مین نے عرض کیا یا رسول اللہ اوسنے کہا مین ایسے کلمات تجکو تعلیم کرون جس سے حق تعالے منفعت کثیر عطا کرے گا مینے کہا وہ کیا کلمات ہین اوسنے کہا جسوقت تو اپنے فرش خواب پر آوے تو آیۃ الکرسی پڑھ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ یہان تک کہ تو اس آیۃ کو ختم تک پڑھ و باقی حدیث تا القول اوسکے صبح تک یہ سن کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آگاہ ہو تحقیق کہ اوس نے سچ کہا حالانکہ وہ کذاب ہے اور اے ابوہریرہ تو جانتا ہے کہ تین روز سے تیرا مخاطب کون ہے مین نے عرض کی نہین مین نہین جانتا ہون فرمایا یہ شیطان تھا

**روایت** کی اس حدیث کو ترمذی نے ابوایوب سے اپنی کتاب جامع مین اور

امام غزالی نے ابن قیتبہ ذکر یعنے نقل کی ہے اونھون نے کہا مجھ سے حدیث بیان کی ہے ایک شخص نے بنی کعب سے اوس نے کہا مین بصرہ واسطے فروخت ثمر کے گیا تھا تو وہان مین نے کوئی مکان فرود کا نہ پایا مگر ایک ایسا گھر دیکھا جسمین مکڑی کا جالا لگا یا تھا مین نے لوگون سے پوچھا اِس گھر کا کیا حال ہی یعنے یہ ایسا ویرانہ کیون پڑا ہے لوگون نے کہا یہ مکان معری ہے یعنے بند و خالی پڑا ہے تب مین نے اُسکے مالک سے کہا تو اِپنا مکان میرے تئین کرایہ پر دے اوس نے کہا تو اپنی جان بچا کہ اِسکے اندر ایک عفریت یعنی دیو رہتا ہے کہ اُس نے اِس مکان کو اپنا منزل کرلیا ہے جو کوئی اسمین آتا ہے اور رہتا ہی اوسکو ہلاک کرتا ہے مین نے کہا تو اوسکو میرے تئین کرایہ پر دے اور مجھے اوسکے ساتھ چھوڑ دے حق تعالیٰ اُسپر میری اعانت کرے گا اوس نے کہا تجھے اختیار ہے آخر مین سکونت پذیر اُسمین ہوا جسوقت اندھیری رات ہوئی ناگاہ ایک شخص نہایت سیاہ میرے پاس آیا اُسکی دونون آنکھین مانند شعلۂ آتش کے نظر آتی تھین اور اوسکا سراپا سارا تیرہ تاریک دکھائی دیتا تھا اور وہ نزدیک تر ہوا اوسوقت مین نے پڑھنا شروع کیا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ آخر آیت تک اور جو کلمے مین پڑھتا جاتا تھا وہ بھی پڑھتا جاتا تھا پھر جب مین اس کلمے تک پہونچا وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ تو اوس نے کچھ نہ کہا یعنے اِس کلمے کو نہ پڑھا پھر مین نے اِس کلمے کو چند بار پڑھا یہانتک کہ وہ تاریکی میرے سامنے سے جاتی رہی پھر مین اس مکان کے ایک گوشہ مین جا کر سو رہا جب صبح ہوئی تو جس جگہ مین نے اُس شخص کو دیکھا تھا وہان ایک نشان سوختہ اور خاکستر تودہ پایا اور کسی کہنے والے کی آواز سُنی وہ کہتا ہے کہ مین نے اس بڑے دیو کو جلا دیا مین نے کہا کس چیز سے وہ جل گیا اوس شخص غیبی نے کہا کلمۂ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

ہے جل گیا اور واضح ہو کہ حروف آیۃ الکرسی کے ایک سو ستر ہین اور کلمات
اِسکے پچاس ہین اور فضول اوسکے ساتھ ہین اور بعضون نے کہا سترہ ہین
چنانچہ جو کوئی اوسکو اول روز یعنے صبح پڑھے تو وہ شخص امان خدا مین رہے گا
شر شیطان وجور سلطان سے اور اسی طرح جو کوئی اُسکو اول شب سے پڑھے
وہ بھی یون ہین امن وامان مین رہے گا اور جو شخص نصف شب مین قبلہ رو
اور آواز مردم سے دور ہو کر یعنے تنہائی مین بعدحرف یعنی یکصد وہفتاد بار تلاوت
کرے اور حق تعالے سے اپنی حاجت طلب کرے تو انشاءاللہ تعالی اوس کی حاجت
برآویگی اور جو شخص آیۃ الکرسی بعدد رسل کے تلاوت کرے اور وہ تین سو تیرہ
ہین اور یہی عدد اہل بدر واصحاب طالوت کا ہے اور حساب اِسکا اسم محمد صلے
اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے اور اس اسم کے ساتھ توسل کیا جائے اور حق تعالے
سے حاجت اپنے بابت امور دنیا وآخرت کے سوال کرے تو باذن اللہ مقصود برآویگا
اور بعض خواص آیۃ الکرسی سے دفع بلغم ہے چنانکہ جو کوئی اِس کا ارادہ کرے تو
چاہیے کہ نمک سپید کی چھوٹی چھوٹی سات کنکریان لے کر اوس ہر ایک پر آیت
شریف سات سات بار پڑھے اور نہارا وسکو استعمال کرے سات روز تک
تو جو کچھ عارضہ بلغم کا اوسکو لاحق حق تعالی اوسے دفع کرے گا اور روایت ہے
بعض اشخاص سے کہ وہ اپنے خواب مین بہت سے امور اکثر اشیاء ایسے دیکھتا تھا
جس سے دل گرفتہ وخاطر پریشان ہوتا تھا آخر وہ پاس بعض صالحین کے
آیا کہ وہ مشایخ ارباب تصوف مین سے تھے پھر اوس نے اونکے سامنے جو کچھ
خواب مین دیکھا تھا اوس کی شکایت کی تب اُن بزرگ نے کہا جس وقت

از برائے امان ۱۲

برائے عوارض بلغمی ۱۲

---

لہ یعنے اسم محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تا آدم علیہ السلام تین سو تیرہ شمار کیا جاوے ۱۲

تو انکو فرش خواب پر آوے تو پہلے تین بار تعوذ کر شیطان رجیم سے یعنے اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ پڑھے پھر تین بار آیۃ الکرسی پڑھے اور جب اس کلمے تک پہونچے وَلَا یَئُودُہٗ حِفْظُہُمَا وَہُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ تو اوسکی بھی تکرار تین بار کرے اور سو رہے تو بے شبہہ اوس خواب پرہول سے امن پاویگا چنانچہ اوس شخص نے ایسا ہی کیا پھر بعد اوسکے اوس نے خواب مکروہ سے کچھ نشان نپایا اور بعض خواص آیۃ الکرسی سے یہ ہو کہ جسوقت آیۃ الکرسی کسی مصروع کے سر پر گیارہ مرتبہ پڑھی جاوے تو فوراً اوسکو افاقہ ہوگا اور اگر اسکے بدن میں وہ عارضہ باقی رہیگا تو سوخت ہوجاویگا اور جبکہ عقب و بعد ہر نماز کے آیۃ الکرسی پڑھی جاوے تو جتنے اوس نمازی پر گناہ و خطا ہیں وہ سب محو و عفو ہوجاتے ہیں۔ اور بعض خواص آیۃ الکرسی سے حرق عارض ہی یعنے جلانا اُس شی کا جو کسی پر واقع ہو چنانچہ جب تو ارادہ کرے کہ جن کو جلا دیوے اور اوسکو انسان سے دفع کرے تو اوس شخص کے داہنے کان میں سات مرتبہ اذان دے پھر اوسی کان میں فاتحۃ الکتاب و معوذتین و آیۃ الکرسی و سورہ صافات تمام و آخر حشر و سورہ طارق تلاوت کرے بے شبہہ وہ جل جاویگا گویا کہ وہ آگ میں جلایا گیا یہ علم مجرب اور صحیح ہے اور بارہا عمل میں آیا ہے اور حق تعالی ہر شے کا حاضر و ناظر ہے اور بعض خواص آیۃ الکرسی سے یہ ہے برای قرنا و توابع کے ہے یعنے از سطہ

ہُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ ہُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ہُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُہَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ہُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَہُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ براے حفاظت شر شیطان اور اون کے تابعین سے چنانچہ اسکو لکھکر اپنے پاس رکھے کہ اس سے اور ہر مکروہ سے امین رہے

براے دفع عارضہ صرع

براے محو گناہ و عفو گناہ

براے دفع احراق جن

ص

براے حفاظت از شر قرنا و توابع

اور آیۃ الکرسی کے ساتھ آیات حفظ جو جا بجا قرآن میں ہیں اضافہ کیے جائیں اور وہ یہ ہیں فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ وَھُوَ الْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِہٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْکُمْ حَفَظَۃً اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ وَّکُنَّا لَھُمْ حَافِظِیْنَ وَرَبُّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ۝ وَعِنْدَنَا کِتَابٌ حَفِیْظٌ لِکُلِّ اَوَّابٍ حَفِیْظٍ وَاِنَّ عَلَیْکُمْ لَحَافِظِیْنَ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّارِدٍ ۝ وَحِفْظًا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ وَحَفِظْنَاھَا مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ الرَّجِیْمِ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ لَہٗ مُعَقِّبَاتٌ مِّنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ حَفِیْظٌ عَلَیْھِمْ بِوَکِیْلٍ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ اور اس کے ساتھ یہ بھی آیت قرآن کی لکھے قولہ تعالیٰ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الخ[1] اور سورۂ اخلاص اور معوذتین کہ یہ آیتیں حجاب عظیم یعنے حفاظ ہیں شر شیطان اور توابعان وغیرہ سے اور بعض خواص آیت الکرسی سے واسطے دفع درد جگر وکبد و برائے رفع خفقان اور مغص باطن یعنے دل کی دھڑک کے لیے چنانچہ جو شخص اِسکا ارادہ رکھتا ہو تو چاہیے کہ آیۃ الکرسی ایک ظرف طاہر میں تین مرتبہ لکھی جاوے اور اوسکو دھو کر مریض پی لیوے اور وقت پینے کے یہ کلمے کہے کہ نَوَیْتُ الشِّفَاءَ مِنَ الْعِلَّۃِ اَلْفُلَانِیَّۃِ[2] یعنے نام مرض کا لیوے کہ حق تعالےٰ بہ برکت اس آیۂ شریفہ اوسکو شفا دیگا اور بعض خواص آیت الکرسی سے وہ ہے جسکو علامہ ابوالیسر قطان خلیفہ شیخ کریم الدین الخلوتی نے شیخ دمرداش سے

[illegible] ۱۲

---

[1] یعنے تا آخر سورۂ توبہ علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم +

[2] یعنی میں نے نیت کی ہے شفا کی فلاں مرض سے + ۱۲

براے حفظ از جملہ مکروہات ۱۲

رحمہم اللہ اجمعین نقل کیا ہے کہ جو شخص اس آیۃ کو اول تاریخ ماہ محرم الحرام کو تین سو ساٹھ بار اور ہر بار بسم اللہ کے ساتھ پڑھے اور بعد فراغ عدد مذکورہ سے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ یَا مُحَوِّلَ الْاَحْوَالِ ؛ حَوِّلْ حَالِیْ اِلٰی اَحْسَنِ الْاَحْوَالِ ؛ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ یَا عَزِیْزُ بِالْمُتَعَالِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَبِہٖ وَسَلَّمَ چنانچہ وہ شخص مکروہات سے محفوظ رہے اور یہ عمل مجرب اور صحیح ہے آور بعض خواص آیۃ الکرسی سے وہ ہے جو صالحین سے منقول ہے کہ جو شخص شب عاشورا محرم کو باوضوے تازہ بعد دو رکعت نماز کے اس آیت کو تین سو ساٹھ بار پڑھی اور ہر بار بسم اللہ کہے اور زانو مار کر یعنے دو زانو ہو بیٹھے و بعد ازان جب آیۃ الکرسی بعدد مذکورہ تلاوت کر چکے تو یہ آیۃ چہل و ہشت بار پڑھے قُلْ بِفَضْلِ اللّٰہِ وَبِرَحْمَتِہٖ فَبِذٰلِکَ فَلْیَفْرَحُوْا ھُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ بعد ازان یہ کلمات کہے اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہٖ لَیْلَۃٌ جَدِیْدَۃٌ وَّشَھْرٌ جَدِیْدٌ وَّسَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ اَللّٰھُمَّ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَاَصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّھَا وَشَرَّ مَا فِیْھَا وَشَرَّ فِتْنَتِھَا وَمُحْدَثَاتِھَا وَشَرَّ النَّفْسِ وَالْھَوٰی وَالشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ اور اس دعا کو بارہ مرتبہ پڑھے اور بعد درود وسلام اوپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جو دعائیں کہ قرآن مجید سے منتخب کی ہوئی ہین اُن مین سے جس دعا کے ساتھ چاہی میرے حق مین ختم کرے اور جمیع مسلمین کیواسطے دعا کرے اور تنفس کرے چند ساتھ تسبیح و تہلیل کے یعنے اوسکے ساتھ دم بھرے یا دم کرے کہ اوس سال کی جمیع مکروہات اور ساری برائیون سے محفوظ رہیگا

ایضاً براے حفظ و امان ۱۲

---

ف۱ اے پروردگار میری اے بدلنے والے احوال کے بدل دے میرے حال کو ساتھ بہترین حالات کی اپنی قدرت اور قوت سے ای غالب ہر شے اور اے برتر ہر شے سے ف۲ تو کہدے کہ فضل خدا اور اوسکی رحمت سے چاہیے کہ اس بات مین مسلمین ہون وہ بہتر اوس مال سے ہین جو جمع کرتے ہین ۱۲ ف۳ ای میرے پروردگار یہ شب نو و ماہ نو و سال نو ہے اے پروردگار جو کچھ اونکی بہبودی اور جو کچھ انمین خیر و خوبی ہے مجھی عطا کر اور جو کچھ انسے برائی ہے اور انمین خرابیان ہین وہ مجھسے باز رکھ اور اوس رات اور اوس مہینے اور اوس سال کے شر و حادثات سے اور شر نفس اور شر خواہش اور بدی شیطان راندہ سے محفوظ رکھ ۱۲ ف۴ یعنے راوی اس روایت کا اپنے حق مین بعد ختم اس عمل کے طلب دعا کرتا ہے

م

براے دفع آشوب چشم

اور حق تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے اور بعض خواص آیۃ الکرسی سے براے رمد یعنی واسطے آشوب چشم کے ہے کہ اُسکو تین مرتبہ لکھے اور اوسکے ساتھ بھی یہ آیۃ لکھے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلٰی عَلِیْمٌ[ل] بعد ازان سورۂ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ لکھے اور بعد ازان یہ کلمات لکھے اِنَّ فِی الْعَیْنِ رَمَدًا اَحْمَرَ فِیْ بَیَاضٍ حَسْبِیَ اللّٰهُ الصَّمَدُ بَاغِیَاثِیْ فِی الشَّدَائِدِ بِاعْتِزَازِكَ عَنْ وَلَدٍ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ + اَقْسَمْتُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الرَّمَدُ الْمَرْدُوْدُ + الْمُتَمَسِّكُ ٭الْعُرُوْقَ الرَّاْسِ وَالْجِلْدِ اَقْسَمْتُ عَلَیْكَ بِیُوْسُفَ ٭ابْنِ یَعْقُوْبَ وَقَمِیْصِهِ الْمُقَدَّدِ وَبِحَقِّ تَوْرٰىةِ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَزَبُوْرِ دَاؤدَ + وَبِحَقِّ الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سِرَاجِ الْوُجُوْدِ + وَرَسُوْلِ الرَّبِّ الْمَعْبُوْدِ + اِذْهَبْ اَیُّهَا الرَّمَدُ عَنْ حَامِلِ كِتَابِیْ هٰذَا بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَبِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ع۱ نوریۃ

براے مکان خوفناک

اور بعض خواص آیۃ الکرسی سے یہ ہے کہ جب تو کسی مکان مخیف یعنی جاے خوفناک مین ہو تو بیٹھ جا زمین پر تو اور جو لوگ تیرے ساتھ ہون اور تو اون سے کہدے کہ وہ سب ہم پشت یعنی ایک دوسرے سے پیٹھ لگا کر بیٹھین اور گرد اون کے زمین پر ایک دائرہ یعنی کنڈلا کھینچ دے اور آیۃ الکرسی ہر بار تلاوت کرے اور بعد ختم ہفت مرتبہ کے اِن آیات کو پڑھے وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ

---

[ل] یعنی تمام آیہ سورۂ نور ہے اللّٰه نور السمٰوات والارض + مثل نورہ کمشکوٰۃ فیها مصباح فی زجاجۃ الزجاجۃ کانها کوکب دری یوقد من الشجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لا شرقیۃ ولا غربیۃ یکاد زیتها یضیٔ ولو لم تمسسه نار نور علی نور یهدی اللّٰه لنورہ من یشاء الا مثال للناس واللّٰه بکل شی علیم

یعنے ہر آئنہ آنکھ مین آشوب سرخ ہی بیچ سفیدی کے مجکو کفایت کرتا ہی حق تعالیٰ بے نیاز یا اللّٰہ میری فریاد رسی کر سختیون مین بہ واسطے اپنی برتری اور بے نیازی اور اولاد سی کہ وہ نہ کسیکا والد ہی اور نہ کسیکا مولود ہی اور نہ کوئی اوسکا شریک و ہمسر ہے ای رمد مین نے تجکو قسم دی کہ تو مردود یعنی درد انگیختہ و آشوب انگیز ہے اور پکڑنے والا رگہا ہی سر جلد بدنگاہی سو مین نے تجکو قسم دی یوسف پیراہن دریدہ پسر یعقوب کی او قسم دیتا ہون حق توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و زبور داود کی اور قسم دیتا ہون حق قرآن عظیم و حق محمد صلے اللّٰہ علیہ وسلم کی جو نور وجود ہے اور رسول رب معبود ہین قسم اس بات کی کہ ای رمد تو اوس شخص

الْعَظِیْمِ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّارِدٍ وَّحِفْظًا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ
وَحَفِظْنَاھَا کُلِّ شَیْطَانٍ الرَّجِیْمِ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ
لَہٗ مُعَقِّبَاتٌ مِّنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ اَللّٰہُ حَفِیْظٌ
عَلَیْھِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَیْھِمْ بِوَکِیْلٍ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ
مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ
وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ بعد ازان کہنا چاہیے یَا حَفِیْظُ تین بار یَا حَافِظُ
اِحْفَظْنَا اَللّٰھُمَّ احْرُسْنَا بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاکْفِنَا بِکَنَفِکَ الَّذِیْ لَا
یُرَامُ بِاللّٰہِ تین بار یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ بعد ازان تم سب خاموش رہو
بایک دِگر کچھ کلام نکرو چنانچہ اگر تیرے پاس گروہ ثقلین یعنے جماعت
جن و انس یا قبیلہ ربیعہ و مضر جمع ہو کر آوین تو وہ لوگ تم کو نہ دیکھین گے
اور کچھ ضرر و ایذا نہ پہونچا سکین گے اور حق تعالیٰ تم کو اونکی نگاہونسے محفوظ رکھیگا
اور یہ عمل بارہا آزمایا گیا ہے اور حق تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے آور بعض خواص
آیۃ الکرسی سے یہ ہے کہ ہرگاہ تو کسی جابر ظالم اور حاکم جابر کے پاس جاوی تو
وقت اپنے داخل ہونیکے اوسکے نزدیک اِس آیۃ کو تلاوت کرے بعد ازان یہ
کلمات پڑھو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَ
الْاِکْرَامِ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ الْکَرِیْمَۃِ وَمَا فِیْھَا مِنَ الْاَسْمَآءِ الْعَظِیْمَۃِ اَنْ

برای دفع ضرر حاکم جابر و ظالم جابر

---

ھ کے پاس سے جو اس میرے نوشتے کا حال یعنے اُٹھانیوالا ہے چلا جا بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ و بذریعہ
ہزار بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کی ۱۲ ؎ قبیلہ ربیعہ و قبیلہ مضر کی جماعت کثیر تھی اِسلیئے مراد اوس سے کثرت
جماعات و مجرم قوم ہے ۱۲ ؎۲ اے دائم الحیات اے قائم دائم اے مدرت نگار یعنے بے مادہ بنانے والے آسمانوں
اور زمینوں کے اور اے صاحب جلالت و خداوند کریم مین تجھسے سوال کرتا ہون بحق اس آیۃ بزرگ کے و بحق اسمار
بزرگ کے و بحق اُن اسماء بزرگ کے جو آیۃ کے اندر مندرج ہین قسم اسباب کی کہ تو میری طرف سے اُنکے منہ مین لگام دے۔

براے دفع خوف و ضرر ۱۲

پھر روز پنجشبنہ کو روزہ بدستور رہے وہ تیسرا ٹکڑا روٹی کا جسپر (ھ) لکھی ہے لیکر اوس پر سورۂ موصوفہ کو بعدد ھ کے پانچ بار قرأت کرین اور بعد فراغ اُس ٹکڑے کو بھی اُنھین دونون ٹکڑون کے پاس رکھدین وبعد ازان روزِ جمعہ کو روزہ بدستور ہو اور قرأت ناغہ کرین پھر روزِ شنبہ کو روزہ رکھے ہوئے چوتھا حصہ جسپر (ز) ثبت ہے لیکر اوسپر اوہی سورہ کو موافق عدد حرف کے سات مرتبہ پڑھین پھر روز یکشنبہ روزہ بدستور و قرأت ناغہ تا آنکہ روز دوشنبہ روزہ رکھے ہوی پانچوان حصہ جسپر حرف (ط) لکھا ہوا ہو لیکر اوسپر اوہی سورہ کو بعدد ط - نو بار تلاوت کرین بعد ازان اُن سب ٹکڑون کو ہمراہ لیکر بیرون شہر نکلین ایک کالا کتّا خواہ کئی کالے کتّے ملین گے تو اُن سب ٹکڑون کو اُن کتون کو کھلادین اور اُن سے یہ کلمات کہین یَا اَیُّھَا الْکِلَابِ السُّوْدِ کُلُوْ الْحمَ فُلَانَ بْنَ فُلَانَۃِ وَعِظَامَہٗ[1] چنانچہ اس عمل سے مقصود حاصل ہوگا باذن اللہ تعالے

دفاسے مدبر و ہلاکی دشمن ۱۳۱۲

اور بعض خواص اول آیات سورۂ رعد سے قولہ تعالے الٓمّٓرٰ تا یَتَفَکَّرُوْنَ[2] واسطے آبادی خانہا و افزائش تجارات و تعمیر مکانات و دکانات معطلہ یعنی بیکار افتادہ چنانچہ جو کوئی ان مین سے جس بات کا ارادہ کرے تو چاہیے کہ آیات مذکورہ کو چار برگ زیتون پر لکھے اور جس مکان کی آبادی اور جس بستان کی سرسبزی اور جس دوکان کی افزائش تجارت منظور خاطر ہے اوسکے چارون گوشون مین اُن چارون پتون کو دفن کر دیوے تو عجیب برکت اور خیر بکثرت نظر آوے گی اور تعمیر بخوبی ہوگی اور اوسپر کثرت اہل حاجات و طلبگاران خریدار و فروخت

---

[1] اے کالے کتون فلان شخص پسر فلان زن کا گوشت کھا جاؤ اور اوس کی ہڈیان چبالو ۱۲

[2] یعنی سورۂ رعد سے تا یتفکرون تک تین آیتین ہین ۱۲

وغیرہ کی ہوگی اور بعض خواص آیۃ[1] وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ وقولہ تعالیٰ[2] وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ چنانچہ جو لوگ ارادہ تباہی و ہلاکی دشمن کا رکھتے ہین اور اوسکا انقلاب امر اور اوسکی قطع نسل چاہتے ہین تو چاہیے کہ تاریخ بست و ہشتم کسی ماہ سے روزہ رکھین اور اگر اوس روز شنبہ آپڑے تو انسب ہے پھر شام کو نان جوین سے روزہ افطار کرین اور نصف شب کو جب خوب تاریکی ہو تو اوٹھ کر کسی میدان خالی مین جاوین خواہ مکان خالی کے بام پر چڑھ کر لوبان و سندروس کا بخور کرین اور اُن آیتون کو سات بار تلاوت کرین اور بعد ہر قرأت کے یہ کلمے کہین[3] اَللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِفُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ اَللّٰهُمَّ اَعْكِسْ اَمْرَهٗ وَخُذْ نَظَرَهٗ وَلَا تُثَبِّتْ قَدَمَهٗ وَاَحْلِلْ بِهٖ مَآ اَحْلَلْتَ بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ چنانچہ اس عمل کے کرنے سے اُسکے امور پراگندہ ہو جاوینگے

خواص سورۂ الحجر براے ترقی رزق وغیرہ ۱۲

عمل سورۂ فیل براے تباہی باغات و براے خانہ خرابی دشمن ۱۲

---

[1] یہ آیۃ تمام سورۂ رعد کے رکوع ہشتم مین ہے یعنے جو لوگ احکام خدا کے نہین مانتے ہین کاش جو کچھ تمام روی زمین مین ہے وہ سب اُنکے پاس ہو اور اسیقدر اور بھی شامل ہو تو وقت عذاب کے آرزو کرینگے کہ وہ سب عوض دین سو وہ لوگ وہ ہین کہ اونکے لیے بڑا عذاب اور ٹھکانا اونکا جہنم ہے اور وہ بہت بڑی جگہ ہے ۱۲

[2] یہ آیۃ سورۂ بقر کے تیسرے رکوع مین ہے اور متن کتاب مین بعد اولئک کے لہم اللعنۃ ولہم سوء الدار لکھا ہے حالانکہ یہ الفاظ داخل آیۃ نہین ہین بلکہ ہم الخاسرون پر آیۃ تمام ہے یعنی جو لوگ حق تعالیٰ سے عہد محکم کر کے عہد شکنی کرتے ہین اور جس چیز کے وصل کا خدا نے حکم کیا ہے اوسکو قطع کرتے ہین وہ لوگ زیانکار ہین ۱۲

[3] یعنے یا اللہ فلان شخص جو بیٹا فلان عورت کا ہے اوسکو گرفتار کر لیجیے اوسکو ہلاک کر اور اسکے امور کو برہم اور منقلب کر

عمل سورۃ الروم ابتدای غذا بامراض شدید ۱۲

براے شناخت درہم قلب ۱۲

عمل سورۃ النحل براے زوال اشجار و آثار باغ خرابی منازل ۱۲

اور ہلاکت کو پہونچے گا سورۃ الحجر واضح ہو کہ اس سورہ کے بعض خواص سے یہ ہے کہ جو کوئی اسکو تمام لکھکر اپنے گلے مین ڈالے رکھے تو اوسکے لیے کثرت رزق اور افزایش خرید و فروخت ہوگی اور محبوب مردم ہوگا اور لوگ اوس سے بخواہش معاملہ رکھین گے اور اوسکی شہرت نمود ہوگی باذن اللہ تعالے سورۃ النحل اور بعض خواص سے یہ ہے کہ جو کوئی تمام لکھکر کسی باغ کی دیوار سے لٹکا دیوے تو کسی درخت مین کوئی میوہ باقی نرہیگا مگر یہ سب ٹوٹ کر گر پڑین گے اور اگر کسی قوم کے گھر کے اندر لگا دیوین تو وہ لوگ یکسر بصحرا ہو جاوینگے اوس سال از ہمدیگر منتشر و پراگندہ ہوین گے اور ایسے احوال اون کے لیے حادث ہونگے کہ وہ سب درہم و برہم ہو جاوین گے مگر چاہیے کہ اس عمل کا کرنے والا خوف خدا کرے اور اسکو عمل مین نہ لاوے دیگر براے ظالم ستمگار سورۃ النحل اسکے بعض خواص سے یہ ہے کہ جو کوئی اسکو لکھکر اندر دیوار کسی باغ کے رکھدیوے تو اوس مین کوئی درخت باقی نرہیگا مگر یہ کہ اوسکے برگ و بار گر پڑین گے اور اوسکو کسی آباد مکان مین رکھدیوین تو وہ ویران ہو جاوے گا مگر خوف خدا رکھین اور عمل اس کا نکرین سواے شخص مستحق تباہی کے لیے یعنے ظالم جفا کار کے لیے اور بعض خواص اس آیہ سے قولہ تعالیٰ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَتَعْرِفُونَهَا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ یہ کہ جو شخص ارادہ شناخت درہم مدلسہ یعنی درہم قلب کا کرے تو اوس آیہ کو پڑھے اور اوس درہم کو قلب کرے یعنی ہاتھ مین پھیرے تو اوسکا نفع و نقصان ظاہر

---

۵ اور اوسکو اندھا کر اور اوسکا قدم قائم برجا نرکھ اور نازل کر اوسپر جو کچھ تو نے نازل کیا ہی ظالم برکش ۱۲ اللہ

یہ اخیر آیہ سورۃ النحل کی ہے یعنے یہ کہ اے محمد سارے حمد اللہ ہی کے لیے سزاوار ہین قریب ہی کہ تم اوسکی نشانیان دیکھوگے تو اونکو پہچانو گے اور حق تعالیٰ اعمال و کردار سے ہر دم آگاہ ہے غافل نہین ہے ۱۲

ظاہر ہوجاوی گا اور اسی طرح جس چیز کی شناخت عیوب کا ارادہ ہو بھی عمل مین لاوے (سورۃ الروم) واضح ہو کہ اسکے بعض خواص سے یہ ہے کہ اوس کو تمام لکھکر ایک شیشہ مین جسکا دہن تنگ ہو ڈالکر جسکے گھر مین چاہین رکھدیوین تو اوس گھر مین جتنے ہونگے مبتلاے مرض ہو جاوینگے اور جو کوئی غیر جا کا باشندہ بھی اوس گھر مین وہان کے باشندون مریضون کے پاس جاوے گا وہ بھی بیمار ہو جاوے گا اور اگر اُس کاغذ کو جس مین سورۂ روم لکھی ہے آب باران سے مخلوط کر کے کسی ظرف سفالی مین رکھین اور دشمنون مین سے جس کو چاہین پلا دیوین وہ بیمار ہو جاویگا اور اگر اوس پانی سے وہ اپنا منھ دھو دیگا تو اوس کی آنکھین کرین گی بلکہ اوسکے اندھے ہونے کا خوف ہے (سورۃ المرسلات) واضح ہو کہ اوسکے بعض خواص سی یہ ہے کہ جو کوئی اس سورہ کو لکھکر براے مخاصمت و منازعت کے اپنے پاس رکھے تو اوس کے وجوہ حجت قوی رہین اور خصم مقہور و منہزم ہوگا باذن اللہ تعالے اور بعض خواص سورۂ موصوفہ سی یہ ہے کہ جسکے بدن مین دمل و آبلے ہون اور اس سورہ کو لکھکر اوسکے گلے مین لٹکا دیوین تو وہ شخص تندرست ہو جاوے گا انشاء اللہ تعالی سورۃ الانشقاق اس سورہ کے بعض خواص سے یہ ہی کہ اگر اسکو لکھکر زن معتوقہ پر یعنے باز داشتہ از ولادت ہے باندھ دیوین تو اوسی وقت وہ جنے گی اور اسی سورہ کے بعض خواص سے یہ ہے کہ اگر اُسکو لکھکر کسی جانور سواری یا بار برداری کے جسم پر باندھ دیوین تو وہ آفات و گزند و دیگر جانورون سے محفوظ رہے گا اور اس سورہ کے بعض خواص سے یہ ہے کہ اگر اُس کو شخص ملسوع یعنے مار گزیدہ و نیش زدہ عقرب تلاوت کری تو اوسکے درد گزند سی تسکین ہو جاوی اور بعض خواص سورہ موصوفہ سے یہ ہے کہ اگر اسکو گھر کی دیوار مین لکھ دین تو اوس مکان مین جانوران موذی مثل مار و عقارب وغیرہ کے داخل نہونگے وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

عمل سورۃ المرسلات براے غلبہ [illegible]

براے دفع دمل وغیرہ کے ۱۲

سورۃ الانشقاق براے زن معتوقہ ۱۲

براے [illegible] مصروع ۱۲

براے حفظ آفات ۱۲

براے حفظ از ہوام ۱۲

# باب دوازدہم بذکر بعض خواص آیات

واضح ہو کہ حق تعالے نے مجکو اور تجکو توفیق خیر بخشی کہ بعض خواص اِس آیۃ سے قولہ تعالے یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقَاتِکُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی تا لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْکَافِرِیْنَ یہ کہ اگر لوگ ارادہ کرین خانہ خرابی دشمن کے اور تباہی اوس کی مزرعہ اور باغ کی تو روز شنبہ ایک طشتری مٹی کی بنا دین اور خشک کرین پھر اوسی طشتری خام پر جس کو آگ سے مس نہ کیا ہو یہ آیۃ لکھین اور پھر اوسکو باریک کوٹ ڈالین اور کسی قبر کہنہ شکستہ ریختہ کی مٹی اور کسی خانہ افتادہ جس کا مالک مرگیا ہو اوسکی مٹی لیوین اور اوس طشتری سائیدہ کی مٹی کو اُن دونون مٹی کے ساتھ ملاکر روز شنبہ کو اول وقت وہ ساری مٹی اوس مقام مین جسکی خرابی منظور ہے چھڑک دیوین تو تاثیر عجیب دیکھین گے اور بعض خواص قولہ تعالے مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ الْاٰیۃ یہ کہ اگر اِس آیۃ کو ایک ظرف سفال پر لکھکر کسی باغ یا مزرعہ کے کسی گوشے مین رکھ دیوین تو مالک اُس باغ اور زراعت کا جو کچھ خیر و برکت سے تمنا رکھتا ہے مشاہدہ کرے گا اور بعض خواص قولہ تعالے قُلْ یَآ اَھْلَ الْکِتَابِ تُنْفِقُوْنَ مِنَّا اِلَّا اَنْ

فا برائے خانہ خرابی دشمن ۱۲ ۱۲

فا برائے خیر و برکت باغ و زراعت ۱۲

فا برائے قہر در جنگ دشمن ۱۲

---

لہ یہ آیۃ طویل سورۂ بقر کی رکوع سے ہشتم مین ہے تمام آیۃ وہان سے استخراج کرنا چاہیے ۱۲ ٹہ یہ آیۃ بھی سورۂ بقر کے شروع رکوع سی وہشتم مین ہے ۱۲ سہ یعنی آیۃ قل یا اہل الکتاب سے تا اہل دو آیتین ہین سورۂ مائدہ مین درمیان

اٰمَنَّا بِاللّٰہِ تا سَوَاءَ السَّبِیْلِ یہ کہ واسطے قہر و دفع دشمن کے اور واسطے تغیر اوسکے احوال کے اوس کی جان و مال مین اگر کوئی ارادہ کرے تو شب جمعہ بعد فراغ نماز عشا اخیر کے اِن کلمات کو تین بار پڑھے یَا قَدِیْمُ یَا اَوَّلُ یَا مَنْ یَعْلَمُ خَائِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ خُذْ فُلَانَ بْنَ فُلَانَۃَ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ اور بعد ازان ایک مشت خاک کسی خانہ خراب افتادہ سے لے کر اوسپر آیات موصوفہ کو سی و پنج مرتبہ تلاوت کرے و بعد ازان اوس خاک کو جسم خصم پر یا اوس کے مال پر چھڑک دیوے تو مدعا حاصل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ

ف برائے دفع ظلم ظالم ۱۲

اور بعض خواص اِس آیۃ سے یہ ہے لَا یُحِبُّ اللّٰہُ الْجَہْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ وَکَانَ اللّٰہُ سَمِیْعًا عَلِیْمًا اگر کوئی اِس آیۃ کو کاغذ مین لکھکر اپنے پاس رکھے اور کسی ظالم جفا کار کے پاس جاوے اور اسی آیت کو بار بار تلاوت کرے تو ظلم اوس کا رفع ہوجاویگا اور وہ سواے کلمۂ حق اور کوئی کلام نہ کرے گا اور اوس سے کوئی امر مکروہ نہ پوچھے

ف عمل برائے ہلاکت ظالم ۱۲

اور بعض خواص اِس آیۃ سے یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ اُحِلَّتْ لَکُمْ بَھِیْمَۃُ الْاَنْعَامِ تا مَا یُرِیْدُ اگر کسی زن زانیہ یا مرد زانی کا ایک پارہ جامہ جس کو اُس نے پہنا ہووے لے کر اُس پر آیۃ موصوفہ لکھین اور اوسی کو اوس پارچہ مرتسمیہ پر تلاوت کرین اور یہ کلمات بھی لکھین

ف برائے دفع خواہش زنا ۱۲

---

رکوع نہم مین ۱؎ عشا اخیرہ نماز عشا ہی اور عشا اول نماز مغرب ہے ۱۲ ۲؎ اے قدیم اے اول ہر شئے سے ہی اے خداوند وہ جو جانتا ہی جو آنکھون کو آنکھون کی چوری کو اور دلونکو پوشیدہ باتونکو پکڑ فلان شخص جو پسر فلان عورت کا ہی پکڑنا غالب قدرت والے کا ۱۲ ۳؎ شور بُری باتون کا حق پسند نہین کرتا مگر مظلوم سے اور حق تعالیٰ بڑا شنوا اور دانا ہی ۱۲ ۴؎ یہ دو آیتین شروع سورۂ مائدہ کی ۱۲ ۵؎ یا اللہ بحق اِس آیۃ کی عادت زنا اور خواہش بد کو مٹا دے دل سے فلان عورت کے جو دختر فلان عورت کی ہی اور دل سے فلان مرد کے ہی [illegible] فلان مرد کی جو پسر فلان عورت کا ہو یعنے یا علی [illegible] اگر کسی نے زانیہ کیواسطے کیا ہے

اللّٰھمّ بحقّ ھٰذہ الاٰیۃ اخرج الزّنا والاثم من قلب فلانۃ بنت فلانۃ او فلان بن فلان انّک فعّال لما تشآء وانت ارحم الرّاحمین و بعد ازان اوس پارچہ مرتسمہ کو کسی قبر مین جسکے مردے کو نہ پہچانتے ہون دفن کر دیوین اور وقت دفن اوس پارچۂ مکتوبہ کے یہ کلمات کہین کما مات صاحب ھٰذا القبر یموت الزّنا وحبّہ من قلب فلانۃ او فلان چنانچہ اس عمل سے رغبت زنا اون دونون کے قلب سے رفع ہو جاویگی بعون اللہ تعالیٰ اور بعض خواص قولہ تعالےٰ واتل علیھم نبا ابنی اٰدم بالحقّ تا فقتلہ چنانچہ اگر ہلاکت کسی ظالم کے ارادہ کرین تو اوسکی صورت غیر کامل بناوین اور اوس کے سینہ پر یہ آیات اور اوس کی پشت پر اوس کا نام لکھین اور اپنے ہاتھ مین خنجر لے کر اوس تصویر پر جہان اوس کا نام لکھا ہے ضرب لگا دیوین اور یہ آیۃ پڑھین فاذا لقیتم الّذین کفروا فضرب الرّقاب اور چاہیے کہ اس عمل کو آخر مین روز سہ شنبہ کو کرین یعنے آخری سہ شنبہ ہو اور ضرب خنجر کے یہ کلمات ہین یا ملٰئکۃ اللہ تعالیٰ لیفعل کذا بفلان چنانچہ یہ ضرب خنجر اوس ظالم کے بدن پر واقع ہوگی اور وہ سالم نرہیگا بلکہ ہلاک ہو جاویگا بقدرت اللہ تعالےٰ مگر چاہیے کہ فاعل اِس عمل کا خوف خدا رکھے ورنہ گناہ اِس فعل کا اوس کے نفع سے بہت برا ہے وقولہ تعالےٰ انّ ربّکم اللہ الّذی

براے دفع شدت نوم ۱۲ ۱۲

---

تو اس عورت اور اوسکی مادر کا نام لیوین ۱۲ سلہ اور کسی زانی کے واسطے کیا ہی تو نام اوس مرد اور اوسکی مادر کا لیوین کیونکہ جو کچھ چاہتا ہی وہی کرتا ہی یعنی جو تیری مشیت مین ہی وہی ہوتا ہی اور تو ارحم الراحمین ہے ۱۲ سلہ جسطرح اِس قبر کا مر گیا ہی یہ زنا ن بھی اور اوسکی رغبت فلان عورت یا فلان مرد کے دلسے فوت ہو جاوے ۱۲ سلہ یعنے اگر کسی عورت کی عادت زنا کی ہے یا کسی مرد کی عادت تو اس عمل سے ہر ایک کو زنا ن سے نفرت ہوگی ۱۲ سلہ یہ چار آیتین سورۂ مائدہ کی شروع رکوع پنجم مین ۱۲ سلہ یعنی پیکر کاغذ یا پتلا مٹی کا گز گز تک ہو ۱۲ سلہ جب تم ملاقات ومقابلہ کافرون سے کرو تو بس گردن مارا ہی

خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ تا مُحۡسِنِیۡنَ جس شخص پر غلبہ خواب بہت ہو اور دفع اوس کا چاہتا ہو تو اِن آیات کریمہ کی تلاوت کرکے حق تعالے سی سوال زوال قوم کا کرے تو شدم نوم اوس سے زائل ہو جاوی گی اور بعض خواص اس آیات سے اَنَّا مِنۡ اَهۡلِ الۡقُرٰی اَنۡ یَّاۡتِیَهُمۡ بَاۡسُنَا بَیَاتًا وَّهُمۡ نَآئِمُوۡنَ تا اَلۡخٰسِرُوۡنَ چنانچہ اگر کسی کو دفع کرنا ہوام موذیہ مثل مار و عقرب یا انواع موش و پشہ وغیرہ کا منظور ہو تو غرۂ محرم پہلی تاریخ اِن آیات کریمہ کو ایک کاغذ پر لکھے اور اوسکو پانی سے دھوکر وہ پانی گوشہاے مکانات مین چھڑک دی تو اون جانوروں سے امن ہو گی انشاء اللہ تعالے اور بعض خواص اس آیۃ سے یعنے لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ تا آخر سورہ توبہ چنانچہ جو کوئی اس آیت کو دن مین پڑھے تو وہ اوس روز نہ مریگا جیسا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے مروی ہے اور دوسری روایت مین ہے کہ وہ قتل نہ کیا جاویگا اور کسی حربے آہنی سے مارا نہ جائیگا اور اگر انھین آیات موصوفہ کو وقت شب پڑھے تو اوسکے حق مین بھی وہی نفع ہے جو دن کے پڑھنے مین ہے اور ذکر کیا ہے اس کو بعض صالحین نے اور مین کہتا ہون کہ اگر کسی کی اجل آگئی ہے تو اوس روز یا شب کو تلاوت آیات موصوفہ پر قادر نہوگا اور مروی ہے کہ جو کوئی اس آیہ کو جو مذکور ہوتی ہے ہر روز ہفتاد بار پڑھا کرے گا تو حق تعالے اوسکے امور اہم دنیا و آخرت مین کفایت و کفالت

براے دفع ہوام موذیہ ۱۲

براے امن از مرگ ۱۲

---

ص یعنے اے خدا کے فرشتو اسیطرح اُس شخص کے لیے کیا جاوے ۱۲ [1] یہ آیتین تین سورۂ اعراف کی شروع رکوع ہفتم مین ہین ۱۲ [2] یہ تین آیتین سورۂ اعراف کی اخیر رکوع دوازدہم مین ہین ۱۲ [3] یہ دو آیتین تا آخر سورۂ توبہ رکوع شانزدہم مین ہین ۱۲ [4] یعنے احمد دیربی مصنف کتاب ۱۲ [5] یعنے کسی سبب سے معذور رہے گا۔

براے کفایت مہمات دینی و دنیوی ۱۲

براے تباہی جایگاہ و خانہ خرابی دشمن ۱۲

کریگا اور وہ آیة یہ ہے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ[1] اور واضح رہے کہ در بارۂ تلاوت اِس آیة کے اور اوس کی کفایت مہمات اوس شخص کا صادق ہونا یا کاذب ہونا یکسان ہو یعنے دونون حالتون مین اس آیة سے نفع ہوگا پس اس بات سے تو واقف ہو اور اعتبار مین لا یعنے لحاظ و نظر کر اس بات مین کہ اکثر اذکار یعنے ادعیہ موقوف اوپر صدق مقال اور حضور قلب کے ہین اور سواے سائر اذکار کے اِس ذکر یعنے آیة مذکورہ کے باب مین نزول رحمت عام ہے یعنے اس باب مین بہ نسبت دیگر اذکار کے اِس ذکر کو خصوصیت ہے اور حق تعالےٰ جس شخص کو توفیق اِس کی مواظبت کی بخشے تو اوس سے موجب حصول کفایت مہمات دینیہ و دنیویہ کا ہے اگرچہ وہ شخص توکل مین ثابت قدم نہو پس وہ یہ نعمت ہو جسکی مقدار کا اندازہ نہین ہو اور اوسکے شکر واجب پر کوئی قائم نہین ہو سکتا یعنے شکر کماینبغی اِس نعمت کا ادا نہین ہو سکتا پس جمیع حمد و شکر ظاہراً و باطناً و اولاً و آخراً اللہ کے واسطے سزاوار ہین اور اللہ ہی کی طرف سے توفیق ہے چنانچہ ان باتون کا علامہ سیوطی نے اپنی مجربات مین ذکر کیا ہے اور بعض خواص اِس آیة سے فَجَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا تا بِبَعِیْدٍ[2] اگر اس آیة کو کسی مہینے کی آخر روز شنبہ کو اوپر ہفت خزف سفال کے کسی مکان یا کسی جا مین جسکی خرابی منظور ہو لکھکر دفن کردین یا وہان پر ڈالدیوین تو وہ مکان یا وہ مقام تباہ ہو جاوین گے

---

[1] یہ آیة اخیر سورۂ توبہ مین ہو یعنے اگر وہ لوگ روح گردانی کرین تو اُن سے کہدے کہ حق تعالیٰ میرے لیے کافی و بس ہے اوسی پر مین نے تکیہ کیا کہ سواے اوسکے کوئی لائق الوہیت نہین ہے اور وہ خداوند عرش عظیم کا ہے ۱۲

[2] یہ دو آیتین سورۂ ہود کے رکوع ہفتم مین ہین ۱۲

اور تباہی اوس سے رفع نہوگی اور اگر اس آیۃ شریفہ کو ایک ہانڈی مین کسی شخص کے نام پر نقش کرین اور اوس شخص کا نام بھی نقش کرین اور اوس ہانڈی کو آگ پر چڑھا دیوین تو وہ شخص اُس عمل سے مبتلاے معمولی مرض تپ مین ہوگا اور پھر اوس کو نجات نہوگی مگر اِس عمل کے عامل کو لازم ہے کہ سواے اوس شخص کے معمولی کے جو مستحق ولائق اِس فعل کے ہے اور ہرگز کسی بے گناہ کے لیے نہ کرے ورنہ یہ وبال اوسی پر یا اوسکے مال وعیال پر واقع وراجع ہوگا اور مین نے اِس عمل کو بعض کتب مین اِسیطرح دیکھا اور ایک دوسری کتاب مین یون دیکھا کہ جو کوئی کسی مقام کی تباہی کا ارادہ کرے تو کسی ماہ کے آخری سہ شنبہ کو آخر روز اسی آیۃ کو ہفت خزف جام پر نقش کرین اور ایک قریب اُس گھر کے دروازے پر ڈالدین اور دوسرے کو توڑ کر اوس مقام مین ڈالدین اور باقی ٹھیکرون کو کوٹ کرکے اوس مکان کے گوشون مین بھسکا دین تو یہ باعث حصول مدعا ہوگا بقدرت اللہ تعالے اور ایک ہانڈی مین اِسی آیۃ کو کسی شخص کے نام نقش کرین اور کچھ اوسکے اثر قدم سے بھی اوس مین چاہیے کہ ضرور ڈال دیوین اور اوس ہانڈی کے تئین آگ پر رکھکر تاب دیوین تو وہ شخص معمول جسکے لیے یہ کیا جاوے اوسی دم اوسی وقت مبتلاے مرض تپ ہوگا اور کیفیت اِس آیۃ کے نقش کرنے کی یہ ہے

---

ـہ یعنے خاک زیر قدم ۱۲



اور خواص ان آیات مبارکہ سے یہ ہی کہ جب کوئی اِن کو لکھکر اپنے پاس رکھے تو کوئی شخص اوسکو بدی سے یاد نکرے گا اور وہ آیتین یہ ہین ھٰذَا یَوْمُ لَایَنْطِقُوْنَ وَلَایُؤْذَنُ لَهُمْ فَیَعْتَذِرُوْنَ ۝ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَایَنْطِقُوْنَ حٰمٓعٓسٓقٓ حُمِیَتْ کٓهٰیٰعٓصٓ کیفیت عُقِدَتْ عَنْكَ یَا حَامِلَ کِتَابِیْ هٰذَا اَلْسِنَةُ الْخَلْقِ وَالْبَشَرِ مِنْ کُلِّ اُنْثٰی وَذَکَرٍ بِاَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اور بعض خواص سے اِن آیات کے لیئے اِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ لَایُؤْمِنُوْنَ تا آخر وَلَّوْا عَلٰی اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا

برائے دفع شرور شیاطین و انس و خیالات فاسدہ وغیرہ کے ۱۲

---

لے یعنی وہ روز ہوگا کہ اونکو یارائی گویائی نہوگی اور اونکو مہلت عذر خواہی کی بھی نہوگی ۱۲ ۲ے ثابت ہوا حق و باطل ہوا عمل اونکا ۱۲ ۳ے واقع ہوا اونپر عذاب بسبب اونکے ظلم کے پس وہ لوگ گویائی نکر سکینگے ۱۲ ۴ے بحق حمعسق میں حمایت کیا گیا بحق کہیعص غایت مہمات کیا گیا ۱۲ ۵ے او قائل میری کتاب کے اپنے رکھنے والے اِس تعویذ کے میں نے تجھسے زبان خلق وزبان بشر بند کردی ہر ایک عورت و مرد سے بانید ہزار لاحول ولا قوۃ الا باللہ ۱۲

یہ کہ واسطے دفع شیاطین متمردین جن وانس کے جب اِن آیتون کو کسی خائف ہیبت زدہ پر جس کو خیالات فاسدہ کا خلل ہو تلاوت کرین تو یہ سب عوارض اوس سے زائل ہو جاوین اور اگر اُنھین آیات کو پارہ موصوف یعنے گلیم نیلگون پر لکھ کر جس شخص کے تئین جن پیچھے لگا ہو اوس کی گردن مین ڈالدیوین تو جو کچھ وہ آثار گزند پاتا ہی اوس سے زائل ہو جاوے گا اِسکو شافعی نے ذکر کیا ہے اور اون کے سواے اون نے یون ذکر کیا ہے کہ اگر ان آیات کو مع قولہ تعالے فَاِنْ تَوَلَّوْا تا آخر یعنے آیۂ اخیر سورۂ توبہ لکھکر جس شخص کو یہی عوارض مذکورہ عارض ہون اوسکے گلے مین ڈالدیوین تو جو کچھ اثر پاتا ہی اوس سے دور ہو جاوے گا اور اوس مین قید کتابت کی اوپر پارہ صوف نیلگون کے نہین ہی اور بعض خواص ان آیات سے اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا تا آخر سورۂ کہف جو کوئی ارادہ بیداری کا کسی ساعت شب مین کرے یعنے رات کو جس وقت خواب سے بیدار ہونا چاہے تو ہنگام ان آیات کو تلاوت کرے اور یہ کلمات کہی اَللّٰهُمَّ اَیْقِظْنِیْ وَقْتَ کَذَا وَکَذَا فَاِنَّ رُوْحِیْ بِیَدِكَ اللّٰهُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِهَا اُذْكُرُكَ فَتَذَكَّرْنِیْ وَاسْتَغْفِرُهَا لِیْ اِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ یا یہ کلمات کہے اَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ یَا خُدَّامُ هٰذِهِ الْاٰیٰتِ

براے بیداری درمیان ساعات ۱۲

---

[1] یہ دو آیتین سورۂ بنی اسرائیل کے رکوع ہفتم مین ہین ۱۲

[2] یہ چار آیتین سورۂ کہف کے رکوع دوازدہم مین تا آخر سورہ ہین ۱۲

[3] اے میرے پروردگار مجھے جگادے فلان میری جان تیرے ہاتھ مین ہی اور تیرا قول ہے کہ اللہ فوت کرتا ہی جانون کو وقت اوسکی موت کے اور جس جان کو موت نہین آتی ہی تو اُسکو وفات خوابی دیتا ہی مین تجھکو یاد کرتا ہون تو مجھے یاد کر یا مجھے یاد دلا مین آمرزش چاہتا ہون تو میری آمرزش کر و ہر آئینہ جو تو ارادہ کرتا ہی

الشَّرِيفَةِ اَنْ تُوْقِظُوْنِيْ فِيْ وَقْتِ كَذَا بِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ پس حصول مقصود ہوگا یعنے جسوقت بیدار ہونے کا ارادہ کیا ہو اُسی دم جاگے گا اور بعض خواص ان آیات سے یعنے وَالَّتِيْ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَا اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ تا رَاجِعُوْنَ اگر ان آیات کو لکھکر زن حاملہ کے گلے مین لٹکا دین اور یہ ابتدائے ظہور حمل سے چالیس روز تک یعنی درمیان اُس مدت کے وبعد ازان جب مولود پیدا ہو تو یہی تعویذ اوسکے گلے مین پہنا دیوین کیونکہ یہ تعویذ محافظت ہے واسطے حاملہ کے اور معین ہے اوسکی ولادت کا اور حفظ ہے واسطے مولود کے اور اوسکے متولد ہونے اور اوسکے گرامی قدر ہونے پر باذن اللہ تعالےٰ اور بعض خواص اِن آیات سے اَلَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ تا قَوْلِهٖ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ یہ کہ برائے تسکین گرسنگی و تشنگی و وحشت خاطر و درماندگی سفر کے اگر کسیکو ان باتون مین سے کسی کی حاجت درپیش ہو تو وہ وضو یا تیمم سے دو رکعت نماز پڑھکے اِن آیات کریمہ کو بست و یکبار تلاوت کرے اور انھین آیات کو لکھکر اپنے پاس رکھے تو اوسکی خواہش پوری ہوگی اور بعض اِن آیات کریمہ سے یعنے وَلَوْلَا اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَا اَنْ نَّتَكَلَّمَ تا حَلِيْمٌ واسطے دفع مرد کذاب جسکی عادت فحش گوئی کی ہو اور واسطے دفع مرد شاعر کثیر الہجو یعنے جو تفضیح مردم کرتا ہے اور واسطے دفاع اشرار کے جسکی شر سے خوف ہے چاہیے کہ ان آیات کریمہ کو آب انگور

ف برائے حفظ حمل مولود ۱۲

ف برائے دفع تشنگی و گرسنگی وغیرہ ۱۲

ف برائے دفع فحش گوئی و ہجوگوئی و ازالۂ شرارت ۱۲

اسقاط حمل
[illegible] انبیاء
ص ۲۴۷

---

[1] اے خدام اِن آیات شریفہ کے مین تمکو قسم دیتا ہون اسبات کی کہ مجھے بیدار کر دو فلان وقت بحق ان آیتون کے جو تمپر ہی ۱۲ [2] یہ تین آیتین سورۂ انبیاء کے رکوع ششم مین ہین ۱۲ [3] یہ بارہ آیتین سورۃ الشعرا کے رکوع پنجم مین ہین ۱۲ [4] یعنی بحالت عدم بہم بدلے پانی کے تیمم کرے ۱۲ [5] یہ تین آیتین ہین سورۂ نور کی رکوع ہشتم مین ۱۲

ابیض پر تلاوت کرین اور اوس قشر دہ مین شکر ملا کر مثل حلوہ کے بنائین یا عقید یعنی عقد العنب بطور شیرے کے پکا لیوین یا کسی قسم کا طعام تیار لیوین اور جس شخص کی وہ حالت ہے یعنی جسکی عادت فحش یا ہجو یا شرارت اوس سے کی ہے اوسکو کھلا دین و بعد ازان انھین آیات کو شہد مگس خام سے جسکو تاب آتش نہ پہونچی ہوا ایک خزف سفال پر لکھکر ایسے پانی مین ڈالدیوین کہ اوس سے وہی شخص پیے جسکی وہ حالت و عادت ہے اور بعض خواص اس آیہ سے أُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ یہ کہ جو شخص چاہ و تالاب کھودتا ہو وہ اس آیہ کریمہ کو بکثرت تلاوت کرے تو آب شیرین و خوشگوار نکلے گا

براے برآمد آب شیرین چاہ و تالاب ۱۲

اور بعض خواص ان آیات سے یعنے وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ تا مِنَ الْمُغْرَقِينَ چنانچہ یہ آیتین ہین کہ ہفت خزف سفال لے کر ہر ایک پر دونون آیتین نقش کرین اور انھین آیتون کو ہر ایک خزف پر سو سو بار پڑھکر ایک ایک کرکے چاہ معطل بیکار افتادہ مین ڈالدین آب کثیر ہو جاوے گا

براے برآمد آب بچاہ خشک ۱۲

فائدہ امام غزالی نے اپنی کتاب خواص القرآن مین ابن قتیبہ سے ذکر کیا ہے کہ ایک شخص کے خیال مین کچھ تخیل ہوا یعنی کوئی وسوسہ و خطرہ پیدا تو یکایک اوسکی زبان پر یہ آیۃ جاری ہوا وَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا چنانچہ ابن قیبتہ نے اوس شخص سے کہا کہ تو جانتا ہے کہ حجاب مستور کیا چیز ہے کہا مین

---

[1] تین مین لفظ عقید کوئی چیز قسم طعام سے معلوم نہین ہوتی مگر سفید ہے تحریف ہو گیا ہوگا جو بمعنے قوام عسل اور شیرہ پختہ کے ہے ۱۲

[2] یعنی حضرت ایوب سے کہا گیا کہ زمین مین ٹھوکر مار تو چشمہ بہیگا کہ وہ پانی غسل کرنے کا اور پینے کا ہوگا ۱۲

[3] یہ دو آیتین ہین بڑی بڑی سورہ ص کے رکوع چہارم مین ہین ۱۲

[4] یعنے جب تو تلاوت قرآن کرتا ہی تو ہم درمیان تیرے اور کافرون کے حجاب پردہ حائل کردیتے ہین ۱۲

کہا کہ مین نہین جانتا ہون تب ابن قیتبہ نے اوس سی کہا کہ تو ان آیتون کو پڑھ جس تجکو کیفیت حجاب مستور کی معلوم ہوگی اور وہ آیات یہ ہین وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ اِلَيْكَ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَنْ يَفْقَهُوْهُ وَفِيْ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا تا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغَافِلُوْنَ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيَاتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَفْقَهُوْهُ وَفِيْ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۵ اَفَرَاَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوَاهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشَاوَةً فَمَنْ يَهْدِيْهِ مِنْ بَعْدِ اللّٰهِ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ چنانچہ یہ وہی حجاب مستور ہے جس کو حق تعالے نے درمیان اپنے رسول علیہ السلام اور درمیان اون لوگون کے جو یقین آخرت کا نہین رکھتے ہین حائل کیا ہے پس یہ سُن کے وہ شخص چلا گیا فائدہ سلیمان بن مقاتل نے ذکر کیا ہے کہ قرآن مجید مین پانچ آیتین ایسی ہین کہ اُن ہر ایک مین دس دس قاف ہین چنانچہ وہ آیت کریمہ جس دشمن کے روبرو پڑھی جاوین وہ مغلوب اور مقہور ہو جاوے اور اگر ان آیات مکرر

پانچ آیتہ جس کے ہر ایک مین دس دس فائدہ ہین ۱۲

---

[1] یہ آیۃ طولانی سورۂ انعام کے رکوع سوم مین ہے یعنے بعضے انمین سی وہ لوگ ہین جو تیری طرف کان لگاتے ہین سو ہم نے اونکے دلون پر پردی ڈال دئے اس آیات سے کہ وہ اوس کو سمجھین گے اور اونکے کانون مین قفل ڈال دیے یعنی اُنکو گوش گران کر دیا الخ

[2] وہ لوگ وہ ہین کہ حق تعالے نے اُن کے دلون پر اور اُنکی شنوائی اور بینائی پر مہر کر دی ہے سو وہی لوگ غافل ہین ۱۲

[3] اور کون بڑا ظالم گنہگار ہے اوس شخص سے کہ جسکے سامنے اوسکے پروردگار کے ذکر کیے جاوین اور اوس سے وہ روگردانی کرے اور بھول گیا جو اُنسے پہلے کیے ہین ۱۲

[4] بہ تحقیق کہ ہم نے اونکے دلون پر پردے ڈالدیئے اور اُنکے کانون مین قفل وگرانی ڈالدیے ۱۲

[5] کیا تو نے اُس شخص کو نہین دیکھا جس نے اپنی خواہشون کو اپنے خدا مقرر کیے یعنی جس جس کو اوسکے دل نے چاہا خدا ٹھہرا لیا اور حال یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے اوسکو علم و آگہی پر گم کر دیا (یعنے علم و آگاہی کو اوسنے مخفی کر دیا) اور اوسکی شنوائی

لکھ کر نیزہ و شمشیر وغیرہ صلاح مین باندھ کر مقابلہ کرے تو عدو منہزم اور فضول ہو جاوین اور یہ از روے تجربہ کے صحیح و درست آیا ہے اور وہ آیات عظیمہ یہ ہین قولہ تعالے اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْ بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى الخ وقولہ تعالیٰ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْا الاٰیۃ وقولہ تعالے اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْا اَيْدِيَكُمْ الاٰیۃ وقولہ تعالے وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ تا الْمُتَّقِيْنَ وقولہ تعالے قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ الخ **فائدہ** کعب الاحبار سے منقول ہے کہ قرآن مین سات آیتین وہ ہین کہ جو کوئی اُن سب کو پڑھا کرے یا لکھا ہوا اپنے پاس رکھے تو کوئی شخص اوسکی مضرت پر قادر نہ ہوگا باذن اللہ تعالے اور وہ آیات کریمہ یہ ہین قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَا اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا الاٰیۃ دوم وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ الاٰیۃ سوم وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا الاٰیۃ چہارم اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ الاٰیۃ پنجم وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَابَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا الاٰیۃ ششم مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا تا الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ہفتم وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ تا الْمُتَوَكِّلُوْنَ **فائدہ** پس صالحین سے منقول ہے اونھون نے کہا

فائدہ برائے دفع دشمن

---

اور دلون پر مہر کر دی اور اوسکی بینائی پر پردہ ڈالدیا پھر اوسکو کون ہدایت کر سکتا ہی سواے حق تعالی کے پھر تم پند پذیر کیون نہین ہوتے ہو ۱۲

[1] یہ آیہ سورۂ بقر کے رکوع سی و دوم مین ہے ۱۲

[2] یہ آیۃ سورۂ آل عمران کے شروع رکوع پنجم مین ہی ۱۲

[3] یہ آیۃ سورۃ النساء کے رکوع یازدہم مین ہے ۱۲

[4] یہ آیۃ سورۂ مائدہ کے شروع رکوع پنجم مین ہے

[5] یہ آیۃ سورہ رعد کے رکوع دوم ہے

[6] یہ آیۃ تا الْمُؤْمِنُوْنَ سورۂ توبہ کے رکوع ہفتم مین ہے

[7] یہ آیۃ تا رحیم سورۂ یونس کے رکوع یازدہم مین ہے ۱۲

[8] یہ آیۃ تا الْمُبِيْنُ سورۂ ہود کے رکوع اول مین شروع جزو دوازدہم مین ہے ۱۲

[9] یہ آیۃ تا مستقیم سورۂ ہود کے رکوع پنجم مین ہے ۱۲

[10] یہ آیۃ تا العلیم سورۂ عنکبوت کے رکوع ششم مین ہے ۱۲

[11] یہ آیۃ تا الحکیم سورۂ فاطر کے رکوع اول مین ہی ۱۲

مین ایک روز صحرا کی طرف نکلا تو مین نے ایک بکری کو دیکھا کہ اوسکے پاس ایک
گرگ ہی اوس سے کھیلتا ہے اور اوس کو ضرر نہین پہونچاتا ہی پھر جب مین نزدیک گیا
تو وہ بھیڑیا بھاگ گیا اور مین نے اوس بکری کو پکڑا تو اوسکے گلے مین ایک تعویذ بندھا
ہوا پایا مین نے لیکر اوسکو کھولا تو اوس مین یہ آیات لکھے تھے وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ
الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ
مَّارِدٍ ۝ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ ۝ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ
الْعَلِیْمِ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ۝ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ ۝ اِنَّهٗ
هُوَ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ ۝ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا
یُرِیْدُ ۝ هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْجُنُوْدِ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ۝ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ
تَكْذِیْبٍ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝
وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً ۝ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى كُلِّ
شَیْءٍ حَفِیْظٌ ۝ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ
اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِیْنَ ۝ وَ
رَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ۝ اَللّٰهُ حَفِیْظٌ عَلَیْهِمْ وَمَآ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ

---

ے المتوکلون سورۂ رعد کے رکوع چہارم مین ہے ۱۲ ؎۱ ترجمہ اسکا باب سورہ آیۃ الکرسی مین گذر چکا ہی ۱۲ ؎۲ اللہ
بہترین حافظ اور وہ ارحم الرحمین ہی ۱۲ ؎۳ حفاظت ہی ہر ایک شیطان متمرد سی ؎۴ محفوظ رکھا ہم نے اوسکو
ہر ایک شیطان راندہ سی ۱۲ ؎۵ اور حفاظت کی ہم نے آسمان کی از روی حفاظت کے زیر تجویز و اندازہ ہی بڑے دانا کا
؎۶ نہین ہے ایسا کوئی جاندار مگر اوسپر حافظ ہی فرشتہ ۱۲ ؎۷ ہر آئینہ گرفت تیری پروردگار البتہ بہت سخت ہی وہ
بے شبہ ابتدا مین پیدا کرنے والا اور آخر مین زندہ کرنے والا اور وہ غفور اور ودود خداوند عرش مجید کا ہی جو کچھ ارادہ کرتا ہی کرتا ہی
۱۲ ؎۸ کیا نہین پہنچی تیرے پاس لشکروں جماعت کفار کی کہ وہ قوم فرعون و ثمود کی تھی بلکہ اونہون نے کفر کیا انبیا کی تکذیب مین

وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيْظٌ ۝ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ ۝

چنانچہ جو کوئی اِن آیات کو لکھ کر اپنے سر یا گلے مین باندھ لیوین تو اوس کو کوئی چیز ضرر نہ کرے گی باذن اللہ تعالے فائدہ اِس کو غزالی نے فتوح القرآن مین ذکر کیا ہے کہ جو کوئی اِن آیات کو لکھ کر اپنے پاس رکھیگا تو حق تعالیٰ اوس پر کشایش جملہ خیر و برکت کی کریگا۔ اور وہ آیات یہ ہین۔

بیان کشایش خیر و برکت ۱۲

فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ ۝ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ ۝ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۝ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۝ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ عَلَيْهِمْ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ

---

اور حق تعالیٰ پیچھے سے گھیرنے والا ہے اور بلکہ یہ قرآن مجید ہے جو لوح محفوظ مین ثبت ہے ۱۲ ۹ه اور حق تعالیٰ غالب و قادر ہے اپنے بندون پر اور بھیجتا ہے اون پر نگاہبانونکو یعنے فرشتون کو ۱۲ ۱۰ه تحقیق کہ پروردگار میرا ہر شے پر حافظ و نگہبان ہے ۱۲ ۱۱ه خدا کے فرشتے ہین پے در پے آنیوالے جو حفاظت کرتے ہین انسان کے آگے پیچھے حکم خدا سے ۱۲ ۱۲ه ہم نے ازل کیا ذکر یعنے قرآن کو اور ہم اوسکی حفاظت کرنیوالے ہین ۱۲ ۱۳ه ہم اونکے نگہبان تھے ۱۲ ۱۴ه اور پروردگار تیرا ہر شے کا حافظ و نگہبان ہے ۱۲ ۱ه اللہ اون پر حافظ و نگہبان ہے ۲ه اور تو اونکا مددگار نہین ہے ۱۲ ۳ه اور ہمارے پاس کتاب ہے حفاظت کرنیوالی اون چیزون کی جو اومین لکھی ہین ۱۲ ۴ه یعنے جنت واسطے ہر ایک توبہ کرنیوالے پرہیزگار کیلئے ہے ۱۲ ۵ه بتحقیق کہ تم پر البتہ فرشتے محافظ ہین ۱۲ ۶ه قریب ہے کہ حق تعالیٰ کشود کار یا کوئی امر اپنے پاس سے دیگا ۱۲ ۷ه اوسکے پاس کنجیان جنت کی ہین اوسکو سوائے اوسکے کوئی نہین جانتا ۱۲ ۸ه اے میرے پروردگار درمیان ہمارے اور ہماری قوم کے امر حق کردے کہ تو بہترین کشایش کار کرنیوالا ہے ۱۲ ۹ه اور اگر اہل قریہ کے ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو ہم و نیز اپنی برکات کو آسمان اور زمین سے کھولدیتے ۱۲ ۱۰ه اگر تم کافرو فتح چاہتے تھے سو تمہارے پاس فتح آچکی یعنے محمد صلعم جنگ

لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۵ حَتّٰٓى إِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا
إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۵ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۵ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّأْخُذُوْ
نَهَا ۵ فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَآءِ فَكَانَتْ أَبْوَابًا ۵ إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ فائدہ

فائدہ براے دفع خوف و ہم و غم وغیرہ ۱۲

منقولہ بعض علماء محققین سے جو واسطے ازالۂ خوف و فزع و براے دفع حزن و ہم و غم ہے یہ ہے کہ بعد بسم اللہ درود نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ دو آیتین لکھکر اپنے پاس رکھی تو حق تعالیٰ اوسکو جمیع احوال مین برکت دیگا اور اوسکے دشمنوں پر اوس کو نصرت بخشے گا اور ہر ایک ہم و غم سے اوس کو کشادگی کرے گا اور اوسکی تیئن واسطے امراض باطنیہ کے اور ہر ایک درد و آزار کو جو بدن انسانمین پیدا ہوتے ہین نفع کرین گے اور وہ دونون آیتین یہ ہین اول سورۂ آل عمران سے ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ تا الصُّدُوْرِ اور دوسری آیت سورہ فتح سے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ تا آخر سورہ اور اگر ان دونون سطورون کی ان دونون آیتون کے حروف معجمہ جدا جدا یعنے

---

فتح بدر کا حال کھل گیا ۱۲ ؎۱۱ اور جب برادران یوسفؑ نے اپنا اسباب پکڑا تو اوس مین اپنا سرمایا بجنسہ پایا کہ اونکے پاس واپس آیا ۱۲ ؎۱۲ اور فتح اونکی تھی اون کافرون نے وحالانکہ وہ سارے ظالم سرکش ومایوس و نا امید ہوئے ۱۲ ؎۱۳ د بالفرض اگر ہم اونپر دروازے آسمان کے کھول دیتے اور ایسا ہوتا کہ وہ اوس مین چڑھ جاتے تو کہتے کہ ہم سحر کئے گئے ہین ۱۲ ؎۱۴ اے میرے پروردگار ہر آئینہ میری قوم نے میری تکذیب کی تو حکم کر درمیان میرے اور اونکے حکم اور نجات دی مجھے اور میرے ساتھ والے مومنون کو ۱۲ ؎۱۵ یعنے حق تعالی لے لوگونکو کشایش جو کچھ اپنی رحمت سے دی ہو اوسکا کوئی روکنے والا نہین ہے ۱۲ ؎۱ یعنی جب وہ کفار قریب جہنم آوین گے تو دروازے اوسکے کھلجاوین گے ۱۲ ؎۲ ہر آئینہ ہم نے تجھ کو فتح دی وہ فتح جو عیان ہو ۱۲ ؎۳ اور بدلے دی اونکو فتح قریب یعنی پاس والے ۱۲ ؎۴ غنائم کثیرہ ہین کہ وہ لیتے ہین ۱۲ ؎۵ ہم نے کھولدئے دروازے آسمان کے واسطے پانی بہم اور زور برسنے کے ۱۲ ؎۶ نصرت و فتح قریب حق تعالے کی جانب سے ہے ۱۲ ؎۷ اور کھولے جاوین گے آسمان و ہوجاوینگے

ہر ایک آیۃ کے حروف جدا جدا جمع کر کے ایک ظرف پاکیزہ مین لکھین اور دونون مکتوبہ کو روغن گل یا روغن زیت مین خوشبودار اور شیرج دھوکر دمل یا داغ یا شق یا آبلہ و ریش زخم وغیرہ پر طلا و مالش کرین تو بہت جلد زائل ہوجاویگا باذن اللہ تعالیٰ جیسا کہ بارہا تجربہ ہوا ہے فائدہ جلیلہ برائے دفع خوف و رجا و فزع قطاع الطریق وغیرہ سے چنانچہ محمد بن سیرین رحمۃ اللہ نے قول بعض صالحین کا نقل کیا ہے کہ ایک سفر مین ہم چند اشخاص نہر تبری پر پہونچکر اوترے اور وہان پاس ایک قوم کے لوگ آئے اور کہنے لگے کہ جو کوئی اس مقام مین اوترتا ہے وہ مارا جاتا ہے اور اوس کا مال و اسباب لوٹ لیا جاتا ہے یا چوری جاتا ہے یہ سُن کے ہمارے سب یار ہم سفر باعث خوف کے وہان سے کوچ کر گئے مگر مین اون کے پیچھے وہین ٹھہر رہا اس لیے کہ مین نے ایک دعا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ابن عمر رضی اللہ عنہما سنی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن مجید مین سی وسہ آیتین ایسی ہین کہ جو کوئی اون کی تلاوت کرے گا تو اوس شب مین کوئی درندہ شدید اور کوئی دزد متمرد اوس شخص کو ضرر نہ پہونچا سکے گا اور وہ شخص صبح تک اپنی جان اور اولاد اور اپنے مال و اسباب سے امن و امان مین رہیگا چنانچہ جب مجکو وہان شام ہوئی تو مین نے اون آیتون کو تلاوت کیا اور مین ہنوز سویا نہ تھا کہ ناگاہ مین نے ایک گروہ کو دیکھا کہ وہ میرے پاس تلوارین

برای جلیلہ دفع قطاع الطریق وغیرہ

---

بہت سے دروازے ۱۲ ۸ جب نصرت اور فتح خدا کی آوے گی تو دین خدا مین مردم فوج فوج داخل ہونگے

۹ یعنے آب نشردہ انجیہ۔ دریا کہ یہ لفظ مناسبت مقام کی سے بصرت ہو بمعنے روغن کنجد ۱۲

۱۰ تبری اصل اوس لفظ کی تارا معلوم ہوتی ہے کہ وہ ایک موضع ہے ملک شام مین ۱۲

باندھے ہوئے آپہونچے اور میرے قریب آگئے مگر مجھ تک نہ پہونچے یعنے مجکو نہ پایا پھر جب صبح ہوئی تو مین نے وہان سے کوچ کیا اوس وقت ایک مرد شیخ اون لوگون مین سے میرے پاس آیا اور وہ گھوڑے پر سوار تھا اور اوسکے پاس کمان عربی تھی آخر وہ مجھسے یہ کہنے لگا کہ اے شخص تو آدمی ہے یا جن ہی مین نے کہا کہ مین انسان ہون گا بنی آدم سے تب اوس نے کہا تیرا کیا حال ہے کہ ہم لوگ تیرے پاس اوس شب مین زائد از ہفتاد بار آئے اس قصد سے کہ ہم تجکو قتل کرین اور تیرا مال و اسباب لوٹ لیوین مگر درمیان ہمارے اور درمیان تیرے ایک دیوار آہنی حائل ہو جاتی تھی سو ہم اس باب سے تعجب مین تھے مین نے کہا کہ مجھ سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک حدیث جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی بیان کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی یہ سی[1] وسہ آیت کتاب اللہ سے جس شب کو تلاوت کرے تو اوسکو اوس شب کوئی درندہ شیر وغیرہ اور کوئی دزد زبردست ضرر نہ پہونچا سکے گا اور وہ صبح تک امن و امان مین رہیگا چنانچہ اوس شیخ نے جب مجھ سے یہ حدیث سُنی تو اوس نے اپنی کمان توڑ ڈالی اور میرے سر پر بوسہ دیا اور اوسیوقت خدا سے اوس نے عہد کیا کہ اب سے پھر کبھی دزدی و رہزنی نہ کرون گا اور وہ آیات موصوفہ یہ ہین اربع آیات اول سورۂ بقر کی تا اَلْمُفْلِحُوْنَ اور آیۃ الکرسی اور دو آیتین بعد والے تا خَالِدُوْنَ اور تین آیتین آخر سورۂ بقر کی یعنے لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ تا آخر سورہ اور تین آیتین سورۂ اعراف سے اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ

---

[1] آیۃ الکرسی کہ تا خالدون ہے مگر مصنف کے نزدیک وھو العلی العظیم تک ہے اسواسطے اوس بعد والی دونون آیتون کو تا خَالِدُوْنَ جداگانہ شمار کیا ۱۲

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ تا الْمُحْسِنِيْنَ اور سورۂ بنی اسرائیل قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى تا آخر سورہ اور بسم اللہ الرحمن الرحیم اَلصّٰٓفّٰتِ صَفًّا تا لَازِبٍ اور دو آیتین سورۂ رحمٰن سے يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ تا فَلَا تَنْتَصِرَانِ اور چار آیتین آخر سورۂ حشر کی لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ تا آخر سورۃ اور اول سورۃ الجن سے قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ تا شَطَطًا اور کتاب شافعی وغیرہ مین اس طرح ہے کہ آخر سورۂ حشر هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ تا آخر سورہ اور سورۃ الجن سے وَاَنَّهُ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا تا شَطَطًا اور واضح ہو کہ نام ان آیات کا آیات الحرز ہے اور کہتے ہین کہ ان آیات مین سو آزار کے لیے شفا ہے مثل جذام وبرص وغیرہ کے اور منافع ان آیات کے لاتعد لاتحصے ہین اور محمد بن علی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اونھون نے فرمایا کہ مین نے ان آیات موصوفہ کو ایک شیخ کے اوپر پڑھا تو اوس نے یہ آزار یعنے حق تعالیٰ نے برکت اون آیات کریمہ سے دور کر دیے اور یہ آیات حجاب عظیم اور حرز بزرگ ہین جو کوئی انکو کسی ظالم کے سامنے پڑھے گا تو اوسکے ظلم سے امین رہیگا اور بعض عارفین نے کہا ہے کہ اون آیات پر یہ آیات اضافہ کیے جاوین قولہ تعالےٰ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ الآیۃ اور اول سورۃ الحدید تا بِذَاتِ الصُّدُوْرِ اور آخر سورۂ توبہ لَقَدْ جَآءَكُمْ

---

[1] یہ تینون سورۂ اعراف کے شروع رکوع چہاردہم مین ہین ۱۲

[2] یہ آیتین اخیر سورۂ بنی اسرائیل کی ہین ۱۲

[3] یہ آیۃ سورۂ البقرۃ کے خاتمہ رکوع نوزدہم مین ہے یعنے وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۱۲

رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ تا آخر سورہ

# باب سیزدہم بذکر فوائد چند متعلق بہ درود رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور کچھ ذکر ان چیزونکا جو فضائل درود پر دلالت کرتی ہین

باب سیزدہم صلواۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۲

واضح ہو کہ حق تعالیٰ مجکو اور تجکو توفیق عمل عطا کرے بتحقیق کہ جس شخص کو حق تعالےٰ کی جناب مین کوئی حاجت درپیش ہو یا کسی کرب و غم مین مبتلا ہو یا اوس پر کوئی مصیبت نازل ہوئی ہو تو جوف لیل مین یعنی نیمۂ شب کو بیدار ہو اور اوٹھکر وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھی جس سورہ سے کہ آسان ہو پھر جب سلام نماز بجالاوے اور فارغ ہوجاوے تو اوسی حالت مین روبقبلہ رہی ہزار بار رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلواۃ پڑھے اور اسیطرح کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَحُلُّ بِهَا عُقْدَتِیْ وَتُفَرِّجُ بِهَا كُرْبَتِیْ وَتُنْقِذُنِیْ بِهَا مِنْ حَلَتِیْ وَتُقِیْلُ بِهَا عَثَرَتِیْ وَتَقْضِیْ بِهَا حَاجَتِیْ چنانچہ حق تعالےٰ اِس شخص سے جو کچھ مصیبت ہے دفع کرے گا سو چاہیے کہ اِس ذخیرہ کو اپنے ہاتھ سے مضبوط تھام کیونکہ منافع اِسکے یعنے درود کے بہت ہین جیسا کہ علامۂ سیوتی نے اپنے مجربات مین ذکر کیا ہے اور بعض صحیفہائے جلیلہ سے یعنے کلمات طیبات سے واسطے صلواۃ کے اوپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ ہین اَللّٰهُمَّ

---

لہ اے میرے پروردگار صلوۃ اور سلام نازل کر اوپر ہمارے سید و مالک کے جو محمد ہین وہ صلوٰۃ جسکے سبب تو میری مشکلکشائی کرے اور جسکے وسیلہ سے تو میری کرب کو مجھسے دور کردی اور تو نکالے مجکو اوسکے سبب میرے کلاوۂ بلا سے جس مین پھنسا ہون اور دور کرے تو اوسکے ذریعہ سی میرے گناہون خطاؤن کو تو رواکری اوس کے

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ كَمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهٖ الْغَافِلُوْنَ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُ اللّٰهِ وَجَرٰی بِهٖ قَلَمُ اللّٰهِ وَنَفَذَ بِهٖ حُكْمُ اللّٰهِ وَوَسِعَهٗ عِلْمُ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَیْءٍ وَاَضْعَافَ كُلِّ شَیْءٍ وَمِلَاءَهٗ كُلِّ شَیْءٍ وَعَدَدَ خَلْقِ اللّٰهِ وَزِنَةَ عَرْشِ اللّٰهِ وَرِضَاءَ نَفْسِ اللّٰهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِ اللّٰهِ عَدَدَ مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ وَمَا هُوَ كَا فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ بَاقِیَةً بِبَقَاءِ اللّٰهِ اور بعضون نے کہا ہے کہ جو کوئی اِس صلوٰۃ کی قرارت پر دس شب سو مرتبہ مداومت کرے جسوقت کہ فرش خواب پر جائے اور پہلوے راست پر آرام کرے یعنے داہنے کروٹ سے لیٹے اور روبقبلہ ہو اور طہارت کامل رکھتا ہو یعنے بعد فراغ حاجات کے باوضو ہو تو وہ شخص اپنے رویا مین زیارت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کریگا اور افضل صیغہاے صلوٰۃ سے وہ صیغہ ہے یعنے بہترین کلمات صلواۃ وہ کلمے ہین جو تشہد اخیر مین مذکور ہوتے ہین وہ یہ ہین اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

---

واسطے تو میری حاجت کو ۔ یا اللہ درود وسلام بھیج اوپر سید ہماری جو محمد ہین تیری بندے اور تیرے رسول اور وہ نبی ہین ساکن ام القری مکے کے اور اونکے آل اور انکے اصحاب پر اسقدر صلوٰۃ کہ ذکر کرتے ہین ذکر کرنیوالے یا غافل ہین اوس سے غفلت کرنیوالے اور بعدہ اوس قدر کہ علم الٰہی نے اوسکا احاطہ کیا ہے اور قلم قدرت اوسکے ضبط مین جاری ہوا ہے اور ساتھ اوسکے نفاذ حکم الٰہی ہوا ہے اور اللہ ہی کے علم مین اوسکی گنجایش اور وہ صلوٰۃ جو بعدد کل شی کے ہے اور دونا اوس ہر شے کے ساتھ لبالب پُر ہے اور یہ وہ صلوٰۃ جو بشمار مخلوقات اور بوزن عرش کی ہے اور موافق رضاے مشیت خدا ہے اور باندازہ مداد کلمات اللہ کے ہے اور وہ صلوٰۃ جو بشمار ان چیزون کے ہے جو پیدا ہوئین اور جو ہونگی اور ہمیشہ علم الٰہی مین ہونے والی ہین اور وہ صلواۃ جسمین شمار سب مستغرق ہے اور جسکی حد کا احاطہ نہین اور وہ صلوٰۃ جو دوام بادشاہی خدا کیواسطے بندہ ہے اور بقاے

وعلیٰ آل سیدنا محمد کما صلیت علیٰ سیدنا ابراہیم تا آخر اور بعض صیغہاے جلیلہ سے یہ بھی اللّٰھم صلِّ سلّم وبارک علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلّم عدد الرسل الدقیق وصلّ وسلّم وبارک علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ وصحبہ عدد حسنات سیدنا ابی بکر ان الصدیق وصلّ وسلّم وبارک علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ عدد حسنات سیدنا عمر ابن الخطاب سیدنا اہل التوفیق وصلّ وسلّم وبارک علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ عدد حسنات سیدنا عثمان بن عفان سیدنا اہل التحقیق وصلّ وسلّم وبارک علیٰ محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ وعدد حسنات سیدنا علی ابن ابی طالب سیدنا اہل الدقیق والتحقیق وصلّ وسلّم وبارک علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ عدد حسنات الی البیت وعدد حسنات بقیۃ الصحابہ اجمعین وتابعیھم وتابع تابعیھم باحسان الی قوم طریق وصلّ وسلّم وبارک علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ ملاء السمٰوات السبع والارضین السبع وما بینھما حتّٰی نصیق اور صیغہاے جلیلہ مختصرہ سے یہ ہے اللّٰھم صلّ وسلّم وبارک علیٰ سیدنا ومولانا محمد النور الذاتی والسر الساری فی سائر الاسماء والصفات چنانچہ ان کلمات کے اکثار سے بینائی وبینش روشن ہوجاتی ہے اور بعض صیغہاے

---

ف۳ اسکا ترجمہ ظاہر ہے ۱۲ ف۲ ترجمہ اوسکا ضمناً مذکور ہوچکا ہے ۱۲ ف۱ آہی کے ساتھ باقی ہے ۱۲

یعنے جسکا نور ذاتی ہے بلکہ اکتساب اور اسرار اوسکا جمیع اسمار وصفات مین شریک ہے ۱۲

جلیلہ سے وہ ہی جو منقول ہے سید عبدالقادر الجیلی سے کہ اونھون نے اپنی زبان سیاحت و سیر مین ایک غار کے در پر اوپر ایک پتھر کے ایک صلواۃ مکتوبہ کندہ کیا ہوا پایا کہ وہ برابر پچاس ہزار صلوٰۃ کے تھا و بعد ازان اِن شیخ نے اپنے خواب مین نبی صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کو دیکھا اور کیفیت اِس صلوٰۃ منقولہ سے سوال کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے فرمایا کہ وہ ہفتاد ہزار صلوٰۃ کے برابر ہے اور وہ یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَجْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اِسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ عَمَلَكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَخَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ اَلْمُتَلَذِّذِ بِمُشَاهَدَتِكَ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ اَلْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُوْرِ ضِيَائِكَ صَلٰوةً تَحُلُّ بِهَا عُقْدَتِيْ وَتُفَرِّجُ بِهَا كُرْبَتِيْ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاهُ كِتَابُكَ وَجَرٰى بِهٖ قَلَمُكَ وَعَدَدَ الْاَمْطَارِ وَالْاَحْجَارِ وَالْاَشْجَارِ وَمَلَا الْبِحَارِ وَجَمِيْعِ مَا خَلَقَ مَوْلَانَا مِنْ اَوَّلِ الزَّمَانِ اِلٰى اٰخِرِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ اور بعض صلوٰۃ سے یہ ہے کہ جو منقول سید احمد بدوی سے ہے

[illegible] ۱۲ ۱۲

---

ل یا اللہ درود وسلام بھیج ہمارے آقا اور مالک پر جو محمدؐ ہین کہ وہ محمدؐ دریا ہی تیری انوار کا اور کان ہے تیرے اسرار کا اور زبان ہے تیرے حجت کی جو تیرا حکم ناطق ہی اور وہ دولہا ہے تیرے ملک کا جو تیری خلائق ہی اور وہ پیشوا ہے تیرے بارگاہ عالی کا اور رونق و فروغ ہی تیری بادشاہی کا اور وہ خزانہ ہی تیری رحمت کا اور وہ راستہ و رہنمائی ہے تیری شریعت کا اور تیرے دیدار کا لذت یافتہ اور برگزیدگان تیرے خلق کا برگزیدہ ہی اور وہ پیش قدمی پانے والا ہے تیری و نور ضیا کے اور وہ صلوٰۃ بھیج جس سے میری عقدہ کشائی ہو اور اوسکے سبب مجکو کربت و سختی سے بے پروائی ہو اور وہ صلوٰۃ بھیج جو تجکو اور اوسکو یعنی تیرے نبی کو راضی و خوشنود کرے اور اوس کے سبب تم ہمسے راضی ہو اے پروردگار عالم کے اور صلوٰۃ بعدد اسقدر کہ احاطہ اوسکا کیا ہی جو تیرے علم نے اور شمار کیا ہو اوسکو تیری کتاب نے اور جاری کیا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَاَفْضَلِ الْخَلِيْقَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ وَاَشْرَفِ الصُّوَرِ الْجِسْمَانِيَّةِ وَمَعْدَنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ السَّنِيَّةِ وَالرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مَنِ انْدَرَجَتِ النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ اِلٰى يَوْمِ تُبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

فضائل صلوٰۃ ۱۲

اور بعض مراتب فضائل سے جو فضیلت صلوٰۃ پر دلالت کرتے ہین منجملہ اون کے قول نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے فرمایا کہ جو کوئی شخص مجھپر ایک مرتبہ صلوٰۃ بھیجے گا تو حق تعالیٰ اوس پر دش مرتبہ صلوٰۃ بھیجے گا اور جو صلوٰۃ خدا کی جانب سے ہو اوسکے معنی رحمت ہین اور اس سے زیادہ کونسا فائدہ اعظم ہو کہ حق تعالےٰ اپنے بندے پر رحم کرے

حکایت بر سبیل فضل صلوٰۃ ۱۲

اور منقول ہے بعض مردم ایک شخص مسافر تھا اور اوسکے ساتھ اوسکا باپ بھی تھا چنانچہ اوس نے بیان کیا کہ ایام سفر مین میرا باپ ایک شہر مین بیمار ہو کر مر گیا اور بعد مرگ اوس کا

---

۲؎ اوسکو تیرے قلم نے یعنے لکھا ہو اور صلوٰۃ بعدد قطرات باران و بعدد سنگریزہا و بعدد درختون کے و بمقدار دریاؤن کے و بحساب جمیع مخلوقات کے جنکو مولا نے اول سے تا آخر پیدا کیا ہو اور تمام سزاوار ہین واسطے خداوند یکتا کے ۱۲

۱؎ یا اللہ درود وسلام نازل کر ہمارے مالک اور آقا پر کہ وہ محمد ہین جو اصل نورنیت کا شجر ہے اور قبضۂ رحمانیہ کا لمعہ وخلاصہ ہے قبضۂ رحمانیہ یعنے قبضۂ خاک جسکو واسطے خلق آدمی کے اُٹھایا تھا اور وہ افضل آفرینش انسانی ہے اور اشراف عورت جسمانی ہو اور کان اسرار ربانی ہے اور گنج علوم صفوت و برگزیدگی کا ہو اور صاحب قبضۂ اصلیہ ہو یعنے جو قبضۂ اصل نیت ہے اور صاحب اُن خوبیون کے جو روشن ہے اور صاحب مرتبون کے جو بلند ہین اور یہ وہ شخص ہو کہ جسکے زیر علم سارے انبیا داخل ہین تو وہ سب اوس سے ہین اور درود وسلام بھیج اور برکت نازل کر اوسپر اور اوسکی آل پر اور اصحاب پر بعدد اسقدر مخلوقات کے

منھ کالا ہو گیا پھر تمام بدن بھی سخت سیاہ ہو گیا اور پیٹ پھول گیا مین نے دیکھکر کہا لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور میرا باپ مسافرت مین مرگیا اور اوسکی یہ حالت ہوئی اِس سے مجکو سخت صدمہ ہوا اور اوسی رنج وقلق مین مجکو نیند آگئی تو مین نے ایک شخص کو خواب مین دیکھا کہ وہ نہایت خوبصورت اور خوشبو ہے سو وہ میرے باپ کے پاس آیا اور اپنا ہاتھ اوسکے چہرہ اور بدن پر پھیرا تو باپ میرا نورانی صورت اور روشن تن ہو گیا مین نے کہا اے شخص تو کون ہے کہ تیرے سبب سے حق تعالے نے میرے والد پر ایسا کرم ورحم کیا اوس شخص نے کہا مین محمدؐ رسول اللہ ہون تیرا باپ بڑا گناہ گار وزناکار تھا مگر یہ کہ وہ مجھپر کثرت صلوٰۃ کی مواظبت رکھتا تھا پھر جب اوسکی ایسی حالت ہوئی کہ مین اوس سے اُس زبونی کو دور کرنے کے لیے آیا ناگاہ مین جاگ اُٹھا تو وہی نور اور روشنی اپنے والد پر دیکھکر حمد خدا بجالایا اور اوسکے کفن ودفن مین تعجیل کی واضح ہو کہ فوائد اور منافع صلوٰۃ کے بہت ہین کہ بعض علما نے فضائل صلوٰۃ مین جداگانہ تالیفین کی ہین لاجرم عاقل وخردمند کو لازم ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر کثرت صلوٰۃ وسلام کی کرے کہ ہر آئینہ یہی کثرت صلوٰۃ موجب حصول ہر ایک منفعت وباعث دفع ہر مضرت کی دنیا وآخرت میں ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا ہی کہ جس شخص کو پسند ہو ملاقات کرنا حق تعالے سے ایسی صورت مین کہ حق تعالے اوس سے راضی ہو تو چاہیے کہ وہ شخص مجھپر کثرت صلوٰۃ کی مداومت کرے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ

---

[۲] جنکو تو نے خلق کیا اور اون کو جب تو نے موت وحیات دی ہی اوس دن تک جس روز تو زندہ کریگا اُن سب کو جنکو فنا کیا ہو اور بھیج اوسپر تسلیم کثیر تا روز حشر اور جمیع حمد سزاوار ہے واسطے پروردگار عالم کے واللہ اعلم۔

واٰلہ وسلم نے مجھبر کہ اکثار صلوٰۃ کا کرو کہ یہ صلوٰۃ مشکلکشائی کرے گی اور کرب و تنگی کو کھولدیگی و نیز فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی مجھ پر صلوٰۃ بھیجے گا تو اوس کی سو حاجتین برآمد ہون گی منجملہ اُن کے تیس حاجتین دنیاوی برآوین گی اور باقی آخرت مین اوس کی حاجت روا ہون گی۔

حدیث فضل صلوٰۃ ۱۲

## باب چہاردہم بذکر فوائد متفرقہ جو متعلق ہین اعدا ظلمہ سے واسطے ہدایت اونکے قلب کے مقابلے مین اور بنا بر دفع اونکے ضرر و شر کے

ایضاً

واضح ہو کہ اس باب مین ذکر کیا جاتا ہی غالباً اوس کی خواہش ہر شخص کو زیادہ ہوگی مزیدے بر آنکہ جو کچھ مقدم مذکور ہوا خصوصاً قضاے احتیاج اِس زمانے کے اِس مین قلت انصاف کی ہے اور کثرت برگشتگی و انحراف طبایع کی راہِ حق سے ہوگئی ہے اور اعلےٰ اور ادنیٰ مین ظلم کی طغیانی ہے لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ حق سُبحانہ وتعالےٰ فرماتا ہے وَجَزَاءُ سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِثْلُھَا فَمَنْ عَفٰی وَاَصْلَحَ فَاَجْرُہٗ عَلَی اللّٰہِ[۱] لاجرم اے برادر پہلے تو لازم ہے اُن باتون کا جس سے قلوب مردم کی تالیف و ہدایت کرے و بعد ازان استعمال ارسال رسل و رسائل و تحف و ہدآ و بعد ازان کچھ استعمال عملیات و دعوات کا چاہیے جس سے اوس کے

---

[۱] بدلا برائی کا برابر برائی کے ہے پھر جو شخص عفو کردیوے اور باہم اصلاح کرے تو اجر اوسکا حق تعالےٰ پر ہے ۱۲

الخفیّ تابعاً لہ حیث توجّہ اسئلک ان توجّہنی عندک وان تخفینی بخفیّ لطفک انّک علیٰ کلّ شیءٍ قدیرٌ وان تسخر لی عندک خادم ھذا الاسم الشّریف یکون لی عوناً علیٰ ما اریدہ من امور الدّنیا والاخرۃ یا من قال قولہ الحقّ ۲ ادعونی استجب لکم دعوناک کما امرتنا فاستجب لنا منّا کما وعدتنا انّک لا تخلف المیعاد وصلّی اللہ علیٰ سیّدنا محمّدٍ وّعلیٰ اٰلہ وصحبہ وسلّم اور اگر ارادہ ہو استعمال اس اسم کا برای ہلاک ظالم کے تو اوسکو بعد مذکور ذکر کرین وبعد ازان اسما کے ساتھ دعا کرین اللّھمّ انت الملک القادر والقاھر دون البطش الشّدید الٰھی عبدٌ من عبادک بغیٰ علیّ وتجبّر علیّ وانت الحکیم العدل وقد خاصمتہ الیک وتوکّلت فی کشف ظلامتی علیک فانزل علیہ یا ربّ بلاءً یعجز عن دفعہ اھل السّمٰوات والارض حتّیٰ یعرف قدر نعمتک علیہ وعافیتک وارسخ علیٰ ھامتہ رسوخ السّجیل علیٰ اصحاب الفیل واقصمہ ودمّرہ ونکّسہ وخذہ فاخذھم اللہ بذنوبھم وما

برای ہلاک ظالم ۱۲

---

۱ سو مین سوال کرتا ہون کہ مجھے بھی اپنے نزدیک وجیہ و پسندیدہ کر اور یہ کہ تو مجھے تو اپنے لطف خفی مین چھپائے اور پھر بس مین کر دے اپنے اوس بندے کو جو خادم و موکل اس اسم شریف کا ہے تاکہ وہ میرے امرون اور دنیا سے جس کا مین ارادہ کرتا ہون میرا مددگار رہے اور مجھے موت دے اُس حالت مین کہ مین مومن و مسلم ہون اور مجھے شک اور شرک سے نکال دے ۱۲ ۲ یا ولی یا ودود یا رحمان دنیا و آخرت کے اور وہ خداوند جسنے فرمایا ہے اور فرمانا اوس کا حق ہے کہ مجھسے دعا کرو مین تمہاری دعا قبول کرونگا چنانچہ ہم نے تجھسے دعا کی جیسا کہ تو نے ہمکو حکم کیا سو ہماری دعا کو قبول کر جیسا تو نے ہمسے وعدہ کیا ہے بے شبہہ تو خلاف وعدہ نہین کرتا ہے رحمت بھیجے اللہ علی سیدنا محمد و آلہ ۱۲ ۳ یا اللہ تو مالک ہے قادر و قاہر و سخت گیر ہے الٰہی تیرے بندون سے ایک بندے نے مجھپر سرکشی

كَانَ لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ اور بعد دعا کے یہ ابیات پڑھین + ضجو باشمط محبوب السجود له + يقطع الليل تسبيحا وقرانا + لتسمعن ضجيجا في ديارهم الله اكبر باتارات عثمانا والنائحات عليه دمر الله عليكم وللكافرين امثالها فاصبحوا لا يرى الا مساكنهم دمر الله عليه الم تر كيف فعل ربك باصحاب الفيل اور بعد اسکے اِس آیۃ کو اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ تا العزیز یک صد وبست ونہ مرتبہ تلاوت کرین اور چاہیے کہ عامل کو تا عمل با وضو رہے اور تا فراغ کسی سے کلام نہ کرے اگر کسی سے کچھ بات کرنی ہو تو اعادہ عمل کا کرے یعنے از سر نو پھر دوبارہ کرے اور زنہار یہ بات نہ کہو کہ دیکھین یہ عمل صحیح ہوتا ہی یا نہین کیونکہ اگر تو ایسا کہے گا تو عمل تیرا صحیح نہو گا اور چاہیے کہ نیت صاف و خالص ہو اور حق تعالے کی جانب سے سرعت اجابت کا یقین ہو پھر جبکہ اِسطرح کرے گا اور ایسا سمجھے گا تو حاجت روائی تیری ہوگی اور تیرا مقصود بخوبی برآوے گا اور اگر اُسپر اِس دعا کو بھی اضافہ کرے تو اولے ہو گا

---

م وطغیانی کی اور تو حاکم وعادل ہے اور مین تیرے حضور مین مخاصمہ وداد ری لایا ہون اور بیچ کشایش اپنی مظلومی یعنے اپنی دادخواہی کے تجھی پر توکل وتکیہ کیا سوائے میرے پروردگار اُسکے اُپر تو ایسی بلا نازل کر کہ اُسکے دفع سے اہل آسمان واہل زمین عاجز رہین یہانتک کہ وہ تیری نعمتون کو اپنے حق مین اور اپنی عافیتون کو جو اُسکو دی گئی مین پہچانے اور مار اُسکے سر پر سنگریزون کی مار جو اوپر اصحاب فیل کے ہوئی تھی ۱۲ سے اور پشت توڑ اُسکی وہلاک کر اُسکو بحال اورنگون سر ڈال اُسکو اور گرفت کر اُسکی جیسا کہ تو نے قرآن مجید مین فرمایا ہی پس گرفت کی اُنکی اللہ نے بسبب گناہ اُنکے اور نہین ہے اور نہو گا واسطے اونکے سوائے خدا کے نگہبان ۱۲ سے فریاد کرتے ہین وہ باوجودیکہ روسپید ہین سیاہی شب مین درحالیکہ دوست رکھتی ہین اُنکے سجدون کو کہ واسطے خدا کے کیے ہین پارہ شب مین تسبیح کرتے ہین اور قرآن پڑھتے ہین اور سنتے ہین اُنکا فریاد کرنا شہرون اپنے مین کلمۂ اللہ اکبر کے ساتھ اِن نشانون کے ترکیب دیلے ہوئے عثمان کے ۱۲ سے اے قمار نوحہ کنندگان یعنی رونیوالے اُسپر مقرر ہون جیسا کہ تو نے فرمایا ہلاکی بھیجی اللہ نے اُپر اُنکے اور واسطے کافرون

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تَلْطُفَ بِیْ مِنْ خَفِیِّ خَفِیِّ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ ج ۳ بار اَلَّذِیْ اِذَا تَلَطَّفْتَ بِہٖ لِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِکَ کَفٰی فَاِنَّکَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ الاٰیۃ ج اوزان سب چیزون کو یکصد و بست و نہ مرتبہ پڑھین اور یا وقاف لطیفہ یعنی نقوش موافق اسم لطیف اور آیۂ لطیف کے یہ ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ل | ط | ی | ف |
| ی | ف | ل | ط |
| ف | ی | ط | ل |
| ط | ل | ف | ی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰ | ۹ | ۱۰ | ۸۰ |
| ۱۰ | ۸۰ | ۳۰ | ۹ |
| ۸۰ | ۱۰ | ۹ | ۳۰ |
| ۹ | ۳۰ | ۸۰ | ۱۰ |

| اَللّٰہُ | لَطِیْفٌ | بِعِبَادِہٖ |
|---|---|---|
| ۶۶ | ۱۲۹ | ۸۴ |
| ۱۱۱ | ۹۳ | ۷۵ |
| ۱۰۲ | ۵۷ | ۱۲۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۰ | ۴۷ | ۴۲ |
| ۴۵ | ۴۳ | ۴۱ |
| ۴۴ | ۳۹ | ۴۶ |

## باب شانزدہم ذکر بعض خواص لفظ جلالت و خواص بعض اسماء الٰہیہ اور بیان اشکال سبعہ کے

براے خواص اسم جلالہ ۱۲

واضح ہو کہ لفظ جلالت اسم علم ہے برائے ذات تعالیٰ شانہٗ کے اور وہی اسم اعظم اللہ ہی نزدیک محققین کے اور جو کہ اوس کے سبب سے دعا کرنے والے کی دعا

---

دیکھا ہو اس نے اللہ کی ساوتین این بس ہو گئے وہ مانند ایسے صورت ہین کہ نہین دکھائی دیتا تھا مگر نشان مکانون انکے کا وہ ہلاک کیا خدا نے انکو کیا نہین دیکھا تو نے اسے رسول کس طور کیا رب تیرے نے ساتھ اصحاب فیل کے یہ آیہ چھبیسوین پارہ مین شورے کی تیسرے رکوع مین ہی اللہ بڑا مہربان ہے اپنے بندون پر کہ رزق دیتا ہی جسطرح چاہتا ہی اور وہ بڑا قوی و غالب ہے ۱۲ الٰہی یا اللہ مین تجھ سے سوال کرتا ہون کہ تو میرے ساتھ لطف کر اپنے لطف خفی سے جو پوشیدہ اور پوشیدہ ہو اور وہ کہ جب تو م

جلد قبول نہین ہوتی تو باعث یہ ہے کہ شرائط دُعا کے مجتمع نہین ہوتے اور مخفی نرہے کہ قرآن مجید مین یہ اسم دو ہزار تین سو ساٹھ مقام مین مذکور ہے اور اعظم ہوتا اِس اسم کا باعتبار مدلول اسم کے ہی اور مدلول اس اسم کا وہی ذات اقدس الٰہی ہی یا باعتبار ثواب الہہ کے یعنی جو ثوابات پے در پے وارد ہوتے ہین اور بعضون نے کہا ہے کہ اسم اعظم کا وہ الحی القیوم ہے اور یہی قول مختار نووی کا ہے کیونکہ اون کو اس باب مین خاص تبعیت ایک جماعت کی ہے اور بعضون نے کہا ہی کہ اسم اعظم ذوی الجلال والاکرام ہی اور بعضون کے نزدیک اِسکے سوا ہی اور جب ابو یزید بسطامی اسم اعظم سی سوال کیے گئے تو اُنھون نے کہا کہ اس کی لیے حد و محدود نہین بلکہ وہ تیری فراغ دلی و شرح صدر رہی جو واسطے وحدانیت حق تعالیٰ کے جازم ہی پھر جب کہ ایسا ہو تو جس اسم کے ساتھ تو چاہے اعتقاد کرکے کہ اوسکے وسیلہ سے تو سیر کریگا مشرق سی مغرب تک انتہی اور لفظ جلالہ اسم جامع ہی واسطے معانی کل اسمار اللہ کے جو اسمار حُسنیٰ ہین اور وہ سلطان تمام اسمار ہی اور اُسکے لیے تمام اسمار پر شرف زائد ہے اور یہ اس سبب سے کہ اگر لام تعریف اللہ کا حذف کیا جائے اور اس کو جمع کرین تو کہا جائیگا آلہہ اور اگر دونون لام حذف کرین تو باقی رہجاوی آہ اور جبکہ لام و ہا دونون کو گرا دین تو اسم عظیم بزبان سُریانی باقی رہی گا کہ وہ لفظ آل ہی اور جب کہ الف اور لام گرا دیوین تو اُس اسم سے ہ باقی رہی گا کہ وہ ہُو ہی چنانچہ یہ اسم یعنے اللہ ناطق ہے اسم

---

طرح وہ لطف اپنی خلق مین سی کسی ساتھ کرتا ہے تو کافی ہوتا ہی چنانچہ تو نے فرمایا ہی اور فرمانا تیرا حق ہی ۱۲ سلہ کہ کیا وہ نہین جانتا ہی کسی شخص نے خُلق کو خلق کیا ہی وہی خلق کرنے والا لطیف ہے خبیر ہے ۱۲ سکہ یہ آیہ مع ترجمہ مذکور ہوا ۱۲ ستہ لفظ جلالہ کا بیان متن مین آیا ہی ۱۲ شہ اشکال سبعہ مین یعنی سات شکلون مین جو آیندہ مذکور ہونگی

ذات اور جامع ہے معنًا جمیع اسما کا اور جمیع اسمار صفات اوسی اسم سے متعلق ہین بخلاف دیگر جملہ اسما کے کہ جب اونمین سے حروف ساقط کرین تو بعد انفکاک حروف کے وہ اپنے معنون پر باقی نہین رہتے سوائے اسم اللہ کے کہ جب اوسکا کوئی حروف جدا کرین تو بقیہ اوسکا بامعنی زبان زد ہوتا ہی چنانچہ بعض خواص اسم اللہ سے یہ ہے کہ واسطے شفائے اسقام وامراض کے کہ اگر اوسکو موافق اوس کے چھیاسٹھ مرتبہ لکھین اور اوسکو دھوکر جس مریض کو پلادیوین تو وہ شفا پاویگا باذن اللہ تعالی اور برائے جملہ گزند رسیدہ و آسیب زدہ کو بھی یہی اسم لکھکر اور دھوکر پلادین اور اگر واسطے حبس وباز داشت جنی کے ارادہ کرین تو اس اسم کے حرفون کو جن زدہ کے انگشتان دست پر لکھدین تو وہ محبس ہوجاویگا اور اگر ارادہ حرق جنی کا کرین یعنی اگر ارادہ اوسکے جلانے کا رکھتے ہون تو حروف اسم اللہ ایک پلیتے مین لکھین اور اکر ایک سرے سے اوسکو جلادین اور جن زدہ کو سونگھادین اس صورت سے اگر ارادہ اوس کے مار ڈالنے کا ہو یا جلا دینے کا رکھتے ہون یا اوس کو گویا کرنا چاہتے ہون تو یہ سب باتین اوس سے حاصل ہونگی اور بعض علمار سلف نے ذکر کیا ہے کہ جو کوئی اسم اللہ کو کسی ظرف مین بلاتعداد جس قدر اوس ظرف مین گنجایش ہو لکھکر اور دھوکر اوسکا پانی مصروع یعنے آسیب رسیدہ پر چھڑک دیوین تو شیطان اوس سے جلجاوے گا اور بونی نے کہا کہ مین نے یہ عمل ایک شخص کے تئین بتایا کہ اوس کا لڑکا چونتیس ۳۴ برس سے مصروع یعنے آسیب زدہ تھا اور اس امر نے اوس کو درماندہ وعاجز کردیا تھا چنانچہ وہ شخص تین روز اس

خواص اسم اللہ برائے شفائے امراض و دفع گزند

حبس جنی ۱۲

حرق جنی ۱۲

برائے احتراق آسیب ۱۲

---

۱ یعنی اسم اللہ سے بعد حذف بعض حروف جو حرف ایک یا دو باقی رہین گے وہ بامعنی زبان زد ہون گے ۱۲

۲ یعنے وہ شخص جن سے محفوظ اور جن اس سے باز ایستادہ رہیگا ۱۲

اس عمل پر آمادہ ہوا کہ اوس کو لکھکر اور دھو کر بیمار پر چھڑکتا تھا تا آنکہ اُسکا عارضہ آسیب جل گیا اور پھر کبھی عود نہ کیا اور یہ اسم تمام و کمال پینے کا ملی و تمام ہو اور سارے امراض کو دُور کرتا ہے اور بعض خواص اسم الحی القیوم سے یہ ہی کہ جو کوئی اسکو ہر روز و شب مین ذکر کیا کرے گا اور اس ورد کو اپنے اوپر لازم کرے گا اور اوسکی دعائے مخصوصہ کے ساتھ جسکا ذکر کیا جاتا ہے دعا کرے گا تو اوسکے لیے کل خیر حاصل ہوگی اور تمام ضرر کو کافی ہوگا جیسا کہ بعض علماء نے اسکو نظم مین ذکر کیا ہے اور وہ دعا یہ ہے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا مُحْیِ اَحْیِ قَلْبِیْ وَرِزْقِیْ وَدِیْنِیْ وَدُنْیَاوِیْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا حَیًّا قَبْلَ كُلِّ حَیٍّ یَا حَیًّا بَعْدَ كُلِّ حَیٍّ یَا حَیُّ مُحْیِیْ كُلِّ حَیٍّ یَا حَیُّ مُمِیْتُ كُلِّ حَیٍّ یَا حَیُّ رَازِقُ كُلِّ حَیٍّ یَا حَیُّ لَا یُشْبِهُهٗ حَیٌّ اَسْئَلُكَ بِحَیَاتِكَ قَبْلَ كُلِّ حَیٍّ وَبِحَیَاتِكَ الَّتِیْ تُمِیْتُ بِهَا كُلَّ حَیٍّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَرِّجْ كُرُوْبِیْ وَنَفِّسْ هَمِّیْ وَاَجْلُ صَدَاءَ قَلْبِیْ وَاَغْنِ یَا مَنْ لَا یَخْفَاهُ حَالِیْ وَلَا تُعْجِزُهٗ مَسْئَلَتِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ عَجِّلْ لِیْ بِمَطَالِبِیْ وَبُلُوْغِ مَآرِبِیْ فَقَدْ دَعَوْتُكَ

بعض خواص اسم الحی القیوم ۱۲ ۱۲

اے یاحی یاقیوم اے حیات بخشنے والے زندون کے زندہ رکھ میرے قلب اور میرے رزق اور میرے دین اور میرے دنیا کو یا اللہ مین تجھ سے سوال کرتا ہون اے زندہ موجود و پیشتر تمام زندون اور موجودات سوائے زندہ رہنے والے بعد تمام زندون کے اے زندہ زندگی بخشنے والے تمام زندون کے اے موت دینے والے تمام زندون کے اے ہستی بخش والے رزق دینے والے سارے زندون کو اے وہ ہستی والا کہ کوئی زندہ مشابہ نہین ہے مین تجھ سے سوال کرتا ہون بوسیلہ تیرے نجات ازلی کے جو قبل کل زندون کے ہے بوسیلہ تیری اُس نجات باقی کے جس سے تو تمام زندون کو فنا کریگا یا ذوالجلال والاکرام یاحی یاقیوم دور کر میری سختی کو اور آسان کر میری مشکل کو اور صاف کر میرے زنگ قلب کو اور غنی کر میری محتاجگی کو اے خداوند میرا حال مخفی ہے اور میرا سوال اوسکو عاجز اور درماندہ نہین کر سکتا نہین ہے

باسمک الذی نجا بہ من نجا وھلک من ھلک یا حیّ یا قیّوم ۱
گیارہ مرتبہ فاستجبنا لہٗ ونجّیناہ من الغمّ وکذٰلک ننجی المؤمنین ۲
وصلّی بجلالک علٰی سیّدنا محمّد وعلٰی اٰلہٖ وصحبہٖ وسلّم ۳ اور بعض خواص اسم حق تعالیٰ ذوالجلال والاکرام سے یہ ہے کہ جو کوئی اوسکے ذکر پر مداومت کرے اور بکثرت پڑھا کرے یہانتک کہ اوس سے اوس پر ایک ایسی حالت وکیفیت طاری ہوگی کہ نگاہِ مردم مین وہ شخص معظم معلوم ہوگا اور لوگ اوس کی ملاقات مین باعزاز واکرام پیش آوین گے اور اوس کے لیے عالم ارواح مین تصرف و دخلِ عظیم حاصل ہوگا اور یہ اسم سائر اسماء مین نادر ہے چنانچہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے کہ التجا کرو بہ ندائے یا ذوالجلال والاکرام یعنے گڑگڑا کر اس اسم کو پکارو اور اُس کے ذکر مین کثرت کرو وتحقیق کہ امام محمد بن ادریس الرازی نے اپنی کتاب کبیر مین جسکو خزانۂ ہارون رشید سے انتخاب کیا ہے سو اوس مین یہ ذکر کیا ہے کہ وہ اسم جس کے ساتھ آصف بن برخیا نے جسکو کتاب معانی سے کچھ بہرہ تھا دعا کی ہے جس کو سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ تم سب حضار مین سے تختِ بلقیس کا میرے پاس حاضر کرے تب آصف نے کہا مین تخت کو تیرے پاس پیش از چشم زدن لاتا ہون یعنے تیری پلک مارنے سے پہلے حاضر کرتا ہون چنانچہ آصف نے اسی اسم یعنے ذوالجلال والاکرام کا ذکر کیا کہ وہ اسم جلیل اور سریع الاجابت ہے یعنی بہت جلد اس سے دعا پذیر ہوتی ہے اس لیے حق تعالیٰ نے اپنے نبی علیہ السلام

بعض خواص اسم ذوالجلال والاکرام

---

۱ کوئی لائق الوہیت مگر تو ہی ہے یا حی یا قیوم میری مطلب برآری اور میرے مقصد رسانی مین جلد کر کہ مین نے تجھ سے دعا کی ہے بہت اس اسم کے ساتھ ۲ تیرے کہ اوس سے نجات پائے جس نے نجات پائی اور اسی سے ہلاک ہو جو ہلاک ہوا یا حی یا قیوم اس جگہ گیارہ بار کہو ۳ پس قبول کیا ہم نے اوس کی دعا کو اور ہم نے نجات دی اُسکو غم سے اور اسیطرح ہم ساری مومنون کو نجات دیتے ہیں ۴

اکو اوس اسم کی خصوصیت کے ساتھ جامع جمیع کلمات کا کیا اور اوسی سے اُنکو معرفت عامہ و تامہ ساتھ حق تعالےٰ کے اور معرفت کاملہ اُسکے اسما کی ہوئی اور وہ اسم اعظم اللہ کا ہے اور بہ سبب اوس کے عموم برکت اور سرعت اجابت کی آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنی امت کو اُس سے بہرہ مند کیا اور اونکی خیر خواہی کی اور اونپر مزید شفقت فرمائی کہ وہ لوگ ذکر اوس اسم کا رکھین اور بواسطۂ اوس اسم کے اور سواے اِسکے دیگر اسماء الٰہیہ کے ساتھ الحاح و التجا کرین چنانچہ فرمایا کہ ہر آئینہ حق تعالیٰ محبوب رکھتا ہے اپنے ایسے بندون کو جو اپنی دعاؤن مین الحاح کرنے والے ہین اور اِس ذکر کے لیے شبِ سہ شنبہ کی ثلث اخیر شب مناسب ہے کیونکہ اوسوقت کے لیے تاثیر عظیم ہی اور یہ نفحات و عطایات ہی جس کے لیے پیش آوے اُوسپر ابواب قرب الٰہی مفتوح ہوجاوین کہ اوس تقرب مین وہ حق کی جانب سے مخاطبات اپنے خاطر کے اور اشارات موافق ارادت کے اور اسرار حکمت ربّانیہ کی بخوبی سمجھے گا شیخ عبداللہ قرشی جو اعیان مشایخ عرب و مصر سے تھے اونھون نی ذکر کیا مین ایک روز ابو محمد المغاوری کے پاس گیا اونھون نے کہا مین تجکو ایسی چیز بتاؤن کہ جب تجکو کسی شے کی حاجت پڑے تو اوس سے استعانت کرین نی کہا بہت اچھا تب اونھون نے مجھے بتایا کہ ان اسما کو پڑھا کرو یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا وَاجِدُ یَا جَوَّادُ اُنْفُحْنَا مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اور ابو عبداللہ نے کہا جب سی مین نے یہ سنا مین اوس سے بہت منتفع ہوتا ہون آور بعض خواص حق تعالےٰ کے اسم سریع سے یہ ہے کہ وہ سریع الاجابت ہے جس وقت آخر دُعا مین یہ اسم ذکر کیا جاتا ہی تو بہت جلد دُعا قبول ہوتی ہے آور بعض نے کہا ہے کہ جب کوئی شخص دفق اسم کا یعنے نقش حروف کو اپنے دست راست سے

استخارہ

اپنے دست چپ مین لکھکر دو رکعت نماز باسورۂ فاتحہ و سورۂ اخلاص کے پڑھے پھر بعد سلام کے اپنے ہاتھون کو بسوے آسمان بلند کرے سو مرتبہ ان کلمات سے دعا کرین يَا سَرِيْعُ اَلْقِ السَّكِيْنَةَ وَالْوُقَارَ فِيْ قُلُوْبِ اَهْلِ هٰذِهِ الدَّارِ چنانچہ اوس شخص کو سکون قلب و طمانیت خاطر حاصل ہوگی بحول و قوت آلہی کے اور صورت اسم سریع یہ ہے)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ر | ی | ع | س |
| ع | س | ر | ی |
| س | ع | ی | ر |
| ی | ر | س | ع |

بعد ازان ہتھیلی کو بائین کان کے نیچے رکھکر سو رہے۔

صفت اشکال سبعہ ۱۲

اور واضح ہو کہ دربارہ اشکال سبعہ کے کہتے ہین وہ سات شکلین ہین کہ وہ اسم اعظم اللہ کا ہے چنانچہ اسی کو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی اسم اعظم کہا ہے اور صفت اوسکی یہ ہے ✡ ااام # اا اھ و ✡ ذوی النون مصری نے کہا مین نے ان اشکال سبعہ کو تین امر مین آزمایا مین نے اوسکو شمشیر سے زیادہ تر تیز بُرّان پایا کہ مین نے اوس کو کسی کشتی کے اندر داخل نہین کیا جو وہ غرق ہوئی ہو اور مین نے اوسکو کسی گھر مین نہین رکھا کہ وہ آگ سے جلا ہو اور

متعلقہ صفحہ ۱۴۵ سا عطا کر ہمکو اپنی سرکار سے عطیہ خیر کہ ہر آئینہ تو ہی ہر شے پر قادر ہے ۱۲ سا یا سریع اس گھر کے باشندون کے دلمین آرام و بستگی ڈالدے یعنی سکون و اطمینان خاطر دے ۱۲

اور مین نے اُوسکو کسی بضاعت مین نہین رکھا کہ وہ باصراف رائگان ہوا ہو حاصل اس عبارت کا یہ ہے کہ اشکال سبعہ جس کشتی مین رکھا گیا اوسکو غرق سے امان ملے اور جس مکان کے اندر رکھا گیا وہ حرق سے محفوظ رہا اور جس مال مین رکھا گیا وہ اصراف سے مصئون ہوا اور ابن الوراق نے کہا جب یہ نقوش اشکال سبعہ بصناعت مین رکھا جاوی تو سزاوار ہے کہ اوس کے ساتھ اگر یہ کلمات بھی لکھ جاوین تو اوس مال کے لیے حرز و حفظ تمام ہوگا یَا حَفِیْظُ لَا یَنْسیٰ یَا مَنْ نِعْمَتُہٗ لَا تُحْصیٰ یَا مَنْ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنیٰ اِحْفَظْ ہٰذَا الشَّیْءَ بِمَا حَفِظْتَ بِہِ الذِّکْرَ فَاِنَّکَ قُلْتَ فِیْ کِتَابِکَ العزیز الْمُنْزَلِ عَلٰی نَبِیِّکَ الْمُرْسَلِ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ اور شرح اِن حروف ہفتگانہ کی جو رموز مبارک و نافع ہین اور شافع جلیل و نافع ہین بنابر تشریح اہل علم کے یہ ہو کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے مین اللہ واحد و یکتا ہون مین بادشاہ زندہ و پاینده ہون مین وہ اللہ ہون کہ میرے لیے ظلال وی یعنی سایہ قبل زوال و سایہ بعد زوال تسبیح و حمد کرتے ہین مین وہ اللہ صانع و خالق ہون کہ غنی و غوایت یعنی شخص گمراہ اور اوس کی گمراہی میرے ادراک سے دور ہے مین وہ اللہ ہون کہ کوئی شخص مثل میرے نہین ہے یعنی کسی شے سے میری مثال نہین ہو سکتی ہے مین اللہ شنوا و بینا ہون چنانچہ اس باب مین امیر المومنین و ثانی المومنین چشمہ صاف و شیرین یعنی ساقی حوض کوثر علی ابن ابی طالب

---

ف ۵ یا حفیظ جو کسیکو فراموش نہین کرتا ہی اے وہ خداوند جسکی کثرت نعمت شمار مین نہین آسکتی ہی اے وہ خداوند جس کے لیے ہین اسماء حسنیٰ یعنی اُسکے اسمائے صفات مین تو اوس شے کی محافظت کر جسطرح تو نے حفاظت ذکر کی کی ہی کہ ہر آئینہ تو نے اپنی کتاب عزیز مین جو تیرے نبی پر نازل کی گئی ہی فرمایا ہے کہ ہم نے نازل کیا اُس ذکر کو یعنی اسم اعظم کو اور ہم اوسکے حافظ و نگہبان ہین

کرم اللہ وجہہ نی فرمایا ہی ثلاث عصی صففت بعد خاتم + ومیم طمیس
ابتر ثم سلم + واربعة مثل الانامل صففت + علی راسها مثل السنان
المقوم + الی کل مامول ولیس بسلم + تشیر الی الخیرات من غیر
معصم وهاء شقیق ثم واو مقوس + فهذ الاسم المعظم قدره + فیا
حامل الاسم المعظم + کفی به کانبوب حجام + ولیس بمحجم فان کنت
تعلمه من قبل فاعلم + لتحفظ من الآفات حقا وتسلم انتهی کلام امیر المومنین
علیہ السلام اور صفت اوس شکل کی جسکو امیر المومنین نے فرمایا ہی



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ✡ | ۱۱۱ | م | # | ۱۱۱۱ | ه | و | ✡ |
| ۱۱۱ | م | # | ۱۱۱۱ | ه | و | ✡ | ۱۱۱ |
| م | # | ۱۱۱۱ | ه | و | ✡ | ۱۱۱ | م |
| # | ۱۱۱۱ | ه | و | ✡ | ۱۱۱ | م | # |
| ۱۱۱۱ | ه | و | ✡ | ۱۱۱ | م | # | ۱۱۱۱ |
| ه | و | ✡ | ۱۱۱ | م | # | ۱۱۱۱ | ه |
| و | ✡ | ۱۱۱ | م | # | ۱۱۱۱ | ه | و |
| ✡ | ۱۱۱ | م | # | ۱۱۱۱ | ه | و | ✡ |

دشمن بہر

ـه۱ تین عصا ہین برابر والاصف بستہ بعد خاتم کے ✡ جسکے سر پر مثل سنان کی قائم ہی۱۲ ـه۲ اور ایک میم ہی بعید دمنقطع یعنی منفرد وجدا و تیز طمیس معنے کور چشم یعنی حلقہ میم مین جو بمنزلہ چشم ہی جسطرح ھ ہو اسطرح نہو بلکہ اس شکل میم سی ہو و بعد ازان شکل سلّم یعنی نردبان ہے # کہ یہ تمام مقاصد کے لیے زینہ ہے وہ حالانکہ وہ محقق سلّم نہین ہی۱۲ ـه۳ اور چار ہین مثل انگشتان کی برابر بر صف بستہ مانند (۱۱۱۱) کہ وہ اشارہ کرتے ہین طرف خیرات کے بے خوف وخطر۱۲ ـه۴ اور ایک ہای شقیق یعنی دو پارہ و دو چشمی مثل ھ نہ مثل ہ بعد ازان واو ہے مثل کمان کے خمیدہ جسطرح و گویا کہ نے بدہان اشتر و حالانکہ وہ محجم یعنے چوب دہان اشتر نہین ہی۱۲ ـه۵ چنانچہ یہ اسم ہی جسکی قدر معظم ہی سو وہ گر تو اوسکو پیشتر سے نہین جانتا ہی تو اب معلوم کرلے۱۲ ـه۶ اے لکھنے والے اس اسم معظم کے اسکے ساتھ اکتفا کرنا کہ تو محفوظ ہو آفات سے جیساکہ حق محفوظ رکھنے کو ہی اور تاکہ تو بسلامت رہے

# باب ہفتدہم بذکر ادعیۂ و استغاثات نافیہ براے دفع سختی وشدائد و رفع ہم وغم کے انشاء اللہ تعالے

ذکر احادیث و فضائل دعا ۱۲

واضح ہو کہ حق تعالی مجکو اور تمکو اور تجکو توفیق خیر بخشے کہ ہر آئینہ وہ دعائین جو مطلوب ہین اور اُنکے لیے شرائط ہین اور بہت سی سند و بات ہین یعنی جن مین تضرع بخدا ہو وہ سب کتب مطولہ مین مذکور ہین اور دربارۂ دعا کے احادیث کثیرہ افضل مخلوقات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے وارد ہین اور بعض اون مین سے یہ حدیث ہے اَلدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا يَنْزِلُ فَعَلَيْكُمْ عِبَادَ اللهِ بِالدُّعَاءِ اور بعض اونمین سے یہ حدیث ہی لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ اور بعض اُن مین سے یہ ہی مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ اور بعض اُن مین یہ ہی اَلدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ يَكْشِفُهُ وَمَا لَمْ يَنْزِلْ يَحْبِسُهُ اور بعض اُن مین سے یہ ہے يُسْتَجَابُ لِاَحَدِكُمْ مَا لَمْ يُعَجِّلْ يَقُوْلُ قَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِيْ اور بعض اون مین سے یہ ہے اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِيْنَ چنانچہ بعض علما نے بنا بر معنی اِس حدیث کے لکھا کہ کیا خوب یہ سلاح ہے چاہیے کہ اوس کو ہاتھ سے نہ چھوڑین اگرچہ جلد مستجاب نہو اور بعضون نے اِس مطلب کو نظم کیا ہے اور کہا ہے ؎ اُطْلُبْ وَلَا

دعا دفع شدائد ۱۲

---

[۱] یعنی دعا نفع کرتی ہے اوس بلا کے لیے جو نازل ہو واقع ہو چکی اور جو ابھی نازل نہین ہوئی ہی سو اے بندگان خدا دعا کو اپنے اوپر لازم کرو ۱۲ [۲] یعنی قضاء الٰہی کو کوئی چیز باز نہین رکھتی مگر دعا اور عمر مین کوئی شے زیادہ نہین کرتی مگر نیکوئی ۱۲ [۳] جو کوئی حق تعالی سی سوال نہین کرتا اوسپر اوسکا غضب ہے ۱۲ [۴] دعا نفع کرتی ہی واسطے اوس بلا کہ جو واقع ہو چکی ہو اور جو ہنوز نازل نہین ہوئی چنانچہ جو نازل ہو چکی ہے اوسکو دفع کرتی ہی اور جو واقع نہین ہوئی اوسکو روک دیتی ہی ۱۲ [۵] دعا تم ہر ایک کی مستجاب ہوتی ہی جبتک وہ تعجیل نہین کرتا کہ کہتا ہی مینے دعا کی مگر مستجاب نہین ہوئی ۱۲ [۶] دعا سلاح مومنین کا ہے ۱۲

تَصَبَّرْ مِنْ مَطْلَبٍ[1] ۵ اَمَا تَرَى الْجَبَلَ بِتَكْرَارِ رِيَاحٍ ۵ فَاِنَّهُ لِطَالِبٍ اَنْ يُصَيِّرَ
فِي الصَّخْرِ الصَّمَّاءِ[2] قَدْ اَثَّرَا واضح ہو کہ منجملہ ادعیہ کے دعا معجرج ہے جو مشہور
ہے اور اس کے باب مین اثر ہے یعنے خبر و روایت ہے امام جعفر صادق
بن محمد سے کہ اُنھون نے روایت کی ہے اپنے پدر بزرگوار محمد بن علی بن
الحسین بن علی بن ابی طالب علیہم السلام سے اور یہ دعاے عظیم نافع ہے
واسطے دفع ہم و غم کے اور براے کشایش شدائد کے اور اوس کے لیے شرح
فوائد طویل ہین اور وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ[3]
اَسْئَلُكَ مَنْ اَقَرَّ لَهُ بِالْعُبُوْدِيَّةِ كُلُّ مَعْبُوْدٍ يَا مَنْ يَحْمَدُهُ كُلُّ مَحْمُوْدٍ
يَا مَنْ يَفْزَعُ اِلَيْهِ كُلُّ مَحْزُوْنٍ يَا مَنْ يَطْلُبُ عِنْدَهُ كُلُّ مَقْصُوْدٍ يَا مَنْ
يَا مَنْ سَائِلُهُ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ يَا مَنْ بَابُهُ بِسُؤَالِهِ غَيْرُ مَسْدُوْدٍ مَنْ هُوَ
غَيْرُ مَوْصُوْفٍ وَّلَا مَحْدُوْدٍ يَا مَنْ عَطَاؤُهُ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ وَلَا مَنْكُوْدٍ
يَا مَنْ هُوَ لِمَنْ دَعَاهُ غَيْرُ بَعِيْدٍ وَهُوَ نِعْمَ الْمَقْصُوْدُ يَا مَنْ رِجَاءُ
عِبَادِهِ بِحَبْلِهِ مَسْدُوْدٍ مَنْ لَيْسَ لَهُ بِوَالِدٍ وَلَا مَوْلُوْدٍ يَا مَنْ لَيْسَ شَبِيْهٌ
وَلَا مِثْلُهُ مَوْجُوْدٌ يَا مَنْ لَيْسَ بِوَالِدٍ وَلَا مَوْلُوْدٍ يَا مَنْ لَيْسَ الْوَصْفُ
بِقِيَامِهِ وَقُعُوْدِهِ وَلَا بِحَرَكَةٍ وَلَا بِجُمُوْدٍ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا

---

[1] طلب حاجت کر اور بیقراری اور بے صبری نکر کسی مطلب سے کیونکہ طالب کو لیے بیقراری و بے صبری کرنا آفت ہے ۱۲ [2] کیا تو نہین دیکھتا ہے حسن کی کشاکشی کو سنگ خارا مین کہ ہر آئینہ نشان پڑ جاتا ہے ۱۲ [3] یا اللہ مین تجھسے سوال کرتا ہون اے وہ خداوند جس کے لیے سارے معبود جسکی پرستش کیجاتی ہے اقرار بعبودیت و پرستاری کرتے ہین اے وہ خداوند جسکی حمد سارے محمود کرتے ہین اے وہ خداوند جسکی طرف سارے [illegible] چارہ گری کرتے ہین اے وہ خداوند جسکی جناب مین تمام مقصود طلب کیے جاتے ہین اے وہ خداوند جسکا سائل محروم نہین پھرتا اے وہ خداوند جسکا دروازہ سوال کا بند نہین ہے اے وہ خداوند جسکا بیان نہین ہوسکتا اور نہ کوئی اسکے لیے حد ہے اے وہ خداوند جسکی عطا کا سلسلہ غیر منقطع ہے اور اسکے عطیے کبھی عسر کی ہے اے وہ خداوند کہ اسکو جو کوئی پکارتا ہے اس کے دور نہین ہے اے وہ خداوند کیا اچھا مقصود ہے اے

وَدُوْدُ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَعْقُوْبَ يَا غَافِرَ الذَّنْبِ دَاؤُدَ يَا كَاشِفَ
ضُرِّ اَيُّوْبَ يَا مُنْجِيْ اِبْرَاهِيْمَ مِنْ نَارِ النَّمْرُوْدِ مَنْ لَيْسَ لَهٗ شَرِيْكٌ وَ
لَا مَعَهٗ اَحَدٌ مَقْصُوْدٌ يَا مَنْ يُخْلِفُ الْوَعْدَ وَيَعْفُوْ عَنِ الْمَوْعُوْدِ يَا
مَنْ بِرُّهٗ وَرِزْقُهٗ لِلْعَاصِيْنَ مَمْدُوْدٌ يَا مَنْ هُوَ بَرٌّ حَلِيْمٌ وَنِعْمَ
الْمَقْصُوْدُ يَا مَنْ هُوَ مَلْجَاءُ كُلِّ مَلْهُوْفٍ وَّمَسْرُوْرٍ يَا مَنْ اَذْعَنَ لَهٗ
جَمِيْعُ خَلْقِهٖ بِالسُّجُوْدِ يَا مَنْ لَيْسَ عَنْ بَابِ جُوْدِهٖ مَطْرُوْدٌ يَا مَنْ لَيْسَ
بِبَابِهٖ اَحَدٌ مَقْصُوْدٍ يَا مَنْ لَا يَحِيْفُ فِيْ حُكْمِهٖ وَيَحْكُمُ عَلَى الظَّالِمِ
الْعَنُوْدِ اِرْحَمْ عَبْدًا ظَالِمًا مُخْطِئًا لَمْ يُوْفِ بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ فَعَّالٌ
لِمَا تُرِيْدُ يَا اَللّٰهُ سه بار يَا رَبِّ سه بار يَا رَحِيْمُ يَا وَدُوْدُ يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ هٰذَا الدُّعَاءِ عَظْمَةً عِنْدَكَ
اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ لَمْ تَغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

برائے دفع ہم و غم ۱۲

خداوند جسکے بندون کے بارے رسن واثق مین بندھی ہین کہ وہ قطع نہین ہوتی اے وہ خداوند کہ نہین ہے کوئی مشابہ اور نہ اسکے مثل و مانند کے لیے وجود ہے اے وہ خداوند جو نہ کسی کا والد ہے نہ کسیکا مولود ہے اے وہ خداوند جسکا وصف نہ بقیام ہو سکتا ہے نہ بقعود نہ اوسکو کھڑا کہہ سکتے ہین نہ بیٹھا اور نہ اوسکی نسبت کہہ سکتے ہین کہ اوسکو حرکت ہے ۱۲ ؎ نہ حرمت ہے یا اللہ یا رحمن یا رب ودود رحم کرنیوالے پیر مرد بزرگ یعقوب کے اے عفو خطا کرنیوالے داؤد کے اے دور کرنے والے مصیبت ایوب کے اے نجات دینے والے ابراہیم کو آتش نمرود سے اے وہ خداوند جسکا کوئی شریک و ہمسر نہین ہے اور اوسکے ساتھ کسی غیر کا قصد کیا جاتا ہے اے وہ خداوند جو وعدہ خلاف نہین ہے اور وعدہ وعید عذاب سے عفو کرتا ہے اور وہ خداوند جسکی نیکی و رزق رسانی واسطے گناہگارون کے ممدود بستہ ہوئے وہ خداوند جو احسان کرنیوالا اور بردبار ہے اور کیا ہی اچھا مقصود ہے جسکا قصد اعتقاد کیا جاوے اے وہ خداوند جو پناہ کل عاجزون اور اون کا ہے اے وہ خداوند جسکے لیے اوسکی ساری خلق نے سجدہ مین گردن جھکائی ہے اے وہ خداوند جسکے دروازہ جود و کرم سے کوئی رانندہ نہین ہے اے وہ خداوند جسکے دروازے سے کوئی گم شدہ نہین ہے اے وہ خداوند جس کے حکم مین ظلم نہین ہے اور وہ ظالمان سرکش پر حکم مناسب کرتا ہے رحم کر بندگان گنہگارون جفا کار کے

وَالْمُسْلِمِيْنَ اَجْمَعِيْنَ اور بعد اس دعا کے سوال اپنی حاجت کا کرے تو مقصود اوسکا برآویگا باذن اللہ تعالیٰ اور مسند امام احمد مین اور صحیح ابن حبان مین ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور انھون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو ہم وغم یا حزن پہونچے تو وہ یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اُمَّتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاۤؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ اَوْ اَمْتَاثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ وَقَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجَلَاۤءَ حَزَنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ دیگر یہ کہ حق تعالیٰ اوس کا حزن و غم لے جاوے گا اور بجاے اوس کی مصیبت کے کشایش سے بدل دے گا اور بعض اُن ادعیہ مین سے وہ ہے جو عبد اللہ بن ابی زید القیروانی سے منقول ہے اونھون نے کہا مین نے بہت ادعیہ دیکھی مگر مین نے زیادہ تر اس دعا سے کوئی سریع التاثیر نہین دیکھی اور نہ اُوس سے زیادہ تر کوئی سریع الاجابت تجربہ مین آئی اور حال یہ ہے کہ شیخ فقیہ ابو اسحاق التونسی اِس دعا سے ہر سلطان جابر اور ہر ایک دزد خائن کے ضرر پر دعا کرتے تھے اور جملہ مصائب و شدائد و نوائب مین اِس دعا کے ساتھ دعا

برائے دفع ضرر سلطان جابر وغیرہ ۱۲۵

کے تئین جنھون نے اپنا عہد وفا نہین کیا وہ آیۃ تو اپنے ارادہ کا بڑا پورا کرنیوالا ہی یا اللہ تین بار یا رب تین بار یا رحیم یا ارحم الراحمین یا اللہ مین تجھسے سوال کرتا ہون بحرمت اس دعا کی اور بعظمت اس دعا کی جو تیرے نزدیک ہے سوال یہ ہی کہ درود و سلام اوپر محمد و آل محمد کے نازل کر اور میرے گناہون کی آمرزش کر اور میرے والدین اور جمیع مسلمین کی مغفرت کر الٰہی یا بتحقیق کہ مین تیرا بندہ ہون اور تیرے بندہ زادہ ہون اور کنیز زادہ ہون میری پیشانی یعنی میری چوٹی تیرے ہاتھ مین ہے تیرا حکم نافذ ہو تیرا حکم سایستہ ہے مین سوال کرتا ہون تجھسے بوسیلہ تیرے ہر ایک اسم کے جس سے تو نے اپنی ذات خاص کا نام رکھا ہو یا بوسیلہ تیرے اُس اسم کے جسکو تو نے اپنی کتاب مین نازل کیا ہو یا اسکو اپنی خلق مین سے کسی کے تئین تعلیم کیا ہو یا اسکو

مانگتے تھے سو جو کوئی اس دعا پر واقف و مطلع ہونا چاہیے کہ وہ اسکو حفظ یاد
کر لیوے اور اوسکو بحفاظت نگاہ رکھے کیونکہ دعاے خواص و خاصگان کی ہے اور
اس سے بد دعا نہ کرے مگر ایسی شخص پر جو کہ استحقاق رکھتا ہو کہ یہ مجربات سے
ہے اور دعاے مبارک یہ ہی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ يَا مَوْضِعَ
كُلِّ شَكْوٰى وَيَا شَاهِدَ وَكُلِّ نَجْوٰى وَيَا عَالِمَ كُلِّ خَفِيَّةٍ وَيَا كَاشِفَ
كُلِّ بَلِيَّةٍ يَا مُنْجِيْ مُوْسٰى وَمُحَمَّدٍ وَاِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ
دعاۃ — اَجْمَعِيْنَ اَدْعُوْكَ يَا اِلٰهِيْ دُعَاتَ مَنِ اشْتَدَّتْ فَاقَتُهٗ وَضَعُفَتْ قُوَّتُهٗ
الملہوف — وَقَلَّتْ حِيْلَتُهٗ دُعَاةَ الْغَرِيْقِ الْعلموتِ الْمَكْرُوْبِ الَّذِيْ لَا يَجِدُ لِكَشْفِ
مَا بِهٖ اِلَّا اَنْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اكْشِفْ عَنَّا مَا نَزَلَ بِنَا
عدو ناد — مِنْ عَدُوِّكَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ اور ایک
اگر ظالم ہو تو کہے مِنْ فُلَانِ الظَّالِمِ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
۲ یا — قَدِيْرٌ وَاَغَوْثَاهُ سہ بار يَا اَللّٰهُ سہ بار اَللّٰهُمَّ يَا بَارِئُ لَا بَارِئَ سِیے

۴ بوسیلہ اس اسم کے سوال ہے کہ قرآن عظیم کو تازگی میرے قلب کا کر اور اسکو نور میری نگاہ کا کر اور اسی ہی زنگ دوائی میرے حزن
اور دفا میرے غم کا کر ۱۲ ۱ے یا اللہ ای محل کل شکوی کے یعنی تجھسے مخلوق شکایت اپنی اندوہ و آزار کی کرتی ہے ای حاضر و ناظر
ہر ایک مناجات میں ای دانا ہر شے پوشیدہ کے ای دافع ہر بلا رسیدہ کے ای نجات دہندہ موسی و ابراہیم خلیل علیہ السلام کے یا الٰہی
میں تجھسے دعا کرتا ہوں اور تجکو پکارتا ہوں پکارنا اون لوگوں کا جنکو شدت و سختی فاقہ کشی کی ہوتی ہے اور جسکی
قوت ضعیف ہوتی ہے اور حیلہ جسکا تھا قرار اور فکر اوسکی کوتاہی کرتا ہے اور پکارنا ڈوبنے کا جو عاجز و مصیبت زدہ ہے کہ وہ اسکو دافع
اس مصیبت کے کسیکو نہیں پاتا ہے سواے تیرے کہ کوئی لائق الوہیت نہیں ہے سواے تیرے یا ارحم الراحمین تو دفع کر ہمسے اُن واردات
کو جو ہمکو پہونچتی ہیں ہمارے دشمن اور تیرے دشمن سے جو شیطان رجیم ہے اور اُن قوم ظالمین سے اور اگر کوئی ایک دشمن ہو تو بجاے ان
ہولاء القوم الظالمین کے من فلان الظالمین کہے یعنی اُس ظالم کا نام لیوے) یا رب العالمین ہر آئینہ ہر شی پر تو قادر ہے ۳ غوثاہ تین بار
کہے یعنے ای فریاد رس فریاد ہی اور یا اللہ تین بار کہے ۱۲ ۵ یا اللہ ای خلق کرنیوالے تمام خلق کی کہ تجکو کوئی خلق کرنیوالا ۱۲

لَكَ يَا دَائِمُ لَا نَفَادَ لَكَ يَا حَيُّ يَا مُحْيِيَ الْمَوْتٰی يَا قَائِمًا عَلٰی كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ اِلٰهِیْ اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ لَا اِلٰهَ اَنْتَ اِلٰهًا وَاحِدًا اَسْئَلُكَ بِالْكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ لِلْاَمْنِ وَالْعَفْوِ وَالْعَافِيَةِ وَالْمُعَافَاتِ الدَّائِمَةِ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَفِی الْاَهْلِ وَالْجَدِّ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ وَالْمُسْلِمِيْنَ اَجْمَعِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ وَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَاكْشِفْ عَنِّیْ مَا نَزَلَ بِیْ مِنْ ضُرٍّ وَكُلِّ مَا اَرَدْتُ وَخَلِّفْنِیْ خَلَاصًا جَمِيْلًا يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اور چاہیے کہ حق تعالیٰ کی جناب مین باامید اجابت دعا کے حسن ظن یعنے یقین رہے کیونکہ فوائد اور صورت درستی عقائد کے ہوتی ہین اور ادعیہ مین سے مولانا ابوالحسن الشاذلی کی حزب النصر ہے یعنی حرز برائے نصر ہے وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسَطْوَةِ جَبَرُوْتِ قَهْرِكَ وَبِسُرْعَةِ الْغَاثَةِ نَصْرِكَ وَبِغَيْرَتِكَ لِانْتِهَاكِ حُرُمَاتِكَ وَبِحِمَايَتِكَ لِمَنِ احْتَمٰی بِاٰيَاتِكَ نَسْئَلُكَ يَا سَمِيْعُ يَا مُجِيْبُ يَا سَرِيْعُ يَا مُنْتَقِمُ يَا قَهَّارُ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ يَا مَنْ لَا يُعْجِزُهٗ قَهْرُ الْجَبَابِرَةِ وَلَا يَعْظُمُ عَلَيْهِ هَلَاكُ الْمُتَمَرِّدَةِ مِنَ الْمُلُوْكِ الْاَكَاسِرَةِ نَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ اَنْ تَجْعَلَ كَيْدَ مَنْ كَادَنَا فِیْ نَحْرِهٖ وَمَكْرَ مَنْ مَكَرَ بِنَا عَائِدًا عَلَيْهِ

ع۱ والجسد

ع۲ وخلصنی

---

نہین ہے یا دائم ہمیشہ باقی تیرے لیے فنا وزوال نہین ہے یا حی آجلانے والے مردون کے اے قائم نگران ہر زندہ جان پر ہر حالمین جو کچھ وہ کرتا ہے کردار الٰہی توہی اللہ عزیز و توہی جبّار ہے کوئی لائق الوہیت کے سواے تیرے نہین ہے کہ تو اللہ یکتا ہے مین سوال کرتا ہون تجھسے بواسطے تیرے کلمات تامہ کاملہ کے سوال امن و عفو و عافیت و معافات دائمہ باقیہ کا بیچ دنیا و آخرت کے حق مین اپنے اہل اور اپنے بدن و مال اور اولاد کے حق مین سائر مسلمین کے اے پروردگار تمام عالم توہی ہر شے پر قادر ہے اور مجھپر تو رحم کر اپنی رحمت سے یا ارحم الراحمین تو دفع کر مجھسے میرے ضرر و مصیبت کو اور ان کلفت کو جو میرے ارادہ مین ہے اور مجھے مخلصی اچھی مخلصی یا رب العالمین ۝ الٰہی بواسطہ جبروت و عظمت تیرے قہر کے و بواسطہ

وحفرة من حفر لنا واقعا فيها ومن نصب لنا شبكة الخداع اجعله
يا سيدي مساقا اليها ومصادا فيها واسيرا لديها بحق كهيعص اكفهم
العداء ولقهم الردى واجعلهم لكل حبيب فداء وسلط اللهم عليهم
عاجلا نقمتك في اليوم وفي الغد اللهم بدد شملهم فرق جمعهم
اللهم قلل عددهم واقلل عددهم اللهم اجعل الدائرة عليهم اللهم
ارسل العذاب اليهم اللهم اخرجهم من دائرة الحلم واسلبهم مدد
الامهال وغل ايديهم واربط على قلوبهم ولا تبلغهم الامال
اللهم مزقهم كل ممزق مزقته لاعدائك انتصارا لا
نبيائك ورسلك واوليائك اللهم انتصر لنا انتصارك لانبيائك
ورسلك على اعدائك اللهم لا تمكن لاعدائك فينا ولا تسلطهم
علينا بذنوبنا حم ہفت بار لا ينصرون اللهم بحق حمعسق
حمايتنا مما نخاف اللهم قنا الاسواء ولا تجعلنا محلا للبلوى اي

---

ہے تیرے شتاب فریادرسی تیری نصرت کے واسطے تیری اس غیرت کے جو بوقت پردہ دری تیری حرمت والی چیزوں کے ہوتی ہے اور بوسیلہ تیری حمایت کے جو مخصوص اس شخص کے لیے ہو کہ وہ تیری آیات کے ساتھ پناہ و حمایت خواہ ہو ہم لوگ تجھسے سوال کرتے ہیں یا سمیع یا مجیب یا سریع یا منتقم یا قہار اے سخت گیر اے وہ خداوند جسکے تئین قہر ظالموں کا عاجز و درماندہ نہیں کرتا ہے اور نہ اوس پر دشوار ہے ہلاک کرنا ستمگروں کا جو جنس ملوک جابران سے ہیں ہم تجھسے سوال کرتے ہیں یا اللہ کہ جو کوئی ہمسے کید کرتا ہے اوسکی تاکید کو اوسی کے لیے ہلاکی مقرر کر اور جو ہم کو مکر کرتا ہی اوسکے مکر کو اوسی پر پھیردے اور جو کوئی ہمارے لیے گڑھا کھودتا ہی اوسمین اوسکو گرادے **یا اللہ** اور جو کوئی ہمارے لیے دام جلیح و فریب نصب کرتا ہو سو اے میرے مالک کر تو اوسی کو اوسمین قید و بند کر دے یا اللہ بحق کہیعص کے تو ہماری کفایت و حمایت کر ان دشمنوں سے اور اونکے آگے لا ذلت و خواری یعنی بستر فتادگی اونکی پیش آور ہوا ور انکے تئین واسطے ہر ایک حبیب و دوستدار کے فدیہ بلا مقرر کر اور یا اللہ تو اون پر ایسا غضب مسلط کر جو بہت جلد بدلا لینے والا ہو آج یا کل یا اللہ اونکی جمعیت کو پریشان کر یا اللہ اون کی جماعت کو پراگندہ کر دے یا اللہ اونکی فردی یا تنہزی کو کم کر دے اور انکی کثرت کو

اَللّٰهُمَّ وَاَعْطِنَا اَمَلَ الرَّجَاءِ وَفَوْقَ الْاَمَلِ يَا مَنْ بِفَضْلِهٖ نَسْاَلُ اِلٰهِيْ اَلْعَجَلَ
۳ بار اَلْاِجَابَةَ ۳ بار يَا مَنْ اَجَابَ نُوْحًا فِيْ قَوْمِهٖ يَا مَنْ نَصَرَ اِبْرَاهِيْمَ
عَلٰى اَعْدَائِهٖ يَا مَنْ رَدَّ يُوْسُفَ عَلٰى يَعْقُوْبَ يَا مَنْ كَشَفَ ضُرَّ اَيُّوْبَ
يَا مَنْ اَجَابَ دَعْوَةَ زَكَرِيَّا يَا مَنْ قَبِلَ تَسْبِيْحَ يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى نَسْئَلُكَ
اَللّٰهُمَّ بِاَسْرَارِ اَصْحَابِ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابِ اَنْ تَتَقَبَّلَ مِنَّا مَا بِهٖ
دَعَوْنَاكَ وَاَنْ تُعْطِيَنَا مَا سَاَلْنَاكَ اَنْجِزْ لَنَا وَعْدَكَ الَّذِيْ وَعَدْتَهٗ لِعِبَادِكَ
الْمُؤْمِنِيْنَ اِنْقَطَعَتْ اٰمَالُنَا وَعِزَّتِكَ اِلَّا مِنْكَ وَخَابَ رَجَاءُنَا وَحَقِّكَ
اِلَّا فِيْكَ اِنْ اَبْطَاَتْ غَارَةُ الْاَرْحَامِ وَابْتَعَدَتْ فَاَقْرَبُ الشَّيْءِ مِنَّا
نُصْرَةُ اللّٰهِ يَا غَارَةَ اللّٰهِ جِدِّي السَّيْرَ مُسْرِعَةً فِيْ حَلِّ عُقْدَتِنَا يَا غَارَةَ
اللّٰهِ عَدَتِ الْعَادُوْنَ وَجَادُوْا وَرَجَوْنَا اللّٰهَ مُجِيْرًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا
وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

---

اُنکو گنہگاری یا اللہ واردات و آفات کو اون پر مقرر کرے یا اللہ اون پر عذاب نازل کر یا اللہ اونکو دائرہ حلم سے نکال کہ وہ صبر و تحمل نہ کر سکین اور امداد مہلت اون سے سلب کر لے اور اونکے ہاتھوں مین ہتکڑی ڈالدے اور اُنکے دلون کو باندھ دے اور اُنکی آرزوئین اُنکو نہ پہونچین یا اللہ اونکی جانب رجوع کر۔ رسوائی تمام از برائے تفضیح اپنے دشمنون کے اور برائے نصرت یابی اپنے نبیون اور رسولون کے تیرے دشمنون پر یا اللہ اپنے دشمنون کو ہمپر روز آوری دے اور ہمارے گناہون کے سبب اونکو ہمپر غالب نہ کر حٰمٓ سات بار کہے (اسلیے کہ حٰمٓ سات ہین) اور بعد ساتوین حٰمٓ کے لاینصرون کہے یعنی بحق حٰمٓ وہ لوگ نصرت زیردین نپاوین یا اللہ بحق حٰمٓ عٓسٓقٓ کے ہماری حمایت کر جن چیزون سے ہم خوف کرتے ہین یا اللہ ہمکو برائیون سے بچا اور ہمکو محل اور موجب بلا کا نہ کر ۱۲ اے یا الٰہ جس آرزو کی ہم امید رکھتے ہین اور جو کچھ اوس امید سے فوق دیا لائے تھے وہ سب ہمکو عطا کر اے وہ خداوند جسکے فضل سے ہم اوسی کے فضل کا سوال کرتے ہین یا اللہ العجل اس لفظ کی تین بار تکرار کرے الاجابت اس لفظ کی بھی تین بار تکرار کیجیے چنانچہ مجموع دعوات اُنکو العجل الاجابة یعنی بہت جلد دعا مستجاب ہو اے وہ خداوند جسنے دعائے نوح کی دوبارہ اوسکی قوم کی قبول کی اے وہ خداوند جسنے ابراہیم کو اوسکے دشمنون پر منصور و مظفر کیا اے وہ خداوند جسنے یوسف کو یعقوب کے پاس پہونچایا اے وہ خداوند جسنے ایوب کی مشکلکشائی کی اے وہ خداوند جسنے دعاء زکریا کی پزیرائی کی اے وہ خداوند جسنے تسبیح یونس بن متی کی بطن ہی شنوائی کی ہم تجھ

بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیمِ سَلَامٌ عَلٰی نُوحٍ فِی العٰلَمِینَ اَستَجِب لَنَا اٰمِینَ
سہ بار دَابِرُ القَومِ الَّذِینَ فَاَصبَحُوا لَا یُرٰی اِلَّا مَسَاکِنُہُم وَالحَمدُ
لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ تمام ہوا یہ حزب النصر بعون اللہ تعالیٰ دربارہ اس حزب
کے شاعر نے کہا ہی شعر یا الحِزبُ النَّصرِ اَسرَارٌ سُنِّیَّۃٌ + وَلِلرَّحمٰنِ اَلطَافٌ خَفِیَّۃٌ
وَاَنَا بِالاِجَابَۃِ قَد وُعِدنَا + وَتَرکُ سُؤَالِ مِثلِنَا خَطِیَّۃٌ + قَالَ اللّٰہُ
تَعَالٰی اُدعُونِی اَستَجِب لَکُم اِنَّ الَّذِینَ یَستَکبِرُونَ عَن عِبَادَتِی سَیَدخُلُونَ
جَہَنَّمَ دَاخِرِینَ اور بعض ادعیہ مین سے ایک یہ دعاے عظیم ہے براے قضاے حوائج
کے کہ اوسکی ساتھ دعا کرین بعد دو رکعت نماز کے اسطرح کہ بخلوص نیت حمد حق تعالیٰ
بجالاوین اور استغفار کرین یعنی اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَاَستَغفِرُ اللّٰہَ جس قدر زبان سے
کہین اور درود وسلام اوپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھیجین پھر یہ دعا پڑھین
اَللّٰہُمَّ یَا جَامِعَ الشَّتَاتِ یَا مُخرِجَ النَّبَاتِ وَیَا مُحیِیَ العِظَامِ الرُّفَاتِ
وَیَا مُجِیبَ الدَّعَوَاتِ وَیَا قَاضِیَ الحَاجَاتِ وَیَا مُفَرِّجَ الکُرُبَاتِ مِن فَوقِ

ہم سوال کرتا ہون اے میرے پروردگار بواسطۂ اسرار ان لوگون کے جو اصحاب اس دعوات مستجاب کے ہین سوال اس امر کا کہ تو ہم کو بخشدے
اگر جس چیز کی ہم نے تجھسے دعا کی ہی اور تو ہمکو عطا کر جو کچھ ہم نے تجھسے سوال کیا ہی اور تو اپنے وعدہ کو وفا کر وہ وعدہ جو تو نے اپنے بندگان
مومنین سے وعدہ کیا ہی قسم ہے تیرے عزت وجلال کی ساری امیدین ہماری منقطع ہین سواے اوس امید کے جو تجھ سے ہے اور قسم ہے
تیرے حق کی تمام آرزوئین ہماری بے آس ہین سوای اُس آرزو کی جو تیرے پاس ہے اگر غیرت ذوی الارحام نے تجھ سے دیری و دوری کی ہے
تو قریب ترین سے مجھسے نصرت و فیروزی حق تعالیٰ ہی اگر غیرت جدا جلد آشنائی سے واسطے میری عقدہ کشائی کے اے غیرت خدا مجھپر
تعدی کی تعدی کرنیوالون نے اور جور و ستم کیا اور ہم امیدوار ہین حق تعالیٰ سے اور پناہ مانگنے والے ہین اور حال یہ ہے کہ حق تعالیٰ کافی ہی
حمایت و مدد کرنیوالا اور اللہ کافی ہی نصرت و فیروزی دینے والا اور اللہ ہمکو بس ہے اور ہمکو توانائی و قوت نیکوکاری کی نہین ہے مگر
بتوفیق خداوند برتر و بزرگ کے سلام ہے نوح علیہ السلام پر منجملہ تمام عالمیان کے ۱۲ سلہ یا اللہ خبردار کر ہماری دعا کو آمین ہو اس سے
اگو گا مین یاد رکھین بعدہ یہ آیہ پڑھین فقطع الخ یعنے قطع ہوگئی نسل ظالمون کی سو وہ لوگ ایسے فنا ہو گئے سواے اونکی عمارات کے اور
کچھ نشان انکا نظر نہین آتا اور جمیع حمد سزاوار ہین واسطے حق تعالیٰ کے ۱۲ ستہ اس حزب کے لیے اللہ الصمد شش ہین اور واسطے حق تعالیٰ

دعاے قضاے حوائج ۱۲

م

× وَيَا فَاتِحَ

سَبْعَ سَمٰوَاتٍ وَيَا فَاتِحَ خَزَائِنِ الْكَرَامَاتِ وَيَا مَالِكَ حَوَائِجِ الْعَالَمِيْنَ
وَسِعَ سَمْعُكَ الْاَصْوَاتِ وَاَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِقُدْرَتِكَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَبِاسْتِغْنَائِكَ عَنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَبِحَمْدِكَ اَنْ تَجُوْدَ
عَلَى الْحَاجَتِيْ وَهِيَ كَذَا وَكَذَا واضح ہو کہ بجاے کذا وکذا کے یہ کہے کہ وہ
حاجت میری فلان فلان ہی یعنے اوس حاجت کا نام لیوی کہ مطلب اوسکا برآمد
ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ اور اگر برآمد مطلب مین درنگ ہو تو اُسی عمل کی تکرار
تین بار یا سات بار کیجاوی تا آنکہ بالضرور حصول مطلب ہوگا باذن اللہ تعالیٰ
اور بعض ادعیہ مین سے دعاے سفیان الثوری ہے رحمہ اللہ اور وہ دعا
یہ ہے اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَاِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ وَوَلِيَّ كُلِّ شَيْءٍ وَخَالِقَ
كُلِّ شَيْءٍ وَقَاهِرَ كُلِّ شَيْءٍ بِقُدْرَتِكَ يَا مَالِكَ كُلِّ شَيْءٍ وَالْعَالِمُ كُلَّ
شَيْءٍ وَالْحَاكِمُ كُلِّ شَيْءٍ وَالْقَادِرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ بِقُدْرَتِكَ عَلٰى
شَيْءٍ اِغْفِرْ لِيْ كُلَّ شَيْءٍ وَلَا تَسْاَلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ وَلَا تُحَاسِبْنِيْ بِشَيْءٍ واضح
ہو کہ اسناد مین اس دعا کے مروی ہی کہ بعض مردم نے بعض صالحین کو بعد مرگ کے اپنے

ع۱ عِلْمُكَ
ع۲ وَمَجْدُكَ
ع۳ لے بحاجتی

---

ہوے کے الطاف پوشیدہ ہین ۱۲ ع۲ اور ہم قبول دعا کے ساتھ موجود ہین اور حال یہ ہے کہ اے ہمارے دوست ترک سوال کرنا خطا ہی
۱۲ ع۳ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا ہی کہ تم مجھسے دعا کرو مین دعا تمھاری قبول کرونگا و ہر آئینہ جو لوگ میری عبادت وعبودیت سے
بے پروائی کرتے ہین وہ عنقریب داخل جہنم ہونگے ذلیل و خوار ہو کر ۱۲ ع۴ یا اللہ اے جمع کرنے والے پراگندہ کے اور اگانے والے
سبزہ زار کے اور زندہ کرنے والے استخوانہاے ریزہ ریزہ اور ہم پاشیدہ کے اور قبول کرنے والے دعوات کے اے برلانے والے حاجات کے
و کھولنے والے مشکلات کے بانے ہفت سموات کے اور کشایندہ درہاے کرامات کے ۱۲ ع۱ اے مالک و برآرندہ مقاصد تمام عالم
کے وسیع و رسا ہی شنوائی تیری تمیع صوتہاے صدا کو اور محیط و حاوی ہی علم تیرا سارے اشیا کو مین سوال کرتا ہون تجھسے بوسیلہ تیری
قدرت کے جو ہر شے پر قادر ہے اور بوسیلہ تیرے استغنا اور بے نیازی کے جو اپنے جملہ خلق سے ہی اور بوسیلہ تیری حمد و مجد کے
سوال یہ ہی کہ تو بخشش کر مجھپر عطاے میری حاجت کے :: میری فلان و فلان حاجت ہے ۱۲ ع۲ یا اللہ پروردگار کل شے کے اور الٰہ

خواب مین دیکھا اور یہ حال تھا کہ وہ مرد صالح اپنی حین وحیات مین اِس دُعا کو پڑھا کرتے تھے چنانچہ صاحب خواب نے اون سے پوچھا کہ حق تعالےٰ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا اوس نے کہا کہ حق تعالیٰ نے مجھے اپنے سامنے کھڑا کیا اور فرمایا جو دعا تو دنیا مین پڑھا کرتا تھا اوسی دعا سے تو مجھے دعا کر سو مین نے اوسی دعا کو پڑھا جب مین اِس کلمے تک پہونچا اِغْفِرْ لِیْ کُلِّ شَیْءٍ یعنے عطا کر مجھکو ہر شے تو فرمایا قَدْ غَفَرْتُ لَکَ یعنے ہر آئینہ مین نے بخشا تیرے لیے بعد ازان مین نے پڑھا وَهَبْ لِیْ کُلَّ شَیْءٍ یعنے بخشش کر میرے لیے کل شئی تو فرمایا قَدْ وَهَبْتُ لَکَ یعنی بخشش دی مین نے تجکو بعد ازان مین نے کہا وَلَا تَسْأَلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ یعنی مجھ سے کسی چیز کی بازپرس نہ کر تو فرمایا وَلَا اَسْئَلُکَ یعنی مین تجھ سے کچھ نہ پوچھونگا پھر مین نے کہا وَلَا تُحَاسِبْنِیْ یعنے مجھ سے کسی چیز کا محاسبہ نہ کر تو فرمایا وَلَا اُحَاسِبُکَ یعنے مین تجھ سے کسی چیز کی بابت حساب نہ کرونگا اور بعضون اِس دعا مین چند کلمات زیادہ کیے ہین وہ یہ ہین وَلَا یَضُرُّہٗ شَیْءٌ وَلَا ینفعہ شئی ولا یکدرہ شئی لیکن اول یعنے بلا زیادہ مشہور زیادہ ہے اور بعض ادعیہ مین سے دعاے شیخ ابن ابی جمرہ ہے جو منقول ہے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ مروی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا

---

ے معبود کل شے کے اور مالک ہر شے کے اور خالق ہر شے کے اور قاہر وغالب ہر شے کے اپنی قدرت سے اے مالک ہر شے اے عالم ودانا ہر شے اور حاکم ہر شے پر اور قادر ہر شے پر اپنی قدرت سے جو کل اشیا پر رکھتا ہے عطا کر مجکو جملہ اشیا اور بخشش کر میرے لیے جملہ اشیا اور مجھ سے بازپرس نکر کسی چیز کی اور مجھ سے محاسبہ نہ لے کسی چیز کا ۱۲ ؎ کوئی شے اوس کا نقصان نہین کر سکتی اور نہ کوئی شے اوسکو مکدر خاطر نہین کرتی یعنے اوس مین کیفیت کدورت تاثیر نہین کرتی ۱۲

حذیفہ سے تو اُس دعا کے ساتھ دُعا کر اور اپنی دعاے حاجت طلبی یعنی دعا مانگنے سی بیشتر اِس دعا کو مقدم کر بعد اوس کے جو حاجت تو رکھتا ہو طلب کر کہ یہ دعا تیری مستجاب ہوگی اور جو کوئی اِس دعا کے ساتھ دعا کرے گا تو ایمان اوسکا قوی و استوار ہوگا اور وہ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ لَامَانِعَ اَعْطَیْتَ وَلَامُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ اَللّٰھُمَّ لَا مُضِلَّ لِمَنْ ھَدَیْتَهٗ وَلَا ھَادِیَ لِمَنْ اَضْلَلْتَهٗ وَلَا مُشْقِیَ لِمَنْ اَسْعَدْتَهٗ وَلَا مُسْعِدَ لِمَنْ اَشْقَیْتَهٗ وَلَا مُعِزَّ لِمَنْ اَضْلَلْتَهٗ وَلَا مُذِلَّ لِمَنْ اَعْزَزْتَهٗ وَلَا رَافِعَ لِمَنْ خَفَضْتَهٗ وَخَافِضَ لِمَنْ رَفَعْتَهٗ اَللّٰھُمَّ اِھْدِنَا لِمَا اَمَرْتَنَا وَوَفِّقْ لَنَا بِمَا ضَمِنْتَ لَنَا مِنْ خَیْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَقَوِّ یَقِیْنَنَا رَحْمَتَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰی اَعْدَائِنَا فِی الظَّاھِرِ وَالْبَاطِنِ اَسْئَلُكَ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ خَلِیْلُكَ اِبْرَاھِیْمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ نُوْرٍ وَالْیَقِیْنَ وَبِمَا سَاَلَكَ بِهٖ سَیِّدُنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنَ النَّصْرِ وَالتَّوْفِیْقِ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اور بعض ادعیہ سے وہ دعا ہے جو منقول ہی حسن بن سالم رحمۃ اللہ سے اونھوں نے کہا کہ میری دادی نابینا تھی اوسکو کچھ

دعا برائے روشنی چشم

---

ل یا اللہ جو چیز تو نے اپنی سرکار سی عطا کی اوسکو کوئی روکنے والا نہین ہے اور جس چیز کو تو نے روک کیا ہی اوسکا دینے والا کوئی نہین ہی اور جو کچھ تو نے حکم کیا اوسکا پھیرنے والا نہین ہے اور تیری سامنے کسی توانگر کو اوسکی توانگری بچا نہین سکتی یا اللہ جسکو تو نے ہدایت کی اوسکو کوئی گمراہ نہین کر سکتا اور جسکی گمراہی کی تو نے اوسکو کوئی ہدایت نہین کر سکتا اور جسکو تو نے سعید کیا ہی اوس کا شقی کرنے والا کوئی نہین ہے اور جسکی شقاوت مین تو نے مدد کی اوسکا سعید کرنے والا نہین ہے اور کوئی عزت دینے والا اوس شخص کا نہین ہے جسکو تو نے ذلیل کیا اور کوئی ذلت دینے والا اوس شخص کا نہین ہے جسکو تو نے عزیز کیا ہی اور کوئی اُٹھانیوالا اِس شخص کا نہین ہے جسکو تو نے گرایا اوسکو کوئی برپا کرنے والا نہین ہے یا اللہ تو ہماری رہنمائی کر اوس

سوجھتا تھا ناگاہ کوئی شخص آنے والا پاس آکر کہنے لگا کہ مین تجکو ایک اسم اسمار تعالے سے بتاتا ہون تو اوس اسم کے ساتھ دعا کر حق تعالے تیری بینائی بدستور عنایت کریگا یہ سنکے میری جدّہ نے کہا خداوند عزّ وجل میری جانب سے تجھے جزائے خیر کثیر عطا کرے اور تیری آمرزش کرے تب اوس شخص نے کہا کہ تو اپنے ہاتھون کو طرف آسمان کے بلند کر اور حق سبحانہ وتعالیٰ سے دعا مانگ بعد ازان اپنے ہاتھون کو اپنے منھ پر اور اپنی دونون آنکھون پر پھیر چنانچہ جسطرح اوس شخص نے حکم کیا میری دادی ویسا ہی عمل مین لائی و بالآخر حق تعالیٰ نے اوسکی آنکھون کو روشن کردیا اور اوس نے اپنے ساتھ ایک شیخ بزرگ کو کھڑی ہوئی دیکھا بعد ازان وہ شخص غائب ہوگیا اور ایک مدّت دراز تک پوشیدہ رہا پھر قریب مرگ میرے جدّہ کے ظاہر ہوا اور اوسکو اوس اسم مبارک سے خبر دی کہ وہ اول سورۂ حدید مین ہے تا عَلِیۡمٌ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ اور آخر تا آخر سورۂ حشر مین ہے منقول ہے کہ کسی شخص نے امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام سے سوال کیا کہ بہترین دعوات مین سے کون سی دعا ہے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مخصوص آپکو تعلیم کی ہے فرمایا مجھے گمان نہ تھا کہ کوئی مجھ سے اس بات کا سوال نکریگا بعد ازان فرمایا جب تو ارادہ طلب اپنی حاجت کا کرے تو شش آیات اول سورۂ حدید سے تلاوت کر

بہترین دعوات مروی اند از امیر المومنین ۱۲

۸۵۳

---

امر کا جس کا تونے ہمکو حکم کیا ہے اور دعا کر ہمارے حق مین جس بات کی تونے ہمارے لیے ضمانت و ذمہ داری کی ہے خیر دنیا آخرت سے اور تو ہی کر ہمارے یقین کو جس بات مین تونے ہم کو امیدوار کیا ہے اور ہم کو نصرت اور پیروی دے ہمارے دشمنون پر ظاہر مین اور باطن مین اور مین تجھ سے سوال کرتا ہون جس بات کا تیرے خلیل ابراہیم علیہ السلام نے تجھ سے سوال کیا تھا جو نور یقین سے ہے اور جس بات کا سوال ہمارے مالک و مولی یعنے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا تھا کہ وہ نصرت و توفیق بھی اور ہر آئینہ تو ہی سزاوار حمد بے حد ہے ۱۲

مَافِی السَّمٰوَاتِ وَمَافِی الْاَرْضِ تا عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ یا و آخر سورہ
حشر هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ تا آخر سورہ
حشر و بعد ازان تو اسطرح دعا پڑھ اَللّٰهُمَّ یَا مَنْ هُوَ کَذَا وَکَذَا وَلَا یَزَالُ
هٰکَذَا وَلَا یَکُوْنُ هٰکَذَا اَحَدٌ غَیْرُهٗ اِفْعَلْ بِیْ کَذَا وَکَذَا چنانچہ ایسا
ہی ہوگا موافق تیری حاجت کے کہ حق تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے ابن عباس رضی اللہ
عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ بھلا کوئی ایسی دعا ہے
جو رد نہو فرمایا یہ دعا تو پڑھ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْلٰی الْاَجَلِّ الْاَکْبَرِ اور بعض
علما سے منقول ہے کہ جب تو حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے تو شروع کر درود
سے اوپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور درود ہی پر ختم کر کیونکہ دعا کے اول و آخر
درود پڑھیں تو دونوں درود اور ایسی دعائیں کہ رد نہیں ہوسکتی اور ان دونوں
کے درمیان جو دعا ہوگی لامحالہ وہ بھی مردود نہوگی اور بعض ادعیہ سے وہ دعا ہے جو
منقول ہے بعض صالحین اہل تجربہ سے چنانچہ اونھوں نے کہا جب کوئی تجکو حاجت جناب
اقدس الٰہی مین درپیش ہو تو مساجد مین سے کسی مسجد کیطرف قصد کر اور اوسمین قبلہ رو ہو کر توقف

ذکر دعائے غیر مردود ۱۲

ذکر دعا درمیان درود اول و آخر ۱۲

برائے آمد حاجات ۱۲

---

۱؎ ظاہرا کذا وکذا سے مراد صفات حق تعالےٰ سے ہے تو بجاے کذا وکذا کے اول سورہ جدید کہنا چاہیے اسطرح کہ یا من ہو سبح للہ ما فی السمٰوات تا علیم بذات الصدور یعنے یا اللہ وہ اللہ جس اللہ کی تسبیح کرتا ہین تمام جو کچھ آسمانوں و طبقات زمین مین ہین الخ ۱۲ ۲؎ اس ہکذا سے مراد صفات باری تعالے ہین سو بجاے ہکذا کے آخر آیات حشر پڑھنا چاہیے اسطرح کہ لایزال ہو اللہ الذی لا الہ ہو تا آخر سورہ حشر یعنے ہمیشہ سے ہے یہ بات ہمیشہ رہیگی کہ وہ اللہ ایسا ہے جسکے سوا کوئی لایق الوہیت نہین اور وہ ایسا اور ایسا ہے ۱۲ ۳؎ اس ہکذا سے مراد صفات حق تعالیٰ مین غیر نہین ہے اور نہوگا ایسا صاحب صفات سوا اوس خداوند عز وجل کے ۱۲ ۴؎ میرے ساتھ ایسا ایسا کر یعنے فلان اور فلان ہی حاجت روا ئی ۱۲

کر و لیوے حق سبحانہ و تعالیٰ متوجہ ہو کر یہ دعا پڑھو اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ وَقَصَدْتُ وَبِبَابِكَ وَقَفْتُ وَبِجَنَابِكَ اَلْتَجَأْتُ وَاِيَّاكَ سَأَلْتُ وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَسَّلْتُ وَبِاَنْبِيَائِكَ وَاَوْلِيَائِكَ اَسْتَشْفَعْتُ فَاقْضِ اللّٰهُمَّ حَاجَتِيْ وَنَفِّسْ كُرْبَتِيْ و بعد ازان اپنی حاجت اور اپنے ارادہ کا نام لیوے و بعد ازان دو رکعت نماز ادا کرے اوّل رکعت مین سورۂ فاتحہ و سورۂ قُل یا ایہا الکافرون پڑھے اور دوسری رکعت مین سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص اور سورتین معوذتین پڑھے اور جسوقت اخیر سجدے مین ہو تو یہ آیۃ تلاوت کرے وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ تا ذِكْرٰى لِلْعَابِدِيْنَ بعد ازان سر سجدے سے اُٹھا تشہد پڑھے اور سلام کرے و بعد ازان اُٹھکر قبلہ رو کھڑا ہوا و مقابل اوسکے بجوش دل یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ عِلْمُكَ اَغْنَانِيْ عَنِ الْمَقَالِ وَفَضْلُكَ اَغْنَانِيْ عَنِ السُّؤَالِ اِلٰهِيْ اِنَّ الْعَرَبَ وَالْعَجَمَ اِذَا اسْتَجَارَ بِهَا مُسْتَجِيْرٌ اَجَارُوْهُ وَاَنْتَ لَا اِلٰهَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ قَدِ اسْتَجَرْتُ بِكَ فَاَجِرْنِيْ وَلَا تَرُدَّنِيْ خَائِبًا وَاَمَلْتُ مِنْكَ لِاِجَابَتِهٖ فَاَجِبْنِيْ وَاَعْطِنِيْ مُنْيَتِيْ وَمَا اَطْلُبُهٗ مِنْكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ چنانچہ اِس دعا کو پڑھ کر حاجت اپنی طلب کرے تو جو کچھ اُسکی آرزو ہوگی بر آویگی اور

---

؎ تجھ سے سوال کرتا ہون بوسیلہ تیرے اسم برتر و بزرگ تر و بالاتر کے ۱۲ ؎ یعنی جو تعلقات دنیا سے کنارہ کش ہین ۱۲ ؎ یا اللہ تیری ہی طرف رجوع کی اور تیرے ہی دروازہ پر کھڑا ہون اور تیرے ہی جناب مین التجا کی اور تجھی سے سوال کیا اور ساتھ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ پکڑا اور تیرے انبیا اور تیرے ہی اولیا کے ذریعہ سے مینے شفاعت مانگی سو یا اللہ تو میری حاجت برلا اور میری سختی دور کر ۱۲ ؎ یہ دو آیتین ہین العابدین تک سورۂ انبیا کے رکوع ششم مین ۱۲ ؎ یا اللہ تیرے علم و آگاہی نے گویائی سے یعنے سوال کرنے سے مجھکو بے پروا کر دیا اور تیرے فضل نے مجھکو طلب کرنیکے بے نیاز کر دیا یا الٰہی دستور عرب و عجم کا یہ ہے کہ جب کوئی نزدیکی خواہ دنیاوی جو بیچارہ اونسے نزدیکی و پناہ چاہتا ہے تو وہ اسکو اپنی ہمسائگی اور پناہ مین جاتے ہین اور حال یہ ہے

در بارۂ دعا کے نفس الامر مین شرط حسن نیت ہے کہ جیسی اوسکی صحیح ہوگی ویسی تاثیر ہوگی جیسا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا لِکُلِّ امْرِئٍ مَا نَوٰی یعنے درستی کل اسما، کی منحصر ہے اعمال درست پر اور حسن عمل موقوف ہے حسن نیت پر لہذا برآمد حاجات موقوف ہی نیک نیت پر وَبِالْاِعْتِقَادِ تَصِلُ اِلَی الْمُرَادِ یعنی باعث اعتقاد درست کے آدمی اپنے مقصود کو پہونچتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ اور بعض ادعیہ سے وہ دعا ہی جو بذکر زید بن حارثہ منقول ہے کردی نے جسوقت ارادہ قتل زید کا کیا تو اوس سے کہنے لگا اے زید تو اپنی موت کے لیے آمادہ ہو تب زید نے کہا مجھے اسقدر مہلت دے کہ مین دو رکعت نماز ادا کرلون اوس نے کہا ہیہات یعنی افسوس و تعجب ہے کہ تیرے سوا اورون نے بھی ایسے وقت مین نماز پڑھی ہے مگر اونکی نماز نے اونکو کچھ فائدہ نہ دیا چنانچہ زید نے وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھی اور اس دعا کے ساتھ دعا مانگی کہ اس سے ملائکہ لرزتے ہین اور وہ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ ۳ بار یَا ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلَاءَ اَرْکَانَ

---

ہ تو خداوند عرب و عجم ہے مین تیری نزدیکی اور پناہ چاہتا ہون تو چاہی کہ تو اپنے جوار رحمت مین مجکو پناہ دے اور تجھ اپنے دروازے سے محروم نہ پھیر اور مین مجھ سے امیدوار اجابت دعا کا ہون تو میرا سوال پذیرا کر اور میری آرزو بر لا اور جو کچھ مین تجھ سے طلب کرتا ہون عطا کر یا ارحم الراحمین ۱۲ ۱ه سوای اوسکے نہین ہی کہ تمام اعمال متعلق بہ نیت و قصد ہوتے ہین ۱۲ ۲ه اور سوای اوسکے نہین کہ ہر شخص کے لیے عمل وہی ہے جو وہ نیت کرتا ہے ۱۲ ۳ه یا اللہ یا ودود اسکو تین بار تکرار کرے اے خداوند عرش عظیم اے پیدا کرنے والے خلق کو ابتدائً بلا مادہ اے دوبارہ زندہ کرنے والے مردون کو خاک ہوے اے پروا کرنے والے اپنے ارادہ کے مین تجھ سے سوال کرتا ہون بوسیلہ تیرے نور وجہ کے یعنی حجت و معرفت کی

بِعَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِي قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيعِ خَلْقِكَ وَرَحْمَتِكَ
الَّتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ اَغِثْنِي سہ بار

بعد ازاں زید نے کردی پر حملہ کیا اور حربہ اپنا اوس کے قتل کے لیے اوٹھایا ناگاہ ایک شہسوار گھوڑا دوڑتا ہوا آ پہونچا اور صدا دیتا تھا کہ خبردار اسکو قتل نہ کر یہ سُنکر کردی نے طرف اوس آواز کے التفات جو کی تو یہ دیکھا کہ وہ سوار اونپر جھپٹا اور اوس کے ہاتھ مین حربہ تھا سو اوس نے کردی کو مار کر پشت مرکب سے زمین پر گرا دیا اور قتل کر ڈالا اور زید سے یہ کہا کہ تو نے جب اول مرتبہ دعا کی تھی تو جبرئیل نے آواز دی کہ اس بیچارے عاجز کے لیے کون مددگار ہے مین نے کہا مین ہون اور اسوقت مین آسمان ہفتم مین تھا جب تو نے دوسری بار دعا کی ہے تو اسدم مین آسمان دنیا تک پہونچا تھا اور اسوقت تو نے تیسری مرتبہ دعا کی تو تیرے پاس پہونچکر اوسکو قتل کیا اور ای زید تو خوب جان لے کہ جو کوئی تیری اس دعا کے ساتھ دعا مانگے گا تو اوسیوقت مستجاب ہوگی چنانچہ جب زید نے مدینہ کو مراجعت کی اور بحضور جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اس کیفیت سے خبر دی تو فرمایا ای زید البتہ حق تعالیٰ نے تجکو اپنا اسم اعظم تعلیم کیا ہے اور وہ اسم اعظم ہے کہ جس سے جب دعا کیجاوے تو مستجاب ہوا اور جب اوس کے ذریعہ سے سوال کیا جاوے مقصود بر آوے اور اوسکو محمد بن ادریس الرازی نے اپنی کتاب مین جو جامع ادعیہ ہے ایک باب خاص وضع کیا اور اوس مین کہا ہے کہ بَابُ الْاَسْمَاۗءِ الَّتِي تُرْعَدُ الْمَلٰۗئِكَةُ مِنْهَا یہ باب ہے اون اسما کا جس سے فرشتے لرزتے ہین اور تھراتے ہین اور

اے تجھی نے تیرے ارکان نور کو پر نور کر دیا ہے اور بذریعہ تیری قدرت کے جس سے تو اپنی جملہ خلق پر قدرت رکھتا ہے اور بوسیلہ تیری رحمت کے جو گنجائش ہر اشیا کی رکھتا ہے کوئی آلہ لائق الوہیت کے سوائے تیرے اے فریادرس دادخواہون کے میری فریادرسی کر لفظ اغثنی کی تکرار تین بار کر ۱۲

اور بعض نے جو اپنی کتابون مین جو اس تذکرہ کا ترجمہ کیا تو اوس مین ذکر زید کا کیا یا کہ بجای زید ایک تاجر کا مذکور لکھا ہی اور بعض ادعیہ مین سے وہ ہے جو منقول ہی ابو زید عمارہ بن زید رحمۃ اللہ سے چنانچہ عمارہ نے کہا مجھ سے روایت بیان کی ابو سفیان الثوری سے اوس نے یہ روایت ابو عنیبہ سے سُنی اوس نے ابی الزناد سے اوس نے اعرج سے اوس نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ہر آینہ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے فرمایا حق تعالے کے لیے نود و نہ نام ہین جو کوئی اونکو یاد کرکے پڑھا کرے وہ داخل جنت ہو گا چنانچہ عمارہ نے کہا کہ مین ان اسما کا ہمیشہ جویا تھا مگر مین نے کسی کو نہ پایا جو اوسکی حقیقت حال پر مجکو مطلع کرتا تھا آنکہ مین نے ایک شخص سے ملاقات کی جو صاحب ہمت تھا اور ہمت اوسکی اس بات مین مصروف تھی کہ وہ استنباط علم کا اہلبیت نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کیا کرتا تھا اور وہ شخص مرد پرہیزگار اور عالم اور مستجاب الدعوات تھا اور لوگ ناقل ہین کہ وہ شخص ہمیشہ یوم عرفہ کو مدینہ سے روانہ ہوتا تھا اور اُسی روز بروز موقف عرفات مین حاجیون کے ساتھ حاضر ہوتا تھا اور حج سے چوتھے روز مدینہ مین پھر آتا تھا اور اسی طرح کے اخبار و حالات اوسکے مشہور ہین مگر یہ کہ اوس نے مجھ سے سوال کیا اور تاکید کی اس باب مین کہ مین اوسکا نام ظاہر نہ کرون آخر عمارہ کہتے ہین کہ مین نے اوس سے دربارہ اسمای عظام حق تعالے کے سوال کیا کہ جنکے ساتھ دعا کرنے سے انسان محروم نہین رہتا تو اوس نے مجھ سے بعد سرزنش و تنازع کے یعنی بعد تاکید اخفای غیر سے یہ کہا کہ ای عمار مجکو تیرے ساتھ وثوق و اعتماد نہوتا تو مین تجکو نہ بتاتا سو یہ تیری پاس امانت رہی کہ اسکے تئین کسیکو نہ سکھلاتا مگر جس شخص کے دین سے تو راضی ہو مطمئن ہو یعنی جو شخص نے دیندار اور تیرا ہم مذہب ہو یا عمار یہ اسما کتاب الصدر مین مذکور ہین چنانچہ اوس شخص نے اون اسما کو مجھ سے بیان

کیا اور کہا کہ مین نے اِسکے ساتھ بارہا دعا مانگی ہے تو اوسکو قریب اجابت پایا اور ایک جماعت نے مجھسے اور سکو لکھ لیا اور اُن سب نے مجھ سے اوسکی سُرعت تاثیر و عجالہ اجابت ظاہر کی اور پھر یہ کہا کہ اے عمار ان اسما کے اندر اسم اعظم ہے سو جب تو اِسکے ساتھ دعا کرنے کا ارادہ کرے تو چاہیے کہ روز پنجشنبہ روزہ رکھ اور شب جمعہ کے ثلث اخیر مین وقت سحر ان اسما کے ساتھ دعا مانگ قسم ہے اوس حق تعالی کی جسکے سوا کوئی لائق الوہیت نہین ہے جو بندہ مومن اسکے ساتھ دعا مانگے گا بالضرور حق تعالے مستجاب کریگا یہانتک کہ اگر وہ شخص براے رفتار بالای آب یعنے پانی پر چلنے کا سوال کریگا یا درمیان ہوا اِسکے یا مابین آسمان و زمین کے قصد سیر کرے گا تو البتہ یہ بھی دعا اوسکی قبول ہوگی اور وہ اسمائے مُحصۃ یہ ہین یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا مَالِكُ یَا مُحِیْطُ یَا قَدِیْرُ یَا عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ یَا تَوَّابُ یَا بَصِیْرُ یَا وَاسِعُ یَا بَدِیْعُ یَا سَمِیْعُ یَا کَافِیْ یَا رَءُوْفُ یَا شَاکِرُ یَا اِلٰهُ یَا وَاحِدُ یَا غَفُوْرُ یَا حَلِیْمُ یَا قَابِضُ یَا بَاسِطُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا وَلِیُّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا وَهَّابُ یَا قَائِمُ یَا سَرِیْعُ یَا رَقِیْبُ یَا حَسِیْبُ یَا شَهِیْدُ یَا عَفُوُّ یَا مُقِیْتُ یَا وَکِیْلُ یَا فَاطِرُ یَا قَاهِرُ یَا قَادِرُ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ یَا مُحْیِیْ یَا مُمِیْتُ یَا نِعْمَ الْمَوْلٰی یَا نِعْمَ النَّصِیْرُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا قَوِیُّ یَا مَجِیْدُ یَا وَدُوْدُ یَا فَعَّالُ لِمَا یُرِیْدُ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ یَا مَنَّانُ یَا خَلَّاقُ یَا صَادِقُ یَا وَارِثُ یَا شَکُوْرُ یَا غَافِرُ یَا قَابِلَ التَّوْبِ یَا شَدِیْدَ الْعِقَابِ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا رَازِقُ یَا ذُو الْقُوَّةِ یَا مَتِیْنُ یَا بَرُّ یَا مَلِیْكُ یَا مُقْتَدِرُ یَا بَاقِیْ یَا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ یَا قُدُّوْسُ یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ

یَا مُهَیْمِنُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ تمام ہوے یہ اسماے شریفہ جو مستنبط ہین قرآنِ عظیم سے اور بعض فوائد نافعہ سے واسطے برآمد حاجات کے ختم قرآن مجید ہے چنانچہ بعض علمانے کہا ہے کہ ہم نے بخط بعض علما کی لکھا ہوا دیکھا ہے کہ ختم قرآن مجید براے برآمد حاجات مجرب ہے اِسمین کوئی شک نہین ہے مگر تلاوت اِس ترتیب اور اِس طریق سے موجب شتابی قبول دعا کے ہی اور روز جمعہ سے شروع کرے اور اس روز اول سورۂ بقر سے تا آخر سورۂ مائدہ قرأت کرے اور روز شنبہ اول سورۂ انعام سے تا آخر سورۂ توبہ و روز یکشنبہ اوّل سورۂ یونس سے تا آخر سورۂ مریم و روز دوشنبہ سورۂ طہ سے تا تمام سورۂ قصص و روز سہ شنبہ سورۂ عنکبوت سے تا تمام سورۂ ص و روز چہارشنبہ سورۂ زمر سے تا تمام سورۂ رحمٰن اور روز پنجشنبہ سورۂ واقعہ سے تا اختتام قرآن مجید پھر جب ختم کر چکے تو سجدہ کرے اور حق تعالےٰ سے اپنی حاجت طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ اوس کا مقصود حاصل ہوگا و اما استغاثات چنانچہ بعض اونمین یہ اشعار ہین

اِلَیْكَ وَاَنْتَ الْحَاکِمُ الْعَالِمُ الشَّکْوٰی … فَاَنْتَ الَّذِیْ تَدْرِی السَّرَائِرَ وَالنَّجْوٰی
سَاَلْتُكَ بِالْکُتُبِ الَّتِیْ مِنْكَ اُنْزِلَتْ … وَبِالْمُرْسَلِیْنَ الْمُنْقِذِیْنَ مِنَ الْبَلْوٰی
وَبِالْعُلَمَاءِ الْعَامِلِیْنَ بِعِلْمِهِمْ … وَبِالْاَوْلِیَاءِ السَّالِمِیْنَ مِنَ الدَّعْوٰی
وَبِالْبَیْتِ وَالْمَسْعٰی وَزَمْزَمَ وَالصَّفَا … وَبِالْحَرَمَیْنِ الْاٰمِنِیْنَ مِنَ الْاَسْوٰی
وَبِالْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی وَبِالْجَبَلِ الَّذِیْ … تَحُطُّ عَلَیْهِ السَّیِّئَاتُ کَمَا یُرْوٰی
تُفِیْضُ لِیْ رِزْقًا حَلَالًا بِلَا عَنَا … وَتَرْزُقُنِی الْعِلْمَ الشَّرِیْفَ مَعَ التَّقْوٰی
وَتَحْفَظُنِیْ مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ وَالزِّنَا … وَمِنْ شَرِّ شَیْطَانٍ نَفْسٍ وَمَا تَهْوٰی

وَتَقْضِیْ عِنْدَ مَعَانِیْ مُسْلِمًا    وَتُدْخِلَنِیْ یَا رَبَّنَا جَنَّتَ الْمَاوٰی
وَصَلِّ عَلَی الْمُخْتَارِ مَا هَبَّتِ الصَّبَا    وَمَا هَامَ مُشْتَاقٌ اِلٰی نَجْیٍ وَّالُوٰی
كَذَا الْاٰلِ وَالْاَصْحَابِ مَا لَاحَ كَوْكَبٌ    وَمَا فَاحَ عِطْرٌ ثُمَّ عِلْمٌ لَهُمْ تُرْقٰی

اور بعض استغاثات مین وہ استغاثہ ہے جو منقول ہے محمد البکری سے رحمۃ اللہ تعالے علیہ اور وہ یہ اشعار ہین

یَا رَبِّ یَا عَالِمَ السَّرَائِرِ یَا مَنْ    هُوَ لَا غَیْرُهُ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ
اِدْرِكْ عَبْدًا ذَلِیْلًا حَقِیْرًا    مُسْتَجِیْرًا وَمَا سِوَاكَ الْمُجِیْرُ
رَبِّ اِنِّیْ كَمَا فِیْ اَنْكِسَارًا    اَنْتَ جَابِرِیْ وَاَنْتَ نِعْمَ الْبَصِیْرُ
حَاشَ لِلّٰهِ اَنْ اُضَاعَ وَاِنِّیْ    لَكَ مِنِّیْ مِمَّا اَخَافُ اُشِیْرُ
اٰهْ اٰهْ یَا اِلٰهِیْ وَحَسْبِیْ    وَمَلَاذِیْ مِنْ سِوَاكَ نَصِیْرُ
اِنْ یَكُنْ لِشِدَّتِیْ لِذَنْبٍ فَكَرْبِیْ    مِنْ ذُنُوْبٍ وَاَنْتَ رَبِّیْ غَفُوْرُ

لہ استغاثات جسکا ذکر شروع باب سترہ مین کیا ہے ۲ے تیری طرف شکایت ہے اپنے احوال کی کہ تو ہی حاکم و عالم ہے اور تو ہی خداوند ہے جو جانتا ہے دلکی باتون کو اور سرگوشی کو مین تجھ سے سوال کرتا ہون بوسیلہ اُن کتابون کے جو تیرے پاس سے نازل ہوئین اور بوسیلہ اُن رسولون کے جو نجات دیگئی ہین سخت بلا سے اور بواسطہ اون عالمون کے جو عامل مین اپنے علم سے اور بواسطہ اُن اولیا کے جو سالم و بری ہین دعوی خودی سے اور بواسطہ بیت کعبہ و مقام سعی زمزم و صفا و مروہ کے گرد بواسطہ حرم کعبہ و حرم مدینہ کے کہ یہ دو حرم برائیون سے امن مین ہین اور بواسطہ مسجد اقصی کے اور بواسطہ اس جبلی کے کہ جسپر سارے گناہ فرو ہو جاتے ہین جیسا کہ مروی ہے یعنی جبل عرفات سوال یہ ہے کہ تو پہونچادے میرے لیے رزق حلال بلا رنج و تعب اور تو مجھے روزی کر علم شریف ساتھ پرہیزگاری کی اور تو میری حفاظت کر شر خلق اور شر زمانہ سے اور شر شیطان اور شر ہوائے نفس سے اور تو میری روح کو قبض کرے وقت میری موت کے تو اس حالت مین مین مسلمان فرمان پذیر ہون اور داخل کرے تو مجھے اسے ہمارے پروردگار جنت ماوی مین جو جائے

اَنَا فِيْ شِدَّتِيْ فَفَرِّجْ فَنَقَرِّجْ    اَنَا فِيْ وَهْمِهَا ذَلِيْلٌ وَّاَسِيْرٌ
قَدْ تَوَسَّلْتُ بِالنَّبِيِّ وَحَسْبِيْ    اِنَّهُ الْمُصْطَفٰى الْبَشِيْرُ النَّذِيْرُ
فَعَلَيْهِ يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ    مَا اُمِيْطَتْ غَيَاهِبُ وَسُتُوْرُ

اور بعض استغاثات مین وہ استغاثہ ہے جو منقول ہے جلال الدین السیوطی سے رحمۃ اللہ اور وہ یہ ابیات ہین

يَا مَنْ اِلَيْهِ بِجُوْدِهِ الْتَوَسُّلُ    اَدْعُوْكَ رَبِّ تَضَرُّعًا وَّتَذَلُّلًا
قَدْ قَادَنِيْ اَمَلِيْ اِلَيْكَ وَدَلَّنِيْ    وَعَلَيْهِ فِيْ كُلِّ الْاُمُوْرِ اعوالِ
فَاِذَا رَدَدْتَّ فَمَنْ ذَا سَائِلُ    جُوْدُ عَلَيْكَ وَنَاقَةٌ وَتَذَلُّلُ
وَعَلِمْتُ اِنَّكَ لَا تُخَيِّبُ اٰمِلًا    فَبِنُوْرِ وَجْهِكَ كُنْ لِذَنْبِيْ غَافِرًا
اَضْحٰى لِجُوْدِكَ يَا كَرِيْمُ يُؤَمِّلُ    فَعَلَيْكَ فِيْ غُفْرَانِكَ اَتَوَكَّلُ

۴ قرار اور جای پناہ ہی اور تو درود وسلام بھیج مختار برگزیدہ یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جبتک کہ باد صبا روان رہیگی یعنے ہمیشہ اور جبتک کہ مشتاق سرگشتہ ہین اور اُس مختار کی طرف مائل ہین اور اسی طرح آل و اصحاب پر جبتک کواکب تابان ہین اور جبتک عطر خوشبو فشان ہے اور جبتک علم انکا روان کیا جائیگا ۱۲

۵ ای میرے پروردگار ای میرے جاننے والے دل کے بھیدون ای وہ خداوند جسکے سوائے کوئی لطیف وخبیر نہین ہے تھام اُس بندہ خوار وحقیر و پناہ خواہ کو اور حال یہ ہی کہ سوا تیرے کوئی پناہ دہندہ نہین ہی آ میرے پروردگار ہر آئینہ مین جیسا تو دیکھتا ہے کہ بہت سکستہ حال مین ہون اور وہی میرا شکستہ بندہ ہی اور تو اچھا ناصر ومددگار ہی کاش اللہ ہی بعید ہے حق تعالے اُس بات سے کہ مین ظلم کیا جاؤن اور کہان ہی تو مجہسے کہ جس چیز سے مین خوف کرتا ہون اشارہ کرون آہ افسوس ہے ای میرے آلہ اور میری کافی اور میرے جای پناہ کہ سوائے تیری کون ناصر ومددگار ہی اگر شدت وسختی میرے بسبب گناہون کے ہی تو میرے گناہ بھی کیا کم ہین حالانکہ تو پروردگار میرا آمرزگار ہی مین بڑی سختی مین ہون تو میری کشودگی وکشایش کہ مین اوسکے وہم واندیشہ مین خوار وگرفتار ہون وبتحقیق کہ مینے وسیلہ پکڑا ہی ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بھروسہ ہے کہ ہر وہ تیرا برگزیدہ پسندیدہ ہے اور خلق کو خوشخبری دینے والا جنت کی اور ڈرانے والا جہنم سے یعنے آ میرے پروردگار

اور بعض استغاثات سے یہ ابیات ہین

| | |
|---|---|
| يَا رَبِّ مَا زَالَ لُطْفٌ مِنْكَ يَشْمَلُنِي | فَادْبُرْ فَهِ عَنِّي لِمَا عَوَّدْتَنِي كَرَمًا |
| وَقَدْ تَجَدَّدَ بِي مَا اَنْتَ تَعْلَمُهُ | فَمَنْ سِوَاكَ لِهٰذَا الْعَبْدِ يَرْحَمُهُ |

اور استغاثات مین سے وہ استغاثات مبارک ہے کہ جو کوئی اپنی حاجت مین اوس استغاثہ کے ساتھ دعا مانگے تو بر آوی حاجت ہوا ور جو مریض اسکی ساتھ وسیلہ پکڑے تو شفا پاوے اور وہ ابیات یہ ہین

ابیات

| | |
|---|---|
| يَا مَنْ يَرَى مَا فِي الضَّمِيرِ يَسْمَعُ | يَا مَنْ يُرَجَّى لِلشَّدَائِدِ كُلِّهَا |
| يَا مَنْ خَزَائِنُ مُلْكِهِ فِي قَوْلِ كُنْ | اَنْتَ الْمُعِدُّ لِكُلِّ مَا يُتَوَقَّعُ |
| يَا مَنْ اِلَيْهِ الْمُشْتَكَى وَالْمَفْزَعُ | فَامْنُنْ فَاِنَّ الْخَيْرَ عِنْدَكَ اَجْمَعُ |

ہو اوسپر درود و سلام بھیج جبتک کہ دور کرتی ہین تاریکیان اور پردے یعنی دونون چیزین مردم کو باز رکھتی اور کفایہ اوس سے زمانہ دوام ہے ۱۲ ص۳ ای وہ خداوند جسکی طرف مین وسیلہ پکڑتا ہون اوسکی جود و عطا سے اور اوسی پر جملہ امور مین بھروسا کرتا ہون ۱۲ ص۱ ای میرے پروردگار مین تجھی کو پکارتا ہون از روی زاری و خواری کے سوا اگر تو میرے ہاتھون کو خالی پھیرے تو اور کون ہے مین جس سے سوال کرون کہ بتحقیق کہ میری امید مجکو تیری طرف کھینچ لائی ہے اور مجکو رہبری کی ہی تجھ پر تیری جود و بندہ نوازی نے اور میرے فاقہ اور عاجزی نے اور مین نے خوب جان لیا کہ ہر آئینہ تو مایوس نہین کرتا ہی کسی امیدوار کو ہمیشہ تیرے کرم کی ای کریم توقع کیجاتی ہے تو بواسطہ اپنے نور عرفان کہ میرے گناہ کا امرزگار ہو کہ مین تجھی پر توکل و تکیہ رکھتا ہون تیری آمرزش مین ۱۲ ص۲ اے میرے پروردگار ہمیشہ لطف تیرے جانب سے میرے شامل حال ہے بتحقیق و تجدید و تازگی کرتی ہے میرے حق مین وہ شے جسکو تو ہی جانتا ہے یعنی مجھپر نئی نئی واردات گذرتی ہے جسکو تو ہی جانتا ہے سوا اوسکو تو مجھسے پھیر دے اپنے کرم سے جس طرح تو نے اوسکو میری طرف کیا ہی یا یہ معنی ہون کہ جس طرح تو نے اپنے کرم کو میری طرف عود کیا ہی کیونکہ سواے تیرے اس بندہ کا کون ہے جو اوسپر رحم کرے ۱۲ ص۳ اے وہ خداوند جو دیکھتا ہے جو کچھ دلون مین ہے ۱۲

مَالِیْ سِوَیْ فَقْرِیْ اِلَیْکَ وَسِیْلَۃٌ    مَالِیْ سِوَیْ قَرْعِیْ لِبَابِکَ حِیْلَۃٌ
وَمِنَ الَّذِیْ اَدْعُوْ وَاَہْتِفُ بِاسْمِہٖ    فَبِالْاِفْتِقَارِ اِلَیْکَ فَقْرِیْ اَدْفَعُ
فَلَئِنْ رُدِدْتُ فَاَیَّ بَابٍ اَقْرَعُ    اِنْ کَانَ فَضْلُکَ عَنْ فَقِیْرِکَ یُمْنَعُ
حَاشَا لِجُوْدِکَ اَنْ تُقَنِّطَ عَاصِیًا    اَلْفَضْلُ اَجْزَلُ وَالْمَوَاہِبُ اَوْسَعُ

اور بعض استغاثات سے وہ استغاثہ مبارک ہے کہ جو کوئی نیمہ شب مین بار ہا اسکو کرے تو دعا اوس کی مستجاب ہو اور وہ اشعار یہ ہین ۱۲

لَبِسْتُ ثَوْبَ الرَّجَالَ وَالنَّاسُ قَدْ رَقَدُوْا    وَبِتُّ اَشْکُوْ اِلٰی مَوْلَایَ مَا اَجِدُ
وَقُلْتُ یَا اَمَلِیْ فِیْ کُلِّ نَائِبَۃٍ    وَمَنْ عَلَیْہِ لِکَشْفِ الضُّرِّ اَعْتَمِدُ
اَشْکُوْ اِلَیْکَ اُمُوْرًا اَنْتَ تَعْلَمُہَا    مَالِیْ عَلٰی حَمْلِہَا صَبْرٌ وَّلَا جَلَدُ
وَقَدْ مَدَدْتُ یَدَیَّ بِالذُّلِّ مُبْتَہِلًا    اِلَیْکَ یَا خَیْرَ مَنْ مُدَّتْ اِلَیْہِ یَدُ
فَلَا تَرُدَّنَّہَا یَا رَبِّ خَائِبَۃً    فَبَحْرُ جُوْدِکَ یَرْوِیْ کُلَّ مَنْ یَرِدُ

اور واضح ہو کہ ان اشعار مین اشارہ ہے طرف قول نبی صلے اللہ علیہ

ص ۱ ادر منتہا ہے اور توجہ کرنیوالا ہے اوس ہر چیز کا جسکی توقع کیجاتی ہی اور وہ خداوند جو امیدگاہ ہی تمام شدائد مین اور وہ خداوند جسکی طرف شکایت و فزع کیجاتی ہی اے وہ خداوند جسکی بادشاہت کا خزانہ اسکے ایک قول کن مین ہی بس اے خداوند منت وکرم کیونکہ خیر کثیر تیرے ہی پاس جمع ہی میرے لیے ۱۲ ف ۱ سواے میرے فقر کے تیری طرف کیا وسیلہ ہی سو مین بہ سبب اوس افتقار کی اپنے جو تیرے طرف ہی اپنے فقر کو دفع کرتا ہون اور دوسرے معنے اوس مصرعہ کے یہ ہین کہ بسبب افتقار کے اپنے فقر کو تیری طرف دفع و احولہ کرتا ہون میرے لیے سواے تیرے دروازہ کھٹکھٹانے کے اور کیا حیلہ ہی سو اگر تو مجھے ہنکا دے تو مین پھر کیسکی در کوبی کرون اور کون شخص ہے جسکو مین بلاؤن اور اوسکا نام لے کر پکارون اگر فضل تیرا تیرے فقیر سے باز رکھا جاوے یعنے اگر تیرا فضل باز تو پھر کسکو پکارون بعید ہی تیرے جود کے کہ وہ کسی محروم و مایوس کرے کیونکہ فضل تیرا بزرگ ہی اور مواہب بخشش تیری بہت وسیع ہین ۱۲ ف ۲ نہین ہے جامہ امید یعنی دعائے آرزو اور حال یہ ہے کہ لوگ سوتے ہین یعنے غافل ہین دعا کرنے سے اور مین ہمیشہ شکایت کرتا ہون اپنے ملک کی طرف اس بات کی کہ جو مین اپنے مین پاتا ہون اور مین کہتا ہون اے میری آرزو بیچ حالت ہر نا امیدی کے اور کون ہی کہ وہ آدمی کشایش بخشے

وآلہ وسلم کے چنانچہ فرمایا ہے اِنَّ اللّٰہَ حَیِیٌّ کَرِیْمٌ یَسْتَحْیِیْ مِنْ عَبْدِہٖ اِنْ یَّرْفَعَ اِلَیْہِ کَفَّیْہِ ثُمَّ یَرُدُّھُمَا صِفْرًا خَائِبَتَیْنِ اِنْتَہٰی اور بعض استغاثات سے اشعار یہ ہین

اِلَیْکَ رَسُوْلَ اللّٰہِ اَشْکُوْ نَوَائِبًا    مِنَ الدَّھْرِ لَا یَقْوٰی لَھَا الْمُتَحَمِّلُ
وَاِنِّیْ لَاَرْجُوْ اَنَّہَا بِکَ یَنْجَلِیْ    فَاِنَّکَ لِیْ جَاہٌ وَّحِصْنٌ وَّمَعْقِلُ

بعد ازان اِن ابیات کے ہزار بار ان کلمات کو کہے یَا رَسُوْلَ اَنْتَ فَمَدَدًا فَاَغِثْنِیْ بِشِدَّتِیْ فائدہ بعض علما نے کہا ہے کہ جس شخص کو پیشگاہ خداوند عالم کوئی حاجت درپیش ہو تو ہمیشہ ان ابیات کی مواظبت رکھے اور جملہ آفات مین اور جملہ اوقات مین اکثر و مکرر پڑھا کرے کہ براے قضاے حاجات کے مجرب ہے اور وہ ابیات یہ ہین

یَا رَبِّ ھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا    وَاجْعَلْ مَعُوْنَتَکَ الْحُسْنٰی لَنَا مَدَدًا
وَلَا تَکِلْنَا اِلٰی تَدْبِیْرِ اَنْفُسِنَا    اَلنَّفْسُ تَعْجِزُ عَنْ اِصْلَاحِ مَا فَسَدَا
اَنْتَ الْعَلِیْمُ وَقَدْ وَجَّہْتُ مِنْ اَمَلِیْ    اِلٰی رَجَائِکَ فَوَجْہًا سَائِلًا وَّیَدًا
وَلِلرَّجَاءِ ثَوَابٌ اَنْتَ تَعْلَمُہٗ    فَاجْعَلْ ثَوَابِیْ دَوَامَ السِّتْرِ لِیْ اَبَدًا

مشکل کے ہین اور سپر اعتماد کرون شکایت تجھ سے ان امور کی کرتا ہون جسکو تو ہی خوب جانتا ہے کیونکہ میرے لیے اُسکے اُٹھانے پر صبر ہی نہ چلا کی و تحقیق کہ مین نے اپنا ہاتھ پھیلایا ہے تیری طرف ساتھ خواری کی اور زاری کرنے ای بھون وہ خداوند جسکی طرف ہاتھ پھیلے ہین سو چاہیے کہ اے پروردگار میرے اِن ہاتھون کو نا امید نہ پھیر کیونکہ تیرا دریا جود و کرم ہر اُس شخص کو جو وارد ہوتا ہے سیراب کرتا ہے ۱۲ ف۱ تحقیق کہ حق تعالی دائم الحیا اور کریم اور سخی ہے اپنے بندے سے حیا کرتا ہے اِس بات کی کہ وہ اپنے دونون ہاتھ اوسکی طرف بلند کرے پھر اِن دونون ہاتھون کو خالی و مایوس پھیر دے ۱۲ ف۲ تیرے ہی طرف یا رسول اللہ مین شکایت اپنے اندون کی کرتا ہون زمانے کے ہاتھ سے کہ کوئی اُس مصیبت کے اُٹھانے کی قوت نہین رکھتا ہے اور مین امید دار ہون اِس بات کا کہ وہ مصیبت تیری اعانت سے کھلجاوے اِس لیے کہ وہ بے شبہہ میرے لیے تو ہی پناہ ہے اور تو ہی میرا قلعہ ہے اور میری جاے پناہ ہے ۱۲

اور منقول ہی سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے کہ جو کوئی اِن دو بیتون کو چوراسی مرتبہ پڑھکر دعا مانگے تو حق تعالےٰ اوسکی سختی دور کرے گا اور وہ بیتین یہ ہین

ایدرکنی ظالم و انت ذخیرتی ۔ و اظلم فی الدنیا و انت نصیری
وعار علی راعی الحمی وهو قادر ۔ اذا ضاع فی البیدا عقال البعیری

## باب ہیجدہم بذکر اذکار و ادعیۂ صبح و مسا و میانہ روز بذکر فوائد متعلقہ بحفظ ایمان و دعاے اول و آخر سال و دعاے عاشورہ وغیر ذلک

[illegible] صبح و مسا و غیر ذلک ۱۲

چنانچہ بعض اذکار سے یہ ہی کہ جب صبح و شام ہو تو ہفت بار یہ ذکر کرین حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم و بعد ازان تین بار یہ دعا پڑھین

۳ یارسول اللہ تو میرا تکیہ گاہ اور پشت پناہ ہے سو میری فریاد رسی میری حالت شدت مین ۱۲ ۴ اے میرے پروردگار ہمارے رشد و سامان ہماری کام کا مہیا کر اور اپنی اعانت خیر کو ہمارے لیے مددگار کر اور ہمکو حوالہ نکر طرف تدبیر ہمارے نفسون کے کیونکہ ہر نفس عاجز ہی اصلاح اوس چیز سے جو فاسد ہوگئی تو عام ہے اور حال یہ ہے کہ مین نے اپنی امید کا رُخ طرف تیری امید برآری کے کیا اسطرح کہ مین سوال کرنے والا ہون تیری طرف مُنھ کرنے والا ہون اور ہاتھ پھیلانے والا اور امیدواری کے لیے ثواب واجر ہے کہ اوسکو خوب جانتا ہے سو میرے ثواب کو میرے لیے ہمیشہ کا پردہ پوش کر جو ہمیشہ رہے ۱۲ ۱ کیا مجھے پکڑیگا کوئی ظالم و حالانکہ تو میرا خیر خواہ ہے اور کیا مین ظلم کیا جاؤنگا دُنیا مین و حالانکہ تو میرا ناصر و مددگار ہے اور عار و دشوار ہی شبان پر اپنے تئین باز رکھنا باوجود ہونے کے اُسوقت جب گم ہوتا ہی بیابان مین عقال شتر کا یعنے شبان توانا و قادر پر ننگ ہے باز رکھنا اپنے تئین کہ کوئی شتر بیابان مین ریسمان گم کر کر اور چلجاوے تاکہ وہ کسیطرف چلا جاوے اور گم ہو جاوے ۱۲ ۲ میرے لیے بس ہے اور کافی ہی وہ اللہ جسکے سواے کوئی لائق الوہیت کے نہین ہی اوسی پر میرا توکل ہے اور وہ پروردگار ہے عرش عظیم کا ۱۲ ۳ بنام اوس خداوند کے کہ جسکے نام کے ساتھ کوئی چیز نہ زمین ضرر کرتی ہے اور نہ آسمان مین ۱۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لا یضر مع اسمہ شی فی الارض ولا فی السماء و
ھو السمیع العلیم ہر صبح و شام کو سورۃ الاخلاص او رمعوذتین تین تین بار پڑھا کرین
اور ابو داؤد نے اپنی کتاب سنن مین بسند جید و ثقہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت
کی ہے اور اوس روایت کو کسی نے ضعیف نہین کہا ہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی جب صبح ہووے تو یہ وہ ذکر کرے اللّٰھم
انی اصبحت اشھدک واشھد حملۃ عرشک وملائکتک وجمیع
خلقک انک انت اللہ لا الہ الا انت وحدک لا شریک لک وان محمد
اعبدک ورسولک سو جو کوئی اسکو ایک مرتبہ پڑھے گا اوس شخص
کی چہارم کو حق تعالی آتش جہنم سے آزاد کرے گا یعنے اوس کی چوتھائی
آزادی ہے اور اگر دو بارہ پڑھے گا تو اوس کو نصیحت آزاد کرے گا اور
اگر تین مرتبہ پڑھے گا تو اوسکی تین چوتھایان آزاد کرے گا اور جو کوئی چار
بار پڑھے گا تو حق تعالی اوس کو بالکل ازاد کرے گا اور یہی دعا شام کو جو پڑھی
جاتی ہے تو بدل اصبحت کے اللھم امسیت کہا جاتا ہے اور مین نے بخط
بعض علما کے لکھا ہوا دیکھا کہ جب آدمی اپنے بالنفس اپنی ذات مین کوئی وحشت
و دہشت شیطان سے پاوے یا جبہ کسی شخص کا دیکھکر اوسکو شیطان گمان کرے
یا اپنے دلمین کچھ وسوسہ و خدشہ پاوے یا ایسا کوئی امر وہ نظر آوے جو
اوسکو پریشان کرے تو چاہیے کہ یہ کلمات پڑھے جاوین کہ دعا محمد بن واسع
کی ہے اور وہ یہ ہے اللّٰھُمَّ انک سلطنت علینا شیطانا عدوا لنا بصیرا

---

[1] یعنی نہ کوئی چیز آسمانی گزند پہونچاتی ہے نہ کوئی چیز زمین کی اور وہ بڑا شنوا اور دانا ہے ۱۲

[2] الٰہی ہم آئینہ مین صبح کی ہے اِس حالت مین کہ مین گواہ کرتا ہون تجکو اور تیرے حاملان عرش کو اور تیرے ملائکہ اور تیری جمیع خلق کو اوپنے اس اقرار پر کہ بے شبہ تو ہے وہ اللہ ہے کہ تیرے سوا کوئی لائق الوہیت کے نہین ہے اور فرد یکتا ہے کوئی تیرا شریک و ہمسر نہین اور مین تجکو اور سب فرشتون وغیرہ کو اس بات پر گواہ کرتا ہون کہ ہر آئینہ محمد صلے اللہ

بِعُيُوْنًا مُطَّلِعًا عَلٰى عَوْرَاتِنَا يَرَانَا هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا نَرَاهُمْ
اَللّٰهُمَّ فَاٰئِسْهُ مِنَّا كَمَا اٰيَسْتَهٗ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَقَنِّطْهُ مِنَّا كَمَا قَنَّطْتَهٗ
مِنْ عَفْوِكَ وَبَاعِدْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ جَنَّتِكَ
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ جو کوئی اِس دعا کو وقت صبح پڑھا
کرے وہ تا شام امن مین رہے گا اور جو کوئی اِسکو شام کے وقت پڑھے
وہ صبح تک امان مین رہیگا اور بعض ادعیہ و اذکار سے تلاوت کرنا مسبع منجیات
کا یعنے ہفت سورۂ جو نجات دہندہ ہین کرامات و آفات سی وہ سورۃ السجدہ ہی
اور سورۂ یٰس اور سورۂ دخان و سورہ واقعہ و سورۃ الملک و سورۂ ہل اتیٰ و
سورۃ البروج و چنانچہ بعض علما نے کہا ہے کہ جو کوئی اِن سورتون کی تلاوت
پر صبح و شام تلاوت کرے تو وہ نجات پاوے گا جمیع آفات سی اور تجکو باز رکھنی
والی ہین صعوبات سے ما بین سبب کہ یہ سب صورتین نامزد بمنجیات مین نقل ہے
کہ ایک شخص ابو داؤد کے پاس گیا اور کہنے لگا کہ تمھاری گھر مین آگ لگی ہے جلگیا
اونھین نے کہا حق تعالےٰ ایسا نہین ہے کہ ایسا کرے گا تب اس شخص نے کہا
کہ آگ البتہ تمھارے گھر کے قریب آچکی تھی پر بجھ گئی سو یہ کیونکر ہوا یہ سن کے
ابو داؤد نے کہا مین نے رسولِ خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سُنا ہے فرماتے
تھے کہ جو کوئی اِن کلمات کو وقت صبح کہا کرے تو شام تک اوس کو مصیبت

ذکر سبع منجیات ۱۲

برای امان آتش زدگی

---

۱ علیہ و آلہ وسلم تیرا بندہ و تیرا فرستادہ ۱۲ ۵ یا اللہ ہر آئینہ تو نے شیطان کو ہمپر مسلط کیا ہی کہ وہ ہمارا
دشمن اور جارا عیوب مین ہے جاری پوشیدہ باتون پر مطلع ہی اور وہ اوسکے سائل یعنی اوسکے ہمجنس ہمکو دیکھتے
ہین اِس طرح کہ ہم اونکو نہین دیکھ سکتے ہین یا اللہ اوسکو نا امید کر جیسا تو نے اپنی رحمت سے مایوس کیا
ہے اور اوسکو بے آس کر ہم نے جیسا تو نے اُسکو اپنے عفو سے بے آس کیا ہی اور درمیان ہمارے اور اُسکے
دوری کر جیسا تو نے درمیان اوس کے اور اپنی کے دوری کی ہے ۱۲

نہ پہونچے گی اور وہ کلمات یہ ہین بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ اللہم انت ربی لا الہ الا انت توکلت وانت رب العرش العظیم ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ما شاء اللہ کان وما لم یشاء لم یکن اشہد ان اللہ علی کل شیء قدیر وان اللہ یبعث من فی القبور وان اللہ قد احاط بکل شیء علما واحصی کل شیء عددا اللہم انی اعوذ بک من شر نفسی ومن شر کل دابۃ انت اخذ بناصیتہا ان ربی علی صراط المستقیم وانت علی کل شیء حفیظ ان ولی اللہ الذی نزل الکتاب وھو یتولی الصالحین فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم اور بعض اذکارین سے دعاے خضر والیاس علیہما السلام کہ ہر صبح وشام اسکو تین تین مرتبہ پڑھا کرے وہ یہ ہے بسم اللہ ما شاء اللہ لا یسوق الخیر الا اللہ باسم اللہ ما شاء اللہ لا یصرف السوء الا اللہ باسم اللہ ما شاء اللہ وما بکم من نعمۃ فمن اللہ باسم اللہ ما شاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العلی العظیم ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اور نقل

[illegible]

---

۱؎ بنام خدای عزوجل یا اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے کہ کوئی لائق الوہیت نہین ہے سوا تیرے تجھی پر مین نے بھروسا رکھا ہی اور تو ہی پروردگار عرش عظیم ہے ۱۲ ۲؎ جو کچھ کہ حق تعالی چاہتا ہے وہی ہوتا ہی جو وہ نہین چاہتا ہے وہ نہین ہوتا ہی مین اقرار کرتا ہون اس امر کا کہ حق تعالی ہر شے پر قادر ہی اور تحقیق کہ حق تعالی زندہ اٹھا دیگا اون لوگون کو کہ جو قبرون مین ہین ہر آئینہ حق تعالی نے اپنے علم سے ہر شے کا احاطہ کیا ہی اور ہر چیز کے عدد کو شمار کر لیا ہے یا اللہ مین تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہون اپنی نفس کی شرارت سے اور شرارت سے ہر ایک جاندار کے جو زمین پر چلتا ہے کہ تو ہی اوسکی پیشانی پکڑنے والا ہے یعنی اوسکی چوٹی تیرے ہاتھ مین ہے بے شبہ میرا پروردگار راہ راست و استوار ہے یعنے طریق محکم والنصاف پر ہے اور تو ہی ہر شی پر نگہبان ہے ۱۲ ۳؎ ہر آئینہ میرا ولی اللہ ہے

روایت کی ہے عبداللہ بن امام احمد نے کتاب زوائد الزہد مین یحییٰ بن سلیم الطائفی سے اور اُس نے روایت کی ہے اوس شخص سے جس نے اوس سے ذکر کیا ہی کہ موسی علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے اپنی حاجت طلب کی سو برآمد حاجت نے موسی پر تاخیر کی تب انہون نے یہ کلمہ کہا ماشاء اللہ تو دفعۃً برآمد حاجت اون کے سامنے آئی چنانچہ اونھون نے اپنے پروردگار سے اِس امر مین سوال کیا یعنے دربارۂ اول تاخیر و بعدہ تاثیر کے تب اون کی طرف وحی ہوئی اور ارشاد ہوا کیا تو نے معلوم نہین کیا کہ یہ جو تیرا قول تھا ماشاء اللہ اُس کے سبب سے جملہ حوائج جو تو نے طلب کیا برآمد ہوئی اور نقل روایت کی ہے ابو داؤد اور نسائی اور ابن السنے اور ابو نعیم نے روایت وظائف روز و شب مین بعض دختران نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اوس صاحبزادی کو تعلیم فرماتے تھے کہ جب کہ صبح یا شام کرو یعنے جب صبح اور شام ہو تو یہ ذکر کیا کرو کہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَاَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا

حاجت برآمد ۱۲

وظیفہ روز و شب ۱۲

---

وہ اللہ جس نے نازل کی ہے کتاب اور دوست رکھتا ہی صالحین کو پھر اگر وہ لوگ روگردانی کرین تو اُنسے کہدی کہ مجھے کافی و بس ہے وہ حق تعالیٰ جسکے سوای کوئی لائق الوہیت نہین ہے اوسی پر مین نے تکیہ و بھروسا کیا ہی اور وہ صاحب عرش بزرگ ہی ۱۲ عہ شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ کے اوس امر کو جو چاہتا ہی اللہ اور نہین پہونچاتا ہی خیر کوئی شخص سوائے اللہ و بنام خدا وہ چیز ہی جو چاہتا ہی خدا اور نہین دور کرتا ہی برائی کو کوئی سوائے حق تعالیٰ کے و باسم ماشاء اللہ جو تجکو پہونچتی ہے نعمتون سے وہ منجانب حق تعالیٰ ہے ۱۲ عہ مین تسبیح کرتا ہون حق تعالیٰ اور حمد کرتا ہون اُسکی حمد ساتھ اوسکی حمد کے اور قوۃ و توانائی حاصل نہین ہوتی مگر بتوفیق الٰہی جو کچھ حق تعالیٰ چاہتا ہے وہی کرتا ہو اور جو امر وہ نہین چاہتا ہی وہ نہین ہوتا اور مین خوب جانتا ہون کہ حق تعالیٰ ہر شی پر قادر ہی اور ہر شیٔ کو حق تعالیٰ احاطہ حاصل ہے

چنانچہ جو کوئی اِن کلمات کو وقت صبح کہا کرے تو وہ محفوظ رہیگا شام تک اور جو کوئی ہنگام شام پڑھا کرے گا تو وہ امان مین رہے گا صبح تک اور نقل روایت کی ہے نسائی اور بزاز اور حاکم اور ابن ابی الدنیا اور مستغفری نے انس رضی اللہ عنہ سے کہ اُنھون نے کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فاطمہ علیہا السلام سے فرمایا کون چیز تجکو مانع ہے کہ تو سُنے اُس امر کو جسکی مین تجکو وصیت کرون وہ یہ ہے کہ جب تو صبح کرے اور جسوقت تو شام کرے تو یہ ذکر کیا کر برابر ص یا حی یا قیوم برحمتك فاصلح لی شانی کلہ ولا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین اور روایت کی مستغفری نے حضرت علیؑ سے کہ اونھون نے کہا کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب تو صبح کرے تو تین مرتبہ اور جب شام کرے تو تین مرتبہ اس ذکر کو پڑھا کر کہ ہر آئینہ یہ ذکر موجب شفا ہی نود و نہ آزار سے کہ ادنی اور کمتر اُن مین سے ہم و غم ہے اور وہ ذکر یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور روایت کی ہے احمد و دارمی و ترمذی نے اور ابن السنی نے اِسکو حدیث حسن کہا ہے اور نقل کی ہے کتاب دُعا مین اور ذکر کیا ہے بیہقی نے کتاب شعب الایمان مین معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے اونھون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا آنحضرت نے جو کوئی وقت صبح یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے گا اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ و بعد ازان ہر سہ آیات آخر سورۂ حشر سے تلاوت کرے یعنی هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ تا آخر سورہ چنانچہ اُن کلمات کو مع ہر سہ آیات کے وقت

وظیفہ روز و شب ۱۲

ذکر صبح و شام برای شفا و دفع آزار ۱۲

استعاذہ شیطان سے ۱۲

---

ص کیا ہے ہر شے کا اپنے علم سے ۱۲ اسے ص یعنی یا حی یا قیوم مین تیری رحمت کے ساتھ استغاثہ و فریاد کرتا ہون سو تو میرے سائر احوال کی اصلاح کر اور ایک چشم زدن بھی مجکو تین حوالہ میرے نفس کے حوالہ نہ کر ۱۲

صبح پڑھا کرے گا تو حق تعالیٰ ہفتاد ہزار ملک کو مقرر کرے گا کہ وہ اس شخص پر صلوٰۃ یعنے رحمت الٰہی تا شام بھیجا کرین گے اور اگر وہ شخص اُس دن مین مرے گا[1] اور اگر انھین چیزون کو ہنگام شام پڑھے گا تو وہ بھی بمنزلۂ عمل صباح کے محسوب ہوگا اور ابن مردویہ نے اپنی تفسیر مین ابی امامہ سے روایت کی ہے اونھون نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو تین بار تعوذ اور استعاذہ کرے ساتھ حق تعالےٰ کے شیطان رجیم سے یعنی خدا کے ساتھ شیطان سے پناہ مانگے اِسطرح کہے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ بعدازان تینون آیات آخر سورۂ حشر کی تلاوت کرے تو حق تعالیٰ اِس کے لئے ہفتاد ہزار فرشتے بھیجیگا جو شیاطین جن و انس کو اوس شخص کو دور کرین اور اگر یہ لوگ کلمات استعاذہ اور ہر سہ۳ آیات اخیر حشر کو وقت شب پڑھے گا تو وہ فرشتے حفاظت اوس کی شیطان سے صبح تک کرین گے اور اگر صبح کو کہے گا تو شام تک محافظت کرین گے وایضاً ابن مردویہ نے انس رضی اللہ عنہ سے اور انھون نے نبی علیہ السلام سے مثل روایت مذکور کے روایت کی مگر یہ کہ اوس مین دس مرتبہ استعاذہ کرنا شیطان رجیم سے ذکر کیا ہے و نیز ابن مردویہ نے انس رضی اللہ عنہ سے اور انھون نے رسول خدا صلے اللہ علیہ آلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ جو شخص وقت شب و روز آخر آیات سورۂ حشر کی تلاوت کرے وبعدازان وہ اوس روز یا شب مین وفات پائے تو سارے خطا و گناہ جو اوس نے کئے ہونگے تو حق تعالےٰ اوس سے درگذر کریگا اور ابن ابی شیبہ نے ابراہیم سے نقل روایت کی ہے کہ اُنھون نے کہا جو کوئی شخص وقت صبح اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ دس مرتبہ کہا کرے گا تو دیگر صبح تک شیطان رجیم سے محفوظ رہے گا اور ابن السنی

[1] تو شہیدوں میں شمار ہوگا

نے ابو درداء رضی اللہ عنہ سے اور اونھون نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ فرمایا جو شخص باوقات صباح وشام حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ہفت بار ذکر کریگا تو جو کچھ اُس شخص کے باعث ہم وغم ہے امور دنیا وآخرت سے حق تعالےٰ اوس سے اوسکو کفایت وحمایت کریگا اور ابوداؤد نے بھی اس روایت کو ابے الدرداء سے بطریق موقوف[1] نقل کیا ہے اور ابن ابی شیبہ نے عبد الرحمن بن ابزی سے نقل روایت کی ہے انھون نے کہا جب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم صبح کرتے تھے تو یہ ذکر فرماتے تھے[2] اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْكِبْرِيَاءُ وَالْعَظَمَةُ وَالْخَلْقُ وَالْاَمْرُ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَمَا فِيْهِمَا لِلّٰهِ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ صَلَاحًا وَاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَاٰخِرَهٗ نَجَاحًا اَسْئَلُكَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور صحیحین یعنے صحیح بخاری وصحیح مسلم مین یہ حدیث وارد ہے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے براء بن عازب کو حکم کیا کہ وہ بوقت اپنے خواب شب کے یہ دعا پڑھا کرے رَبِّ اَقْبَضْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْنَاهَا فَاحْفَظْهَا

ذکر صباح پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۲

دعاے وقت شب خواب ۱۲

---

[1] موقوف ایک قسم کی روایت کو کہتے ہین ۱۲

[2] ہم نے صبح کی اور تمام عالم نے صبح کی اس حالت مین کہ ہم اور یہ سب اللہ ہی کے بندے ہین اور تمام بزرگواری وعظمت اور تمام خلق اور کل امر اور سائر شب وروز اور جو کچھ ان دونون مین واقع اور حادث ہوتی ہین سب اللہ ہی کے واسطے سزاوار ہین کہ وہ فرد ویکتا ہے کوئی اوسکا شریک وہمسر نہین یا اللہ اوس روز کی اول کو میرے حق مین صلاح کر اور درمیان روز کو فلاح کر اور اُسکا آخر میرے لیے رفاہ وخلاصی کر مین تجھ سے سوال کرتا ہون بہتری دنیا یا ارحم الراحمین ۱۲

بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادُكَ الصَّالِحِيْنَ اور بعض علما نے کہا ہی کہ جب ہر شخص شام کرے یا جسوقت کسی مکانمین داخل ہو تو یہ استعاذہ تین مرتبہ پڑھ لیا کرے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اور جب ارادہ خواب شب کا کرے تو چاہیے کہ آیۃ الکرسی اور آخر سورۂ بقر یعنی رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا تا آخر سورۂ اور تین آیتین آخر سورۂ اعراف کی یعنی اِنَّ رَبَّكُمُ تا مُحْسِنِيْنَ اور آخر سورۂ توبہ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ تا آخر سورۂ حشر هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ تا آخر سورہ اور سورۃ الاخلاص اور سورتین معوذتین یہ سب چیزین پڑھکر خواب کرلے اور روایت کی ہے دارمی نے اور ابن المنذر نے اپنی تفسیر مین اور طبرانی نے ابن مسعود سے اوٗنھون نے کہا جو کوئی شب کو کسی مکان مین دش آیتین سورۂ بقر سے پڑھا کرے تو اوس گھر مین شیطان داخل نہوگا اور تفصیل عشر آیات کی یہ ہی کہ چار آیتین اول سورۂ بقر سے اور آیۃ الکرسی اور دو آیتین بعد آیۃ الکرسی اور آیات خاتمہ سورۂ بقر شروع روع سے ونہم تک لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ تا آخر سورۂ اور بزار نے عبد الرحمٰن بن عوف سے نقل حدیث کی ہے اوٗنھون نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص ہر روز صبح اور شام اس ذکر کو پڑھا کرے گا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

دعا بوقت شام و ورود مکان و وقت خواب ۱۲

آیات دافع مداخلت شیطان ۱۲

ذکر صبح و مسا ۱۲

---

[۱] اے میرے پروردگار اگر تو میری جان کو قبض کرے تو اوس پر رحم کر اور اگر اوسکو چھوڑ دے تو اوسکو محفوظ رکھ بواسطہ اوس لفظ و امان کے جس سے تو حفاظت اپنے صالحین بندگان کی کرتا ہے ۱۲

[۲] مین پناہ مانگتا ہون بواسطہ اُن کلمات الٰہی کے اُن چیزون سے جو خلق ہوئی ہین ۱۲

[۳] لا اکراہ فی الدین سے تا خالدون یہ دونون آیتین بعد آیۃ الکرسی کے واقع ہین کیونکہ ادبا دن کی تحدید ملک ۱۲

وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ چنانچہ گناہ اُس کے بخشے جائینگے اگرچہ کف دریا سے کئی حصہ زیادہ تر ہون اور بزازی ابو المتدر الجہنی سے نقل حدیث کی ہے اونھون نے کہا مین نے عرض کی یا رسول اللہ مجکو افضل الکلام تعلیم کیجیے حضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ تو اِس ذکر کو ہر روز سو مرتبہ پڑھا کر لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ چنانچہ اوس روز تو بہترین مردم ہوگا ازروے اعمال کے مگر وہ شخص کہ وہ بھی اِس ذکر کو پڑھیگا (یعنے ہمدگر بفضیلت تو ہوگی مگر اُسکے برابر ہوگا) اور صحیحین مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اونھون نے کہا کہ ہر آئینہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز سو مرتبہ اِس ذکر کو کہا کریگا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ چنانچہ اوس کے لیے ثواب بنابر آزادی دس گردن کے ہوگا یعنے دس غلام آزاد کرنے کا اجر ہوگا اور اوسکے لیے سو حسنات لکھی جاوینگے اور اوس سے سو سیئات درگذر کیے جاوینگے اور اوسکے حق مین وہ ذکر بمنزلہ حرز و پناہ کے ہوگا شیطان سے شام تک اور کوئی شخص اوس سے افضل عمل مین نہوگا مگر وہ شخص جس نے اِس سے زیادہ تر عمل اِس ذکر کا کیا ہوگا اور یہ حدیث بھی صحیحین بخاری اور مسلم مین انخیز

ذکر افضل الکلام ۱۲

---

ص آیۃ الکرسی العلی العظیم تک ہے ۱۲ ؎ نہین ہے کوئی لایق الوہیت سواے اللہ کے جو فرد و یکتا ہے اوسکا کوئی شریک و ہمسر نہین اور اوس کے لیے جمیع حمد سزاوار ہین اور وہی پیدا کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہی ایسا زندہ پایندہ ہے جو فوت نہوگا اور اُسکے ہاتھ مین جملہ خیر ہین اور وہی ہر شے پر قادر ہے ۱۲ ؎ متن مین یہ عبارت ہے فانک یومئذ افضل الناس عملا یعنے لفظ یومئذ سے وہ روز ہے

ابوہریرہ سے وارد ہے کہ ہر آئینہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو
شخص ہر روز سو مرتبہ اس ذکر کو کہے گا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ہ
چنانچہ اوس کی خطائین اوس سے فرد ہو جاوین گی اگرچہ کثرت مین بمثل کف
دریا ہون گے اور صحیح مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے بتحقیق
ذکر براے عفو خطا ۱۲
کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز سو مرتبہ
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ کہا کرے گا تو گناہ اوس کے بخشے جاوین گے
اگرچہ کثرت مین بقدر کف دریا کے ہونگے اور طیبی نے بشرح لفظ یوم کے
جو حدیث مین وارد ہی یہ کہا ہے کہ یوم مطلق ہی اوس سی قید کسیوقت کی اوقات
سے معلوم نہین ہوتی طیبی کی سوای اورون نے یہ کہا ہی کہ ظاہر اطلاق مشعر ہے
فضیلت لاحول ولاقوۃ
اس امر پر کہ اس ذکر کو سو مرتبہ ہر روز کہنے سی بہر تقدیر اجر مذکور حاصل ہوگا
خواہ اوسکو ایک جلسہ مین متوالی وپیہم پڑھین خواہ متفرق جلسون مین اداکرین
کہ منجملہ سو بار کے کچھ شروع روز مین پڑھین اور کچھ آخر روز مین تمام کرین اور
صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین ابن موسی الاشعری سے منقول ہے اُنھون نے کہا
کہ رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہی کہ تم لوگون کو ایک خزانہ بتادون
ایضاً
جو گنجینہ ہاے جنت سے ہی مین نے عرض کی ہان یا رسول اللہ ارشاد کیجیے فرمایا
یہ پڑھا کرو وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اور ایک حدیث صحیح مین یون وارد
ہوا ہی کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لاحول ولا قوۃ الا باللہ
دوا ہے ازبراے نو دونہ بار آزار کے کہ کمترین آزارامنین سے ہم وغم ہے اور
بزاز نے عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہی اونھون نے کہا کہ رسولخدا

---

ہ جس جس روز وہ شخص اس ذکر کو پڑھے گا وہ اس لفظ سے مراد روزِ قیامت بھی ہے یعنے قیامت
مین وہ شخص ازروے عمل کے بہترین مردم ہوگا ۱۲

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ تو اوس کے لیے جنت مین ایک نخل نصب کیا جاتا ہے اور صحیحین بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انھون نے فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ دو کلمے ایسے ہین کہ خفیف و سبک ہین زبان پر اور سنگین و گران ہین وزن میزان مین اور وہ دونون کلمے محبوب و پسندیدہ ہین پیش حق سبحانہ وتعالیٰ کے وہ یہ ہین سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَسُبْحَانَ الْعَظِيْمِ

فضیلت سبحان اللہ ۱۲

وایضاً صحیحین مین سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ برگزیدہ ترین کلام پیش حق سبحانہ وتعالےٰ یہ تسبیح اربعہ ہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اور ان چارون کلمون مین سے جس کلمہ سے شروع کرے کچھ حرج نہین ہے

ایضاً ۱۲

اور صحیح بخاری مین شداد ابن اوس سے مروی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بزرگترین استغفار یہ کلمات ہین اَللّٰهُمَّ[۱] اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

ذکر تسبیح اربعہ ۱۲

چنانچہ اس دعا کو وقت شام پڑھے گا اور شاید کہ شب کو مرجاوے تو داخل جنت ہوگا یہ فرمانا شک راوی ہے کہ وہ شخص اہل جنت سے ہے

کلمات دخول جنت ۱۲

---

[۱] یا اللہ تو میرا پروردگار ہے نہین کوئی ہے لائق الوہیت کے سوای تیرے کہ تو نے مجھے پیدا کیا اور مین تیرا بندہ ہون اور جہان تک مین استطاعت رکھتا ہون تیرے عہد اور تیرے وعدہ پر قائم ہون اور مین پناہ مانگتا ہون اُن کامون سے جو مین نے کیے ہین اور مین اقرار کرتا ہون تیری نعمتون کا جو مجھ پر مبذول ہین اور اقرار کرتا ہون اپنے گناہون کا سو مجھے تو بخشدے کیونکہ کوئی رحم

اور جب انھین کلمات کو وقت صبح پڑھے اور اوس دن مین مرے گا تو مثل اس جزا کے ہے کہ داخل جنت ہو یا یہ کہ اہل جنت ہوگا اور بیہقی نے مجموعۂ دعوات مین انس ابن مالک سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو بندہ مرد یا عورت ہر روز ہفتاد بار استغفار بجا کرے گا تو حق تعالے اوس کے ہفت صد گناہ آمرزش کرے گا و بہ تحقیق کہ واے و ہلاکت ہے اُس شخص کے لیے کہ جو ایک شب و روز مین ہفت وصد سے بھی زیادہ گناہ کرے اور احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ ان سب نے اپنے طریق سے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص اپنے اوپر لازم کرے گا اس استغفار کو تو حق تعالے اوسکے لیے ہر تنگی سے کشایش کرے گا اور ہم و غم سے نجات دے گا اور اوس کو روزی عطا کرے گا جہان سے وہ گمان نرکھتا ہوگا اور طبرانی نے کتاب الاوسط اور خرائطی اور ابن مردویہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے انھون نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص وقت صباح سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِہٖ ہزار بار کہے گا تو اُس نے اپنی جان کو حق تعالے سے خرید و فروخت کر لیا چنانچہ آخر روز اوسکا ایسا ہوگا کہ وہ عتیق اللہ یعنے آزاد کردۂ خدا ہوگا جہنم سے اور حافظ الہیثمی نے مجمع الزوائد مین بعد ایراد اس حدیث کے یہ کہا ہے کہ اس حدیث کو طبرانی رضی اللہ عنہ نے اوسط مین روایت کی ہے اور اوس مین وہ شخص بھی راوی ہے جسکو مین نہین جانتا ہون انتہی اور واضح ہو کہ فوائد جلیلہ ایسے ہین جسکی محافظت کرنی اوس پر مداومت رکھنی سزاوار ہے ہم حق تعالے سے سوال کرتے ہین کہ اوس مین سے ہم کو بھی

فضیلت استغفار ۱۲

فضیلت سبحان اللہ ۱۲

---

ص نہین بخشتا ہے گناہون کو سوا تیرے ۱۲

کسی قدر کی توفیق بخشے اور مشابہ اسی فائدہ کے وہ طریقہ اور وہ عمل ہے جو
دست بدست بزرگان صوفیہ کے چلا آیا ہے اور وہی ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہفتاد
ہزار بار ہے اور وہی لوگ ذکر کرتے ہین کہ جو کوئی اِس ذکر کا عمل کرے گا تو
حق تعالی بواسطہ اِس ذکر کے اوس کو گردن جہنم سے آزاد کرے گا اور اوسی کو
بھاؤ سے حق تعالے نے اوسکی ذات کو خرید کیا ہے یعنے نکال لیا ہے آتش
دوزخ سے اور وہ لوگ اِس ذکر عمل و فعل پر محافظت کرتے ہین اپنے نفس کے
لیے اور اُن لوگون کے لیے جو اون کے اہل مین سے مرگئے ہین اور واسطے
اپنے برادران کے اور اوسی عمل کو امام یافعی و عارف کبیر محیوی ابن عربی
نے ذکر کیا ہے اور وصیت کی ہے اوپر محافظت کے اور بزرگوار صوفیہ نے
یہ بھی ذکر کیا ہے کہ دربارۂ اِس عمل کے خبر نبوی بھی وارد ہوئی ہے

ف ذکر محافظت و مداومت لا الہ الا اللہ ۱۲

ف حکایت

اور اُنھین لوگون نے یہ بھی حکایت کی ہے کہ ایک جوان صالح تھا
اہل کشف سے کہ اوس کی مادر مرگئی تو اوس نے بشور تمام بکا کی اور اوسپر
ایسا غش طاری ہوا کہ وہ بیہوش ہو گر گر پڑا چنانچہ لوگون نے سبب اِس
شدت کے راز نالے سے سوال کیا تو اوس جوان نے بیان کیا کہ مین نے
اپنی مادر کو آتشِ دوزخ مین دیکھا ہے اتفاقًا اوسوقت ایک فرد مشائخ صوفیہ
مین سے وہان حاضر تھے اور وہ عمل ہفتاد ہزار بار کر چکا تھا اور ارادہ
رکھتا تھا کہ اوس عمل کو اپنی ذات کے لیے موہوب و مبذول کرے یعنی اوسکا
نفع اپنے واسطے رکھے سو جس وقت اُس قول کو اوس جوان نے سُنا
تو اپنے دل مین کہنے لگا یا اللہ تو خوب جانتا ہے کہ مین نے لا الہ الا اللہ کہا
ہے اِس ہفتاد بار تہلیل کو اور مین چاہتا تھا کہ اور اُسکو ازبراے نفس خود
و ذخیرہ واندوختہ کرون مگر مین تجھکو شاہد کرتا ہون اِس امر کو کہ مین نے اِس

اِس عمل کے بنا سے اِس جوان کی مان کو مول لیا اور چھوڑا لیا آتش دوزخ سے چنانچہ ہنوز یہ کلمۂ درد اوسکا تمام نہوا تھا کہ جوان ہنسا اور مسرور ہوا اور بولا الحمد للہ مین اپنی والدہ کو دیکھتا ہون کہ وہ آتش دوزخ سے نکل گئی ہے اور اوسکو طرف جنت کے لیجانے کا حکم ہُوا ہے پھر اوس شیخ عامل نے کہا کہ اِس بات سے دو فائدہ حاصل ہوئے ایک صدق صحت خبر نبوی اور دیگر صداقت کشف جوان کی انتہی لیکن بابت حدیث مذکور کے بعض مشایخ نے کہا ہی جسقدر علم مجکو حاصل ہے اور اُوس مین دربارۂ اِس عمل کے کوئی نسبت نبوی وارد نہین ہوئی ہے وتحقیق کہ مین حافظ ابنِ حجر رضی اللہ عنہ کے صورت سوال اِس حدیث سے واقف ہوا ہون اور وہ حدیث یہ ہی قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سَبْعِيْنَ اَلْفًا فَقَدِ اشْتَرٰی نَفْسَهٗ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی سوال یہ ہے کہ کیا یہ حدیث صحیح ہے یا حسن یا ضعیف ہے اور اُسکی صورت جواب پر بھی مین واقف ہوا ہون کہ یہ حدیث نہ صحیح ہے نہ حسن نہ ضعیف بلکہ باطل اور وضع کی ہوئی ہے لہذا روایت کرنا اِسکا صحیح نہین ہے مگر یہ کہ حال اِس حدیث کا مقرون بہ بیان ہے یعنی قرینہ حالیہ اُسکا قابل بیان ہے انتہی اور اسیطرح اِس باب مین نجم الفطی اور عقبہ نے کہا ہے چنانچہ قول اونکا یہ ہے کہ ہر شخص کو کرنا اِس عمل کا سزاوار ہے بنا بر پیروی بزرگان صوفیہ کے اور از براے بجا آوری قول اور اس شخص کے جس شخص نے اِس عمل کی وصیت کی ہے اور لازم ہے برکت الحاصل کرنا اون کے افعال سے اور ہماری شیخ نے جو عثمان الجندری الحنبلی ہین کہا ہے کہ جو چیز ہم نے حاصل کی ہے اپنے شیخ سے شیخ یحیی المغربی سے اور انھون نے اخذ کرنا اپنا اِس چیز کو اپنے مشایخ سے ذکر کیا ہے کہ بعد ہر نماز کے یہ کلمات کہا کرے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ

الاُمّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اور دو سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اور دو سو مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ اور دو سو مرتبہ اور اگر بعد ہر نماز کے تجہیز دشوار ہو تو چاہیے کہ جمیع مراتب مرات کو جمع کرکے کسی وقت شب یا روز میں ادا کرے **فائدہ** غزالی رحمۃ اللہ نے کہا ہے کہ فتوح و برکت مجکو حاصل نہین ہوئی مگر ان اوراد سے وہ یہ ہے کہ روز جمعہ ہزار بار یا اللہ کہا جاوی اور روز دو شنبہ ہزار بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور روز یکشنبہ ہزار بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اور سہ شنبہ ہزار بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور روز سہ شنبہ ہزار بار صلوٰۃ و سلام اوپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے و بروز چہار شنبہ ہزار بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ و بروز پنجشنبہ ہزار بار سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ فائدہ ۱۲ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص ہر روز لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ سو مرتبہ کہے گا تو حق تعالے اوس کے لیے ہر تنگی سے کشادگی اور ہر غم سے کشایش دیگا اور اوسکو روزی پہونچاوے گا جہان سے اوس کا گمان نہوگا اور ابو نعیم اور خطیب نے بروایت مالک و دیلمی کے مسند فردوس مین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے روایت بیان کی ہے انھون نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص ہر روز لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ دو سو مرتبہ پڑھا کرے گا تو اوس کے لیے امان ہوگی فقر سے اور اوس کو انس و تسلی حاصل ہوگی وحشت قبر سے اور اوس کے لیے کشادہ ہون گے دروازے جنت کے فائدہ ۱۲ اور فوائد نافعہ سے برائے حفظ ایمان وہ چیز ہے جو حکایت لفتل ہے ترمذی حکیم سے کہ اونھون نے کہا کہ مین نے رب العزت کو خواب مین ہزار بار دیکھا اور ہر بار خاتمہ بالخیر سے سوال کیا تو ارشاد

ہو اسطرح ورد رکھے تو کہ ہر روز بعد نماز فجر اور قبل صبح چہل بار و بہ روایت دیگر چہل و یکبار یہ پڑھا کرے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اللّٰہُ سہ بار اور بعض فوائد سے یہ بھی حکایت حکیم ترمذی کی ہے کہ انھون نے کہا مین نے رب العزت کو ہزار بار خواب مین دیکھا اور مین نے عرض کی یا ربّ زوال ایمان سے مین خائف ہون سو مجھے اس دعا کے پڑھنے کا حکم فرمایا درمیان سنت فجر اور اوسکے فریضہ کے اور وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَۃِ الْحَسَنِ وَاَخِیْہِ وَجَدِّہٖ وَاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ وَبَنِیْہِ نَجِّنِیْ مِنَ الْغَمِّ الَّذِیْ اَنَا فِیْہِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۲ اور بعض فوائد سے وہ حکایت ہے جو مذکور ہے بعض اولیا سے کہ وہ خضر علیہ السلام کے ساتھ ایک جا مجتمع ہوئے اور کہا یا نبی اللہ مین سلب ایمان سے قبل موت کے خائف و ترسان ہون اونھون نے کہا مین نے بھی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال اسی امر کا کیا تھا جس کے سبب حق تعالے اپنے بندی پر حفظ ایمان کا کرے چنانچہ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ ہر روز بعد نماز صبح کے یہ چیزین پڑھا کرین آیۃ الکرسی و آمن الرسول تا آخر

ایضاً برائے حفظ ایمان ۱۲

ایضاً برائے حفظ ایمان ۱۲

---

۱؎ ظاہر مراد قبل صبح سے قبل صلوٰۃ صبح کے ہے یعنے اس دعا کو قبل صلوٰۃ صبح کے پڑھے اور بعد صلوٰۃ صبح ۱۲ ۲؎ یعنی دعا جو چہل و یکبار پڑھی جاوے تو بعد ہر بار کے یا اللہ سہ بار کہا جاوے ۱۲

یا اللہ بحق حسن مجتبیٰ اور بحق اونکے برادر حسین شہید کربلا و بحق اونکے جد بزرگوار رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور بحق اونکے پدر عالی مقدار علی مرتضیٰ کے اور بحق اونکی مادر گرامی وقار فاطمہ زہرا کے

سورہ بقر و قولہ تعالے شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ تا اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ و قولہ تعالیٰ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ چنانچہ جو شخص ان آیات پر مواظبت و مداومت کریگا تو حق تعالی اوسکو سلب الایمان سے امان مین رکھیگا یہانتک کہ وہ ملاقات اپنے پروردگار کی کرے گا یعنے وہ با ایمان مرے گا انتہی اور ہر ایک اور اس قصہ مین اجتماع خضر کا ساتھ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعض نے خلاف کیا ہے اور صاحب بستان العارفین نے بسند اپنے لکھا ہو اور سند اسکی عبد اللہ ابن عُمر رضی اللہ عنہما تک پہونچائی ہے کہ انھون نے کہا مین نے عرض کی یا رسول اللہ کچھ ایسی چیز مجھے تعلیم کیجیے جس کے سبب حق تعالے مجھپر حفظ ایمان کرے یہانتک کہ مین اپنے پروردگار کی ملاقات کرون یعنی ایمان میرا بنا مرگ سلامت رہی چنانچہ فرمایا کہ ہر شب بعد نماز مغرب اور بنا بر دوسری روایت سے کے بعد سنت مغرب قبل کلام کرنے کے دو رکعت نماز اُس طریقہ سے پڑھا کر کہ ہر ایک رکعت مین سورہ فاتحہ ایک بار اور سورۃ القدر ایک بار اور سورۃ الاخلاص چھ مرتبہ اور قل اعوذ برب الفلق ایک بار اور قل اعوذ برب الناس ایک بار اور دونون رکعتون کے بعد سلام بجا لاوے کہ حق تعالے تیرا ایمان سلامت رکھیگا یہانتک کہ قیامت مین اوسکو پورا پاوے اور نقل ہے کہ حیات الحیوان الکبری سے کہ خبر مین وارد ہوا ہے جو کوئی ہر شب بعد

[illegible]

---

ے اولاد اطہار ائمہ ہدی کے مجھے نجات دے اوس غم سے جس مین مبتلا ہون یا حی یا قیوم یا ذو الجلال والاکرام مین تجھسے سوال کرتا ہون کہ میرے قلب کو اپنے نور معرفت سے زندہ کر یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا ارحم الراحمین ۱۲

[1] یہ آیہ سورہ آل عمران کے رکوع اول مین ہے ۱۲

[2] اور تین آیتین سورہ آل عمران کے رکوع دوم مین ہین ۱۲

مغرب کے دو رکعت نماز اِس طریقہ سے ادا کرے کہ ہر رکعت مین سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی و قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے اور بعد سلام نماز کے دسؔ مرتبہ درود و سلام اوپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھیجے اور تین مرتبہ یہ کلمات کہے اَللّٰھُمَّ اِسْتَوْدِعُكَ دِیْنِیْ فَاحْفَظْهُ عَلَیَّ فِیْ حَیَاتِیْ وَعِنْدَ مَمَاتِیْ وَبَعْدَ وَفَاتِیْ چنانچہ وہ شخص برکت سے اِس نماز اور اِس دُعا کے زشتی خاتمہ اور زبونی عاقبت سے امن و امان مین رہے گا اور امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انھون نے کہا مین نے رب العزت کو خواب مین نو دو نہ مرتبہ دیکھا سو مین نے اپنے دل مین کہا کہ اگر مین اللہ تبارک و تعالےٰ کو ابکی مرتبہ پھر دیکھون کہ سیکڑا پورا ہو تو مین اوس سے سوال کرون کہ روز قیامت خلایق اوس کے عذاب سے کس چیز کے ساتھ نجات پاوین گے چنانچہ وہ کہتے ہین کہ آخر مین نے اوسکو پورے سو کے مرتبہ مین جو دیکھا تو مین نے سوال کیا کہ اے میرے پروردگار برتر ہے پناہ وہی تیری اور بزرگ ہے ستایش تیری اور مقدس ہین نام تیرے تو کس بات کے سبب اپنی بندون کو روزِ قیامت اپنے عذاب سے نجات دے گا تب فرمایا حق سبحانہ و تعالےٰ نے جو کوئی صبح و شام ان کلمات کو کہے گا تو وہ میرے عذاب سے نجات پاوے گا سُبْحَانَ الْاَبَدِیِّ الْاَبَدِ

---

[1] یا اللہ مین تیری پیروی کرتا ہون اپنے دین کو تو مجھپر اوسکی حفاظت کر میری زندگانی مین اور وقت میری موت کے اور بعد میری فوت کرنے کے ۱۲ [2] سزاوار ہی تسبیح اوسکو جو ابدے اور سرمدے ہی وسزاوار تسبیح ہی وہ جو تنہا دیکتا ہی سزاوار تسبیح ہی وہ جو فرد اور بے نیاز ہی اور سزاوار تسبیح ہی وہ جو فرازندہ آسمان ہے بغیر ستونون کے سزاوار تسبیح ہی وہ خداوند جس نے بسط و گسترده

سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ رَافِعِ السَّمَاءِ
بِغَيْرِ عَمَدٍ سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ عَلَى الْمَاءِ فَجَمَدَ سُبْحَانَ مَنْ
خَلَقَ الْخَلْقَ فَاَحْصَاهُمْ عَدَدًا سُبْحَانَ مَنْ قَسَّمَ الْاَرْزَاقَ وَلَمْ
يَنْسَ اَحَدًا سُبْحَانَ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَدًا سُبْحَانَ الَّذِي
لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ چنانچہ اس ذکر کو صاحب
مجمع الاحباب نے آخر ترجمہ کتاب مین بعض کتب سے نقل کیا ہے فائدہ
علامہ جمال الدین سبط ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ مین کہا ہے
کہ شیخ عمر بن قتادہ المقدسی نے رحمۃ اللہ علیہ نے دعاے اول سال و دعاے
آخر سال میرے تئین تعلیم کی اور کہا ہے کہ ہمارے سارے مشائخ ہمیشہ
نسبت اس دعا کے بایکدیگر و یکے بعد دیگرے وصیت کرتے آئے اور
مدام پڑھتے آئے وہ سب اور میری اس طول عمر مین مجھ سے بھی کبھی ناغہ
نہین ہوئی چنانچہ دعاے اول سال یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى
اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَبَدِيُّ
الْقَدِيْمُ الْاَوَّلُ وَعَلٰى فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ وَكَرِيْمِ جُوْدِكَ الْمُعَوَّلُ وَهٰذَا عَامٌ
جَدِيْدٌ قَدْ اَقْبَلَ نَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ فِيْهِ مِنَ الشَّيْطَانِ وَاَوْلِيَائِهٖ وَالْعَوْنَ عَلٰى
هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْٓءِ وَالْاِشْتِغَالِ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ زُلْفٰى يَا ذَا الْجَلَالِ

---

ص کیا ہے زمین کو پانی پر کہ پھر وہ پردۂ آب منجمد ہو گئی ہے یعنے جم گئی ہے سزاوار تسبیح ہی وہ خداوند جس نے
خلق کیا خلق کو پھر انکو شمار کیا یعنے جانتا ہی انکے شمار کو سزاوار تسبیح ہے وہ خداوند جس نے تقسیم کیا
اور کرتا ہے رزق کو اور کسیکو محروم نہین رکھتا سزاوار تسبیح ہے وہ خداوند جس نے اپنے لیے زن و
فرزند اختیار نہین کیا سزاوار تسبیح ہے وہ خداوند جو کسیکا والد ہے نہ کسیکا مولود ہے نہ کوئی اوسکا
ہمتا و ہمسر ہے ۱۲ منہ ترجمہ کتاب یعنی تفصیل و عنوان باب ۱۲ سلہ یا اللہ تو ابدی قدیم و اول ہی اور تیرے فضل عظیم

پرچہ کاغذ پر لکھا جاوی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَرَآءَةٌ مِنَ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ فُلَانَ بْنِ فُلَانَةٍ مِنْ كُلِّ مَا يُعْرَضُ بِإِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِلٰى أَخْسَرِيْنَ أَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ تا قَدِيْرًا اور اوسکو گردن مین صاحب تپ کے لٹکا دیوی تو وہ صحت پاویگا باذن اللہ تعالیٰ فائدہ برای صاحب تپ کے جدا جدا پرچہ کاغذ پر لکھا جاوے بَرَاءَتٌ مُمَحِّصَةُ الذُّنُوْبِ وَوُدِّعَتْ تَبًّا لَهَا مِنْ زَائِرٍ وَمُوْدِعٍ ب طد باد مُعَانِقَتِيْ وَبَتَّ جَمِيْعُهَا وَزَفِيْرُهَا وَلَهِيْبُهَا فِيْ أَضْلُعِيْ زہ جہ قَالَتْ وَقَدْ عَزَمَتْ عَلٰى تَرْحَالِهَا مَاذَا تُرِيْدُ فَقُلْتُ أَنْ لَا تَرْجِعِيْ یعنے سہ بار تا عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيْ چنانچہ ہر ایک بیت کو جدا جدا پرچہ پر لکھکر ایک ایک کی پے در پے دہونی دے اور جو کچہ واسطے تپ کے مقدم مذکور ہوا ہی خواص سورہاے قرآنی اس سے غافل نہو حق تعالے توفیق دینے والا ہے

---

[1] دوری ہو خداوند عزیز حکیم کی جانب سی فلان پسر فلان عورت کے تمام ان عوارض سی جو باذن خدا پیش آتے ہین ۱۲ [2] ہم نے کہا ای آگ ہو جا ٹھنڈی ساتھ سلامتی و خنکی ابراہیم پر ۱۲ [3] تتمہ آیہ بعد علی ابراہیم وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ یعنی ان کفار نے ارادہ کیا ساتھ ابراہیم کے کید و مکر کا تو ہم نی انکو زیان کار کر دیا ۱۲ [4] یا مثل اس شخص کے جو گذرا اوپر ایک قریہ کے یعنی عزیز علیہ السلام ۱۲ [5] تتمہ آیہ بعد قریہ کے وَهِيَ خَاوِيَةٌ علی عروشہا الآیہ یہ آیہ بہت بڑی ہی تلک الرسل تیسری پارہ کے تیسرے رکوع مین قدیر تک ۱۲ [6] ملاقات کی گناہون کی آزمانے والے نے یعنی تپ نی اور رخصت کی گئی وہلاکی ہو اس کے لیے طرف سے ملاقات کرنے والے اور رخصت کرنے والے کے یعنی صاحب تپ سے ۱۲ [7] وہ شب باش ہوئی مجھسے ہمکنار ہوکر (یعنی مراد تپ نزلہ و زیان کاری سی ۱۲) [8] اور رہگئی ہمخوابگی اسکی اور آغوش کشی اسکی اور گرم جوشی اسکی میری پہلو مین یعنی یہ سب باتین اسکی میرے پہلو مین سما گئین ۱۲ [9] اس نے اسوقت کہ وہ عزم اپنے کوچ کا کرتا ہے تو یہ کہا تو کیا چاہتا ہے مین نے کہا مین چاہتا ہون کہ تو میرے پاس پھر مت آ اور کلمۂ لاترجعی کو تین بار کہو ۱۲

# باب بست و چہارم ذکر مین حجب نافعہ یعنی حجاب و حفاظ کے اور بیان مین اُن فوائد کے جو متعلق بزن مقروبہ یعنی جو عورت کہ قریب وضع حمل ہو اور وہ فوائد جو باز رکھتی ہین اسقاط جنین سے

اور بعض اُن چیزون سے یہ حجاب مبارک ہی نگاہبان ہے واردات سے کہ وہ مستعد و آمادہ رہتے ہین برائے حفاظت جملہ آفات جسمانیہ و عاہات روحانیہ کے اور جو شخص اس حجاب کو اپنے پاس اور اپنے ساتھ رکھیگا وہ امن پاوے گا ضرر سحر اور سائر فتنہ اور جنون اور نسیان اور ہر طرح کے خوف سی اور شر توابع یعنی جذام شیاطین اور عمار البنیان یعنی جنیان خانگی سے اور حمی اور شقیقہ و ضربان سے و ضحک و بکا سی خواب مین اور ضربان سنان سے اور بول فراش اور صداع و خفقان سی اور جملہ ریاح سی جو باعث عارضہ ام الصبیان ہوتی ہی عورتون مین اور مردون مین اور لڑکون مین وسوسہ و کجی شیاطین اور جنات اور ہوام اور حشرات الارض اور وبا اور عامہ طاعون سے اور اس عمل مین سر عظیم و عجیب ہے، اس مرض کے لیے جو ہر سحر مین موجب فزع اور اضطراب کا ہوتا ہی اور واسطے اُس طفل کی جو بہت روتا ہی اور جبکہ حاملہ ہو وہ عورت جسکا بچہ شکم ساقط ہو جاتا ہی تو جنین اُسکا سلامت

---

[۱] راحت پائی عبدالقادر گیلانی نے ۱۲ [۲] یعنی ہنستے سوتے مین بنابر تعبیر خواب کے ۱۲ [۳] ایک عارضہ ضعف مثانہ سے ہوتا ہے کہ آدمی سوتے سوتے خواب مین پیشاب کر دیتا ہی ۱۲ [۴] دوران سر ۱۲ [۵] زمین کے کیڑے مکوڑے ۱۲ [۶] بہر بد خوابی شب ۱۲

رہیگا اور بعضون نے کہا ہے کہ اس عمل حجاب مین اسم اعظم ہو کہ وہ دعوت جامعہ ہے واسطے ہر شے کے یعنی دعا جمیع چیزون کے طلب کرنے کے لیے ہو چنانچہ یکشنبہ کو اول ساعت مین اسکو لکھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَاِلَى اللّٰهِ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا یَفُوْتُهٗ حَارِبٌ وَهُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاُعِیْذُ مَنْ عُلِّقَ عَلَیْهِ هٰذَا الْکِتَابُ یَا اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَاُعِیْذُهٗ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ وَبِاَسْمَائِهِ الْعَامَّةِ وَمِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْعَیْنِ اللَّامَّةِ وَمِنْ شَرِّ اَبِیْ مُرَّةَ وَمَا وَلَدَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَاُعِیْذُهٗ بِاللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ رَبِّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوْحِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اِهْیًا اِشْرَاهِیًّا اٰذَوْنَایِیْ وَاَصْبَاءُوْتَ اٰلْ شَدَّایْ اُعِیْذُهٗ بِاللّٰهِ وَبِنُوْرِ الْعَرْشِ الَّذِیْ لَا یُحَوَّلُ وَالْعَیْنِ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَالْمَلِکِ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَالْحَیِّ الَّذِیْ لَا یُضَامُ وَالْقَیُّوْمِ عَلَی الدَّوَامِ وَالْاِلٰهِ وَالرُّوْحِ الَّذِیْ لَا یُغْلَبُ وَاُعِیْذُهٗ بِرَبِّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ

سلہ یعنی اللہ ایسا ہے کہ نہین ہے کوئی اور آگر لائق الوہیت کے سوای اُسکے کہ زندہ پایندہ اور قائم بذات ہے شروع کرتا ہون بنام خدا اور اُسی سے اعانت چاہتا ہون اور خدا ہی کے جانب سے فضل ہے اور خدا کیطرف بازگشت ہو اور سوا خدا کے کوئی کسی پر غالب قادر نہین ہے اور اگر کوئی گریزندہ اس سے قوت نہین کرسکتا اور وہ زندہ پایندہ ہو اور قائم بذات خود ہو اور مین اسی کی پناہ مین دیتا ہون اس شخص کو جسپر یہ کتاب یعنی یہ تعویذ لٹکایا جاتا ہو یا اللہ وہ اللہ کہ نہین ہو کوئی آکہ لائق الوہیت کہ سوا اسکے کہ وہ دانای نہان و پیدا ہو کہ وہ مہربان عامہ و تمام خلائق کا اور رحم کرنے والا خاص مومنون کا ہے اور مین پناہ دیتا ہون اسی حامل کتاب تعویذ کو ساتھ کلمات تامہ و خدا کے اور سلہ اسماء تامۂ خدا کے ہر مرگ و ہلاکی اور نظر بد سے اور شرابی مرہ نام شیطانی اور اُسکی اولاد سے اور شر سے زنان سلہ یعنی وہ عورتین جو تاغث پر پھونک کر گرہ لگاتی ہین اور شر حاسد جب حسد کرے

وَعِزْرَائِيلَ وَصُوْرَ بَائِيلَ وَرَبِّ الْمَلٰئِكَةِ الَّذِيْنَ يُسَبِّحُوْنَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
وَبِاسْمِ الَّذِىْ اِسْتَنَارَتْ بِهِ الشَّمْسُ وَاَضَاءَ بِهِ الْقَمَرُ وَبِالْاِسْمِ الْمَكْتُوْبِ
عَلٰى سَاقِ الْعَرْشِ وَبِاسْمِ الَّذِىْ نَزَلَ بِهٖ جَبْرَائِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ
وَاِسْرَافِيْلُ وَعِزْرَائِيْلُ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْاِسْمِ
الَّذِىْ خُلِقَ بِهٖ مَلٰٓئِكَةٌ وَاُثْبِتَ بِهٖ اَقْدَامُ حَمَلَةِ عَرْشِهٖ عَلَى الْمَآءِ
وَبِالْاَسْمَاءِ الثَّمَارَةِ الْمَكْنُوْنَةِ عَلٰى قَلْبِ الشَّمْسِ وَاُعِيْذُ بِاللّٰهِ وَبِالرَّحْمٰنِ
وَبِكٓهٰيٰعٓصٓ وَطٰهٰ وَيٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ وَحٰمٓ عٓسٓقٓ وَاُعِيْذُهٗ بِاسْمِ
اللّٰهِ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الْمُبَارِكِ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْقُدُّوْسِ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ
وَنُوْرٌ فَوْقَ كُلِّ نُوْرٍ وَبِاسْمِ الَّذِىْ اَضَاءَتْ بِهٖ كُلُّ طَلْعَةٍ وَ
كُسِرَتْ بِهٖ قَرْمُ كُلِّ شَيْطَانٍ اٰمِنَ بِهٖ كُلُّ خَائِفٍ وَبِاسْمِ

اور مین نے پناہ مین دیا اُس حامل حرز کو ساتھ خداوند عالم اور خداوند ملائکہ اور روح قدس اور خداوند عرش
عظیم اسمار عظیم وغیرہ پانچون اسما صفات حق تعالی سے ہین بزبان یونانی اور پناہ مین دیتا ہون مین ساتھ خدا کے
اور ساتھ نور عرش کے جو اپنی جا سے حرکت نہین کرتا اور پناہ مین اُس چشم بیدار کے جسکو خواب نہین ہے اور
پناہ مین اُسی ملک مالک کے جو اپنی جا سے ہٹایا نہین جاتا یعنی اُسکو تجاوز نہین ہے اور نگاہبانی مین اُس
زندہ پایندہ کے جو ظلم نہین کیا جاتا اور نگہبانی مین اُس قیوم کے جو ہمیشہ قائم ہے اور نگہبانی مین الہ ارواح کے جو کسی
مغلوب نہین ہے اور مین پناہ مین دیتا ہون اُسکو ساتھ پروردگار جبرئیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل
وصور ائیل اور ساتھ پروردگار اُن ملائکہ کے جو اپنے رب کے لیے تسبیح گذار ہین اور پناہ مین اُس اسم کے جس سے آفتاب
منور اور ماہتاب روشن ہو اور پناہ مین دیتا ہون مین ساتھ اس اسم کے جو پایہ عرش پر لکھا ہے اور ساتھ اُس اسم کے جسکو جبرئیل
اور میکائیل اور اسرافیل اور عزرائیل اوپر خاتم الانبیا کے روز دوشنبہ نازل کیا اور پناہ مین اُس اسم کی جس سے ملائکہ کی
خلقت ہوئی ہے اور جس سے قدم حاملان عرش کے پانی پر ثابت ہین اور پناہ مین ان اسما ہشت گانہ کے جو قلب آفتاب پر
مرقوم ہین اور پناہ مین دیتا ہون مین ساتھ نام اللہ اور رحمان اور ساتھ کہیعص و طہ و یس والقرآن الحکیم کے و حمعسق کے اور پناہ مین
دیتا ہون اسکو ساتھ اس اسم الہی کے جو پوشیدہ اور پردہ اور مبارک اور طاہر اور طاہر کرنیوالا ہے اور پاک و پاکیزہ و نور علی نور

الذی یمشی به علی الماء یمشی علی الارض الیابسة وبالاسم الذی
سمی به نفسه واستوی به علی عرشه واستوی علی کرسیه
وباسم الذی اقام به سمٰواته وارضه وجنته وناره ثبتت خلقه
واعیذه باسم الذی فرق به البحر لموسی وبنی اسرائیل واغرق
فرعون وجنوده اجمعین وباسم الذی هو مکتوب علی عصا
موسی وباسم الذی مشی به عیسی بن مریم علی البحر فلم تبتل قدماه
وباسم الذی هو مکتوب علی ورق الزیتون واعیذه بالکائن
الاول قبل کل شیء والباقی اخر بعد کل شیء وهو الله لا اله
الا هو والخلق له اولون والاخرون فسیکفیکهم الله وهو السمیع
العلیم واعیذه باسم الله الکریم الجلیل وباسم الذی وضعه
علی الارض فاستقرت وعلی الجبال فرست وعلی النهار فانار

اور نور بالا سے سائر نور ہے اور پناہ مین ساتھ اُس اسم کے کہ جس سے ہر ایک طالع ولامع درخشان وتابان ہے اور جس سے شاخ سرکشی شیطان کی ہے اور جس سے امن مین ہین ہر ایک خائف اور ساتھ اس اسم کے جسکی تائید سے چلتے ہین چلنے والے پانی پر ایسے جیسے وہ چلتے ہین زمین خشک اور ساتھ اس اسم کے جس سے اپنا نام رکھا اور اسی نام سے اپنے عرش پر مستوی ور قائم ہے اور اپنی کرسی پر مستولی و متمکن ہے اور ساتھ اس اسم کے جسکی برکات سے اپنے آسمانون اور زمینون اور بہشت اور دوزخ کو قائم کیا اور اس سے اپنی خلق کو خلق کیا اور مین پناہ مین دیتا ہون اُسکو ساتھ اس اسم کے جس سے دریا کو پھاڑا واسطے موسٰی اور بنی اسرائیل کے اور غرق کر دیا فرعون اور اس کے ساری لشکر کو اور ساتھ اُس اسم کے جو مرقوم تھا عصا کے موسٰی علیہ السلام پر اور ساتھ اس اسم کے جسکی برکت سے عیسٰی بن مریم علیہما السلام دریا پر چلتے تھے اور انکے قدم تر نہوتے اور ساتھ اس اسم کے جو مرقوم ہی برگہائے زیتون پر اور مین پناہ مین دیتا ہون اسکو ساتھ اُس کائن کے جسکا وجود اول ہی قبل کل شے کے اور باقی رہیگا آخر آخر بعد ہر شے کے اور وہی اللہ وہ ہے کہ نہین ہے کوئی الہ لائق الوہیت سوا اس کے اور تمام پہلی اور پچھلی اُسی کی ہی اور قریب ہے کہ حق تعالی تیری لیے ان سبکو کفایت کریگا اور وہ بڑا شنوا اور دانا ہی اور مین اسکو پناہ مین دیتا ہون ساتھ اسم اللہ کے جو کریم وجلیل ہے اور اس اسم کے

وَعَلَى اللَّیْلِ وَاَظْلَمَ وَبِاسْمِ الَّذِیْ نَطَقَ بِهٖ عِیْسٰی ابْنُ مَرْیَمَ رُوْحُ الْقُدُسِ
اِذَا كَانَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا وَبِاسْمِ الَّذِیْ اَبْرَاَ بِهِ الْمَرْضٰی وَاَحْیَا بِهِ
الْمَوْتٰی وَاُعِیْذُ بِاللّٰهِ الْكَرِیْمِ وَمُلْكِهِ الْعَظِیْمِ وَبِاَسْمَآئِهِ الْحُسْنٰی
الَّتِیْ ہ یُجَاوِزُهُنَّ بِرٌّ وَلَا فَاجِرٌ وَلَا یَقْرَبُ بِاسْمِ اللّٰهِ جَبَّارٌ عَنِیْدٌ وَلَا
شَیْطَانٌ مَرِیْدٌ وَلَا اَحَدٌ مِنَ الْجِنِّ اُعِیْذُهٗ بِاِلٰهِ اِسْرَائِیْلَ وَالْخَلِیْلِ
اِبْرَاهِیْمَ وَالْكَلِیْمِ مُوْسٰی وَالْمُصْطَفٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
وَاُعِیْذُهٗ بِهٖ بِمَا اسْتَعَاذَ بِهٖ اٰدَمُ وَشِیْثُ وَهَابِیْلُ وَاِدْرِیْسُ وَنُوْحٌ وَلُوْطٌ
وَاِبْرَاهِیْمُ وَاِسْمٰعِیْلُ وَاِسْحَاقُ وَیَعْقُوْبُ وَالْاَسْبَاطُ وَمُوْسٰی وَهَارُوْنُ
وَدَاوٗدُ وَسُلَیْمَانُ وَعِیْسٰی وَزَكَرِیَّا وَیَحْیٰی وَهُوْدٌ وَشُعَیْبُ وَصَالِحٌ وَ
اِلْیَاسُ وَالْیَسَعُ وَاَیُّوْبُ وَیُوْسُفُ وَیُوْنُسُ وَعِمْرَانُ وَذُو الْقَرْنَیْنِ وَ
ذُو الْكِفْلِ وَذُو النُّوْنِ وَطَالُوْتُ وَدَانِیَالُ وَعُزَیْرٌ وَمُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَسَلَّمَ وَاُعِیْذُهٗ بِوَجْهِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْبَاقِیْ بَعْدَ فَنَاءِ كُلِّ شَیْءٍ

جب تونے اِسکو روی زمین پر رکھا ہی وہ قرار گیر و سکونت پذیر ہوئی اور پہاڑون پر رکھا تو وہ برجای خود ثابت رہے اور اور دن کے رکھا تو وہ روشن ہوا اور رات پر رکھا تو وہ تیرہ و تاریک ہو گئی یعنی بحسب اپنی ذات اور اپنی قابلیت کے ۱۲ اور ساتھ اس اسم کے جس سے روح قدس نے جیسے ابن مریم عالم طفلی و گہوارہ مین گویا کیا اور ساتھ اس اسم کے جسکی برکت سے عیسی علیہ السلام نے مریضون کو اچھا کیا اور اِس سے مردون کو زندہ کیا اور پناہ مین دیتا ہون اسکو ساتھ اسم اللہ کے جو کریم ہی اور بادشاہ عظیم ہے اور اِن اسمار کے جو متصف باسما حسنی ہین یعنی اسماء صفات کہ اُن سے گریز نہین کرسکتا کوئی نیکو کار اور نہ بدکار یعنی اُن سے اُسکو مفر نہین ہے انھین قریب اسم الٰہی کے ہو سکتے ہین اور جبار ان سرکش اور نہ شیطان متمرد اور نہ کوئی جن اور مین پناہ دیتا ہون اِسکو ساتھ اُس اِلٰہ کے جو پروردگار ہے اسرائیل و خلیل ابراہیم علیہ السلام کا و کلیم موسی علیہ السلام اور مصطفے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا (اسرائیل یعنی عبداللہ نام ولقب ابراہیم کا) اور مین پناہ دیتا ہون اسکو ساتھ اُن چار کا جسکی ساتھ پناہ مانگی ہی حضرت آدم اور شیث اور ہابیل اور سائر انبیاء علیہم السلام نے جنکا اسما تین ہین تا محمد صلی اللہ علیہ وسلم مذکور ہین اور پناہ مین دیتا ہون اسکو

الثُّكْلَانِ وَاُمِّ الصِّبْيَانِ
وَبِقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهِ الَّذِی اَعْلٰی فَقَهَرَ كُلَّ شَیْءٍ مِنْ كُلِّ سيت [illegible]
وَجِنِّیٍّ وَجِنِّيَّةٍ وَاِنْسِیٍّ وَاِنْسِيَّةٍ وَتَابِعٍ وَتَابِعَةٍ وَسَاكِنٍ وَسَاكِنَةٍ وَسَاحِرٍ
وَسَاحِرَةٍ وَغَوَّالٍ وَغَوَّالَةٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ بَاغِيَةٍ وَنَاظِرَةٍ وَحَاسِدَةٍ
اَوْ خَاطِئَةٍ وَاُذُنٍ سَامِعَةٍ اَلْمُؤْمِنِ نَاطِقَةٍ اَوْ صَامِتَةٍ وَاَيْدٍ بَاطِشَةٍ وَ
بَاسِطَةٍ وَاَقْدَامٍ مَاشِيَةٍ وَقُلُوْبٍ وَاعِيَةٍ وَصُدُوْرٍ خَاوِيَةٍ وَحُمّٰی لَازِمَةٍ
بَاطِنَةٍ اَوْ ظَاهِرَةٍ وَاُعِيْذُهٗ مِنْ كُلِّ دَاخِلٍ وَخَارِجٍ اَوْ غَادٍ اَوْ رَائِحٍ وَمِنْ
شَرِّ سَاكِنِ الرِّيْحِ وَكُلِّ اَعْجَمِیٍّ وَفَصِيْحٍ وَمَرِيْضٍ اَوْ صَحِيْحٍ اَوْ يَقْظَانٍ اَوْ نَائِمٍ
وَمِنْ شَرِّ عَدَاوَاتِ الْجِنِّ وَرَوْحَاتِهِمْ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْاَرْضِ سَاكِنِ
السَّحَابِ وَمِنْ شَرِّ جُنُوْدِ اِبْلِيْسَ وَمِنْ شَرِّ اَعْيُنِهِمْ وَمِنْ شَرِّ عَقْدِ مَكْرِ
وَبَغْيِهِمْ وَسُوْءِ رِجْمِهِمْ وَاَرْوَاحِهِمْ وَمِنْ شَرِّ الْوَدَّةِ وَالطَّيَّارَاتِ وَمِنْ
شَرِّ مَنْ يَعْمَلُ خَطِيْئَةً اَوْ يُوْلِعُ بِهَا وَمِنْ شَرِّ مَا يُضْمِرُ وَالضَّمَلُ

ساتھ وجہ صفات اُس خداوند کے کہ نہیں ہے کوئی لائق الوہیت کی سوائے اُس کے جو باقی رہیگا بعد فنا کل شی کے اور ساتھ قدرت وسلطنت اُس خدای اعلیٰ و برتر کے جس نے کل شے کو مقہور و زیر کیا سو مین اُسکو اُسکی پناہ مین دیتا ہون شر سے ہر ایک شیطان نرینہ و شیطانہ اسکی مادہ کی اس لئے اور شر جنی و جنیہ و انسی و انسیہ و تابع و تابعیہ یعنی انکے خادم و خادمہ سے اور شر چشم زخم ہر ایک چشم کج بین و بدنظر و چشم رشک کرنیوالے اور خطاکار سے اور گوش شنوا اور زبان گویا و گنگ سے اور شر سے دست گرفتہ کنندہ یا دست دراز سے اور شر سے قدمہا رفتار کنندہ اور شر سے دلہای ضبط کنندہ و یادگیرندہ اور سینہ ہای خادیہ سے اور تپ لازم جو ہر وقت رہتی ہے ظاہر میں خواہ باطن مین اور پناہ مین دیتا ہون اُسکو ہر چیز داخل و خارج سے یا شر اول روز یا آخر روز سے اور شر ساکن الریح یعنی جو کچھ ہوا کے اندر ہے اور شر سے ہر ایک اعجمی و فصیح یعنی خوش گو شی اور بیمار اور تندرست اور بیدار و خوابندہ سے اور شر سے آمد جنیان کی ہنگام انکے صدمات و روحات یعنی شام صبح کے اور شر سے ساکنین زمین سے اور ساکنین سحاب سے یعنی جو کچھ ابر کے اندر ہوتا ہے اور شر لشکر ابلیس سے اور شر سے اُنکی نظروں کی اور شر سے اُن کے مکر کے یعنی مکر گرہ زدہ سے اور اُنکی گمراہی اور اُنکی صلاح اور اُن کی ارواح اور شر مردہ یعنی سرکشان

وَعَلَى اللَّيْلِ مَرَدَةِ الْعُقُوْدِ وَمِنْ شَرِّ زَوْبَعَةِ رَأْسِ الْجِنِّ وَمِنْ شَرِّ فَهْشَرِ رَأْسِ
الْمَرَدَةِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَسْكُنُ الْعُقُوْدَ وَالْجِبَالَ وَالْبِحَارَ وَالْكُهُوْفَ وَالْخَ
الْخَرَادِ وَالْعُمْرَانَ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَسْكُنُ الظُّلُمَاتِ وَيَسِيْرُ بِاللَّيْلِ
وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَكُوْنُ مَعَ الْوُحُوْشِ وَالطُّيُوْرِ وَمَنْ يَكُوْنُ
فِي الْأَرْحَامِ وَالْأَجْسَادِ وَالْأَكَامِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَعُوْدُ فِي الصُّدُوْرِ
أَوْ يَسْتَرِقُ السَّمْعَ وَبِاسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْكَرِيْمُ الْأَكْرَمُ
الْكَبِيْرُ الْأَكْبَرُ الْعَزِيْزُ الْأَعَزُّ الْجَلِيْلُ الْأَجَلُّ الْعَظِيْمُ الْأَعْظَمُ الْمَكْتُوْبُ
فِيْ سُرَادِقِ عَرْشِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَأُعِيْذُهُ بِاللّٰهِ
الَّذِيْ اصْطَفٰى مُوْسٰى وَآتَاهُ التَّوْرَاةَ وَكَلَّمَهُ بِطُوْرِ سِيْنَا وَمَنَّ عَلَيْهِ
بِهَارُوْنَ أَخِيْهِ وَبِمَا نَجّٰى إِبْرَاهِيْمَ مِنْ نَارِ النُّمْرُوْدِ الْجَبَّارِ وَبِمَا أَنْعَمَ
عَلٰى يَعْقُوْبَ إِذْ رَدَّ عَلَيْهِ يُوْسُفَ وَعَزَمْتُ عَلَيْكُمْ أَيَّتُهَا الْأَرْوَاحُ الْمَارِدَةُ

و جن و انس سے۔ و شر طیارت یعنی بد بختی و بد فالیون سے اور شر خطا کاران سے اور اُن لوگون سے جو خطا کی کامون کی خواہش کرتے ہیں
سے اور شر ارواح سے ہوا اُس سمت کی جو زمین پوشیدہ ہوتی ہے اور اُسیر عقود منعقدہ جو ہیں یعنی اُسپر ساحر فیما بین ہوکے ہر بار عقود کر
کلام پیچ پیچ و سخنان پیچیدہ ہیں اور شر سلطنت سرخفتہ جنات سے اور شر دندان گزی دگرفت سرگروہ سرکشان سے اور شر ساکنان
قبور و ساکنان جبال و بحار سے و شر ساکنان غار و مغاک جو ویرانہ یا آبادی میں ہون اور شر سے اُن روحون کے جو
ظلمات تاریکیون میں رہتی ہیں اور راتون کو اور دنون میں چل پھر کرتی ہیں اور شر سے اُن روحون کی جو ساتھ وحشیان
صحرا اور غاران ہوا کے رہتی ہیں اور شر سے اُن روحون کے جو رحم یعنی بچہ دانون میں اور بدنون میں اور تودون ٹیکرون میں رہتی
ہیں اور شر کران روحون کی جو دلون میں گھستی ہیں اور چوباتو پر کان لگاتی ہیں چنانچہ ان سب اشرار کے شر سے میں اسکو
پناہ میں دیتا ہون ساتھ اُس اسم خداوند کے جس کے سوا کوئی الہ لائق الوہیت کے نہیں ہے اور وہ کریم بڑا کرم کرنیوالا اور وہ
کبیر و اکبر و عزیز و اعز و جلیل و اجل و عظیم و اعظم جس کے سراپردہ عرش میں لکھا ہوا ہے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ اور میں
پناہ میں دیتا ہون اُسکو ساتھ اسم اُس خداوند کے جس نے برگزیدہ کیا ہے موسیٰ علیہ السلام کو اور اُنکو توراۃ دی ہے اور اُنسے کلام کیا کوہ

طور سینا پر

المخالفة من الجن والانس والسحرة والتوابع والسكان وام الصبيان
والحمى بعزائم الله الذي لا اله الا هو الغلاظ الشداد التي لا يجاوز
عن احد من العباد واعزم عليكم بما عزم به سليمان بن داؤد وبالاسم
الذي سخر به الشياطين لسليمان يعملون بين يديه وبعز نعمته التي لا
ترام وبطشه الذي لا يطاق وقوته التي لا تغلب الا ما تباعدتم وتجنبتم
عن علق عليه هذا الكتاب او شربه او اغتسل به واصرف عنه باسكم
وشركم وهلالكم وشر اعينكم وفار اجسامكم وتمثيل صوركم لا ياتيه
الباطل من بين يديه ولا من خلفه تنزيل من حكيم حميد بالله افتتحنا وبالله
ختمنا وبكتاب الله الذي احكمت اياته ثم فصلت من لدن حكيم خبير بالله
استعذنا واعذنا لا يغلب الله على غالب ولا يفوته هارب الله غالب كل شي

اور اُنپر احسان کیا ساتھ ہارون علیہ السلام کے جو اُنکے برادر تھے لینے اُنکو ایسا بھائی بخشا اور مینے پناہ مین دیا اُسکو ساتھ اس اسم کے جس سے نجات دی ابراہیم علیہ السلام کو آتش نمرود سرکش سے اور ساتھ اس اسم کے جسکے سبب تونے انعام کیا یعقوب علیہ السلام کو جبکہ یوسف علیہ السلام کو اُسنے پھر ملایا ۱۲ سلہ اے ارواح سرکش خدا کی نافرمانی اور مخالفت کرنیوالے نوع جن و نوع انس سے اور زمرہ ساحران اور اُنکے توابع سے اور باشندگان خانہ یعنی گھر کے آسیب اور ام الصبیان اور حمی اسے مینے تمپر عزم قصد فسون کیا ساتھ عزائم یعنی حرارت و دعوات اللہ کے کہ نہین ہے کوئی لائق الوہیت کے سواے اسکے اور عزائم اسکے ایسے سخت اور درشت ہین کہ اُس سے کسیکو بند نہین ہے گریز اور ظفر نہین ہے اور مینے تمپر آہنگ بد دعا کی ہے ساتھ اس اسم کے جسکے سبب سارے شیاطین قابو مین حضرت سلیمان علیہ السلام کے ہو گئے تھے کہ اُنکے سامنے کاروبار مین مصروف تھے اور پناہ مین دیتا ہون اُسکو ساتھ اس عزیمت اور حرز الٰہی کے جسکو تغیر و تجاوز نہین ہوتا اور گرفت اُسکی ایسی ہے جو طاقت سے باہر ہے اور ساتھ قوت الٰہی کے جو مغلوب و مسلوب نہین ہوتی مگر کہ پناہ مین دینا اسلیے ہے کہ تم دور رہو جاؤ اور کنارہ کرو اس شخص سے جسپر یہ میری کتاب تعویذ بندھی ہے یا اُسکو دھوکر پیتا ہے یا اُسکے آب شستہ سے نہاتا ہے اور تم اپنے اپنے ضرر اور شر کو اور گمراہی کو اس سے باز رکھو اور اپنی نظر

فان تولیتم صاحب کتابی هذا احسبه الله الذی لا اله الا هو علیه توکلت
وهو رب العرش العظیم بلغت حجة الله وظهر سلطان الله وتفرق اعداء
الله وبقی وجه الله اوبت یا حامل کتابی هذا فی جوار الله وحرز الله وکنف
الله جارك الله ودلیلك وحارسك ما شاء الله کان وما لم یشا لم یکن
اشهد ان الله علی کل شیء قدیر وان الله قد احاط بکل شیء علما واحصی
کل شیء عددا او انفذ کل شیء مصرا واحاط لما لدیه خبرا حققت لهذا التعویذ
بخاتم سلیمان بن داؤد وخاتم محمد صلی الله اشهد ان ولا اله الا الله و
اشهد ان محمدا رسول الله شهد الله انه لا اله الا هو الی قوله العزیز الحکیم
الله اکبر (۴) اشهد ان لا اله الا الله (۲) اشهد ان محمد رسول الله
اشهد ان محمدا رسول الله (۲) حی علی الصلوة (۲) حی علی الفلاح (۲) الله
اکبر (۲) لا اله الا الله وصلی الله علی محمد رسول الله حقا حقا الله اکبر واعز
واجل واعظم مما اخاف واحذر وصلی الله علی سیدنا محمد وعلی اله اجمعین

کی شرارت کو اور اپنی آتشی جسمون کو اور اپنی مثالی صورتون کو دور رکھو صورت مثالی یہ کہ شیاطین صورتین [illegible] بنجاتی ہین) اور عزیمت خدا کتاب خدا سے کہ نہ جسکے سامنے باطل کو گذر ہے نہ اُسکے عقب سے وہ تنزیل ہے یعنی نازل ہے بخشگاہ حکیم حمید سے اور ساتھ اسم اللہ کے مین نے شروع کیا اور ساتھ اسم اللہ کے مین نے ختم کیا اور ساتھ برکت کتاب اللہ کے مین نے لکھا وہ کتاب اللہ جسکی آیتین محکمات و منصوصات ہین بعد ازان مفصل و سورہ سورہ کرکے بیان کی گئی نزدیک حکیم خبیر سے اور ہم نے ساتھ اسم اللہ کے پناہ مانگی اور پناہ مین آیا اور اللہ غالب کسی سے مغلوب نہین ہوا اور کوئی ہارب و مفرور اسکے قابو سے باہر نہین جاسکتا اللہ غالب و قادر ہر شے کا ہے پھر اگر تم روگردانی کرو صاحب اس کتاب میرے سے یعنی صاحب اس تعویذ سے تو حق تعالی اُسکا کافی ہے اور وہ ایسا ہے کہ نہین ہے کوئی لائق الوہیت کے سوا اسکے پر مین نے توکل کیا ۱۲ سلہ اور وہ پروردگار ہے عرش عظیم کا حجت خدا بالغ ہوا اور سلطنت اسکی بانع ہے اور سلطنت اسکی غالب ہے اور دشمنان خدا پراگندہ ہین اور وجہ اللہ باقی ہے ای حامل میرے اس کتاب یعنی اس تعویذ کو تو یافتہ ہے بیچ قرب وجوار خدا کے اور حق تعالی تیرا حامی یعنی یاور یا مددگار ہے اور وہی تیرا ولی اور حارس یعنے نگہبان و مددگار ہے جو کچھ حق تعالے نے چاہا وہی ہوا اور جو نہ چاہا وہ نہوا مین گواہی دیتا ہون کہ حق تعالی ہر شی پر قادر ہے و بتحقیق

وَسَلَّمَ تَسْلِيمًا كَثِيرًا دَائِمًا اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اور بعض
اُن چیزوں سے جو نافع ہین برای حفاظت جن وانس وغیرہ سے یہ حجاب مبارک ہین
کہ واسطے حفاظت کے اُن ہر ایک سے اُسکو لکھکر گلو یا بازو مین باندھ لیوین وہ یہ ہے بِسْمِ
اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ + وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ
حَفَظَةً وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْئًا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ
اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ
وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا + وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَحِفْظًا
مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ + وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ + وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ + اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ + قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ وَعِنْدَنَا
كِتَابٌ حَفِيْظٌ + وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَائِهِمْ مُّحِيْطٌ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ + اِنْ
كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ + اَللّٰهُمَّ يَا حَافِظُ لَا تَنْسٰى وَيَا مَنْ نِعَمُهٗ لَا تُحْصٰى وَيَا مَنْ لَّكَ

برائے حفاظت جن وانس ۔

ہو کہ حق تعالی البتہ محیط ہی ہر شے پر از روی اپنے علم حضوری کے اور حصر کر لیا یعنے گھیر لیا ہر شے کو از روے
شمار کے یعنے کائنات موجودات کا شمار بخوبی جانتا ہی کہ سپری اور آخر کر دیا ہے ہر شے کو از روی حدود
کے یعنی ہر شے اس کی منتہائی حد کو پہونچا دیا اور احاطہ کر لیا ہی اس نے ہر شے کو از روی آگاہی کے یعنی علم اسکا
ہر شے پر محیط ہی مین نے مہر لگائی اُس تعویذ پر ساتھ مہر سلیمان بن داؤد کے اور ساتھ مہر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
مین گواہی دیتا ہون اس بات کی کہ نہین ہی کوئی لائق الوہیت کے سوای حق تعالے کے اور مین گواہی دیتا ہون ان
کہ ہر آئینہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم رسول ہین شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو والملائکۃ واولوا العلم قائما بالقسط
لا الہ الا ہو العزیز الحکیم یعنے حق تعالے شاہد ہے اس امر کا کہ نہین ہے کوئی لائق الوہیت کے سواے
اسکے اور شاہد ہین اسی امر کے سارے ملائک اور صاحبان علم کہ جو قائم بالنصاف ہین کہ نہین ہے کوئی لائق الوہیت کو
کے سواے اُسکے کہ وہ غالب حکمت والا ہی و بعد ازان فصول اذان کے کہی جاوے اللہ اکبر چار بار اشہد ان
لا الہ الا اللہ دو بار اشہد ان محمد رسول اللہ دو بار حی علے الصلوۃ دو بار حی علی الفلاح دو بار اللہ اکبر دو بار لا الہ الا
اللہ صلے اللہ علی محمد رسول اللہ حقا حقا اور جس چیز سے خوف رکھتا ہون اور اس سے مین عذر کرتا ہون

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَالنُّعُوْتُ الْعُلْيَا اَسْئَلُكَ بِجَاهِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ اَنْ تَحْفَظَ حَامِلَ كِتَابِىْ هٰذَا بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّكْرَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ
الْحَقُّ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ تَوَلَّهٗ فَلَا تُبْقِ لَهٗ وَلَا تُبْقِ لَهٗ غَيْرَكَ وَاحْفَظْهُ بِرِعَايَتِكَ
يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ☒ ااا م ☒ اااا ه و ☒ كهيعص حمعسق قَوْلُهُ الْحَقُّ
وَلَهُ الْمُلْكُ وبعد ازان آیات شفا راستہ یعنی ہر شش آیات شفا لکھی جاوین
اوّل قولہ تعالیٰ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ دوم
يَا اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ
وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ سوم يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ
شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ چہارم وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ پنجم اَلَّذِىْ خَلَقَنِىْ

---

حمد کرتا ہون حق تعالیٰ اس سے بہت بڑا ہے اور غالب ہے اور وہ جلیل القدر اور بڑا عظیم الشان ہے اور درود حق تعالیٰ کا ۱۲ ف۱ اوپر مالک ہمارے محمدؐ اور انکی آل اور اہلبیت پر اور سلام ازروے کثیر کے ہمیشہ روز قیامت تک الحمد للہ رب العالمین یعنی حمد سزاوار اسی واسطے پروردگار عالم کے ۱۲ ف۲ درماندہ نہین کرتی ہے حق تعالیٰ حفاظت زمین و آسمان کی اور وہ اعلیٰ وعظیم ہی ۱۲ ف۳ اور حق تعالیٰ بھیجتا ہی تمپر حفاظت کنندگان یعنی فرشتون کو ۱۲ ف۴ تم خدا عزوجل کو کچھ ضرر نہین پہونچا سکتے تحقیق کہ پروردگار عالم میرا ہر شی کا حافظ و نگہبان ہے ۱۲ ف۵ حق تعالیٰ بہترین حافظ و نگہبان ہے، وہ سب رحم کرنیوالون سے بڑا رحم کرنیوالا ہی ۱۲ ف۶ واسطے اس بندہ ممدوح کے فرشتے پشت پناہ ہین کہ اسکے سامنے سے اور اسکے پیچھے سے حفاظت اسکی کرتے ہین امر الٰہی سے ۱۲ ف۷ ہمنے آسمان کو آسمان محفوظ بنایا ۱۲ ف۸ اور ہمنے حفاظت کی آسمان کی کل شیطان رجیم سے ۱۲ ف۹ اور حفاظت ہی ہر ایک شیطان سرکش سے ۱۲ ف۱۰ اور آسمان حفظ دیا مانہین ہے یہ قدرت ہی خدائے غالب روا ناکی اور پروردگار تیرا ہر شے کا حافظ و نگہبان ہے حق تعالیٰ اوپر حافظ و نگہبان ہے اور تو اونکا وکیل و مددگار نہین تحقیق کہ ہم جانتے ہین جسقدر کم ہوتی اور گھٹتی ہے زمین یعنی جسقدر کہ اجسام انکی زمین مین فوت ہوتے ہین اور ہمارے پاس کتاب حفظ ہے جسمین سب کے اسما محفوظ ہین اور حق تعالیٰ انکے عقب مین محیط یعنی احاطہ کرنیوالا ہے بلکہ وہ قرآن مجید لوح محفوظ مین ہے قوم ہے ایسا نہین ہے کوئی جان مگر یہ کہ اسپر حافظ و نگہبان ہے ۱۲ ف۱۱ اے پروردگار یا حافظ جو بھولتا نہین ہے اور وہ خداوند کہ جسکی

فَهُوَ يَهْدِيْنِ وَالَّذِيْ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ششم قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ اور بعض حجاب مبارک مین سے یہ ہی جو منقول ہی سعید بن المسیب سے کہ اُس چیز کو انھین ایک مومن نے مومنین جن مین سی تعلیم کی ہے چنانچہ اُنھون وہ باب کہی جسکو انھون نے خوب واضح بیان کیا کہ ای سعید کیا تجکو حاجت ہی کہ مین تجکو نہ بتاؤن یعنی بتاؤن ایک ایسا حجاب جو کسی پر باندھا جاوی تو کوئی طارق یعنی رات کا آنیوالا آسیب وغیرہ اُسکے پاس بدیسی نہ آویگا اور اگر کسی جانور کے باندھا جاوی تو اُسکو آزار در شکم یعنی گڑگڑی نہ پہونچے اور اُسکو اپنے پاس لیے ہوی کسی حاکم جابر پاس جاوی تو اوس سے اُس شخص کو کوئی ضرر نہ پہونچے اور اگر سوار کشتی پر ہو تو غرق سے محفوظ رہے اور اگر کسی جماعت مسافر پاس ہو تو کوئی دشمن اُسکو گزند نہ پہونچا سکے تب سعید نے اس دعا کے بتانے مین میری ساتھ احسان کیا اور اُنسے کہا کہ دوات و کاغذ مہیا کر چنانچہ سعید نے دونون چیزین حاضر کین تب اس نے کہا لکھ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كُلُّ ذِيْ مُلْكٍ مَمْلُوْكٌ لِلّٰهِ وَكُلُّ ذِيْ عِزَّةٍ فَغَالِبُهُ اللّٰهُ وَكُلُّ ذِيْ قُوَّةٍ فَضَعِيْفٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَكُلُّ جَبَّارٍ فَصَغِيْرٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَكُلُّ طَالِبٍ لَا مُحِيْطَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَا

نعمتین شمار نہین ہو سکتین ای وہ خداوند جسکے لیے اسمار حسنی ہین یعنی اسمار صفات ہین اور اُسکی نعمت و مجد برتر ہوین تجھ سے سوال کرتا ہون بواسطہ جاہ و مرتبہ محمد تیری محمد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ کہ تو حفاظت و نگہبانی کر میری اس کتاب کی حامل یعنی حامل اس تعویذ کے ساتھ اسم مبارک جس سی تو نے حفاظت ذکر یعنی کلمات الٰہی کی ہی و بتحقیق کہ تو نے فرمایا ہی اور فرمان تیرا حق ہی وہ یہ ہے کہ ہر آئینہ ہم نے نازل کیا ہی ذکر یعنی کتاب اللہ کو و ہر آئینہ ہم اسکے حافظ و نگہبان ہین اور کسیکو توانائی و قوت فعل نیک اور ترک بد سے نہین ہے مگر بتوفیق خداوند برتر و بزرگتر کے ای پروردگار تو اُسکو دوست رکھ کیونکہ سوائے تیری کوئی اُسکو دوست نہ رکھیگا اور اُسکی حفاظت اپنی رعایت اور نگاہ داری سے ای پروردگار عالمین کے بعد ازان یہ نقوش اور حروف مقطعات قرآنی لکھین جو تین مین مندرج ہین کہ قول اسکا حق ہی اور اسی کا مالک اور اسی کی بادشاہی ہے ترجمہ ہر شش آیات شفا کا اول یعنی حق تعالیٰ شفا دیتا ہے قوم مومنین کے دلونکو لیجاتا ہی غیظ و کینہ کو اُنکے دلون سے دوم ای آدمیون بتحقیق کہ تمہارے پاس آچکی ہی نصیحت و پند تمہارے پروردگار کی جانب سی اور آچکی ہی شفا واسطے آزار دلونکو اور ہدایت اور رحمت واسطے مومنین کے سوم نکلتی ہی

أعداءَ اللهِ وأعداءَ حامِلِ كتابي هذا أو يا حاسِدِيه من الجنّ والإنسِ والشياطينِ والعفاريتِ المتمرّدين خاتَمُ سليمانَ بنِ داؤدَ على أفواهِكم وعصا موسى بنِ عمرانَ على أكتافِكم وخيرُكم بين أعينِكم وشرُّكم تحتَ أقدامِكم ولا غالبَ إلّا اللهُ اللّٰهمّ اعز ازریكَ المانعُ المنيعُ الذي لا يذلُّ مَن استعزَّ به ولا يكشفُ سِتْرَ مَن سترَه به سبحانَ مَن ألجمَ البحرَ بكلماتِه سبحانَ مَن أطفأ النارَ النمرودِ عن الخليلِ إبراهيمَ بحكمتِه سبحانَ مَن تواضعَ كلُّ شيءٍ لعظمتِه أقبِلْ ولا تخَفْ إنّكَ مِنَ الآمنين لا تخَفْ نجوتَ من القومِ الظّٰلمين لا تخافُ دركاً ولا تخشى لا تخَفْ إنّكَ أنتَ الأعلى لا تخافا إنّني معكما أسمعُ وأرى اللّٰهمّ استُرني واستُرْ حامِلَ كتابي هذا بسِترِكَ الواقي لحصين في ليلِه ونهارِه وظعنِه وقرارِه بستورِكَ الذي سترتَ به أولياءَكَ المتقين عن أعدائِك

ہو شکم ہاے زنبور شہد و مگس انگبین سے شراب مختلف رنگ یعنی پینے کی چیز رنگ برنگ کی اس میں آدمیوں کے لیے شفا ہے ۱۲ اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن سے وہ چیزیں جو شفا و رحمت ہیں واسطے مومنوں کے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ۲۶۱) پنجم وہ خداوند ایسا ہے جس نے مجھے پیدا کیا پھر وہی مجھے ہدایت کرتا ہے اور وہ خداوند ایسا ہے کہ وہی مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا ہے اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو مجھے شفا دیتا ہے ششم تو کہہ دے یہ قرآن واسطے اہل ایمان کے ہدایت و شفا ہے ۱۲ سلے تمام اہل ملک حق تعالے کی مملوک ہیں اور جتنے ذی عزت ہیں اور ذی مرتبہ حق تعالی اُن پر غالب ہے اور جتنے قوی و قوت والے ہیں وہ سب پیش خدا اور ناتوان و عاجز ہیں اور جتنے بڑے بڑے جابر و جفاکار ہیں وہ سب اسکے سامنے صغیر اور حقیر ہیں اور جتنے ظالم ہیں اُنکے لیے رستگاری و خلاصی نہیں ہے ۱۲ سلے اے دشمنان خدا اور اے دشمنوں اس شخص کے جو حامل ہے اس کتاب کا تعویذ کا ہے اور اے حسد کرنیوالے اُس شخص کے گروہ جنوں اور آدمیوں اور شیطانوں اور دیو سرکشوں سے مہر سلیمان بن داؤد کی تمہارے منہ پر اور عصا موسٰی بن عمران کا تمہارے شانوں یعنے گردنوں میں تمہارے اور خیر تمہاری آنکھوں کے سامنے رہے اور شر تمہارے پاؤں تلے ہو اور سوا حق تعالے کے کوئی غالب نہیں ہے اے میرے پروردگار تجھ کو عزت و غلبہ ہے واسطے اپنی عزت و جلالت کے جو باز رکھنے والی ہے اور بلند شان ہے جو کوئی اس سے طلب عزت کرتا ہے وہ ذلیل نہیں ہوتا اور جو کوئی اس سے پردہ پوشی چاہتا ہے اور پردہ فاش نہیں ہوتا اور تسبیح ہے

الكافرين اللّٰهمّ من عاداه فعاده ومن كاده فكده ومن نصب له بحبالة
فاخذ له واطفِ عنه نارًا من اراد له عداوةً وشرًّا وفرّج عنه كلّ همٍّ
وضيقٍ ولا تحمّله ولا يطيقه انّك انت الله لا اله الّا انت الحقيق يا سامع كلّ
صوتٍ ويا سابق الفوت ويا كاسي العظام لحمًا ومنشرها بعد الموت باسمائك
الحسنىٰ وباسمك العظيم الاعظم المخزون المكنون الّذي لم يطّلع عليه احد من ا
لمخلوقين يا حليمًا ذا اناة لا يا ذا المعروف الّذي لا ينقطع ابدًا ولا يحصى
عددًا فرّج على الساعة الساعة فلا صبر لي على حلمك يا ارحم الراحمين
وصلّى الله على سيّدنا محمّدٍ وعلى اٰله وصحبه وسلّم اور بعض انھین حرزون مین سے
حجاب قرما یعنی حرز و حفظ شیاطین اور اُنکے توابع سے کہ وہ حجاب عظیم ہی کہ مثل اسکے
ذخیرہ نمین پایا نہین گیا اور بارہا مین نے اسکو تعلیم کیا صحیح اور درست آیا الحمد للہ حب توارہ

ہے وہ خداوند جسنے اپنے کلمات سے دریا کو پھاڑا سزاوار تسبیح ہے وہ خداوند جسنے اپنی حکمت بالغہ سے آتش
نمرود کو ابراہیم خلیل سے بجھا دیا سزاوار تسبیح ہو وہ کردگار جسکے درپیش عظمت کے ہر شے پست و فروتن ہو آ موسی آگے آ
اور خوف نکر کہ ہر آئینہ تو امن جانے والون مین ہے خوف نکر کہ تونے قوم ظالمین سے نجات پائی اور یہ کہ تو خوف گرفتار ہونیکو
دریا مین ورا کہ ہر آئینہ تو ہی بالا رہیگا اور تم دونون اے موسی اور ہارون خوف نکرو کہ ہر آئینہ تم دونون کے ساتھ
ہو مین سنتا ہون اور دیکھتا ہون اے میرے پروردگار مجھے چھپالے اور میرے اس کتاب کے تعویذ حامل کو چھپالے
اپنے پردہ حفاظت مین جو دائمی و کافی اور حصین اور استوار ہے اور ایسا کر اس حامل تعویذ کی رات اور اُسکے دن
اور اُسکے کوچ و مقام مین اور ڈھانپ لے اپنے اس پردہ حمایت مین جس نے اپنے دوستان پرہیزگاران کو ڈھانپا ہے
شر سے اور اپنے دشمنان کو کفار سے ۱۲ [illegible] پروردگار جو کوئی اس تعویذ سے دشمنی کرے تو بھی اس سے
دشمنی کر اور جو کوئی اُس سے کینہ و مکر کرے تو بھی اس سے کینہ و مکر کر اور جو کوئی اُسکے لیے جال ڈالے تو بھی اُسکو محروم
و ناکام کر اور اس سے آگ اُس شخص کی بجھا دے جو اُسکے ساتھ بارادہ بدی کریگا از روے عداوت اور شرارت کی
اور دور کر اس سے ہر ایک اندوہ اور تنگی کو اور اُٹھوا اس سے جس چیز کی طاقت نہین رکھتا ہو ہر آئینہ تو ہی الہ
ہے نہین ہے کوئی لائق الوہیت سوای تیرے کون ہے کہ جسکے حق ہو وہ ثابت و سزاوار ہے اے سننے والے ہر صوت کے اے

تو اُسکو لکھہ تیسرے مہینے مین یعنی عمل سہ ماہہ مین یا پانچوین مہینے مین یا ساتوین مہینے مین اور لحاظ رکھ کہ حروف پراگندہ نہونے پاوین اور لکھنے والا باطہارت کامل ہو یعنی باوضو و باغسل ہو پھر اُسکو مثل حجاب یعنی مانند تعویذات مذکورۂ بالا کہ در تضیق و درد کہنہ یعنی کمان کی پُرانی تانت سے باندھکر گلے مین لٹکاوی اور وہ یہ ہی کہ پہلے بسم اللہ لکھی جاوے پنجاہ و ہفت بار پھر صلی اللہ علی سیدنا محمدؐ چہل بار لا الہ الا اللہ چہل بار محمد رسول اللہ چہل و ہفت بار آمنت باللہ پنجاہ بار اعتصمت باللہ پنجاہ و سہ بار حسبی اللہ ہفتاد و ہشت بار توکلت علی الحی الذی لایموت چہل و سہ بار لاحول والاقوۃ اللہ باللہ چہل بار اور آیۃ الکرسی تا خالدون و للہ ما فی السموات و ما فی الارض تا آخر سورۂ بقر تمام و کمال **فائدہ** زن مقرونہ یعنی جو عورت قریب بوضع حمل ہو خاتم جلالت یعنی نقش جلال مع محمد رسول اللہ ساتھ مشک و زعفران و گلاب کے لکھے جاوی اور عود قاقلے اور سندروس کے ساتھ اس نقش کو بخور دیا جاوی اور زن حاملہ پنج ماہ اُسکو اپنے گلو وغیرہ مین باندھ لیوے

کہ گزند سے امن مین رہے گی اور خاتم مذکور یہ ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لااله | الا | الله | محمد | رسول | الله |
| الا | الله | محمد | رسول | الله | لااله |
| الله | محمد | رسول | الله | لااله | الا |
| محمد | رسول | الله | لااله | الا | الله |
| رسول | الله | لااله | الا | الله | محمد |
| الله | لااله | الا | الله | محمد | رسول |

اور ای در گیرندہ و در یابندہ فوت شدہ کے اور پہنانے والے ہڈیون کو لباس گوشت کا اور پھر پراگندہ کرنے والے اُن استخوان و گوشت کو بعد موت کے بواسطہ اسمار حسنی صفات کرم

برای حفاظت اسقاط حمل ۱۲

اور بعض اُن چیزوں سے جو نافع ہیں واسطے اُس عورت کے جسکا لڑکا شکم سے گر جاتا ہے
اور چاہیے کہ یہ چیزیں لکھکر اوسپر لٹکا دیویں اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
اَنْ تَزُوْلَا كَذٰلِكَ اَمْسَكْتُكَ يَا وَلَدَ فُلَانَةَ بِنْتِ فُلَانَةَ اِسْتَقِرِّيْ
مُسْتَقَرًّا لَكَ وَمُسْتَوْدَعَكَ قَدْ سَكَنَ لِلّٰهِ مَا فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ اُسْكُنْ بِجَلَالِ اللّٰهِ (۲) اُسْكُنْ بِجَمَالِ اللّٰهِ اُسْكُنْ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ اُسْكُنْ
بِقُوَّةِ اللّٰهِ اُسْكُنْ يَا وَلَدَ فُلَانَةَ بِنْتِ فُلَانَةَ فَقَدْ سَكَنَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ
وَازْدَادُوْا تِسْعًا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور انھیں چیزوں

بعض خواص برای استقرار حمل ۱۲

میں سے بعضی وہ چیز ہے جسکو بعض صالحین نے ذکر کیا ہے کہ واسطے اُس عورت کے جسکا
بچہ حمل ساقط ہو جاتا ہو اور یہ چیزیں لکھی جاویں سورہ فاتحہ الکتاب اور یہ آیت

برای استقرار حمل ۱۲

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ اِلٰى قَوْلِهٖ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ اَسْكَنْتُ وَلَدَ
كَذَا وَكَذَا فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ اِلٰى حِيْنِ خُرُوْجِهٖ بِاللّٰهِ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَآءَ
اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ وَبِاللّٰهِ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا

---

۱۲ اور بواسطہ اپنے اِس اسم اعظم کے جو ایسا مخزون و پوشیدہ ہو کہ اسپر کسیکو مخلوق میں سے اطلاع نہیں ہے
درنگ و تاخیر کرنے والے مراد ہی سے اور رؤف معروف یعنی صاحب نیکوئی و احسان جسکا احسان کبھی
منقطع نہیں ہوتا اور اسکا شمار نہیں ہو سکتا ہو شمایش گردی حالی سے ابھی اور اسیوقت کہ جو تمامی مجھکو خبر محل
تیرے علم کے نہیں ہے ای بڑے رحم کرنیوالوں کے اور درود حق تعالے کا نازل ہوا اوپر مالک ہمارے محمد کے اور انکی
آل اور اُنکے اصحاب کے ۱۲ ان۵ تحقیق کہ حق تعالے روکا اور تھامے ہے آسمانوں اور زمینوں کو ایسے کہ وہ دونوں جنبش
و لغزش میں آویں یہانتک مضمون آیت ہے اور اسیطرح میں نے تجھکو روکا اور تھاما ہے اے فرزند فلانی عورت کے جو دختر
فلان عورت کی ہے یعنے اس بچہ کی ماں اور نانی کا نام لکھے تو قرار پکڑ اپنی جای قرار اور اپنی سپردگاہ میں بقولہ تعالے
کہ ٹھہر گئے سکونت پذیر ہیں جو کچھ شب و روز میں ہے اور بڑا شنوا و بڑا دانا ہے آرام پکڑ بواسطہ جلال خداوند تعالے کے

وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِنْ بَعْدِهٖ بعد ازان اس تعویذ کو اُس زن حاملہ پر باندھ دیوین آور بعض خواص سے یہ ہی کہ اگر عقرب مردہ ایک لتہ مین لپیٹ کر زن حاملہ پر باندھ دیوین تو حمل اُسکا ساقط نہوگا اگرچہ عادت اُسکی اسقاط کی ہو اور اگر مرجان یعنی مونگا زن حاملہ کے گلو وغیرہ مین باندھ دیوین تو جنین یعنی بچہ شکم محفوظ رہیگا ساقط ہونے سے اور اگر لڑکون کے گلے مین بھی مرجان لٹکا دیوین تو وہ بھی آفات سے مصئون رہین واللہ اعلم اور تجھپر پوشیدہ نرہے جو کچھ سابق مین بیان کیا گیا ہی خواص آیۃ الکرسی سے

## باب بست وپنجم ان چیزون کے بیان مین جو متعلق ہین ریح احمر و داء اکبر یعنی امراض سخت و صعب سے

اسی حفاظت کے باب مین آصف بن برخیا علیہ السلام یعنے وزیر سلیمان علیہ السلام[۱] کہا کہ ایک روز سلیمان ابن داؤد علیہما السلام اپنے تخت شاہی پر بیٹھے ہوے تھے اور اُسوقت اکابران وارکان دولت اُنکی حضوری مین حاضر تھے اور اُنکی خدمت مین اور وحوش وطیور اور زوالبعہ یعنی بزرگان دیو اور پریان سب موجود تھے اور سلیمان علیہ السلام اونکے درمیان حکم داوری کر رہے تھے اُسوقت انھون نے اپنی حال پر خیال کرکے اصحاب سے خطاب کرکے کہا کہ حق سبحانہٗ وتعالے فی ہر آئینہ تمام جن وانس اور

---

۲ آرام پکڑ بقدرت الٰہی آرام پکڑ بقوت الٰہی آرام پکڑ فرزند فلان زن دختر فلان زن کے فقد سکن اللہ الخ یہ آیت نہین ہے یعنی سکونت پذیر ہے خدا کے لیے جو کچھ آسمانون اور زمینون مین ہے چار و ناچار اور تم اسکی طرف بازگشت کرنیوالے ہو و قولہ تعالے ولبثوا الخ یعنے اصحاب کہف اپنے غار مین سو برس ٹھہرے رہے ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۱۲ ۳ ہم نے پیدا کیا انسان کو لب اور خلاصہ گل سے ۱۲ ۴ تمہ، آیہ اخیر رکوع سورۂ مومنون جز ہیجدہم کے اول رکوع مین ہے اورہ تین آیتین مین تا احسن الخالقین ۱۲ ۵ یعنی فرزند فلانی عورت کا جو فلان عورت

طیر و وحش اور ریح کو میرے قابو مین کر دیا ہی بھلا کوئی بھی ایسا خلق و گروہ ہی جسکو خداوند تبارک و تعالےٰ نے پیدا کیا ہی اور وہ تیرے بس مین نہو یہ سن کے آصف نے کہا یا نبی اللہ ادب و اندازہ نگاہ رکھیے یعنی حد سے تجاوز نہ کیجیے کیونکہ یہ سب جو کچھ آپکے لیے ہی ملک الٰہی سے اُسکی پادشاہی مین برابر دانہ رائی کے بھی وفا نہین کرتا ناگاہ اُس وقت کہ باتین ہوتی تھین ایک عظیم الخلقت ظاہر ہوا اور درازی اُسکی چہل ذراع یعنی چالیس ہاتھ یا چالیس گز کی تھی اور اسکا عرض وہین بھی اسیقدر تھا اور اُس سے شعلے آگ کے نکلتے تھے اور ہر ایک عضو اوسکا دوسرے سے مشابہ تھا جب اُسکو ہمارے سیّد حضرت سلیمانؑ نے دیکھا تو وہ خود اور اون کے اصحاب گھبرا کر اُس سے بھاگے تب آصف نے کہا یا نبیؐ اللہ پھر آئیے اور کہیے اللہ اکبر تین بار اور اُس سے سوال کیجیے وہ آپ کو جواب دیگا چنانچہ حضرت سلیمان علیہ السلام اُسکی طرف پھرے اور متوجہ ہوئے اور تین بار اللہ اکبر کہکر یہ کہا کہ اے شخص آتشی بزرگ جثہ تو کون ہے اور تیرا کیا نام ہے اور تیری تئین یہ کیا آفت و شامت ہے اُس نے جواب دیا یا نبیؐ اللہ مین ریح احمر ہون اور وائرا اکبر یعنے مین بہت بڑا آزار ہون مین ایک بیماری ہون بیماریون سے اور مرض ہون مرضونمین سے کہ جب حق تعالیٰ اپنی خلق مین سے دنیا مین کسی شخص پر ساتھ کسی علت کے علتون مین سے یا ساتھ کسی مرض کے مرضون مین سے عذاب کیا چاہتا ہے اُس کے پاس بھیجتا ہی اور مجھے اُسپر مسلط کرتا ہے اور

---

ہو گی دختر ہے سوا اُسکی مادر کی شکم مین ساکن کیا اُسکے زمانہ زوج تک تا وقت وضع حمل کے اور اُسکو ساکن کیا تائید اسم اللہ کے جو تھامے ہے اور روکے ہی آسمان کو ڈھا پڑنے سے زمین پر مگر گر پڑنا اُس کا اُس کے اون پر موقوف ہی اور مین نے اُسکو ساکن کیا تائید اسم اللہ کے جو تھامے ہے آسمان اور زمین کو جنبش و لغزش کرنے سے اور اگر یہ دونون لرزے مین آتے م

میرے ہمراہ بہت سے فرشتے ہین کہ وہ بامر خدا میرے کام مین حاضر ہین اور حق تعالی نے مجھ مین چار سو مرض سپرد کیے ہین اور حق سبحانہ و تعالے اپنے بندون پر اپنا فضل و کرم کر کے ہر ایک مرض کے لیے جو میرے مرضون مین سے ہے دوا خلق کی ہے اور میرے تئین وہ سب دوائین بتا دی ہین تب حضرت سلیمان علی نبینا علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ مین تجھ سے سوال کرتا ہون بقسم اُس خداوند کے جس نے تجھ کو پیدا کیا اور خلق کیا تیرے کتنے فرع ہین یعنے کتنے تیرے ہم جنس و ہم پیشہ ہین اُس نے کہا یا نبی اللہ میرے لیے چار سو چودہ فرع ہین اور مجھ تنہا سے امراض کثیر متعلق ہین چنانچہ میرے پاس حلب باسور ہے (جسکی جمع بواسیر ہے) اور ناسور اور درد کمر اور شکست کمر اور ریاح اور قراقر شکم اور نفخ اور قلب معدہ یعنی اُسکا موٹ ہونا اور فساد معدہ اور وجع الجنون من ہذا الی ہذا یعنے درد پوشیدہ و آزار نہفتہ جو ایک جا سے دوسری جا حرکت کرتا ہی اور پیچ ناف و تعب جگر اور اول اور آخر شب چلنا ہوا کا لوگون سے سرون پر کہ وہ بعض میرے ریاح سے ہے جو مورث ضارب یعنے فرع دماغ اور شقیقہ درد نیم سر اور دوران سر اور طیر یعنے سبکی سر چنانچہ دواے ضارب و صداع کی سرکا خالص انگور کا ہی اور غاریقون ہے اور علاج طیر یعنے سبکی سر کا جسکو سر پنا نا ڈیتوران کہتے ہین یہ ہی کہ لزقہ یعنے ضماد و مرہم ہے اور داغ اور حرز ہے اور میرے معالجات مین سے واسطے دفع طیر اور جنون کے اور واسطے اُس ریح کے جو دماغ مین ساری ہے اور واسطے اُس توشان یعنی سبکی و ثوران کے جو سر مین طاری ہوتا ہی جسکو سر دُھنا کہتے ہین اور وہ باعث ریاح اور زیادتی خون کا ہی علاج یہ ہے کہ تخم برسیم یعنے حب القرط لیکر باریک پیسکر گرم پانی سے گوندھکر

م تو اُن دونون کو کوئی نہ روک سکتا سواے حق تعالے کے ۱۲

سر پر لگا دیا جاوے اور جاننا چاہیے کبھی دمویت جو عارض ہوتی ہے تو اُس سے تخیلات
پیدا ہوتے ہین مانند رویت آتش یا رویت کسی قوم کے کہ گویا وہ لوگ ارادہ اُسکے
قتل یا ضرب کا کرتے ہین اور کبھی وہ اپنے کپڑے پھاڑ ڈالتا ہے اور کبھی جو کوئی اُسکے
پاس آتا ہے اُس سے لپٹ جاتا ہے یا شور سے چلاتا ہے اور اُسی قبیل کی حرکتین
کرتا ہے تو اون سب کے نافع ہے روغن مغز کدو اسطرح پر کہ وسط سر کے تالو مین وہ
علاج فساد سر و دماغ ۱۲
روغن دبا دین اور صدغہ یعنی کنپٹی اور پیشانی مین اُسکو ملین اور چند روز اُسی کی
ناس لیوین اور انھین علتون مین سی کابوس ہے اور وہ یہ ہے کہ آدمی کو یہ محسوس ہوتا
ہے کہ اُسکے اوپر کوئی شی گران وزن واقع ہے اور اُسکو دابے ہے کہ وہ حرکت و جنبش
نہین کر سکتا ہے اور اوسکا دم تنگی کرتا ہے اور گھبراتا ہے تو چاہیے کہ وہ شخص کزبرہ
خضرا یعنی کشنیز سبز بوزن دو درم بوقت خواب کرنے کے کھائے اور یہ مقدار واسطے
محرور مزاج کے ہے اور بارد مزاج کو چاہیے کہ بوزن ایکدرم قدرے مصطگی ساتھ
کھاوے اور آب فشردہ بقل یعنی باقلا سبز یا نخود سبز ایک اوقیہ باآبگرم پینا یہ بھی
اُسی مرض کو مفید ہے اور اُن امراض مین پرہیز رکھنا بھی بہت نافع ہے پھر جناب حضرت
سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ مین تجھ سے بقسم خداوند عظیم سوال کرتا ہون کہ مجھے
خبر دے اُن ریاح سے جو تجھ مین ہین اُس نے کہا یا نبی اللہ مجھ سے ناصفہ ہے باد سخت
علاج کابوس ۱۲
ہے جو درختونکو اُکھیڑ اور توڑ ڈالتی ہے اور عاصفہ ہے یعنی باد تند جو درختون اور
کھیتون کو پامال کر ڈالتی ہے اور صرصر ہے یعنی باد شدید البرد اور عقیم ہے یعنی باد خزان
اور مزاج مرا بیچ ایام نحسہ کے ہے چنانچہ پہچاننے والا پرہیز کرتا ہے ایام نحسہ سے اور وہ
سب مین جنکا ذکر عنقریب آتا ہے مجموع اور سب جمع ہین موافق اُسکے سُنت یعنی حدیث مین بھی

---

لہ جن چیزون سے پرہیز چاہیے اُونکا ذکر عنقریب آتا ہے ۱۲

وارد ہوا ہی بیچ کتاب السبعیات وغیرہ کے یعنے جسمین ایام ہفتہ وغیرہ کا بیان ہے اور بعض اکابر نے ان ایام کو نظم کیا ہے

## اشعار

نُوَتِ مِنَ الْاَیَّامِ سَبْعًا کَوَادِلِ
وَلَا تَبْتَغِیْ فِیْهِنَّ وَلَا سَفَرًا

وَلَا تَلْبَسَنْ کَوْ بَاجَدِیْدًا اَوْلَا
وَلَا تَنْکِحِ الْاُنْثٰی وَلَا تَغْرِسِ الشَّجَرَا

وَلَا تَحْفِرَنْ بِئْرًا وَلَا تَبْنِ مَنْزِلًا
مُقَابِلِ السُّلْطَانِ فَالْحَذَرَ الْحَذَرَا

ثَلَاثٌ وَخَمْسٌ ثُمَّ ثَالِثُ عَشَرَۃٍ
وَیَتْبَعُهَا مِنْ بَعْدِ ذَا السِّتَّۃِ عَشَرْ

وَحَادِیْ وَعِشْرِیْنَ لَا تَنْسَ ذِکْرَہَا
وَرَابِعُ الْعِشْرِیْنَ وَالْخَامِسُ الْاٰخِرْ

وَاٰخِرُ اَرْبِعَا مِنْ کُلِّ شَهْرٍ فَتَرْکُہٗ
کَذَا وَرَدَ النَّصُّ الَّذِیْ شَاعَ وَاشْتَهَرْ

تَوَقَّوْا هُمُوْا مَادُمْتَ حَیًّا فَاَنَّهُمْ
کَاَیَّامِ عَادٍ لَیْسَ یَبْقِیْ وَلَا تَذَرْ

وبہرحال سزاوار ہے پرہیز کرنا اُن ایام مین تمام مزاجات یعنی خوش طبعی وملاہیات یعنی بازیچہ ومحاربات وجنگ وغیرہ سے[1] پھر سلیمان علیہ السلام نے اِس سے فرمایا

---

[1] مترجم کہتا ہے کہ بجاے لفظ مزاح کے احتمال مزاج کا ہے یعنے گذرا ور سراسیر بیچ ایام نحسہ کے ہی

[2] پرہیز کر اُن دنون سے جو شمار مین ایک ہفتہ کامل ہے کہ اسمین بیع و شرا یعنے خرید و فروخت و سفر کرنا سزاوار نہین ہے اور کوئی نیا کپڑا اور نئی پوشاک ان روز دن مین زیب تن نہ کر اور نہ کسی عورت سے نکاح کر اور نہ کوئی درخت نصب کر اور ہرگز نہ کنوان کھودوا اور نہ مکان بنا اور سامنے جانے سے کسی سلطان کے یعنی ملاقات حاکم سے اور حذر و اجتناب کر اور وہ ساتون روز یہ ہین کہ ہر ماہ کی تاریخ تیسری و پانچوین و بعد ازان تیرھوین و بعد ازان سولھوین اور اکیسوین کہ اُسکی یاد کو فراموش نکر اور باشر اسکے یعنے اس کے پیچھے چوبیسوین اور پچیسوین ہے اور ایک روز آخری چہار شنبہ ہر مہینے کا ہو اُسکو بھی ترک کر یعنی اسمین بھی کوئی کام نکر اسی طرح وارد ہوئی ہی قصص یعنی حدیث مین بھی یون ہی وارد ہوا ہے کہ وہ معروف و مشہور ہے ان سبھون سے پرہیز رکھو جب تک تو زندہ ہے کہ یہ سب دن مثل ایام قوم عاد کے ہین کہ نہین باقی رکھتی ہین

کہ مین تجھ سی بقسم خدای عز و جل سوال کرتا ہون کہ تیری ریاح مین سی کچھ اور بھی ہی اُس نے جواب دیا کہ یا نبی اللہ مجھسے اور بھی ریاح غلیظہ و شدیدہ ہی جس سے حق تعالی نے ہلاک کیا مدائن کو اور مجھسے وہ ریح ہی جو آخر زمانے مین پہاڑون کو منہدم کرے گی اور مجھی سے ایک فرع ہی جسکا نام جنب ہی کہ اگر وہ بنی آدم کے کسی کے ایک بال پر گذر کرے تو اُسکا آدھا دھڑ سراپا یا سارا دھڑ بیکار کر دیوے کہ وہ اُس سے حرکت و جنبش نہ کر سکے پھر جسوقت حق تعالی ارادہ اُسکی شفا کا کرے تو صحت اُسکی روغنہای معلومہ مین ہی کہ وہ روغن بلسان ہی (بلسان ایک درخت ہی مصر مین کہ اُس سے روغن نکلتا ہی) یا روغن قوم یا روغن شونیز یعنی کلونجی اور مثل اُسکے اور چاہیے کہ پرہیز رکھے مکروہات و ناشائستہ چیزون سے اور ترش چیزون سے اور پرہیز کری سرد چیزون سے اور دفع کری جمیع شہوات یعنی جملہ خواہشون کو اور ترک کری بازی و اختلاط ساتھ زنان و دختران کی اور ایام گرما مین طبیب حاذق فہیم تین ہفتے تک اُسکی دوا اور چارہ جوئی کرے بخلاف ایام سرما و سرد کے اور مریض کو حکم کرین کہ وہ منجملہ اسمار الٰہی کے کسی اسم کا شغل رکھے مثل اسم لطیف کہ اُسکی تلاوت کی مداومت و مواظبت کرے اسلیے کہ یہ مرض بہت بڑا مرض دنیا کا ہی جس سے حق تعالی دنیا مین عذاب کرتا ہی اپنی خلق مین سی جسکو چاہتا ہی جیسا اپنی کتاب عزیز مین فرمایا ہی يُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَصْرِفُهُ عَنْ مَنْ يَشَاءُ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ اور چاہیے کہ تحمل اُس حرز کا کرے بطریق شراب کے اور اپنے پاس رکھے اور استعمال روغن کا کرنے سے اور اُسکو پڑھنے سی بشرطیکہ وہ خود اُسکو بخوبی جانتا ہے اور پڑھ سکتا ہی اُسپر پڑھنے والی یعنے کوئی دوسرا شخص اُسپر پڑھکر

غلیظ [illegible] ۱۲ ۱۲

---

ح بازرکھتا ہے مصیبت کو جس سی چاہتا ہے قریب ہے کہ اُسکی چمک بینائی کو لیجائے ۱۲

دم کریں اور چاہیے کہ علاج کریں اور یہ نافع ہے کہ جسکا ذکر عنقریب آویگا

**ذکر فزع ایام صبی**

اور مجھی سے فزع وہ ہی کہ اطفال کو مصیبت زدہ کرتی ہی چنانچہ جو آزار کہ مین اسکو پہونچاتا ہون تو اسکا رنگ زرد یا سیاہ ہو جاتا ہی اور اسکی آنکھین چڑہ جاتی ہین اور اسکی زار نالی بڑھ جاتی ہی اور اسکا صدمہ و قلق طول ہو جاتا ہے پھر شفا اسکی اُن چیزون مین سے ہے مسیر الفزع یعنے مربا رکدوی شیرین اور شراب اور شربت نیلوفر یعنے پینا اور پلانا نیلوفر کا اور پاس رکھنا حرز و تعویذ کا

**فزع ایام کبر**

اور ایک فزع مجھ سے وہ ہی جسکا نام فالج رعاش ہے کہ لقوہ و رعشہ والے کے اعضا برخلاف عادت کے حرکت کرتے ہین اور ہمیشہ وہ لرزان و نغزان رہتا ہی اور یہ ہوتا ہی طریہ یعنی فرط شادمانی یا دفعہ یا صدمات جنگ یا افتادگی یا خرقہ یعنی غوطہ لگانے یا بہت پانی پینے سے یا فزعیہ یعنی آسیب یادگر دیا آسیب دیدگی سے اور علاج اسکا یہ ہے کہ اسکے لیے نشر یعنی افسون و تعویذات مناسبہ لکھی جاوین اور روغنہای مناسبہ مالش کیے جاوین اور ساتھ بعض چیزون خالص کے بخور دیا جاوے اور استعمال نسخہ اور حرز کا کیا جاوے کہ یہی باعث اِسکی صحت کا ہی انشاء اللہ تعالیٰ

**حدیث بزرگ حضرت سلیمانؑ**

اور حدیث مین اِسطرح وارد ہوا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ایک روز اپنے تخت شاہی پر بیٹھے ہوئے تھے کہ اُنکی خدمت مین گروہ جن و انس اور طیر اور وحش و سباع یعنے درندے سب حاضر تھے اور حضرت سلیمان علیہ السلام درمیان اُنکے حکم داوری کر رہے تھے کہ اُنکو نسبت بحال خود کچھ خطور جو ہوا تو اپنے دلمین یہ خیال کیا کہ بھلا حق تعالے نے کوئی ایسا گروہ بھی خلق کیا ہے کہ اُسکو میرا مسخر نہ کیا ہو اُس وقت اُنکے سامنے ایک شخص الخلقت آیا اور اُس سے شعلے آگ کے نکلتے تھے یہ دیکھکر جناب حضرت سلیمان علی نبینا و علیہ السلام اِس سے ہیبت زدہ ہوئے اور ڈر گئے اور فرمایا کہ ای مرد آتشی عظیم الجثہ تو کون ہے اور تیرا کیا نام ہے اور تو کیون آیا ہی اُس نے

کہا مین ریح احمر ہون اور آزار بزرگ ہون جو ایک علت ہی خلقون سے اور مرضون جملہ امراض سے حق تعالے نے مجھو اس صورت پر پیدا کیا ہے اور مجھے فرزندان آدم و دختران حوا علیہ السّلام پر مسلط کیا ہے اور ہین اُنکے بدنونمین اسی طرح جاری و ساری ہون جس طرح خون رگون مین جاری ہوتا ہے پھر جس وقت حق تعالی ارادہ کرتا ہے کہ اپنی خلق مین سے کسیکو ساتھ کسی مرض کے مبتلا کرے تو مجھکو اُسپر مسلط کر دیتا ہی چنانچہ اگر مین اُسکے دماغ مین داخل ہوتا ہون تو اِس کی عقل اور اُسکو جنون زدہ کر دیتا ہون اور اگر اُسکے منخرین یعنے نتھنون مین داخل ہوتا ہون تو اُس مین مرض باسور او رناسور پیدا کر دیتا ہون اور اسیطرح نسبت ہر عضو کے سبب آزار کا ہوتا ہون یہانتک کہ اِسکے سائر اعضا و قوی و بیکار کر دیتا ہون پھر جسوقت جناب حضرت سلیمان علیہ السلام نے اُسکا یہ کلام سُنا جو لوگ اُنکے گرد موجود تھے اِن سے یہ حکم ہوا کہ اس شخص کو قید کرو خواہ اُسکو آگ مین جلادو تب اُس شخص نے کہا کہ امر پر کوئی قادر نہین ہو سکتا اس لیے کہ حق تعالے نے میری عمر دراز کی ہی بعد ازان وہ شخص حضرت سلیمان کے سامنے ہی غائب ہو گیا اور تا زمانہ حضرت رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم غائب رہا اتفاقًا جبکہ حضرت امام حسنؓ بن علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہم درد شکم سے بیمار ہوئے اور خون اگلا اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام اصحاب نے یہ حال سُنا اُسوقت جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے اور کہا یا رسول اللہ حسن کو ریح نے مس کیا ہے تب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ای برادر اے جبرئیل اِسکی کچھ دوا ہے و علاج بھی ہی جبرئیل علیہ السلام نے کہا ہان ہے اور ایک ساعت غائب ہو گئے اور پھر آ کر کہا حق تعالی نے آپ کے لیے ایک ہدیہ تحفہ بھیجا ہے اور وہ دعای مستجاب ہے جو کوئی اُسکو اگرچہ ساری عمر مین ایک بار بھی پڑھے تو ریح احمر سے امان پاوے چنانچہ آن حضرت

صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس دعا کو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ پر پڑھا تا آنکہ حق تعالے نے اُنکو اسیوقت شفا بخشی اور وہ اُٹھ کھڑے ہوے گویا کہ بیماری نہ تھے بعد ازان صحابہؓ نے اس دعا کو آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے سیکھ لیا اور جناب نبیؐ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ تم لوگ اس دعا کو سیکھو اور بعد میری امت کو تباؤ کہ اُنکے حق مین یہ دعا بہت نافع ہوگی اور اُنکو اس بلا سے نگاہ رکھے گی اور جسوقت کسی کو یہ ریح عارض ہو تو اس دعا کو کسی پاکیزہ چیز پر لکھے اور اُسکو پانی سے دھو کر پی لیوے یا پلا دیوے تو اُسی وقت اُسی ساعت صحت پاوے گا اور مین نے بعض علما کی بعض کتاب مین دیکھا ہی کہ اس نے بنص بیان کیا ہے اور کیفیت تداوی کے ساتھ اس دعا کی اسطرح لکھی ہو کہ اس دعا کو ایک ظرف طاہر مین گلاب سے دھو کر نہار منہ پلا دیوین اور اسی سے درد کی جگہ روغن مالش کرین اور اسیکا تعویذ بھی لکھکر مریض کے داہنے بازو پر باندھ دیوین یہ کلام منتہی ہوا آدیگر آنکہ اگر کوئی شخص اس دعا کو بطور حرز اپنے پاس رکھے تو وہ جمیع اسقام و علل سے امن مین رہے گا اور کسی شدت و بلا مین نہ پڑے گا مگر یہ کہ اس سے نجات پاوے گا اور حق تعالے اُسکو سارے دشمنون پر فیروزمند کرے گا اور حق تعالیٰ اُسکو سعید کرے گا و صالح کریگا اور یہ سب موقوف بحسن نیت و جزم اعتقاد کے ہے اور وہ دعاء مبارک یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَبِهٖ نَسْتَعِيْنُ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَاِلَى اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ مِمَّا اَخَافُ وَحْذَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا بِاسْمِ اللّٰهِ الشَّافِیْ
بِاسْمِ اللّٰهِ الْكَافِیْ بِاسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِیْ بِاسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ

شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآ
مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَا الرَّاقِيْ وَاَنْتَ الشَّافِيْ
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا قَضَيْتَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ (۳) اَيُّهَا الْمَلَكَانِ الْاَكْبَرَانِ اَعُوْ
بِاللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمَا وَخَالِقِيْ وَخَالِقِكُمَا وَمُصَوِّرِيْ وَمُصَوِّرِكُمَا خَالِقِ الصُّوَرِ وَرَازِقِ
# باب سی وسوم اُن فوائد مین جو متعلق بفہم ہین

ف باب سی وسوم فوائد متعلق بفہم ۱۲

چنانچہ بعض اُن فوائد سے یہ ہے جو مذکور ہوا ہے بعض علما سے کہ جب تو چاہی کوئی حرف نہ بھولے تو قبل پڑھنے کسی چیز کی یہ دعا پڑھ لے اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا بِحِکْمَتِکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ[1] اور جب تو ارادہ کرے کہ ساری آدمیون سے زیادہ تر حافظ و ازبر دارندہ ہو تو وقت فراغ قرائت یعنی پڑھنے سی یہ دعا پڑھا کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ عَدَدَ کُلِّ حَرْفٍ کُتِبَ وَیُکْتَبُ اَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ وَهُوَ الدَّاهِرِیْنَ[2] انتھی ابن مسعود و صحابی رضی اللہ عنہ سی مروی ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص خوف نسیان قرآن کا ہو تو چاہیے کہ یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْکِتَابِ بَصَرِیْ وَاطْلُقْ بِهٖ لِسَانِیْ وَاشْرَحْ بِهٖ صَدْرِیْ وَاسْتَعْمِلْ بِهٖ جَسَدِیْ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا

ف فائدہ دفع نسیان ۱۲

ف فائدہ حفظ یاد ۱۲

ف برای اعانت حفظ قرآن مجید ۱۲

---

[1] اے ہمارے پروردگار ہم کو کشادگی وکشایش ذہن عطا کر اپنی حکمت کاملہ سے اور ہم پر افشان کر اپنی رحمت کو یا ذو الجلال والاکرام یعنے اے صاحب جلالت وکرمت ۱۲ [2] باسم اللہ اور تسبیح منزہ ہے واسطے اللہ کے اور حمد ہے اللہ کے لیے اور تمام عالم ماسوائے اللہ کے بہت بڑا ہی لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہو بشمار کل حروف کے جو رقم پذیر ہو چکے اور جو ہمیشہ لکھے جاوین گے ۱۲

قُوَّتًا اِلَّا بِكَ اِنْتَهٰی یہ روایت منقول ہے یافعی رحمۃ اللہ علیہ سے اور جو چیز براے اعانت حفظ قرآن مجید کے مجرب ہو وہ مداومت ومواظبت اوپر ان ابیات کی ہے

كَلَامٌ قَدِيْمٌ لَا يُمَلُّ سَمَاعُهٗ — يَذَعُ عَنْ قَوْلٍ وَفِعْلٍ وَنِيَّةٍ
بِهٖ اَشْتَفِيْ مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَنُوْرُهٗ — دَلِيْلٌ بِقَلْبِيْ عِنْدَ جَهْلِيْ وَحَيْرَتِيْ
فَيَا رَبِّ مَتِّعْنِيْ بِسِرِّ حُرُوْفِهٖ — وَنَوِّرْ بِهٖ قَلْبِيْ وَسَمْعِيْ وَمُقْلَتِيْ

براے کشادگی فہم ۱۲

اور بعض فوائد سی واسطے فتوح فہم کے یہ ہو کہ جو شخص ابتداءِ درس میں اس دعا کو پڑھ لیوے تو حق تعالیٰ اوسپر باب فہم مفتوح کریگا اور وہ دعا یہ ہی اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْنَا مِنْ ظُلُمَاتِ الْوَهْمِ وَاَكْرِمْنَا بِنُوْرِ الْفَهْمِ وَافْتَحْ عَلَيْنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا خَزَائِنَ رَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

براے یادداشت ۱۲

اور بعض مجربات میں سی واسطے استحضار و یادداشت کی یہ ہے کہ وقت درس کی یہ دعا پڑھا کریں اَللّٰهُمَّ اِسْتَوْدَعْتُكَ مَا عَلَّمْتَنِيْهِ فَارْدُدْهُ اِلَيَّ عِنْدَ حَاجَتِيْ اِلَيْهِ

براے یاد سبق ۱۲

اور بعض فوائد سی یہ ہے جیسا کہ کہا ہی شہاب الدین القلیوبی نی کہ درس میں وقت پڑھنے کے یہ دعا پڑھا کریں اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ عِلْمًا اَنْقَهُ بِهٖ اَوَامِرَكَ وَنَوَاهِيْكَ وَارْزُقْنِيْ فَهْمًا اَعْلَمُ بِهٖ كَيْفَ اُنَاجِيْكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ

---

[1] اے ہمارے پروردگار روشن کر برکت کتاب عزیز قرآن کے میری بینائی کو اور تیز کر اس سے میری زبان کو اور کشادہ کر میرے سینے کو اسی برکت سے اور اسی کی کتاب برکت سے میرے وجود جسمانی کو کام میں رکھ اپنی قول و توانائی اور اپنی قوت سے اس لیے کہ کسیکے لیے توانائی اور قوت نہیں ہی سواے تیرے ۱۲ [2] کلام قدیم یعنے قرآن کریم ایسا ہی کہ اوسکی سماعت وقراءت لوگوں کو ملول و درماندہ نہیں کرتی او وہ دور کرتا ہی برائی کو قول و فعل نیت سے بوسیلہ اوسی کلام کے میں شفا ڈھونڈھتا ہوں ہر آزار سے و ہیجان خاطر سے کیونکہ وہ کلام دلیل ہے میرے قلب کا وقت جہل و حیرت کے اے میرے پروردگار مجھکو متمتع کرا ساتھ اسرار حروف سے اور روشن کر اس کے نور سے میرے قلب کو اور میری شنوائی اور بینائی کو ۱۲ [3] اے میرے پروردگار ہمکو نکال وہم کی تاریکیوں سے اور ہمکو سرفراز کر ساتھ نور فہم کے اور کشادہ ک

فَهْمُ النَّبِیِّینَ وَحِفْظَ وَاِلْهَامَ الْمَلَائِکَةِ الْمُقَرَّبِینَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِ الْفَهْمِ وَاَخْرِجْنِی الْمُرْسَلِینَ مِنَ الظُّلُمَاتِ الْوَهْمِ وَافْتَحْ لِی اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ وَانْشُرْ عَلَیَّ حِکْمَتَکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ

براے حفظ ۱۲

ایضاً براے حفظ ۱۲

اور مین نے بخط بعض علما کے لکھا ہوا دیکھا کہ برای حفظ اسکو بھی ہر روز دس مرتبہ پڑھا کرین فَفَهَّمْنَاهَا سُلَیْمَانَ وَکُلًّا اٰتَیْنَا حُکْمًا وَّعِلْمًا اِلٰی فَاعِلِینَ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ یَا رَبَّ مُوْسٰی وَهَارُوْنَ یَا رَبَّ اِبْرَاهِیْمَ یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْرِمْنِی بِالْفَهْمِ وَارْزُقْنِی الْعِلْمَ وَالْحِکْمَةَ وَالْعَقْلَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ ونیز برای فائدہ حفظ کے وہ چیز ہے جو مروی ہے علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے کہ ان حضرت نے شکایت قلت حفظ بحضور نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پیش کی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ جبرئیل میرے پاس یہ کلمات لائے تھے اور کہا یا محمد جس شخص پر حفظ دشوار ہو وہ اس دعا کو ایکظرف نو مین بآب زعفران لکھکر اسکو تمام شب تاروں کے سایہ مین رکھے جب صبح ہو تو اسکو آب باران سے دھوکر نہار منھ پی لیوے تو جو کچھ وہ

---

اپنے فضل وکرم کے دروازون کو اور نشر وافشانی کر ہمپر اپنی خزانہ رحمت سے یا ارحم الراحمین ۱۲ ۴ ای میرے پروردگار مین نے سپرد کیا جو کچھ مجھے تعلیم کیا سو اسکو تو میری طرف پھیر دے یعنی مجھے یاد دلا دے جب اسکی حاجت مجھے ہو ۱۲ ۵ ای میری پروردگار مجھے الہام کر ایسا علم جس سے تفقہ وادراک کرون تیرے اوامر ونواہی اور مجھے روزی کر ایسا فہم جس سے مجکو معلوم ہو کہ مین تجھ سے ہو مناجات کرون یا ارحم الراحمین اے میری پروردگار مجھے نصیب کر فہم انبیا کا وحفظ مرسلین کا اور الہام ملائکہ مقربین کا ۱۲ ۱ اپنی رحمت سے یا ارحم الراحمین اے میرے پروردگار مجھے سربلند کر نور فہم سے اور مجھے نکالی تاریکیون باہم سے اور کھولدے مجھپر دروازے اپنی رحمت کے اور نشر وافشانی کر مجھپر اپنی حکمت کو یا ارحم الراحمین ۱۲ ۲ تتمہ آیہ بعد علما وسخرنا مع داؤد الجبال یسبحن والطیر وکنا فاعلین یعنے ہم نے تفہیم کردی اس بات کی سلیمان کو اور ہر ایک ان دونون کو یعنے داؤد وسلیمان کو ہم نے حکمت وعلم عطا کیا اور مطیع کردیا ہم نے پہاڑون کو ساتھ داؤد کے تو وہ ساری پہاڑ تسبیح وتحمید خدا کرتے تھے اور ہم نے طیور کو بھی انکا مطیع کردیا اور ہم بھی غافل نہ تھے ۱۲ ۳ اے حی وقیوم اے پروردگار موسی وہارون کے ای پروردگار ابراہیم و پروردگار محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

سنے گا سب اُسکو یاد رہیگا چنانچہ وہ کہتے تھے کہ جب مین نے اُسکو تین روز پیا تو قسم ہے اِس خدا کی جس نے محمدؐ کو بشیر و نذیر مبعوث کیا مین نے بعد اسکے کوئی ایسی بات نہین سُنی مگر یہ کہ وہ مجھی یاد رہی اور وہ دعا یہ ہی اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعلَمُ سِرِّی وَعَلَانِیَتِی فَاقبَل مَعذِرَتِی وَتَعلَمُ حَاجَتِی فَاَعطِنِی سُؤَالِی وَتَعلَمُ مَا فِی نَفسِی فَاغفِرلِی ذُنُوبِی یَا مَن یَعلَمُ خَائِنَۃَ الاَعیُنِ وَمَا تُخفِی الصُّدُورُ اِلٰی قَولِہٖ البَصِیرُ و دیگر بعض فوائد برای حفظ و دفع نسیان قمح یعنے نشاستہ گندم وزبیب اسود یعنی مویز سیاہ و زبیب طیب یعنی انگور خشک سبز و عرق سوس جسکو ملیٹھی کہتے ہین اور شکر سفید یہ سب چیزین تین تین اوقیہ و نیم رطل شہد کس نکلا ہوا چھتے سی بطور رغوہ یعنی مثل ہر شیر کے بعد ازان پہلے سب دواؤن کو جدا جدا پیسکر و بعد ازان شہد آگ پر رکھین اور وہ چیزین ملا کر پیسی گئی ہین اسی شہد مین ڈالکر کفگیر سے پھرا دین یہانتک کہ وہ قوام پذیر ہو کر بستہ ہو جاوی تو اس سی ہفتاد قرص بنا دین اور ہر قرص پر یہ آیہ لکھین بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ سَنُقرِئُکَ فَلَا تَنسٰی اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰہُ اِنَّہٗ یَعلَمُ الجَہرَ وَمَا یَخفٰی و بعد ازان ہر روز ستر روز تک ہر قرص ایک قرص ہی نہار افطار کرین کہ یہ جملہ قرص نسیان کو دور کرینگے اور بلغم کو جلا دینگی اور اچھا درد چشمان کو اور یہ مجرب ہے دیگر فوائد برای حفظ یہ بھی طریقہ ہی کہ جو کلبی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہی اُنھون نے کہا کہ میرا ایک فرزند قرآن مجید پڑھتا تھا سو جو کچھ یاد کرتا تھا وہ بھول جاتا تھا چنانچہ مین نے خواب مین

برای حفظ و دفع نسیان ۱۲

۱/۰ برائے حافظ مجرب است

دیگر برائے حفظ ۱۲

---

مجھپر کرام کر ساتھ فہم کے اور مجھے عطا کر علم و حکمت و عقل بحق محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و صحبہ کے اپنی رحمت سے یا ارحم الراحمین ۱۲

[1] اے میرے پروردگار بتحقیق کہ تو خوب جانتا ہی میرے باطن کو اور میرے ظاہر کو سو تو میری معذرت قبول کر اور تو میری حاجت کو جانتا ہی سو تو میرا سوال مجکو عطا کر یعنی میرا سوال پورا کر اور میری دل کی باتکو خوب جانتا ہی پس بخشدی تو میرے گناہون کو ۱۲

[2] تتمہ آیہ ببعد الصدور و اللہ یقضی بالحق والذین یدعون من دونہ لا یقضون بشیء ان اللہ هو السمیع البصیر اس آیہ کے سرے پر لفظ یا من داخل آیہ نہین ہی یعنے اور وہ خوب خداوند جو خوب جانتا ہی آنکھ چورانے کو اور خوب جانتا ہی دل کی باتون کو اور وہ حکم حق کرتا ہی اور جو لوگ بغیر خدا کو پکارتے ہین وہ حکم نہیں کرتے ہین کچھی کہ حق تعالے نہی شنوا و بینا ہی ۱۲

[3] قریب ہی کہ ہم تمسے بیان کرینگے تو چاہئے کہ تو نہ بھولے مگر جو کچھ کہ حق تعالی چاہی یعنی جو کچھ کہ بھلا دی

دیکھا گویا کوئی کہنے والا کہتا ہی کہ اس پسر کے لیے کچھ قرآن لکھا گیا لکھون کہا یہ لکھ الرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ فَاِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ + سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى + اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ وبعد ازان ان سب آیتون کو آب خالص سے دھو کر اُس کو پلا دیوے اور ایک مرتبہ کافی ہی چنانچہ راوی کہتا ہی کہ مین نے یون ہی کیا آخر پسر میرا حافظ قرآن ہوا

باب سی وچہارم رقی وغیرہ ۱۲

## باب سی وچہارم بیان مین رقی وافسون مبارک کے جو مشہور النفع ہین

افسون گزیدگی مار وکژدم ۱۲

واضح ہو کہ بعض رقی مین ہی رقیہ یعنی افسون وجھاڑ پھونک شیخ ابوالقاسم المراعی کی ہی کہ وہ نافع ہی واسطے مغص یعنی درد شکم وناف وبرای گزیدگی مار وکژدم کے اور وہ یہ ہے کہ اول سورہ فاتحہ تلاوت کرے بعد یہ کلمات پڑھے یَا مَنْ يُّنَادِي الْفَجْرَ فَانْشَقَّ وَبَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ اِكْفِنِيْ شَرَّ الْخَلْقِ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا اَبْرِدْ يَا سُمُّ وَاخْسَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ جِبْرَائِيْلُ بِلَا رَاسِيْهَا مِيْكَائِيْلُ عَلٰى

ہو کہ ہر آئینہ وہ پنہان اور آشکار سب جانتا ہی ۱۲ ۱ اس رحمان نے قرآن تعلیم کیا اور انسان کو پیدا کیا اسطرح اسکو بیان زبانی سکھایا آفتاب ومہتاب دونون بقدر حساب ہین یعنی اندازہ کردہ شدہ ہین ۱۲ ۲ تحقیق کہ ہمپر لازم جمع کردینا آیات کا دونین اور یاد دلانا اسکی قرأت کا پھر جب ہم اُسکو پڑھوا دینگے تو پیروی کیجیو اس قرأت کی بعد ازان ہمپر لازم ہی بیان اسکا یعنی یاد کرانا ہو ۳ بلکہ وہ کتاب قرآن مجید ہی جو لوح محفوظ مین ثبت ہی ۱۲ ۴ یہ آیہ مذکور ہو چکا ۵ قرأت کر یعنی پڑھ اور حال یہ ہی کہ پروردگار تیرا بڑا اکرم کرنیوالا ہی جس نے قلم سے سکھلایا اور تعلیم انسان کو وہ ابو جسکو وہ جانتا تھا ۱۲ ۶ اے وہ خداوند جو فجر کے تئین ندا دیتا ہی تو وہ شق ہوکر پھٹ جاتا ہی اے وہ خداوند جس نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حق مبعوث کیا تو میری حمایت وحفاظت کر شر خلائق سے ۱۲ ۷ یعنی ندا آئی کہ برکت دی گیا ہے وہ شخص جو بیچ روشنی اُس آگ کے اور جو اُسکے گرد وپیش ہی یعنی ملائکہ وموسی سرد ہو جا اے سم اور ڈر خداوند عالم سے

وَسَطِهَا وَاِسْرَافِيلُ عَلٰى ذَنَبِهَا وَعِزْرَائِيلُ عَلٰى سَمِّهَا اُخْرُجْ يَا سُمَّ نَادِى اللّٰہ اس کلمہ کو تین بار تکرار کرے یعنی اُخرج تا آخر اور اسی عمل کو سات نوبت پڑھ اور ہر مرتبہ زخم گزیدگی پر تھوک دی بدون تھوک کے یعنے بدون آب دہن کے اُسپر ہر بار بعد پڑھنے کی تھنکار دی تو وہ اچھا ہوجاوی گا باذن اللہ تعالےٰ دیگر جو چیز نافع ہی واسطے گزیدگی مار کے یہ ہی کہ ایک پرچہ پر نو سین یعنی نو مرتبہ حرف سین لکھا جاوی اور اُسکے ساتھ یہ آیۃ بھی لکھیں سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيمِ پھر اُس پرچہ کو پانی سے دھو مارگزیدہ کو پلاویں تو وہ اچھا ہوجاوی گا باذن اللہ تعالےٰ اور بعض فوائد سے برای نیش زنی کثر دم یہ ہے کہ اس رقبہ کو پڑھیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ه سَلٰمٌ عَلٰى نُوحٍ فِي الْعٰلَمِينَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْمُرْسَلِينَ مِنْ حَامِلَاتِ السَّمِّ اَجْمَعِينَ لَا دَابَّةَ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا رَبِّي اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّي عَلٰى صِرَاطٍ الْمُسْتَقِيمِ نُوحٌ نُوحٌ قَالَ لَكُمْ نُوحٌ مَنْ ذَكَرَنِي فَلَا تَضُرُّ وَلَا تَاْكُلُوهُ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اور اُس قسم کو یعنی اس افسون کو موضع زخم نیش عقرب پر بار بار تکرار کرے اور اُسپر پشت کارد یعنی اُلٹی دھار چھری کی پھیرین تا زہر جائے زخم نیش پر مخذول یعنی مجتمع ہوجائے اور دوسرے معنی یہ ہین کہ اُسپر نوک کارد پھیرین یہان تک مخذول ہوجاوی یعنے جائے نیش پر خراش ہوجاوے پھر موضع زخم نیش کو اپنے تھوک سے تین بار

دیگر برائے گزندگی مار ۱۲

برائے عقرب ۱۲

---

جبرئیل اسکے سر پر ہین یعنی اس اکراد و یا اس جانور زہر دار کے سر پر اور میکائیل ۱ اسکے واسطے یعنے کمر پر اور اسرافیل اسکے ذیل یعنے پچھلے دھڑ پر اور عزرائیل اسکے زہر پر یعنے کہ ہان پشت پر نکل جاوے زہر باذن اللہ تعالیٰ ۲ سلام ہے اوپر ابراہیم کے درمیان عالم کے اور صلوٰۃ خدا کا اوپر محمد منجملہ مرسلین کے جانب سے ساری حاملان زہر یعنے جانوران زہر دار سے نہین ہی کوئی جانوران آسمان و زمین کے بیچ مین مگر یہ کہ پروردگار میرا پیشانی پکڑنے والا ہے یعنی اُس کی چوٹی اُسکے ہاتھ مین ہے ہر آئینہ پروردگار میرا طریقہ راستی پر ہے یعنے راہ راست کا دوست رکھنے والا ہی نوح تم سے اے جانوران زہر دار نوح نے کہدیا ہی کہ جو کوئی میرا ذکر کرے تم اُسکو ضرر نہ پہونچا

ے

جو سکر فوراً تھوک دیوین یہ عمل مجرب و صحیح ہی اور بعض فوائد نافعہ سے واسطے گزیدگی مار عقرب کے یہ ہی کہ موضع گزیدگی پہ نظر رکھین اور افسون مذکور الذیل پڑھتے ہوئے لعاب وہین اُس جگہ لگاتے جاوین پھر اگر آسانی و تخفیف کچھ معلوم ہو تو اسم اُتر جاویگا بدون نشتر لگانے کی اور اگر نہ اُترا تو اُسکو نشتر دی اور اُس جگہ سی خون نچوڑ ڈال یعنے لہو سوت لے

دیگر افسون برای گزیدگی مار و عقرب

اور جو چیز پڑھی جاوے وہ یہ ہی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ الَّذِيْ أَلْجَمَ كُلَّ جَبَّارٍ مُتَكَبِّرٍ بِقُدْرَتِهٖ نَفَذَ سِرُّهٗ فِيْ بَرِّهٖ وَبَحْرِهٖ كَادِيْ كَذْ يَدِيْ اِهْتَدِيْ بَصِيْرِيْ وَبَنْدَدْ بُنْدِيْ بَصِيْرِيْ اِرْجِعْ اَيَّتُهَا السَّمُّ قَسَمُ اللّٰهِ عَلٰى رَاْسِ الْجِنْسِ وَالْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

دیگر افسون برائے گزیدگی مار وغیرہ ۱۲

اور نیز یہ افسون برائے گزیدگی مار و عقرب و ثعبان یعنے قسم مار و گزیدگی سگ کے یہ ہی کہ کلمات مذکور الذیل کو تو پڑھے اور اپنا ہاتھ کسی ظرف کے اندر پھراتا جاوی و بعد ازان اِس پانی کو شخص گزیدہ مار وغیرہ کو پلا دیوے کہ یہ مجربات سے ہے اور اگرچہ وہ شخص جسکو گزند مار وغیرہ پہونچا ہو کسی اور دشت مین ہو وہ اور تو کسی اور دشت مین ہو یعنی وہ کہین اور جگہ ہو اور تو اور کہین اور جگہ ہو تو وہ پانی اِس فرستادہ کو جو تیری پاس آیا ہے اور خبر لایا ہی پلا دیوی کہ وہ گزند رسیدہ محفوظ رہیگا اور وہ کلمات جو پڑھی جاوین یہ ہین کہ اول سورۂ فاتحۃ الکتاب پڑھین و بعد ازان یہ کہین سُبْحَانَ مَنْ اَلْجَمَ كُلَّ جَبَّارٍ

---

ہو یعنے اُسکو نہ ستانا اور اُس کا گوشت نہ کھانا تحقیق کہ حق تعالےٰ ہر شے کا عالم و دانا ہے اور درود و سلام خدا اوپر ہمارے سید مالک کے جو محمد ہین اور اُنکی آل اور اُنکے اصحاب پر ۱۲ صلوٰۃ اور سلام خدا کا اوپر ہماری سید و مالک کے جو محمد نبی ہین یعنی ہنی والے ام القرآن کے اور اُمتہ کے اور اُن کی آل پر اور اُن کی اصحاب پر سزاوار ہی وہ خداوند جسنے لگام دی ہے دہان مین ہر جبار و تکبر کے اپنی قدرت سی یعنے اُنکو مسخر و رام کیا ہے نافذ ہے اسرار اُس کے صحرا اور دریا مین ۱۲ کادی گزیدی ہندی بصیری و بندبندی بصیری یہ سب الفاظ افسون مین ۱۲ پھر جا یعنے اُتر جا اے زہر تجھکو قسم ہے خدا کی اوپر سر کے خنثی کے اور ایک قسم مار عقرب کے ساتھ ہزار لا حول ولا قوۃ الا

مُتَکَبِّرًا بِلِجَامِ قُدْرَتِہٖ وَاَنْفَذَ سِرَّہٗ فِیْ بَرِّہٖ وَبَحْرِہٖ اِہْدِیْ بَصَرِیَایْ یَعْرُتُوْن بون وَالتَّزِمْ اَیُّہَا السَّمُّ قَسَمُ اللّٰہِ عَلٰی رَأْسِ الْحَیَّۃِ وَالْعَقْرَبِ وَالْکَلْبِ النَّبِہ الزَّبْنِیِّ الْعَاوِیْ بِاسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ الْمُعَافِیْ بِاسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ عَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ وَبِمُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ گَادِیْ گُذْیَدِیْ مَدْیَشْ ہَتَّدْ بَصِیْرًا حِیْنَ اِدْرِیْس دو بار سہ وہ دو باریہ دو بار توفی بونی اجبس یت کذیداس احبس السَّمِّ یا فیطوش وَاَخْرِجْہ مِنَ الْمُخِّ اِلَی الْعَظْمِ وَمِنَ الْعَظْمِ اِلَی الدَّمِ وَمِنَ الدَّمِ اِلَی اللَّحْمِ اِلَی الْجِلْدِ وَمِنَ الْجِلْدِ اِلَی الشَّعْرِ وَمِنَ الشَّعْرِ اِلَی الْعَرْضِ وَ مِنَ الْاَرْضِ اِلَی الْعَمَامِ بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ لَا یَنَامُ ۃ اس افسون کو تین مرتبہ پڑھے اور ہاتھ پانی مین پھرائے جائے فائدہ دیگر یہ ہے جو مروی جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے انھون نے کہا کہ ایک شخص تھا اُسکا نام ابونذکر تھا وہ افسون عقرب کا کیا کرتا تھا اور اس سے لوگون کو نفع کثیر پہونچتا تھا ایکبار اُس سے رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ ای ابوذکر وہ تیرا افسون کون سا ہی اُسکو مجھسے بیان کر تب ابوذکر نے کہا شجنیۃ دو بار قرنیۃ دو بار نحۃ بحر قفطا یہ سنکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کچھ اس افسونمین اندیشہ نہین ہے کیونکہ یہ وہ عہد ومیثاق ہی جسکو نوح علیہ السلام نے جانوران موذی پر قرار دیا تھا اور بعض علما نے کہا ہی سزاوار ہے کہ بیچ اس افسون کے یہ آیہ بھی اضافہ کیا جاوی سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ؁ تین بار کہا جاوی فائدہ وتحقیق کہ حدیث مین وارد ہوا ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی ایک شخص مسموم کیلئے اِن

دیگر براے فائدہ نیش عقرب ۱۲

---

م باللہ العلی العظیم کے ۱۲ سے سزاوار تسبیح ہو وہ خداوند جسنے لگام دی ہی ایمان مین ہر جبار وسنگبر کو اپنی قدرت کی لگام سے اور نافذ کیا ہی اپنے اسرار کو اپنے سارے دخشت ودریا مین اہدی بصیری بغیر لوان بون یہ الفاظ افسون ہائی لازم کرائے زہر قسم خدا کو اوپر سر ہر قسم کا رعقرب کے ۱۲ سے اور شکر سود کرتے والے اور دوڑنے والی اور بھونکنے والے کی تباہید ہم اللہ کافی وشافی ومعافی ہے وباسم اللہ وتبانید اللہ اوراوپر برکت اللہ کے وبواسطہ محمد ابن عبداللہ کے گادی گذیدی ریش ہندی البصیرہ بن ادریس دو بار مروم دو بار تونی بونی احرج گزید مینا یہ سب الفاظ افسون مین روک دے زہر کو یا فیطوس نام موکل اور نکال زہر کو مغز استخوان سے طرف ظاہر استخوان کے اور استخوان سے طرف ۱۲

رقیہ پڑھا یعنی یہ افسون کیا اور اُسکو تین بار تکرار کیا تو وہ اچھا ہو گیا اور وہ کلمات یہ ہیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَمِنَ اللّٰہِ وَاِلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا غَالِبَ یَغْلِبُ اللّٰہَ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ ۃ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَعْصِمُکُمْ مِنَ اللّٰہِ نَصْرٌ مِنَ اللّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَھُوَ یَھْدِیْنِ وَالَّذِیْ ھُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ اَللّٰہُ الشَّافِیْ الْمُعَافِیْ

رقیہ برائے عقرب ۱۲

رقیہ برائے گزند عقرب یہ ہے کہ کلمات مذکور الذیل کو پڑھکر موضع نیش عقرب پر تین بار پھٹکار دیوین تو وہ شخص اچھا ہو جاویگا انشاء اللہ تعالےٰ اور وہ کلمات یہ ہیں شجنیۃ دو بار قرنیۃ دو بار ملحۃ بحر قفطار تخت قفطار سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ وَعَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ اور چاہیے کہ ان کلمات کو یاد کر لے اور یاد رکھنے مین کوشش کرے بہت نافع ہین

برای ابطال گزیدگی عقرب ۱۲

بنا بر زعم حکماء عراق منجملہ مجربات کے یہ ہے کہ کاسنی و گندنا دونون ملاکر نچوڑ لیوین اسطرح کہ اسمین اور پانی کا لگاؤ نہ ہو پھر اس کو اپنے ہاتھون مین مل لیوین اور بچھو کو ہاتھ مین اٹھا لیوین تو وہ ایذا نہ دے گا اور اگرچہ ایسا کرین کہ اسکو ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ پر پھینکین یا اس سے کھیلین تو وہ ضرر نہ پہونچاوے گا اور وہ بچھو کسی قسم کا ہو جمیع بلاد و دیار مین

لدغ عقرب بہ نبی صلعم ۱۲

اور ابن ماجہ نے اپنی کتاب سنن مین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے اُنھون نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز مین مصروف تھے ناگاہ اُنکو کژدم نے ڈنک مارا اُسوقت آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا لَعَنَ اللّٰہُ الْعَقْرَبَ یعنی خدا لعنت کرے

---

خون کے اور خون سے طرف گوشت کے اور گوشت سے طرف پوست کے اور پوست سے طرف بالون کے اور بالون سے طرف زمین کے اور زمین سے طرف [illegible] کے بواسطہ قدرت حی القیوم کے جسکو نوم و غنودگی نہیں ہے بنام خدا و بتائید خدا و منجانب خدا و بسوی خدا لاحول ولا قوۃ الا باللہ کوئی غالب نہیں ہے جو خدا پر غلبہ کر سکے نصرت اور کوئی ناصر نہیں مگر پیشگاہ خدا سے کہدے تو ای پیغمبر کہ کل چیزون کا اختیار خدا ہی کا ہے اور کہدے کون کون ایسا ہے جو تمکو پناہ دیگا خدا سے نصرت خدا ہی کیطرف سے ہے وہ ایسا ہے جس نے مجھے پیدا کیا پس وہی مجھے ہدایت کرتا ہے اور وہی مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے اور جب مین بیمار ہوتا ہون تو وہ مجھے شفا دیتا ہے کہ وہ اللہ کافی و شافی و بس ہے

عقرب کو کہ وہ نمازی وغیر نمازی یعنی نماز مین وغیر نماز مین کسیکو کسی حالت مین نہین چھوڑتا ہے چاہیے کہ اُسکو قتل کرو حلال وحرم دونون ہاتھون یعنی بیرون خانۂ کعبہ مین بھی قتل کرو واندرون حرم مین بھی قتل کرو اور حافظ ابو نعیم نے تاریخ اصبہان مین اور بیہقی نے شعب الایمان مین علی ابن طالب علیہ السلام سے روایت لکھی ہے کہ انھون نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عقرب نے ڈنک مارا اور آپ اُسوقت نماز مین مشغول تھے چنانچہ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا لَعَنَ اللّٰہُ عَقرَب یعنے خدا لعنت کرے عقرب کو کہ وہ نہ مصلّی کو چھوڑتا ہی اور نہ غیر مصلّی کو یعنی نہ حالت نماز مین چھوڑتا ہی اور نہ بغیر حالت نماز کے اور نہ نبی کو چھوڑتا ہی اور نہ غیر نبی کو مگر یہ کہ اسکو گزند نیش پہونچتا ہے یہ کہ اپنی کفش پا اُٹھائی اور اُس سے عقرب کو مار ڈالا بعد ازان آب و نمک منگا کر موضع گزیدہ پر ملنے لگے اور سورۂ قل ہو اللہ احد اور معوذتین پڑھتے تھے

جواز رقیہ عقرب ۱۲

فائدہ رقیۂ عقرب جائز ہی بنا بر روایت مسلم کے جابر رضی اللہ عنہ سے اُنھون نے کہا ہم مین سے ایک شخص کو بچھو نے ڈنک مارا اور اُسوقت ہم لوگ مین یعنی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹھے تھے چنانچہ ایک شخص نے عرض کی کہ یا رسول اللہ مین اس شخص کے رقیہ یعنی افسون کرون اُس شخص کے لیے فرمایا تم مین سے جو شخص جسطرح استطاعت رکھتا ہو کہ اپنے برادر کو نفع پہونچا دے تو چاہیے کہ ایسا کرے اور دوسری روایت مین مرقوم ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے سامنے اپنے اپنے افسون کو جو جسکو معلوم ہو عرض کرو کیونکہ رقیہ مین کچھ باک نہین ہی جبتک اُسمین کچھ نہو یعنی کچھ خلاف اسم نہو انتہی حاصل یہ کہ رقیہ جائز ہے ساتھ کتاب اللہ یا ساتھ ذکر اللہ کے اور منہی اور ممنوع وہ یہ ہی جو ساتھ عجمیہ یعنے ساتھ غیر زبان عرب کے ہو یا ساتھ ایسے کلمات کی ہو جسکے معنی ادراک مین نہ آوین بجواز لحاظ اس بات کی کہ شاید اسمین کفر ہو اور در بارۂ اہل کتاب کے اختلاف ہوا ہی چنانچہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اسکو جائز رکھا ہی اور مالک نے اسکو مکروہ جانا ہی اس خوف سے کہ شاید وہ

دیگر برای گزیدگی عقرب ۱۲

افسون اُن چیزونمین سے ہو جو اُن لوگون نے کتاب سے بدل ڈالا ہے دیگر آنکہ مین بخط ابن الصلاح یعنے اُنکے لکھا ہوا اُنکے درخت خانہ مین دیکھا ہی اُنھون نے اُسمین ایک رقیہ ذکر کیا اور کہا کہ ہر آئینہ انسان کو چاہیے اِس سے افسون کرے تو بچھو اُس کو ڈنک نہ ماریگا اور اگر اِس بچھو کو ہاتھ پر رکھین تب بھی وہ ڈنگ نہ ماریگا اور اگر مارے تو کچھ ضرر نہ کرے گا اور وہ رقیہ یہ ہے بِاسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ بِاسْمِ جِبْرَئِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ کَازَمَ کَازَمَ وَبِزَادَمَ فَنَادَدَامِی مَزِنْ وَشَتْنَا مَرَاسَامَنْ اَهُوْ ہوذاہی ولمطا انا الراقی واللہ شافی[1] اور ایک جماعت رواۃ نی سوائے بخاری کے روایت کی ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اُنھون نے کہا کہ ایک شخص بخدمت جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مین حاضر ہوا اور اِس نے عرض کی یا رسول اللہ مجھے عقرب سے بڑا صدمہ پہونچا اُس نے میرے تئین شب کو ڈنک مارا آپ نے فرمایا آگاہ ہو کہ اگر تو وقت شام یہ کلمات کہا کرتا اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ تو تجکو گزند نہ پہونچتا اور بنا بر روایت ترمذی علیہ الرحمۃ کے اِسطرح وارد ہوا ہی کہ جو وقت شام یہ کلمات پڑھا کرے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ تو اُس شب کے تئین کوئی سانپ ضرر نہ پہونچا سکیگا چنانچہ سہیل نے کہا کہ ہمارے سائر اہل وعشائر انھین کلمات کو پڑھا کرتے تھے اتفاقاً اُنمین سے ایک لڑکی کو سانپ نے ڈسا مگر اُسکو کچھ درد و اثر نہوا اور سہیلؒ نی فرمایا یہ حدیث حسن ہی (حسن قسم حدیث ہی) اور کلمات اللہ قرآن ہی اور معنی تمام اِسکے یہ ہین کہ کلمات اللہ مین نہ کوئی نقصان داخل ہو سکتا ہی اور نہ کوئی عیب جیسا کہ کلام الناس مین یہ سب خلل داخل ہوتے ہین اور بعضون نی معنی کلمات اللہ کے یہ کہے ہین کہ وہ نافعات و کافیات و شافیات

---

[1] بنام خدا یہ مدد خدا بنام جبرئیل و میکائیل اور لفظ کازم سے تا لفظ والمطا تمام الفاظ افسون ہین اور افسون مین کرنے والا ہون اور حق تعالے شفا دینے والا ہی ۱۲

ہین جمیع معوذات سی یعنی یہ کافی ہین ان سب چیزون سی جیسے تعوذ وتحفظ کیا جاتا
ہی اور یہ ملخص ہی کتاب حیوۃ الحیوان سے اور عجائب امور عقرب سی یہ ہے کہ وہ میت
کو ڈنک مارتا ہی اور نہ کسی خوابیدہ کو ضرر پہونچاتا ہے مگر جب کہ اُس شخص کے
بدن سے کوئی عضو حرکت وجنبش کری تو اُس وقت البتہ وہ گزند پہونچاتا ہی اور وہ

عجائب امور عقرب ۱۲

پاس خنافس یعنی گرم سرگین گبر دندہ جاگزین کے رہتا ہی اور اُن سے آشتی رکھتا ہی
کہ انکو کچھ ضرر نہین پہونچاتا ہی اور کبھی جو وہ کسی افعی ایک قسم کے مار کو ڈنک مار دیتا ہے
کہ وہ مرجاتا ہی (یعنے نیش عقرب زہر مار سے بھی گویا زیادہ ہی کہ اُسکو بھی ہلاک کرتا ہی

برائے دفع مار ۱۲

اور بعض مفادین سی واسطے دفع سانپون کے یہ ہی کہ دھون کرنا ساتھ پوست مار کے
یعنی سانپ کی کیچلی سی یا ساتھ زرنیخ یعنی ہرتال یا نوسادر یا موی بز یا موی سر انسان
یا خردل یعنی رائی یا کبریت یعنی گندھک یا گشنیز سبز یا ساتھ پوست بیضۂ گندنا کی
چنانچہ جس مکان مین ان چیزون مین سی کسی چیز کا بخور یعنی دھوان لبطور دھونی کی

برائے دفع عقارب ۱۲

ہوگا وہان سے قریب نہو گا اور بعض منافع مین سی واسطے دفع عقارب کے
رکھنا بندوق کا ہی ارکان محل ارحلہ مین (بندوق نام میوہ ولایتی سُرخ رنگ مشابہ
بعناب وکنار دشتی اسکو ہر چہار اضلاع خانہ مین رکھنا امن ہے عقارب سے) کیونکہ
عقارب قریب حامل بندق کے نہین آتی اور منجملہ منافع واسطے دفع عقارب کے
وحیات وسائر جانوران موذیات کے یہ ہے کہ زرنیخ یعنے ہرتالی اور حلتیت یعنی
انگوزہ وبرگ یاسمین وزنجبیل ان سب کو ایک مساوی الوزن لے کر باریک
کوٹ ڈالین اور اُس کے ساتھ روس بقر یعنے گای کا تازہ گوبر قدرے پانی
شریک کرکے بنادق یعنے غلولہ گولیان بنا ڈالین اور سایہ مین خشک کرین پس
سے اُسی محل پر دھوان دھونی کرین۔

# باب سی و پنجم بیان مین اُن فوایدکے جو متعلق ہین اشیاے گم شدہ و آدم گریختہ یا دابہ یا مملوک گریختہ و مال مسروقہ سے اور مثل اِس کے جو چیز از دست رفتہ ہو

واضح ہو کہ بعض فوائد سی باز یافت گم شدہ کے وہ یہ ہے جیسا بعض علمانی کہا ہی کہ جس شخص کی کوئی چیز ضائع ہو جاوی اور وہ یہ اسم پڑھے یاحفیظ یک صد و نوزدہ بار بلا کم و زیادہ بعد ازان یکصد و نوزدہ بار یہ آیۃ تلاوت کری اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ فَتَكُوْنَ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ¹ چنانچہ حق تعالے اُسکے گم شدہ کو اُسی طرف پھیر لاوی گا اور اُسکی خاطر اُسکے گم شدہ کی حفاظت کری گا یہ عمل صحیح و مجرب ہے ایضاً عزیمہ دیگر یہ ہے کہ جس شخص سے کوئی چیز لیجاوی یا اُسکی کوئی چیز گم ہو جاوی اُسکو چاہیے کہ نماز عصر اُسکے دروازی پر یا اُسکے گھر کے دروازے پر پڑھے جہان سے وہ چیز لی گئی ہو یا گم ہوئی ہو بعد ازان سورۂ والسماء والطارق چالیس مرتبہ کہے تو وہ لیجانے والا مع اُس چیز کے جو لیگیا ہی اُسی جگہ جہان سے وہ لے گیا واپس آوی گا یا صاحب مال اُسکو خواب مین دیکھے گا یا بیداری مین کہین دیکھ لے گا انشاء اللہ تعالے ہر شے پر قادر ہے اور ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ جو شخص دو نہ کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَهَادِيَ الضَّالَّةِ رُدَّ عَلَيَّ ضَالَّتِيْ² تو

برائے بازیافت گم شدہ مسروقہ

---

¹ تحقیق کہ بات یہ ہے کہ تو اگر جا بر دانہ رائی کے ہو اور زیر سنگ گران پوشیدہ ہو یا آسمانوں مین یا کہین زمین کے اندر پنہان ہو تو حق تو اسکو جان سے لاویگا کہ وہ لطیف خبردار ہے یعنے اسکے سامنے کوئی شے درمیان حائل و حاجب نہین ہوتا ۱۲

² ای میرے خداوند پروردگار گم شدوں کے اور راہ دکھلانے والے گم شدوں کے میری گم شدہ کو مجھ یعنے میری طرف پھیر لا دے ۱۲ ای جمع کرنے والے عجائب [illegible] مو گے ای پھیرنے والے ہر غائب کے ای فراہم کرنے والے پریشانیوں کے اور ای وہ خداوند جس کے ہاتھ

تو حق تعالیٰ اُسکے گم شدہ کو اُسپر پھیر لاوے گا اور ایک جماعت سلف صالحین سے مروی ہے
کہ وہ بروقت تلف ہونے کسی چیز کے سورۂ والضحیٰ پڑھا کرتے تھے تو جو چیز اُن سے تلف
ہو جاتی تھی اُسکو پا جاتے تھے اور جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جاوے یا اُسکا غلام یا کنیز
بھاگ جاوے اُسکو چاہیے کہ روز جمعہ وقت ضحیٰ یعنی پہر دن چڑھے دو رکعات نماز پڑھے
یَا جَامِعُ الْعَجَائِبْ یَا رَادَّ کُلِّ غَائِبْ یَا جَامِعَ الشَّتَاتِ یَا مَنْ مَقَالِیْدُ الْاُمُوْرِ
بِیَدِہٖ اَجْمَعْ عَلٰی ضَائِعِیْ یا بجاے ضائعی کے یہ فُلَانَ بْنِ فُلَانَۃٍ لَا جَا
مِعَ لِیْ لَہٗ اِلَّا اَنْتَ فَاِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ونیز از براے جبر ما تلف یعنی
واسطے عوض نقصان کے مجرب ہے یَا وَاسِعَ الْکَنَفِ وَیَا عَلِیَّ الشَّرَفِ بِحُرْمَۃِ
اَھْلِ الشَّرَفِ اُجْبُرْ عَلٰی مَا تَلَفُ بِحُرْمَۃِ فَاطِمَۃَ وَاَبِیْھَا وَبَعْلِھَا وَبَنِیْھَا
یَا بُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی
السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ وَلَوْ تَرٰی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ
اَللّٰھُمَّ رُدَّ عَلَیَّ کَذَا بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَصٓ وَالْفُرْقَانِ وَقٓ وَالْقُرْاٰنِ

ع۱ سات بار سورہ والضحیٰ

جو کنجیاں ساری امور کی ہیں تو میرے ضائع وگم شدہ کو میرے پاس جمع کردے یا بجاے لفظ ضائع کے فلان بن فلان یعنی نام
گریختہ اور نام اُسکی مادر کا لیوے کہ کوئی حاضر کرنے والا اس بندہ کا سواے میرے نہیں ہے ۱۲ سہ اے وسیع حمایت اے عالی
شرف ومرتبت بحرمت اہل شرف کے تو میرا جبر نقصان کر یعنے تو میری نقصان کا عوض دے بحرمت فاطمہ زہرا اور اُنکے
پدر اور اُنکے شوہر عالی مقدار اور اُنکے فرزند والا تبار کے بقول لقمان اپنے فرزند سے کہ اے فرزند حقیقت حال یہ ہے کہ اگر تو برابر
دانے رائی کے ہو اور تو کسی بھاری پتھر تلے چھپا ہو یا آسمان مین چھپا ہو یا کہین زمین کے اندر غائب ہو تو حق تعالیٰ
اس دانے رائی کو یعنی تجکو وہان سے نکال لے گا ۱۲ کہ کاش تو دیکھے اُن لوگون کو جو خوف زدہ ہوتے
ہین با وقت یا خائف ہون گے روز بعث ونشر کے تو عجائب احوال نظر آوے گا کہ پھر اُس حالت مین فوت یا
تغیر نہوگا یہ حالت اُن سے ہرگز نہوگی ۱۲ شہ اے میرے پروردگار تو پھیر لا میرے اس چیز کو یا اس شخص
کو بحق یٰس والقرآن الحکیم کے وبحق ص والفرقان وبحق ق والقرآن کے وبحق الرحمن علم القرآن کے ۱۲

برای بازآمد گریختہ

یَا عِبَادَ الصّٰلِحِیْنَ وَرُدُّوْا عَلَیَّ ضَالَّتِیْ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ وَاحْبِسُوْهَا اِنِّیْ اَللّٰهُمَّ
لَا تُغْتِنِّیْ بِھَلَاکِھَا وَلَا تُقْلِقْنِیْ بِطَلَبِھَا بِحَقِّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ
وَعِزْرَائِیْلَ وَبِحَقِّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا عَدَدَ خَلْقِہٖ
وَرِضٰی نَفْسِہٖ وَزِنَةَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ اور برای بندہ گریختہ یہ آیہ ایک
پرچہ کاغذ پر لکھا جاوے اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰہُ جَمِیْعًا اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی
کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اُسکو لکھکر اُس گھر مین جہان سے وہ بھاگ گیا ہی لٹکا دیوین
تو وہ ہمیشہ حیران و سرگردان رہیگا یہانتک کہ وہ اپنے آقا کے پاس پھر آوی دیگر آنکہ

ایضاً باز آمد گریختہ ۱۲

جبکہ کوئی مملوک بھاگ گیا ہو یا اُسکی کوئی چیز گم ہوئی ہو اور وہ اِس آیت کو بعد نماز
عشا کے ہزار مرتبہ پڑھے تو اُسکو وہ ضائع شدہ چیز بازیافت ہوگی باذن اللہ تعالیٰ
اور وہ آیہ یہ ہی اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِنَّ ذٰلِکَ
فِیْ کِتَابٍ اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرٌ وایضاً برای حیرت و سرگشتگی غلام گریختہ و

برای غلام و کنیز گریختہ ۱۲

دواب از دست رفتہ و برای ہر چیز گم شدہ کی صحیح مجرب ہی چاہیے کہ انسان اِن کلمات
کو پڑھے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِھَا قَامَتِ السَّمٰوٰتُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِھَا تُکْشَفُ
الْبَلِیَّاتُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِھَا یُرَدُّ مَا فَاتَ فَاللّٰہُ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

---

[۱] ای بندگان صالحین یعنی فرشتگان موکلین تم پھیر لاؤ میرے پاس میرے گم شدہ کو خدا تمپر رحم کری اور روک لو اُسکو اے میرے پروردگار مجھے نہ ڈال اِس چیز یا اِس شخص کے ہلاک ہونے سے یا اُسکے ضائع ہونے سے اور مجھے پریشانی مین نہ ڈال اُسکی طلب و تلاش مین بحق جبرئیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل کے و بحق ہمارے سید مالک کے جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعدد خلق خدا یعنی درود و سلام بعدد خلق خدا باندازہ رضای خدا و بشمار زینت عرش خدا و بمقدار سیاہی کے جو لکھنے والے کلمات خدا کے ہی ۱۲ [۲] جہان کہین تم ہوگے حق تعالی تم سب کو جمع کر لادیگا کہ بے شبہہ حق تعالی ہر شے پر قادر ہے ۱۲ [۳] کیا تو نہین جانتا ہی کہ حق تعالی جانتا ہی جو کچھ آسمان و زمین مین ہے یہ بات خدا کی کتاب و کتابت مین لکھی ہے ہر آئینہ یہ امر خدا پر آسان ہے ۱۲ [۴] لا الہ الا اللہ کے سبب قائم ہین آسمان لا الہ الا اللہ کے سبب دفع ہوتے ہین بلیات و آفات لا الہ الا اللہ کے سبب بازگشت کرتے ہین بازدات یعنی درگذشتہ چیزین دستیاب ہوتی ہین و حق تعالے بہترین حافظ و نگہبان اور وہی ارحم الراحمین ہے اے میرے پروردگار اے جمع کرنے والے خلائق

اجازت ما حضرتم و دور تم هذا المفتاح على اسم الاعظم بحق جبرئیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل
الوحا

اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یٰا بُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ الآیۃ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور اُن چیزون مین سے جو واسطے غلام وکنیز گریزندہ کے مجرب ہے یہ ہے کہ اگر کلمات مذکورۃ الذیل پارہ گوشت بریان یا شیر پر پڑھکر اُس غلام وکنیز کو جو بھاگتے مین پلا دیوین تو پھر نہ بھاگین کے باذن اللہ تعالٰے اور وہ کلمات اٰمَنَ مُوْسٰی بِرَبِّهٖ فَاھْتَدٰی وَعَصَا فِرْعَوْنُ رَبَّهٗ فَغَوٰی لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ تا آخر سورۂ حشر اور بعض فوائد مین سے واسطے بیان وانکشاف سارق کے یہ ہے کہ ایک قدح یعنی ایک کٹورا لیوین اور اُسکے قعر یعنے اندر پیندے کے بسم اللہ وسورۂ اخلاص بحروف مفرقہ یعنی جدا جدا لکھین اور جو لوگ متہم ومشتبہ ہون اُن مین سے کسی ایک کا نام بھی لکھین وبعد ازان اسپر البرہتیہ پڑھین یعنی نام پڑھا معنی عجائب اور وہ آیہ وغیرہ یہ ہین اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ مَاهٍ اِلَّا مَاحَضَرَ ثُمَّ وُثُوْبًا ثُمَّ ھٰذَا الْقَدَحُ عَلٰی اِسْمٍ اَلَا خُذْ بِحَقِّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ السَّاعَةَ چنانچہ اگر وہی کٹوری کا تھامنے والا چور ہوگا تو اُسکے کف دست پر کٹورا پھرنے لگے گا اور اگر وہ کٹورا نہ پھرا تو اُس نام کو جو اُس مین لکھا ہے مٹا دیوین اور کوئی دوسرا نام المتہمین سے لکھین یہان تک کہ اُس تھامنے والے کے نام پر وہ کٹورا دوڑے یعنی حرکت کرے اور مین دربارۂ برہتیہ اور اُسکے متعلقات کی اپنے اِس رسالہ مین

برائے غلام وکنیز گریزندہ

برائے بیان سارق بطریق گل القدح ۱۲

---

۳ کہ دس روز کو جسمین کچھ شک نہین ہے تو پھیر دے میرے گم شدہ کو میری پاس کہ ہر آئینہ تو ہر چیز پر قادر ہے ۱۲ ۴ اس آیہ کا ترجمہ ہو چکا ۱۲ یقین لایا موسی اپنے پروردگار کو اُسنے ہدایت پائی اور نافرمانی کی فرعون نے اپنے پروردگار کی تو وہ گمراہ ہوا ۱۲ اس آیہ کا بھی ترجمہ ہو چکا ۱۲ ۵ مگر تم کیون نہین حاضر ہو سکتے ہو اے موکلو اور کیون نہین دوڑاتی ہو اس کٹوری کے نام پر کٹورہ پکڑنے والے کی بحق جبرئیل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل کی بہت جلد بہت شتاب سی وقت ۱۲ ۶ ایک قسم کی قسم ہے جو افسون سے بزبان اعمال اور اسکا ذکر کتاب دوم مین لکھا ہے

کلام کیا ہے جو در باب ضرب منازل یعنی قسم دوائر ہین اور قسم قصعہ مین لکھا ہی کہ جو کوئی اُسکا ارادہ کرے تو اِس کتاب کی طرف رجوع کرے کہ اُسمین یہ سب چیزین معلوم ہونگی اور ایک قسم عمل با بریق ہی جسکو چھاگل کہتے ہین کہ براے بیان سارق مقرر ہی اور وہ یہ ہی کہ دو شخص باہم مقابل ہون اور ابریق اپنے درمیان مین رکھین اسطرح کہ وہ دونون آدمی اُس ابریق کو اپنے اپنے انگشت سبابہ پر اُٹھائے رہین اور اُس ابریق پر نام شخص متہم و مشتبہ کا لکھا ہوا اور سورۂ یٰسٓ پڑھی جاوے تا وَجَعَلَنِی مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ چنانچہ جسکا نام لکھا ہی اگر وہی چور ہوگا تو ابریق پھریگا اور اگر ابریق کو گردش و جنبش نہوئی تو اُس نام کو مٹا کر دوسرے شخص متہم کا نام لکھ دین و بدستور تلاوت یٰسٓ عمل مین لاوین اسیطرح ہر ایک کا نام متہمین مین سے ایک دوسرے کے بعد لکھین اور تلاوت سورۂ یٰسٓ تا المکرمین جسکے نام پر ابریق کو جنبش ہووے آخذ و سارق مال ہی اِس عمل کا امتحان بارہا کیا گیا صحیح و درست آیا و دیگر بعض فوائد مین سے براے اظہار سارق یہ عمل ہے کہ تیرا ارادہ اِس عمل کا ہو تو ایک کاغذ سفید پر سورۂ واللیل تا یجہرون لکھین اور سورۃ النسآء تا ہنیئا مریئا اور سورۂ قل اوحی تمام آخر تک لکھین اور ایک قربہ مشکیزہ کے اندر رکھین اور اسمار مردم متہمین کے جدا جدا پرچہ کاغذ پر لکھ کر ایک ایک پرچہ کو بادیگرے اُسی قربہ مین ڈالین پھر اِس مشک کو پھونکین تو البتہ چور کا بدن پھول جائیگا باذن اللہ تعالے وایضاً بعض فوائد مین سے واسطے بازیافت مسروقہ مالی واپس آنے گریختہ و گم شدہ کے یہ ہے کہ سورۃ الطارق تا علی رجعہ لقادر سات بار پڑھین و بعد ازان یہ کلمات پڑھین اَللّٰھُمَّ یَا حَافِظُ لَا یَنْسٰی یَا مَنْ نِعَمُہٗ لَا تُحْصٰی قُلْتَ وَ قَوْلُکَ اَلْحَقُّ الْمُبِیْنُ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ اَحْفَظْ عَلٰی نَفْسِیْ وَ

عمل اول براے بیان سارق ۱۲

عمل دیگر براے اظہار سارق ۱۲ ۱۲

براے بازیافت مال مسروقہ ۱۲

---

[1] اے میرے پروردگار اے حافظ و نگہبان جو نہین بھولتا اور بھولا نہین اور اے خداوند نعمت جسکی نعمتون کا شمار نہین ہو سکتا تو نے فرمایا ہی اور فرمانا تیرا برحق و روشن ہی کہ ہم نے نازل کیا ہی ذکر یعنے قرآن اور ہم اسکے حافظ و نگہبان ہین تو حفاظت کر

ذَالتِیْ اِسکو بھی سات بار پڑھیں وبعد ازان یہ آیۃ پڑھیں فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وبعد ازان سورہ والضحیٰ تا وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی تلاوت کرین تو حق تعالیٰ اُس گم شدہ کو عنقریب پھیر لاویگا اور بعض فوائد سی واسطے کشش و دستیابی سارق کے ایک کاغذ مین لکھکر اُسکو بخور کرین یعنی کندر کی دہوین اور پوربی ہوا مین آویزان کردین کہ مجربات سی ہے اور وہ جو لکھین یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَرَدَدْنٰہُ اِلٰی اُمِّہٖ اِلٰی یَعْلَمُوْنَ وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی ذٰلِکَ قَدِیْرًا + اِنَّا لَہٗ ذُوْ وَّلاَ اِلَیْکَ + اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا مُسَبِّبَ کُلِّ سَبَبٍ یَا مُعْطِیْ مَنْ طَلَبَ بَاسْوَدِکَ مِنْ حَرَبَ اَللّٰھُمَّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اِلٰی مُحَمَّدٍ اَنْ تَقِیْقَ الْاَرْضَ عَلٰی کَذَا وَکَذَا کَفِیْقَ الْاِتَمَۃِ وَالْاِبْرَۃِ حَتّٰی یَعُوْدَ اِلٰی مَکَانِہِ الَّذِیْ خَرَجَ مِنْہُ اِنْ اَکَلَ سَنَعُوْا اِنْ شَرِبَ غَصَّ وَشَرَقَ وَاَنْ تَقِیْقَ الْاَرْضَ بِمَا رَحُبَتْ وَاَنْ تَفِیْتَقَ عَلَیْہِ نَفْسُہٗ حَتّٰی یَعُوْدُ اِلٰی مَکَانَہٖ اَوْ یَرُدُّ مَا اخْتَبَسَ مِنْ مَکَانِہٖ کَذَا وَکَذَا بِحَقِّ اِسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الْاَجَلِّ الْاَعَزِّ الْاَکْرَمِ وَبِحَقِّ اَسْمَائِکَ الْکَرِیْمِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَبِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ اٰھِیَا

---

ہ میری جان کی اور میری مال کی اور دست رفتہ کی ۱۲ ۱ے تتمہ آیہ بعد اُمّہ کی لقر عینہا وعد اللہ حق ولا تحزن ولتعلم لئے ہم نے پھیرا موسیٰ کو اُسکی مادر کیطرف تاکہ ٹھنڈی ہون آنکھین اُسکی اور وہ حزن و غم نکرے اور تاکہ وہ جانے کہ وعدہ خدا حق ہے ولیکن اکثر اشخاص اِس بات کو نہین جانتے ہین ۱۲ ۲ے اور حق تعالیٰ ہر شے پر قادر رکھنے والا ہے اور اس بات پر حق تعالیٰ قادر ہے ۱۲ ۳ے ہم بے شبہہ موسیٰ کو طرف مادر کے پھیر دینے والے ہین ۱۲ ۴ے اے میری پروردگار مین تجھسے سوال کرتا ہون اے سبب مہیا کرنے والے ہر سبب کے ای عطا کرنے والے طلب کرنے والے کو ای پکڑنے والے بھاگنے والے کو اے میرے پروردگار صلوٰۃ بھیج اوپر محمدؐ و آل محمدؐ کے سوال یہ ہے کہ تنگ کردی زمین کو اوپر فلان فلان کے مثل تنگیٔ حلقہ انگشتری و مثل سوراخ سرسون کے یہان تک کہ وہ پھر آوے اُسی جا پر جہان سے نکل گیا ہے اگر وہ کچھ کھاوے تو اُسکو گوارا و ہضم نہووے اور اگر پانی پیے تو حلق مین گھٹ جاوے یعنی گلو گیر ہو جاوے اور یہ کہ تنگ ہوجاوے زمین باوجود اس وسعت کے اور تنگی کرے دم اُسکا اور گھبراوے یہان تک کہ اپنی جگھہ

وَشَرَاهِيَا اَدُوْنَا اِمِي اَحْيَانَ اَلْ شَدَّاي اَنْ تُضَيِّقُ الْاَرْضُ عَلٰى
كَذَا كَذَا حَتّٰى لَا يَجِدُ مُلْجَاً وَلَا فِرَارًا وَلَا مَعْقِلًا وَلَا مَنْهَبًا يَذْهَبُ
اِلَيْهِ حَتّٰى يَعُوْدَ اِلَى الْمَوْضِعِ الَّذِيْ خَرَجَ مِنْهُ وَرُدَّهٗ اِلَيْهِ كَمَا رَدَدْتَ
مُوْسٰى اِلٰى اُمِّهٖ وَيُوْسُفَ اِلٰى اَبِيْهِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اِنَّ
السَّمَآءَ سَمَآئُكَ وَالْاَرْضَ اَرْضُكَ وَالْبَرُّ بَرُّكَ وَالْبَحْرُ بَحْرُكَ وَجَمِيْعَ
الْبِلَادِ وَالضِّيَاءِ وَالْقُرَاىَ لَكَ وَبِيَدِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَمَآءَكَ
وَاَرْضَكَ وَبَرَّكَ وَبَحْرَكَ وَبِلَادَكَ وَقُرَاكَ وَضِيَائَكَ ضَيِّقَةً
مُتَحَشِّنَةً عَلٰى كَذَا وَكَذَا حَتّٰى يَرُدَّ مَا اَخَذَهٗ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اِذَا
اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰهَا اور اسماء مذکورہ یہ ہین جو تحریر ہوتے ہین (۲۵)
دج م دو۹ لا منہ ر بع مر د د د ۸ ۱۱۱ و ۱۱ طام ۱۱ و ۶ ۱۸ ۱۹ ۱ و ۳ ع ۴

برائے بیان سارق بطور کلی بیان ۱۲

اور بعض فوائد سے واسطے بیان سارق کے بھی یہ مجرب ہے اور نافع ہے انشاء اللہ تعالے کہ ان آیات کو کسی قدر روٹی پر لکھکر اُن لوگون کو کھلایا جاوے جو متہم و مشتبہ بسرقہ ہون تو البتہ سارق کو اُس روٹی کے کھانے پر قدرت نہوگی یعنے اُسکے کھانے سے عاجز رہیگا اور کھائی نہ جائیگی اور وہ آیتین یہ ہین وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا اِلٰی تَكْتُمُوْنَ + فَيَجْرَعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُخْرِجُ

---

ص۳ پھر آدمی یا واپس کردیوی جو کچھ لے گیا ہی فلان فلان مقام سے بحق تیرے اسم اعظم عظیم کے جو بزرگ ترا در غالب ترا در مکرم ہے اور بحق اسماء کرام کے جنسے کسی نیکوکار اور بدکار کو گریز نہین کیا ہی و بحق کہیعص و بحق حمعسق حروف مقطعات قرآن مجید کے بحق ہیا و شراہیا ادونائی اصبان وال ۱۲ سطہ اسماء اعبرانیہ بزبان یونانیہ کے تنگ ہوجاوی زمین اوپر فلان فلان کے یہانتک کہ اسکو کہین ٹھکانا نہ ملی اور نہ کوئی جا قرار اور نہ پناہ ملے اور نہ راستہ پاوے کہ ادھر جاوی یہانتک کہ وہ اسی جا کی طرف بازگشت کرے جہان سے نکل گیا ہی تو اسکو پھیر دے جسطرح تو نے پھیرا تھا موسی کو طرف اُنکی ماں کے اور یوسف کو اُنکی باپ کیطرف کہ ہر آئینہ تو ہی ہر شے پر قادر ہے اے میرے پروردگار یہ سارے آسمان تیرے آسمان ہین اور تمام روے زمین تیری ہی زمین ہی اور کل صحرا اور دریا تیرے ہین اور جملہ بلاد وضیاع یعنی جسقدر زمین فرزوعہ قریات وغیرہ تیری ہی ہین اور تیرے قبضہ مین ہین اے میرے پروردگار تو اپنے آسمان اور اپنی زمین اور

الْخَبَاءَ اِلٰی قَوْلِہٖ وَمَا تَعْلِنُوْنَ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اور بعض فوائد سے واسطے بیان سارق کے عمل کے بمشار ہے کہ ایک میخ بنوا دین جسکا سر چار گوشہ کا ہو ایک گوشہ پر یٰس والقرآن الحکیم لکھین اور دوسرے پر ص والقرآن اور تیسری پر ق والقرآن اور چوتھی پر حمعسق هٰذَا یَوْمُ لَا یَنْطِقُوْنَ وَلَا یُؤْذَنُ لَهُمْ فَیَعْتَذِرُوْنَ بعد ازان اس میخ کو زمین مین گاڑ دیوین اور اُسپر سورۃ الملک پڑھین اور جو لوگ متہم و مشتبہ بسرقہ ہوں اُنکو حکم کرین کہ کھڑے ہو جاوین چنانچہ سارق کو قدرت قیام کی نہوگی یعنی وہ کھڑا نہو سکیگا **فائدہ** کا جب کسیکی کوئی چیز چوری جاوی اور اُسکو معلوم نہووے کہ کس نے چورائی ہی تو ان حرفوں کو ایک پرچہ کاغذ پر لکھین اور اُسکو اپنے بالین زیر گوش رکھکر سو رہین تو اُس سارق کو اپنے خواب مین دیکھین گے اور یہ عمل بارہا تجربہ مین آیا ہی بہت صحیح ہی اور وہ حروف ۴ مذکورہ یہ ہین

۴ حروف ھ ھ ز ھ ۸ ھ ھ ۴ ھ ۲ ع

## باب سی و ششم اُن چیزون کی بیان مین جو نافع ہین واسطے دفع بق یعنی پشہ و برغوث یعنی کیک و کل یعنی مورچگان اور واسطے دور کرنے فار موش و جراد و ملخ وغیرہما کے کشت زار سے و نیز بیان مین اُن چیزونکی جو نافع ہین واسطے شکار کبوتران صحرا و ماہیان دریا کے

---

۱۴ اور باد بلاد اقریات و فیاحات وغیرہ کہ فلان شخص پر تنگ و پر وحشت کردی یہانتک کہ جو کچھ وہ دیکھتا ہے سب ڈراونی ہی ان اسما کے اور جب وہ اپنا ہاتھ نکالی تو شدت تاریکی سے قریب نہیں کہ ہاتھ اُسکو نظر آدے ۱۲

۴۲ تتمہ آیہ بعد نفسا فادارئتم فیہا واللہ مخرج ماکنتم تکتمون یعنی جب تم نے ایک شخص کو قتل کیا تو اُس باب مین تم مخاصمت کرتے تھے و حالانکہ حق تعالی ظاہر کرنے والا ہے جس بات کو تم چھپاتے ہو ۱۲

۴۳ تتمہ آیہ لیسیغہ و تاتیہ الموت من کل مکان و ما ہو بمیت و من ورائہ عذاب غلیظ یعنی ای اہل جہنم اُسے گھونتے پانی پانی کو گھونٹ گھونٹ پئینگے و حالانکہ اُسکو گھونٹ نہ سکینگے اور ہاتھ اُنکو ہر طرف سے گھیرے گی نہ وہ وہان مرنے والے نہین ہین بلکہ اُنکے پیچھے عذاب سخت لگا ہو گا ۱۲

۴۴ تتمہ آیہ بعد الخبا فی السموات والارض و یعلم ما تخفون وما تعلنون یعنے وہ خدا وند ایسا ہی جو ظاہر کرتا ہو پوشیدہ چیزون کو جو آسمان اور زمینو نمین ہی اور جاننا چاہیے کہ ۴۴۴

افسون برای دفع پشہ وغیرہ ۱۲

بخور برائے دفع پشہ ۱۲

برائے دفع کھی و موش ۱۲

چنانچہ جو چیز کہ واسطے دور کرنے پشہ و کیک و مورچگان کے نافع ہو وہ یہ ہی کہ آیات وغیرہ مذکورۃ الذیل کو چار پرچون کاغذ پر لکھین اور بعد لکھنے کے اُن پرچون کو بخور یعنی دھونی حصیان ذکر کے یعنی دھونی لوبان ترکی کی دیوین اور اُس جگہ جا کی چارون گوشون مین چپکا دیوین اور وہ چیزین جو ہر ایک پرچہ پر لکھی جاوین یہ ہین یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ص وَالْقُرْاٰنُ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ اِذْهَبْ اَيُّهَا الْبَقُّ وَالْبَرَاغِيْثُ وَالنَّمْلُ بِاِذْنِ الْمَلِكِ الْحَقِّ وَبِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور بعض خواص یہ ہی کہ اگر مکان کے اندر دھوان ہو قلقند یعنی گلقند اور شونیز یعنی کلونجی کا کرین تو اُس گھر مین مچھر بالکل نہ گھسین گے اور اگر اُسی جاموش یعنی بھینس کی کھال کا دھوان گھر مین کرین تو مچھر دور ہو جاوین گے اور اگر اسی طرح دخان فشارۂ صنوبر یعنی برادہ درخت سرو کا یا حب محلب یعنی تخم محلب کا بھی نفع پشہ اور حرمل جو ایک قسم کی گیاہ ہی اور بلاد عراق وغیرہ مین پیدا ہوتی ہی اُسکا بخور بھی دافع پشہ ہی اور اگر حرمل کو ایک شب سرکہ مین تر کرکے وہ سرکہ مکان مین اور سوراخون اور شگافون مین چھڑک دیوین تو اُسکے اثر سے ساری پشے مر جاوین گے اور بعض خواص سے یہ ہی کہ اندر مکان کے دخان کمون کا کرین تو ہرگز پشے باقی نرہین گی و نیز جب مکانین دخان زفت رومی و گوگرد کا کرین تو مکھیان اُس جگہ کے قریب نہ جاوین اور چوہی بھی مر جاوین گی اور اگر کمون کو پانی مین بھیگا اور زیادہ پانی ملا کر اندر مکان کے چھڑک دیوین تو اُس سی برغوث یعنی کیک جتنی اُس گھر مین ہونگے وہ سب مر جاوین گے اور بعضون نی کہا ہی کہ اگر حرمل یا سداب وقت خواب

---

[ص] جو کچھ تم اخفا و آشکار کرتے ہو ۱۲ [۱] ہم نے اُسکو یعنی قرآن کو بحق نازل کیا اور وہ ساتھ حق کے نازل ہوا ۱۲ [۲] یہ وہ روز ہی کہ نہ بول سکین گے اور نہ انکو اذن ہوگا کہ وہ عذر کر سکین ۱۲ [۱] یعنی اگر تم باز نہ آوگے تو ہم تمکو سنگسار کرینگے اور تم کو ہم عذاب سخت پہونچیگا دور ہو جاؤ تم سب انواع پشہ و کیک و مورچگان باذن خداوند بادشاہ حق کے اور ساتھ ہزار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کے ۱۲ [۲] صنوبر درخت ثمر نیز درخت چلغوزہ یعنی چیڑ ۱۲ [۳] محلب نام ایک درخت کا ہی جو عراق وغیرہ مین ہوتا ہی

زیر سر دیا رکھ لیوین تو گذر پشون کا اِسکے پاس ہرگز نہو چنانچہ بعضون نے ازروی تجربہ کے اِسکا حزم و یقین کیا اور اگر علق یعنی زلو خشک کرکے اِسکا دھوان مکان مین کرین تو بق اور بعوض یعنی ہر قسم کے مچھر دور ہو جاوین اور جس جا پر حمل اونٹ کا ردیا ہو وہان مچھر نزدیک نہین آتے ہین اور اگر دقیق ترمس یعنی آرد باقلای مصری لیکر اس مین جیر آ یعنی نورہ و چونا ملا کر اس سے سفیدی مکان کی کرین تو جب تک وہ سفیدی باقی رہیگی پشے اُسکے نزدیک نہین جاوینگے اور بعض اُن چیزون سے جو پشون کو دور کرتی یہ ہے کہ ترمس مر یعنی باقلای تلخ لے کر نمک طعام کے ساتھ بھگو دین اور اُس پانی کو مکانمین چھڑک دین اور بعد اُسکے نوسادر کا دھوان کرین اور اسیطرح تین روز متواتر عمل کرین تو اُسکا امر عجیب ہے اور بعض خواص سے یہ ہے کہ اگر خنافس یعنی گبرِوندون کو خشک کرکے گھر مین اُسکا دھوان کرین تو مچھر اُس گھر سے بھاگ جاوینگے دیگر آنکہ اگر بیٹ کبوتر کا دھوان کرین تو اُس سے چوہے بھاگ جاوینگے دیگر آنکہ اگر بیٹ کبوتر کی آرد مین خمیر کرکے یعنی گوندھ کر جس جانور کو کھلاوین تو وہ مرجاویگا اور وہ چیز کہ جس سے دور ہون اور مرجاوین یہی کہ بقل ازرق یعنی کوگل سر کا دھوان کرین دیگر آنکہ اگر برگ و چوب سداب تر کرکے اُسکا پانی مکانمین چھڑک دیوین تو کیک مرجاوینگے دیگر آنکہ اگر کیک یا برغوث کسی شخص کے داہنے کان مین گھس جاوے تو داہنے ہاتھ سے بایان خصیہ تھامے اور جب بائین کان مین گھس جاوے تو بائین ہاتھ سے داہنا خصیہ تھامے رہے یہان تک کہ وہ کان سے جلد نکل جاویگا باذن اللہ تعالیٰ اور جو چیز کہ مجرب ہے واسطے دفع موش و پشہ و کرمہای موذی کے یہ ہے کہ چوب زیتون کی چار تختیون مین یہ آیہ مذکورۃ الذیل لکھکر چار گوشہ خانہ مین دفن کرین اور ہر تختی پر یہ آیۃ لکھین لَنُخْرِجَنَّکُمْ مِنْ اَرْضِنَا اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِیْ مِلَّتِنَا فَاَوْحٰی اِلَیْھِمْ رَبُّھُمْ لَنُھْلِکَنَّ الظَّالِمِیْنَ وَلَنُسْکِنَنَّکُمُ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِھِمْ اِلٰی قَوْلِہٖ غَلِیْظًا اور اُسکو چہارشنبہ کے روز قبل از طلوع

برای دفع ہلاکت جملہ جانوران ۱۲

برائے دفع کیک ۱۲

برای اخراج کیک از گوش مردم ۱۲

افسون برای دفع موش و پشہ ۱۲

آفتاب کے لکھین اور وقت دفن کرنے تختیون کے یہی آیہ تین تین مرتبہ تلاوت کرین و نیز جو چیز کہ واسطے دفع موشون کے نافع ہی یہ ہے کہ سورۂ تبت یدا لکھین اور بعد اُسکے یہ آیہ لکھین یَا اَیُّهَا الْفَارُ اُرْحَلْ عَنَّا فَاِنْ لَمْ تَرْحَلْ وَاِلَّا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ + ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ نِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ دیگر آنکہ بعض اُن چیزون مین سی جو واسطے دفع موش کے خاصتہً وہ موش جو پر غیظ و خشمگین ہون چنانچہ ایک پرچہ ورق مین اِس آیۃ کو لکھین فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا فَاَمْسَا لِکِنَهُمْ یہان تک مکرر لکھین بعد ازان فاصبحوا سے تا آخر تین بار لکھین و بعد ازان اِس مکان مین سے ایک چوہا پکڑ کر کے اور اِس تعویذ کو لپیٹ کر اور اوپر تاگا لپیٹ کے چوہے کی گردن مین باندھ دیوین پھر اُس چوہے کو اُسی مکان مین چھوڑ دیوین تو بعد اُسکے اُس مکان مین کوئی چوہا نظر نہین آوے گا اور اگر کوئی شخص چوہا پکڑ کر اُسکو خصّی کرے یعنی اُسکے

برائے دفع موش خشمگین ۱۲

---

[1] یہ پانچ آیتین ہین سورہ ابراہیم کے تیسرے رکوع مین یعنے کافرون نے اپنے رسولون سے کہا کہ ہم تمکو اپنی زمین سے نکال دین گے یا یہ کہ تم ہماری دین مین پھر آؤ چنانچہ اُن رسولون کی پروردگار نے اُنکی طرف وحی بھیجی کہ بالضرور ہم اُن ظالمون کو ہلاک کرین گے اور بعد اُنکے اس سرزمین مین البتہ ہم تمکو آباد کرین گے تا آخر آیہ عذاب غلیظ ۱۲

[2] اے موشو ہماری یہان سے چلے جاؤ اگر نہ جاؤ گے تو آگاہ ہو حرب خدا و رسول سے ۱۲

[3] و بعد ازان کہ اُنھون نے منھ پھیرا تو حق تعالیٰ نے اُن کے دلون کو اُلٹ دیا ۱۲

[4] حق تعالیٰ ہم کو کافی و بس ہے کہ وہ وکیل و مددگار ہی ۱۲

[5] مصنف نے بعد لکھنے تبت یدا سورہ وغیرہ کے کچھ بیان نہین کیا کہ پھر کیا کیا جاوی مگر ظاہرا اسکو کاغذ پر لکھکر مکان کے اندر چپکا دیوین ۱۲

[6] تتمہ آیہ بعد عارضا سی مستقبل اودیتہم قالوا ہذا عارض ممطرنا بل ہو ما استعجلتم بہ ریح فیہا عذاب الیم یدمر کل شئ بامر ربہا فاصبحوا لا یرى الا مساکنہم کذلک نجزی القوم المجرمین یعنے جب وہ لوگ عذاب و بجھیلے لگے کہ مقابل آنیوالا تھا کہنے لگے کہ ابر یہان برسنے والا ہی بلکہ وہ تھا جسکو وہ بہت جلد طلب کرتے تھے کہ وہ آندھی تھی اُسمین عذاب سخت تھا جو ہلاک کرتا ہی ہر شے کو بحکم اپنے پروردگار کے چنانچہ وہ سب ایسی ہو گئے کہ دکھائی نہ دے مگر مکانات اُنکے

خصیے نکال ڈالے اور اُسکی دم کاٹ کر کسی مکان یا کسی جا چھوڑ دے تو جتنے فیران یعنے انبوہ موشان وہان ہون گے سب بھاگ جاوین گے یہ طور مجرب و صحیح ہی اور کتاب حیواۃ الحیوان مین لکھا ہی اگر چوہے کی دم کاٹ کر اُسکو بیچ گھر کے دفن کردین تو جب تک وہ اُس جگہ دفن رہیگا چوہے اُس گھر مین نہ آوین گے اور اُن چیزون کو جو دفع پشون کے لئے لکھی جاتی ہین یہ بھی ہے کہ بشب نزول نقطہ (نطا ہر امراد نطفہ سے ژالہ و تگرگ ہے) کسی ظرف مین اسماے مذکورۃ الذیل لکھے جاوین اور اگر ہنگام نزول نقطہ لکھے تو بہتر ہوگا اور کیفیت یعنی ہیات کتابت کی یہ ہی

| | | |
|---|---|---|
| عططش | ابلیغما | عططش |
| جارالیق | بلیغما | خج البق |
| شططش | لیغما | |
| ہات | لیغما | |
| البق | ماعما | |

و نیز بعض اُن چیزونمین سے کہ وہ بھی برای دفع موشون کی نافع ہین یہ ہے کہ چار ظرف یعنی کوزہ سفال پر آیات مذکورۃ الذیل لکھکر اُس ہر ایک سی ہر چہار گوشہ مکانمین وضو کرین ایک پر تو یہ آیہ لکھا جاوی وَحَرَامٌ عَلَىٰ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ الفاد اور دوسرے پر یہ آیہ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ الفادہ اور تیسرے مین یہ آیہ وَيَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ الی قولہ

---

۴ نظر آتے تھے اسی طرح ہم جزا و سزا دیتے ہین مجرمون کو ۱۲ ـــہ تتمہ آیہ بعد قریۃ اہلکنا ہم انہم لا یرجعون یعنی حرام ہے اُس قریہ پر جس نے ہم کو ہلاک کیا یہ کہ وہ رجوع نہ کرین گے ۱۲

ـــہ عنقریب وہ جماعت بھاگے گی اور وہ پشت پھیرین گے ۱۲ ـــہ تتمہ آیہ بعد الراجفۃ تتبعہا الرادفۃ قلوب یومئذ واجفۃ یعنے جس روز تھرائین گے تھرانے والے یعنے زمین اور اُس کے پیچھے آوے گی پیچھے آنے مین قیامت اُس روز بہت سے دل دھڑکنے والے ۴

عہ اطرح الزیت

کی یہ ہے کہ رصاص و مشقی ابیض یعنی رانگا سفید ایک رطل اور کبریت مغربی اصفر نقی یعنے گوگرد زرد صاف کیا ہوا نیم رطل لیکر گوگرد کو خوب باریک سائیدہ کر لین بعد ازان رانگا ایک ظرف آہنی مین یعنی کڑچھے وغیرہ مین کرکے آگ پر رکھین جب وہ خوب گداختہ ہو جاوی تو اُسپر وہی گوگرد سودہ قدری قدری ڈالتے جاوین یہان تک کہ تمام گوگرد اُسمین کھپ جاوی تب اُسکو آگ سے اُتار کر سرد کرین پھر اُسکو خوب باریک پیس ڈالین اور اُس مین آب لیمون ڈالین کہ وہ مثل شیر کے ہو جاوے گا اور پھر اُسکو خوب حل کرین اور اُسکی شناخت یہ ہی کہ ایکظرف گلی پختہ سرخ لیکر اُسکی پشت محدب یعنی اُسکے پیندی پر جو ڈھالو ہو قدرے ڈالکر دیکھین کہ وہ ٹھیرا رہا تو پھر اُسکو گھونٹین تاکہ وہ سیلان کرے چنانچہ آب لیمون اُسکو پلا پلا کر خوب حل کرین پھر اُس ظرف کو جس مین وہ چیز ہے ایک شب تابہ آہنی پر رکھین بعد ازان اُسکو ظرف آہنی سے نکالکر ظرف مسی مین رکھین اور اُس سے ایک رنگ عجیب یعنی رنگ خوشنما مشاہدہ مین آوی گا اُسکو سمجھ اور تدبیر کو پہچان سود مند ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ صفت دیگر بعمل توتیا یہ کہ رنگ رس قسم کی جس سے قیتانی اپنے عمل مین لاتے ہین اُسکو اسقدر سائیدہ کرین کہ مثل مسکہ کے ہو جاوی تو وہ ایک حصہ اور اُسکا نیم حصہ سنگ راسخ اور دو حصہ مردار سنگ زرد جو مرتک یعنی گدازندۂ ذہب ہوتا ہی اور ایک حصۂ فلی جو سنگ سیاہ مائل بہ کبودی سنگین وزن ہوتا ہی (ظاہرا مراد اس سے سجی ہے) اور قدری انزروت اشقر یعنے انزروت نام دوائے سُرخ یا سفید و قدری قلیل سرمۂ سیاہ اِن ہر ایک کو پہلے جدا جدا سائیدہ کر کے پھر سبکو ملا کر خوب باریک حل کرین یہانتک کہ مثل ہبا یعنے مانند غبار روزن کے ہو جاوے پھر سب کو انڈے کی سفیدی مین گوندھین یہان تک کہ وہ خوب قوام پر آجاوے تو اُسکو طبق قاب مین ڈھال دیوین پھر اُسکو تمام دن [illegible] شر کرین بعد ازان [illegible]

یہان تک کہ وہ بو دینے لگے تب اُسکو اُتار لیوین اور جب سرد ہو جاوے تو دستمال کرکے مثل قصب یعنے کنڈیون کے کر ڈالے کہ وہ مانند شقف یعنے حرف ہو جاوین گے پھر اس کو اپنے تصرف مین لاوین اور شکر خدا کرین صفت دیگر بعمل توتیا کہ ایک رطل مردار سنگ اور دو اوقیہ شب یمانی ان دونون کو جدا جدا پہلے پیسکر پھر ملا کر خوب باریک سائیدہ کرین اور ایک اوقیہ نمک ہندی لے کر سرکۂ تیز مین بھگو دیوین جب گھل جاوے تو اُسکو ان اجزا مین ڈال کر خوب حل کرین اور تشقی و تسمیع سرتن یعنے اُسکو مانند موم کے کر دیوین یہان تک سرکہ پلا دیوین یعنے کھپا دیوین کہ اُسکا سبز ہو جاوے گا بعد ازان ان اجزا کی تقسیم کرین اسطرح کہ دو ثلث یکجا کرین اور ایک ثلث جدا کر لین پھر اُن دونون ثلثون کو انڈے کی سفیدی مین خمیر کرین یعنے گوندھین اور شیرۂ نیشکر مین زعفران حل کرکے ملا دیوین پھر عمل غاب فارسی کا کرین یعنے اُسکو ایک قاب مین ڈھال دیوین پھر اُس کو بعد مدد یعنے قوام پکڑنے لگے کے صبح تک تابہ آگ پر رکھین تو اُسکو توتیا نہایت عمدہ پاوین گے پھر اُسکو جس طرح چاہین تصرف مین لاوین صفت عمل سرکہ نہایت عمدہ و لطیف و تیز ایک رطل زبیب سیاہ یعنے مویز سیاہ لیکر ایک رطل سرکۂ تیز مین بھگو دین اور اُس کو ایک شبانہ روز اُسیمین بھیگا رہنے دین بعد ازان ایک اور رطل سرکہ تیز اسے پلا دیوین پھر اُسکو بھی اسیطرح ایک

---

۱؎ ٹھہر جانا اسکا دلیل ثقل خاصی پر ہے اور سیلان دلیل سحق تمام کی ہے ۱۲ ۲؎ یعنے وہ بےقلعی ہوتا ہے س ے سرکہ کی ۱۲ ۳؎ نشانی کی کچھ صحت معلوم نہین ہوتی مگر قاشان اللہ نام بلدہ ہے کہ نام باشندے خشک کرین ۴؎ یعنے [illegible] مین وہ ن ۱۲ ۵؎ ہے سو [illegible] شعاع آفتاب سے [illegible] کر خشک کرین اور آب چاہ

صنعت عمل سرکہ ۱۲

روز چھوڑ دین پھر اسمین ایک اور تیسرا رطل سرکہ ڈال دین اسیطرح چار رطل سرکہ چار شبانہ روز مین ڈالدین پھر اسکو اس سرکہ مین تہ نشین ہونے دین اور اُس کو تھوڑے عرصے کے بعد پھراتے جاوین یہان تک کہ چند روز مین مدبر ہوجاوے پھر اُسکو آگ پر رکھکر جوش دیوین یہانتک کہ وہ سارا سرکہ کھپ جاوے اور لبتہ ہوجاوے پھر اوپر سے نیم رطل شکر ملا دیوین اور اُسکو سطح سنگ پر ڈھال دیوین یہانتک کہ خشک ہوجاوے پھر اُسکے ٹکڑے بطور قرص کے کر ڈالین چنانچہ جسوقت سرکہ تیار کرنا منظور ہو تو دس رطل آب شیرین لے کر خوب جوش دین اور اُس مین وہ قرص مصنوعہ ایک اوقیہ ڈال دیوین بعد ازان اُسکو تیز دھوپ مین رکھین اِسطرح کہ ایام گرما کی دھوپ مین تین روز مین اور ایام سرما کی دھوپ مین نو روز دھوپ دین تاآنکہ وہ سب سرکہ عمدہ ہوجاوے گا یہ عمل مجرب اور صحیح ہے صنعت، دیگر برائے عمل سرکہ کہ جو آسان و سہل تر ہے یہ کہ بیچ سبوچۂ سرکہ کے ایک اوقیہ زبیب یعنی مویز انگور خشک جسکو کشمش کہتے ہین ڈالکر پانی شیرین بھر دین اور اُسکو پارچہ یا پنبہ یا نمدہ وغیرہ مین لپیٹ کر دھوپ رکھین چندے تو سرکہ عمدہ بنجاوے گا۔ انشاء اللہ تعالے صنعت دیگر بعمل سرکہ یہ کہ آب

---

ہو شعاع کے نظر نہین آتا اس سے مراد مبالغہ لسبجی نام ہے ۱۲ ؎ یہان مصنف نے ذکر ایک ایک ثلث بقیہ کا چھوڑ دیا ظاہر اسکے پیچھے سے ملا دیوین یعنی دو ثلث کو سفیدی بیضہ مین خمیر کرکے اور بعد دیگر عمل کے بقیہ شریک کرین اور یہ بھی مفہوم و محتمل ہوتا ہے کہ جب جملہ اجزا کو تین حصے کرین تو ملا کر دو حصے

تمام اجزا کو باہم خمیر کر

جو شاندہ عدس لعبار صاف کرنے کے پانزدہ رطل لے کر اُس مین نیم رطل عسل سیاہ یعنی شہد کہنہ ملا دیوین پھر تین اوقیہ عرد یب کہ وہ تمر ہندی ڈال کر جوش دین یہان تک کہ ایک ثلث کم ہوجاوی تب اُسکو چھان کر بنا بند یعنے ببند خرما خواہ ببند شعر یا ببند حبوب مین ملاکر دھوپ سخت مین شات روز تک رکھین خواہ بیچ قرن کے یعنے پتیلہ مین شات روز رکھین خواہ قرن مین کر کے دھوپ مین رکھین اور اسی طرح چاہین تو ندار کرین یعنے آگ پر رکھین کہ یہ بجمیع الوجوہ خوب تر ہوگا اور یہ بارہا بنایا گیا درست آیا صفت قلع زیت حار یعنے دور کرنا روغن گرم تیز کا خوخ قسم پارچہ اور اطلس اور جملہ ملونات یعنی نرم چیزون اور ریشمی کپڑون سے اسطرح کہ عسل قصب یعنے آب نیشکر رس گنے کا جوش کر کے اُس داغ پر چھوڑین اور ملکر نچوڑ ڈالین اور آب فاتر یعنے نیم گرم سے پاک کرین تو وہ داغ جاتا رہے گا و بعبارت دیگر صفت قلع زیت حار کی ساتھ عاسول یعنے اشنان اور صابون کے ہے صفت قلع زیت طیب یعنے دور کرنا روغن خوشبو دار و دیگر ہر قسم روغن کا جب کہ پارچہ و لباس کو گر پڑے چنانچہ نخود مقشر باریک پسا ہوا یعنے بیسن کو خوب سا آب اگشتمال کرین اور اس طبع یعنے داغ روغن پر قدرے پانی کا چھینٹا دے کر وہ بیسن کھڑا ہوا اُس پر لیس دیوین اور دھوپ مین رکھ دیوین تا آنکہ خشک ہوجاوے تب اُسکو ہاتھون سے مل ڈالین بالکل صاف ہوجاوے گا صفت دور کرنے روغن کی کسیطرح کا روغن ہو کہ اُسکو آب لیمون اور بول سے دھو ڈالین اگرچہ چھپی بھی جاوے گا

[illegible] مجمع میوہ جات و نباتات [illegible] خشک کرین

یعنے [illegible] مین [illegible]

کے ہوتا ہی ہندی کچلون کو کہتے ہین اُسکو خوب باریک پیس ڈالین اور اُسپر آب لیمون سبز نچوڑکر آگ پر جوش دین اور جتنے کپڑی مین داغ ہو اُسی قدر تھام کر اُسمین غوطہ دین وبعد ازان دھو ڈالین تو چھوٹ جاوے گا صفت قلع خضاب یعنے ازالۂ ہر قسم رنگ عموماً وخصوصاً رنگ وسمنہ وحنا دگلگونہ وغیرہ یہ کہ رطب یعنی خرما تر وتازہ لے کر جاے رنگ پر مالش کرین اور اگر رطب دستیاب نہو تو عجوہ یعنے خرما رخشک جسکو تمر مدنی کہتے ہین اوسکو ترکرکے ملین تو رنگ جاتا رہے گا صفت قلع حبر یعنے ازالۂ سیاہی دوات وغیرہ اطلس وزربفت وغیرہ سے یہ کہ حماض یعنے ترشہ واترج یعنی نارنج و قلیاطور یا نام دوا اشل اشنان وازین جملہ دونون اخیر کو باریک پیسکر خماص مین ڈالکر حلکرین پھر اُسکو موضع داغ پر لگا کر ہاتھون سے ملڈالین سیاہی دور ہوجاویگی صفت قلع طبع منی یعنے ازالۂ داغ منی یہ کہ شہد مع موم لے کر داغ پر لگاکر ملڈالین صاف ہوجاوے گا صفت قلع دم طری یعنے ازالۂ خون تازہ اسطرح کہ اُسی وقت آبگرم سے ترکردیوین وبعد ازان دھوڈالین صفت قلع دم حریر سے یعنے جامۂ ریشمی سے اور صوف یعنے پشمی سے یہ کہ پہلے آب سرد سے نمک ملاکر دھوئین وبعد ازان صابون سے دھوئین صاف ہوجاوے گا صفت قلع بول فار وابن عروس یعنے ازالۂ موش وراسو کا اسطرح کہ لین حامض یعنی دوغ دہی مل کر دھوڈالین داغ صاف ہوجاوے گا صفت قلع زفت کہ وہ گوندا یک درخت کا ہے چنانچہ جس لباس وغیرہ مین اسکا داغ لگ جاوے تو طنجیہ یعنے آرد گندم اُسپر لگاکر ہاتھون سے

صفت قلع خضاب یعنے ازالۂ ہر قسم رنگ ۱۲

صفت قلع حبر سیاہی ۱۲

صفت قلع طبع ودم طری ۱۲

صفت قلع بول فادر ۱۲

ن تحفہ گنج

اگر داغ اسکا لباس مین آجاوے تو اسکو شیر تازہ دوشیدہ وجوشانیدہ سے
ملکر دھوئین پھر پانی وصابون سے دھو ڈالین دھبہ صاف جاتا رہے گا صفت
صفت قلع شمع ۱۲ قلع شمع یعنے ازالۂ دھبہ موم کا حریر سفید و ہر قسم لباس ریشمی سے اسطرح کہ
شیرج روغن کنجد کو آگ پر خوب جوش دے کر اسمین اسقدر دھبہ پکڑا غوطہ
صفت قلع شمع حریر ۱۲ دین تو چھوٹ جاوے گا ایضاً صفت دیگر قلع شمع حریر و صوف یعنے جامۂ
ریشمی مثل گلیم وغیرہ و بط یعنے فرس و سفرہ و خوج یعنے پکڑنے سوئی سے یہ ہے
کہ ایک ورق کاغذ لے کر داغ موم پر رکھین اور اسکے طلسہ یعنے صحیفہ وکاسہ
رکھین اِس مین آگ بھی ہو اور اسکو کاغذ پر پھرا دین (جسطرح دھوبی اِستری
پھراتے ہین) یہانتک کہ وہ تمام دھبہ موم کا وہ کاغذ آگ کے روز سے اٹھا لیگا
صفت قرص ۱۲ صفت قرص جو رنگ جامۂ سبز و زرد فستقی یعنے پستہ[ث] مدل دیوے یعنے کاٹ
دیوے وہ یہ ہے کہ بورق یعنے بورہ ہندی کچلون پنج درم اور اسی قدر محلب
یعنے تخم محلب کہ نام ایک درخت ولایتی کا ہے اور سہ درم صابون لان سب کو
سائیدہ کر کے قدرے قدرے پانی ڈالکر قرص یعنے ٹکیان بنا لیوین اور خشک
کر رکھین جب ارادہ کام مین لانے کا کرین تو قدرے پانی موضع رنگ پر چھڑک
صفت قلع حبر ۱۲ کر قرص کو اسپر صابون کیطرح ملین صاف ہو جاوے گا صفت قلع حبر حصیر
سے یعنے دور کرنا سیاہی دوات کا فرش بوریا سے اِسطرح کہ اُس کو
پونچھ ڈالین جب وہ خشک ہو جاوے تو اُس پر خاک خشک ڈالکر ہاتھون
صفت قلع حبر اوانی ۱۲ سے ملین اور جھاڑ دین صفت قلع حبر ادانی سے یعنے دور کرنا سیاہی کا ظروف
سے یعنے جس مین دھبہ پڑ جاوے تو تواہ شمش حلو یعنے خستہ زرد آلو کی

خشک کرین

---

[illegible] جمع میوہ [illegible]

[ث] یعنے [illegible] مین [illegible]

شیرین جسکو خوبانی کہتے ہین لے کر خوب سا چاب کر داغ پر ملین دور ہو جاوے گا- صفت صاف کرے حریر وغیرہ تمام نرم چیزون ریشمی کپڑون کی یہ ہے کہ اشنان کو پانی مین جوش کرین اور بعد سرد ہونے کے اِس سے ہر قسم کے ریشمی کپڑے ملکر دھو ڈالین صاف ہو جاوے گا اگر نقطہ شیرج یعنے چھینٹ روغن کنجد کی کپڑی پر پڑ جاوے تو اُسپر باقلی خشک سائیدہ چند بار ملین چھوٹ جائے گی ایضاً صفت قلع خبر یعنے ازالہ سیاہی دوات وغیرہ ہر قسم کے لباس سے وہ یہ ہے کہ اشنان از قسم اصافیری لے کر پانی مین بھگو دین اور اُسکو آگ پر جوش کرین یہانتک کہ ثلث پانی جلجاوے بعد ازان اُسکو صاف کر کے بورق یعنے کھلون و آبِ لیمون اضافہ کرین اور پہلے اِس داغ کو پانی سے دھووین اور اکثر ہم نے دھبہ سیاہی کا فقط آبِ لیمون سے و بعد ازان آب صابون سے صاف کیا ہے تو وہ بالکل چھوٹ گیا ہے صفت قلع دہن یعنے دور کرنا چکنائی کا ورق کاغذ سے اِسطرح کہ جس محمص جنین یعنے سنگ طبق وار سوختہ جسکو گچ کہتے ہین خواہ مراد بابرق مثلاً یک حصہ و حجر با زہر یعنے باؤزہر و فاد زہر کہ وہ سنگ تریاقی ہے معروف ربع حصہ دونون کو باریک پیسکر کاغذ پر پھیرین چکنائی جاتی رہے گی- صفت درازی مُوے کہ مرسین یعنے مورد لے کر خمر شراب مین بھگو دین اور اِس قدر اُس روغن شیرج کو ملا دین اور جوش دیوین یہانتک کہ شراب جل جاوے اور روغن رہ جاوے تو اُس کو استعمال مین لاوین بالون کو سیاہ اور دراز کرے گا اور گرنے جھڑنے سے حفاظت بھی کرے گا- عین الفطر وہ ایک گیاہ ہے کہ شاخین

صفت صاف کرنے حریر ۱۲

صفت قلع خبر ۱۲

صفت قلع دہن ۱۲

صفت درازی مو ۱۲

صفت عین الفطر ۱۲

ن محض ہیج جسکو

اُسکی زمین پر پھیلتی ہین یعنی اُس کی بیل چلتی ہے اُسکے برگ مائل بکبودی ہوتے ہین اور برگ کوچک مدور ہوتے ہین مثل چشم کوچک کے اِس سے اخلاط سودا بہت پیدا ہوتے ہین اور براے خارش خشک و تر کے بہت نافع ہے دھوان اُسکا موش کش ہے اور جب بخور اُسکا بخور اُسکا جنون کے دماغ مین پہونچتا ہے تو تبسابی تمام حاضر ہوتے ہین فسترین یعنے نسترن جسکو ہندی مین سیوتی کہتے ہین وہ گل خوشبو ہے اُسکے خواص سے یہ ہے کہ قاتل کرمہاے شکم ہے اور طنین دودہی جو کانون مین ہوتی ہے بہت نافع ہے (طنین آواز باریک و دوی آواز گران کہ دونون بانگ گوش ہین اور یہ وہ آواز ہی جس کو کان بجنا کہتے ہین) و نیز اُسکے خواص سے یہ ہے کہ وہ مسکن صداع ہے فی الفور یعنی دوران سر فوراً جاتا رہتا ہے اُس کہ وہی مرسین ہے یعنے مورد یعنی بہترین درخت موزدوہ ہے کہ جولب نیل مصر اگتا ہے اور وہ معروف ہے برگ اِسکے جب کھرل مین حلکر کے سر پر ضماد کرین تو رعاف یعنے نکسیر بہنا موقوف ہوجاوے اور تخم اِس کا حبس بول کو جاری کرتا ہی اسہال کو بہت نافع ہے سعال کا قاطع ہے اور ضماد اُس کا اوجاع مفاصل کا دافع ہے یعنی جوڑ بندون کا درد دور کرتا ہی اور اُسکے جوشاندہ مین جب عورت کو جس کے تئین عارضۂ رطوبت فرج کا ٹھادیوین تو خشک ہوجاوے اور جب اُسی جوشاندہ سے بالون کو دھوئین تو سیاہ اور مضبوط کرے اور اُسکے برگ سبز بھی یہی عمل فعل اُسکے تخم کا کرتے ہین اور جوشاندہ برگ سبز ممسک اسہال ہے اور نافع قروح امعا اور خاکستر اِسکے [illegible]

[illegible] ہے تین انجیر اصحاب فلاحة [illegible] خشک کرین

[illegible] ہین اور اپ چاہ [illegible]

ت یعنے شم مین وقت اسکے [illegible]

اُسکی جڑون کو پانی اور نمک مین کاٹ کر ڈالدیوین بعد ازان اُسکو بودین تو حسب مراد اُگے گا اور اُسکی کثرت اور حلاوت بہت ہوگی اور اُسکے جذر یعنے تھالے مین بول و براز ڈالدیوین تو وہ تلف ہو جاوے اور شیر اُسکی شاخون کا زخم گزیدہ مار و عقرب پر زہر کو روک لیتا ہے اور خاکستر اُس کی چوب خشک کی قاتل کرمہا ہے اور اُسکے ثمر سے حقنہ کیا جاتا ہے کہ وہ کسیطرح کی بیماری جو سردی سے ہو اُسکو نکالتا ہے اور نہار کھانا اُسکا تفتیح مجاری غذا کی کرتا ہی یعنے جن راہون اور رگون سے غذا جاتی ہے اُن کو کشادہ کرتا ہے اور انجیر جبن عتیق کے ساتھ کھاوین یعنے پنیری برساختہ جب نوش کرین تو اُسکے ساتھ انجیر نہ کھاوین کہ معدی ردی و خراب ہوتا ہے رمان اگر اس کی چوب خشک جلائی جاوے تو دھوان اُس کا ہوام کو یعنے جانوران زہردار کو دور کرتا ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ طیور یعنے اکثر پرندے اُسکے تنکے اپنے آشیانے کے لیے براے دفع ہوام اُٹھا لے جاتے ہین اور اُس لکڑی کی مار سے بہت چوٹ لگتی ہے اور دوا اُسکی براے خون اسپ تیرہ رنگ کے بہت اثر کرتی ہے اور پوست اوسکا یعنے اُس کی چھال واسطے رنگ کرنے اور پکانے اور بنانے کھال کے عمدہ و بالغ ہے اور گلّی اُس کی چھال کی مسوڑھون کو سخت اور دانتون کو استوار کرتی ہے صنوبر ایک درخت عظیم ہے جسکی چوب خشک کا بخور ہوام یعنے جانوران گزندہ اور سوس یعنے [illegible] پشہ و چیچڑی وغیرہ کو دور کرتا ہے اور زخمون کو بھر لاتا ہے قصب [illegible] ئتہ طمطم بن وامر ہندی نے کہا ہے کہ جس جا طلسم ہو تو وہان دھوان [illegible]

صفت وخواص تین انجیر ۱۲

صفت وخواص اثل ۱۲

خواص صنوبر ۱۲

صفت منافع و مضار زعفران و زیرہ ۱۲

خواص لیمون ۱۲

منافع مشمش ۱۲

منافع نارنج ۱۲

خواص باقلا ۱۲

منافع و مضار پیاز ۱۲

کیجاوی تو اقرع کو یعنے جس کے سر مین آبلے اور گنج ہو بہت نافع ہے اور
سونگھنا اُس کا بو جب ضعف بدن ہے تو اُس سے دور رہنا چاہیے اور
زیرہ نافع ہے واسطے جلے ہوے کے آگ سے ۔ لیمون دفع کرتا ہے
زہر ہاے کو قاتل کو اور فرد کرتا ہے غصہ کو اور لیمون سبز مع پوست اسکے
بغل مین رکھ لیوین تو بدبو اور گندگی بغل دور ہو جاتی ہے اور بدن مین
جس جا خلط ردی و فاسد نے گرفتگی کی ہو تو اُس جا مین مالش دلیمو سے
برشتہ بآتش نافع بالغ ہے اور قشر و ورق لیمون یعنے پوست و برگ اُسکا
نافع ہے زہر ہاے قاتلہ سے مشمش یعنے زرد آلوے خوبانی اگر خستہ خوبانی
جلا کر باریک پیسکر اقرع دا جلح یعنے جسکے سر پر آبلہ ہون یا گنج ہو اُس پر
چھڑک دیوین تو اچھا ہو جاوے گا اور جسکے پیٹ مین کیڑے ہون یا سانپ
ہو تو اُن سب کو قتل کرتا ہے نارنج "نارنگ، نارنگی اگر برگ اُسکے چبا دین تو
دہن خوشبودار ہو اور بوے سبز و پیاز کو دور کرتا ہے اور زہرہ یعنی غنچہ
اُسکا مقوی قلب و نافع دماغ ہے اور اگر اُسکو رخت و لباس مین رکھین تو
مُدت اُس کی خوشبو باقی رہتی ہے فول باقلا اگر ماکیان کو کھلایا جاوے تو اُسکے
انڈے قطع ہو جاوین بخلاف کبوترون کے کہ اس کے کھلانے سے اُن کے
انڈے زیادہ ہون بصل پیاز بعض حکما نے کہا ہے کہ پیاز تمام مکثر منی ہے
اور جب کہ پیاز سفید انڈون کے ساتھ پکاوین تو منی کی کثرت ہو اور وہ براے
جماع بہت معین اور مفید ہے اور مداومت اُسکی بخورش عقل کو زائل و فاسد کرتی ہے
اور چیانہار فی ہندی کھاوی تو رنگ کو سُرخ کرتی ہے ظاہرا [illegible] کا
سنک شربن [illegible] گرمی تین [illegible] ہو اور قشر وہ [illegible] اور اپ
شہ یعنے [illegible] مین ورق [illegible]

وبخط بعض علما کے پایا گیا ہے کہ جو کوئی ارادہ کرتا ہے اور انزال نکرے تو برگ انگور پر کلمات مذکورۃ الذیل لکھکر بائین ران مین باندھ لیوے اَبْجَدْ ۔ هَوَّزْ حُطِّیْ ۔ کَلِمَنْ ۔ سَعْفَصْ ۔ قَرَشَتْ ۔ ثَخَذْ ۔ ضَظَغْ ۔ وَقِیْلَ یَا اَرْضُ ابْلَعِیْ مَاءَكِ وَیَا سَمَاءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَاءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ کُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ اَمْسِكْ اَیُّهَا الْمَاءُ النَّازِلُ مِنْ صُلْبِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

فوائد برگ انگور ۱۲

فوائد ترمس ۱۲

ترمس یعنی باقلاے مصری کہ روغن اُسکا بالون کو نرم کرتا ہے وسیاہی و انبوہی لاتا ہے اور چہرے کے کلف و نمش کو یعنی دھبہ و جھائین کو دور کرتا ہے اور اگر اُسکو پانی مین جوش دیکر آب جوشاندہ مکانمین چھڑک دین تو مکھیان بھاگ جاوین اور اُسکو میدہ کرکے ساتھ جبرہ کی نام گیاہ مغربی لگاہی ملاکر اُسکی سفیدی مکانمین کرتو پشے تا مدت اُسکے قریب نہ آوین گے

فوائد ریزہ حرمل ۱۲

ریزہ حرمل اگر سرکہ مین بھگوکر مکان مین چھڑک دین تو مکھیان دور ہو جاوین زینت الخیل یعنی موزک کہ نام ایک دواے شیرازی کا ہی جب اُسکو مضغ کرین یعنی چباوین تو وہ فرو کرتیا ہی سر سے بہت سی چیزونکو یعنی عوارض کو اور اُسیکا غرغرہ کرین

فوائد سمسم ۱۲

سمسم یعنی کنجد تل کہ وہ معروف ہی اور حلاوت اور رونق دیتا ہی طعام کو بلکہ وہ زینت ہے ہر طعام کیلیئے چنانچہ سمسم درمیان طعام مثل زیور زنان ہے، اور اکثر پیدایش اُسکی سرزمین مصر مین ہے اور وہ روشن ہوتا ہی اور سفید اگر انسان اُسکے سات دانہ بغیر مضغ کے نگلجاوین تو اُس شم سے امن مین رہیگا اور بعضون نے کہا ہی کہ سات برس تک امن مین

[illegible] تو بارش کو قطع کر چنانچہ آب باران تھم [illegible] امر خدا جاری

بقراط حکیم کا قول ہی کہ برہ یعنی کشنیز سبز و تازہ تقویت دیتا ہی کبد کو سرخ کرتا ہی
رخسارون کو اور صاف کرتا ہی معدے کو اور جب حرز یعنی گاجر کو سرکے
کے ساتھ کھاوین تو وہ زردی چہرے کی دور کرتا ہی اور تشنگی کو فرو کرتا ہی
اور جبکہ برہ یعنی کشنیز سبز نمک سی کھاوین تو سیلان و ریزش آب دہن کو مفید
ہے اور معدے کو مقوی ہے اور جسکے تئین ورم ہو تو آب کشنیز سبز درم
پر مالش کرین نافع ہوگا باذن اللہ تعالے اگر جگر ماکیان کشنیز خشک سائیدہ بریان
نوش کرین تو زائل کرے گا خون فضول اور دور کرے گا گرانی بدن و سختی و گرمی
کو اور جس شخص کے سر مین یا جسم مین زخم ہو اور اُس سے لہو بہتا ہو تو جب کشنیز
خشک اور سائیدہ کرکے شکر کے ساتھ گلاب مین گوندھین اور ایک حرقہ یعنے لتہ
پر بطور مرہم لیس کر اُس زخم پر رکھین تو وہ خون بند کردیگا اور زخم اچھا کردے گا اور
صفت سعد یعنی سعد کوفی کہ معروف ہے اگر اُسکو سائیدہ کرکے زخم تر پر چھڑکین
تو اچھا ہو جاوے گا اور پینا اوسکا برائے دفع زہر عقرب کے بھی نافع ہی۔ شیخ
یعنی ورسنہ اُسکے خواص کثیر ہین بعض اُنمین سی یہ ہین کہ وہ کرمہاے شکم کو قتل
کرتا ہے اور ریاح کو دور کرتا ہی اور اگر پانی مین بھگو کر خیساندہ اُسکا صاف کرکے
صبح کو شکر کے ساتھ پیا کرین تو رنگ کو سرخ کرتا ہی سمشر یعنے رازیانہ انیسون
جو کوئی تین درم سفوف رازیانہ ہر شب وقت خواب نوش کیا کرین تو ریاح غلیظ
دفع ہو جاوین اور آنکھون مین روشنی زیادہ ہو سندروس کہ وہ صمغ ایک
درخت کا ہے اور اُسکے خواص سے یہ ہے کہ جب اُسکو روغن کتان [illegible]
رخسارون پر جو شقاق و شگاف ہون لگا دیوین [illegible] سنہ [illegible] کا

---

مک ثر[illegible] [illegible] تین اقبیر ہی اور قشر دہ [illegible]

سہ یعنے شہ [illegible] مین و[illegible] [illegible] اور اپ اچا[illegible]

اُسکا بخور کرین توجسکو نظر بد ہو اُس سے نافع و بالغ ہے اور بعضون نے کہا ہی کہ وہ اجنہ یعنے جنین شکم کو ساقط کرتا ہے لندر یعنے لبان نر اسکے بعض خواص سے یہ ہی کہ جس شخص پر سزاے ضربات تازیانہ واجب ہوئے ہون تو وہ شخص کندر کھاکر اوپر سے پانی پی لیوے اور صعتر فارسی خواہ زبیب جبل بھی کھالیوے تو اُسکو صدمہ ضربات کا نہ پہونچیگا اور زبان بستگی کے لیے بھی نافع ہے اور بعض خواص سے یہ ہے کہ زنت یعنی روغن زیتون مین نمک ملاکر صاحب اعیا یعنی جو شخص راہ چلکر تھکا ماندہ ہو مالش کرے تو کھل جاویگا اور ماندگی دفع ہوگی

## فوائد سبعی یعنے بیان فوائد متفرقہ

واضح ہو کہ بعض فوائد سے واسطے دفع درد ہر دو دست و ہر دو پا کے یہ ہے کہ اس آیہ کو لکھکر جسکے ہاتھ اور پانوئین درد رہتا ہے اور اُسکے گلے مین ڈالدین تو درد دور ہو جاوے گا باذن اللہ تعالیٰ اور اُس تعویذ کو یافعی نے ذکر کیا ہے اور وہ آیۃ یہ ہی وَمَا لَنَا اَنْ لَا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ الاٰیۃ اور جو چیز کہ واسطے علاج پانون کے نافع ہی شقاق و شگاف وغیرہ سے یہ ہی کہ موم زفت کو بروغن سمسم آگ پر پگھلا کر شب کو پانوٴن مین ملکر سورہین صبح کو حمام مین دھو ڈالین اور بعض فوائد ... ای درد ظہر یعنے پشت و کمر کے یہ ہی کہ مرسین تا سف یعنے مورد خشک ... سب کو باریک پیسکر اُسمین روغن گل و سپیدی بیضہ مرغ اضافہ

... ان علیٰ ما اوتیتم ... علیٰ اللہ فلیتوکل المتوکلون یعنے ہمارے لیے کیا ہی اور

کرین وبعد ازان اندر حمام کے جاکر پشت درد کی جا اُس دوا کو رکھین اور توقف
کرین یہانتک کہ خوب عرق آوے وبعد ازان مغطس یعنے حوض حمام مین غوطہ لگاوین اور
چادر لپیٹ کر حمام سے باہر نکلین اور سورہین کہ نافع اور مجرب ہی اور بعض فوائد سے
براسے دفع درد پشت یہ ہے کہ زرورد ایک اوقیہ اور مرسین ماشف ایک اوقیہ
وزیت طیب یعنی روغن زیتون خوشبو یک ونیم اوقیہ بدستور مذکور سائیدہ مخلوط
کرکے پشت وکمر پر رکھین نافع ہے اور بعض فوائد سے واسطے دفع نغرہ یعنے زغہ
مثل وسوسہ وخلجان کے مجرب ہے کہ ایک پارہ قردہ یعنی پوست با برگ خشک
پر لکھکر درد کی جا رکھین اور جو چیز لکھی جاوے وہ یہ ہے قمش دوبار تمشین دوبار
قمشر دوبار یُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ تَابِعْ جُوْنَ تُخْرِجُ النَّغْزَةِ بِأَلْفِ لَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور بعض فوائد سے واسطے دفع نعرہ کے
یہ بھی نافع ہی کہ اوپر ایک پارہ پوست گوسفند کے لکھکر درد کی جا پر رکھا جاوے
تو وہ اچھا ہوجاوے گا باذن اللہ تعالیٰ ادم للد مر موسیٰ کلم فرعون
غرق ا سکن ایہا الوجع عن فلان بن فلانہ بحق نوح والیاس
سلمات تسلیمات کماسلت الرحمۃ عن مشایخنا اہل القرای ابان
الماشد ای اشترعو عنقو ربحق العبواد اور بعض ان فوائد سے واسطے

---

[1] قمش وغیرہ اسماے موکلین [2] تو آیہ بعد من المیت وتخرج المیت من الحی ویحی الارض بعد موتہا وکذلک تخرجون یعنے نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے مثل بچہ بیضہ اور نکالتا ہو مردے کو زندہ سے مثل بیضہ طیر وہ حشر کرتا ہی زمین کو یعنے آباد کرتا ہی بعد مرگ زمین کے یعنے بعد ویرانگی کے اور اسیطرح تم روز حشر زندہ پھر پیدا کیے جاؤ گے [3] نکلجاوے نغرہ یعنی وخلش دل بزور ہزار لاحول ولاقوۃ

درد غزہ کیا اجبر

[illegible] سنہ یک کا

ا ہو بار [illegible] ہوگئی ہوا

اکثر مریض [illegible] تین اعبر ہو اور فشردہ [illegible] اچھا ہو

یعنی [illegible] مین وزن [illegible] اور اب [illegible]

اُس شخص کے ہی جسکے شکم مین درد وغیرہ کسی عارضہ کی شدت ہوا ور وہ شخص مکتوم
یعنے غائب ازنظر ہو کہ اُسکو یہ شدت عارض ہوئی ہو یا یہ کہ وہ عارضہ نامعلوم وغیر
شخص بہرکیف اُسکے لیے ایک پوچہ کاغذ پر سورۂ الم نشرح تمام لکھی جاوے اور اُسکے
ساتھ تیر دش بار لکھا جاوے اور بعدازان یہ کلمات لکھے جاوین اَللّٰھُمَّ فَرِّج
عَبْدِ فُلَانَ وَاضْرِبْ عَنْهُ هٰذِهِ الشِّدَّةَ وَبِحَقِّ سُوْرَةِ اَلَمْ نَشْرَحْ
وَبِحَقِّ اللّٰهِ وبعدازان اِس ورق تعویذ کو مریض کے شکم پر رکھکر باندھ دیوین
توجس کی شدت اوس کو ہو حق تعالیٰ اُسے شفا بخشے گا اور بعض فوائد سے دفع
یرقان اور اورام کے لیے یہ ہی کہ سورۂ لم یکن تمام لکھکر پانی مین دھوکر پلاوین و
نیز اسی سورہ کو لکھکر اُسکے گلے مین ڈالین حق تعالیٰ اپنے کرم ولطف سے وہ عارضہ
دور کرے گا اور بعض فوائد سے واسطے دفع زردی روے یرقان کے یہ ہی
کہ قسط یعنی تج وقسط لفل وگلسرخ بو محلب دلاہی وخزامی یعنی خیری دشتی
یا شبں ومر یعنی صمغ درخت مغربی وعود سفید وتریاق وحلتیت یعنے انگوزہ
ورکفہ لن مسجود مریم وشجرہ مریم وورق خبط یہ چیزین مخزن وغیرہ مین پائی نہین
جاتی ہین شاید بمعنے ورق الخیال ہو وکمون کرمانی وکمون عادت یعنی دونون
قسموں کمون کہ زیرہ وکالی زیری ہے وپیلوا نام دوا ہے بقدر تین فنا جین
یعنی فنجان پیالی بھرکر اُس کو تمام شب زیر النجم یعنی تارون کے سایہ مین
رکھ [illegible] صبح [illegible] تا تین روز پیا لیے ہر روز [illegible]

برای یرقان واورام ۱۲

ایضا ۱۲

براے دفع مغص ۱۲

ورم ۱۲

اور وہ اسم ثامن ہی طہاطیل سے یعنی ہشتم نام موکلان ہی کہ وہ ففنجل ہے اور بہیز ورم کے واسطے ہی کہ جہان کہین بدمنین ہوا ایک پرچہ کاغذ پر لکھکر اوس پر دین

برائے مزید شیر ۱۲

اور یہی واسطے جاری ہونے شیر کے ہی کہ پستان زن پر لکھا جاوی اور بعنوام سے واسطے خفقان قلب کی کہ وہ ہول دل کا مرض ہے کہ آیۃ مذکورۃ الذیل کو ایک ظرف گلی مین مگر نو پختہ ہوا اور آب نا رسیدہ مین لکھکر آب طاہر باراناہ

برائے دفع خفقان ۱۲

آب چاہ سی جسپر دھوپ نہ پڑتی ہو دھوکر مریض کو پلاوین تو خفقان اوسکا تسکین پذیر ہوگا باذن اللہ تعالی اور وہ آیت یہ ہی اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ تا آخر تفسیر اور بعض فوائد سے واسطے درد حاضرہ یعنی تھیگاہ ورد واسطے کمی شیر کے او واسطے اس عورت کے کہ حیض بند ہو گیا ہو تو آیات وغیرہ مذکورۃ الذیل پنج پوست بارہ کی آہو کے لکھکر ڈورہ صوف یعنی پشمی جس مین تین رنگ ہون سرخ سیاہ سپید اسمین

برائے درد حاضرہ ۱۲

باندھ کر مریض کے گلے مین لٹکا دیوین اور وہ آیات وغیرہ یہ ہین سورۃ فاتحہ تمام و بعد ازان اِنَّ رَبَّکُمُ الآیہ لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ ھٰذِہٖ الآیہ وَلِلّٰہِ اللّٰہُ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ الآیۃ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمْ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ تا رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَبِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَقُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ تا آخر سورہ و بسم اللہ سورۃ الفلق تا آخر و بسم اللہ و سورۃ النّاس تا آخر بِاسْمِ اللّٰہِ اشْفِ فُلَانَ بِنْتَ فُلَانَۃَ مِمَّا تَجِدُہٗ مِنْ وَجَعِ الْحَاضِرَۃِ وَوَجَعِ الرَّحِمِ بِھَا مِنْ نِیْحَا اَبَدَ عَنَّا

---

تخرجون یعنی نکالتا ہے زندہ کو مردے سے مثل بچہ انسان کے اور مردہ کو زندہ سے مثل بیضہ کے وہ زمین کو یعنی آباد کرتا ہی بعد مرگ زمین کے یعنی بعد ویرانی کے اور اسیطرح تم بروز حشر زندہ کر کے پھر پیدا کیے جاؤگے ۳ ؎ لکھا دی نعرہ یعنی خلش دل بزور ہزار لاحول ولا قوۃ [illegible]

[illegible] ہوا [illegible]

[illegible] تین [illegible] ہی اور فشردہ [illegible]

؎ یعنی [illegible] مین ورق [illegible] اور آب چاہ [illegible]